UNIVERSAL
LIBRARY

OU_224860

UNIVERSAL
LIBRARY

رجسٹرشدہ بتہ سرکار عالی نمبر ۴۰
شہریور ۱۳۳۸ف م جولائی ۱۹۳۰ء
جلد ۱۴ شمارہ ۱۱

زیر سرپرستی جناب افخم الملک حضرت نواب سر اکبر حیدری صاحب بہادر وزیر تعلیمات و صدر مہتمم تعلیمات سرکار عالی

حیدرآباد ٹیچر

انجمن اساتذہ حیدرآباد دکن کا ماہی رسالہ

دائرۂ ادارت:-

سید علی اکبر ایم۔ اے (کنٹب) مدیر مسئول
سید فخر الحسن طالبی۔ اے۔ بی ٹی (علیگ) مدیر
محمد عبد النور صدیقی بی اے۔ بی ٹی (علیگ) شریک مدیر

اعظم اسٹیم پریس چارمینار حیدرآباد دکن میں طبع ہو کر دفتر انجمن اساتذہ وقع صدر مہتمی تعلیمات سے شایع ہوا

غایات

(۱) طبقۂ اساتذہ کے احساس معلمی کو پیدا کرنا۔
(۲) طبقۂ اساتذہ کے مخصوص انفرادی تجربات معلمی کو شائع کرنا۔
(۳) فن معلمی پر نفسیاتی حیثیت سے نقد و نظر۔
(۴) انجمن اساتذہ کے مفید مضامین کی اشاعت۔
(۵) انجمن اساتذہ کے مقاصد و اغراض کو ملک کے طول و عرض میں مکمل طور پر پھیلانا

اصول

(۱) رسالہ کا نام حیدرآباد ٹیچر ہوگا اور ہر سہ ماہی پر صدر دفتر انجمن اساتذہ بلدہ سے شائع ہوگا۔
(ب) رسالہ کی سالانہ قیمت بہ تفصیل ذیل ہوگی۔
۱۔ اندرون و بیرون ممالک محروسۂ سرکار عالی تین روپیہ مع محصول ڈاک سالانہ (سکہ رائجہ صرف اردو حصہ (عہ) فی پرچہ اردو و انگریزی (۱۲) صرف اردو (۸)
(ج) رسالہ نصف انگریزی و نصف اردو ہوگا جس میں حسب صوابدید تغیر بھی ہوسکے گا۔
(د) صرف وہی مضامین درج ہوسکیں گے جو تعلیم سے متعلق ہوں۔
(ر) جملہ مضامین و مراسلت دفتر کے پتہ سے ہونی چاہیئے۔
(س) اشتہارات کا نرخ حسب تفصیل اشاعت بدار ہے گا۔

نرخ اشتہارات حیدرآباد ٹیچر حسب ذیل ہے

مقدار	سال بھر	۶ ماہ	فی اشاعت
پورا صفحہ	عہ	صہ ۸ر	سے
نصف صفحہ	صہ	عال ۱۲ر	صہ ۸ر
ربع صفحہ	عال ۸ر	عہ ۶ر	۱۵ر
فی سطر	۱۰ر	۸ر	۶ر

حیدرآباد ٹیچر

بابتہ شہر یور ۱۳۳۸ف مطابق جولائی ۱۹۲۹ء

جلد (۴) شمارہ (۱)

فہرست

نمبر شمار	مضمون	مضمون نگار	صفحہ
۱	افتتاحیہ		۱
۲	خیر مقدم	جناب مولوی احمد حسین خان صاحب بی اے صدر استقبالیہ کمیٹی	
		مترجمہ مولوی افضل بخش صاحب بی اے بی ٹی۔	۵
۳	رپورٹ انجمن اساتذہ بلدہ	جناب مولوی سید محمد شریف صاحب شہدی معتمد عمومی انجمن	۱۲
۴	خطبہ صدارت	عالیجناب خان فضل محمد خانصاحب ایم اے (کنٹب) ناظم تعلیمات ممالک محروسہ سرکار عالی	۱۸
۵	رپورٹ کمیٹی تعلیم پیشہ ورانہ	مترجمہ جناب مولوی تجمل حسین صاحب بی اے صدر مدرس مدرسہ وسطانیہ شاہ گنج بلدہ	۳۳
۶	رپورٹ سب کمیٹی تعلیم ریاضی	مترجمہ جناب مولوی عبداللطیف صاحب بی ایس سی بی ٹی	۴۴
۷	رپورٹ سب کمیٹی تعلیم اردو		۴۸
۸	رپورٹ سب کمیٹی تعلیم ورزش جسمانی	مترجمہ جناب مولوی رضا علی خاں صاحب بی اے	۵۹

تاریخ ظفرہ

۱۱۸۵

یہ نادر و نایاب تاریخ فارسی منشی گردھاری لعل آخر کی تصنیف اور حیدرآباد کے حالات پر یہ کتاب دو حصو پر مشتمل ہے حصہ اول میں حیدرآباد کے تمام مہتمم و معزز عمارتوں کی بنا و تاریخ ہے حصہ دوم میں حیدرآباد کے وقت سے مصنف کے زمانہ تک فرمانروایان حیدرآباد کے حالات ہیں، آخری حصہ ہمعصرانہ تاریخ جس سے کتاب کی اہمیت بہت بڑھ گئی ہے۔ قاضی السید حسین صاحب ایم اے (رکن سررشتہ تالیف و ترجمہ جامعہ عثمانیہ) غایت درجہ نظر سے اسکی تصحیح کی ہے اور مطبع حکیم برہم دافع کور طبع میں نہایت عمدگی کے ساتھ طبع ہوئی ہے، تاریخ دکن میں ایک بیش بہا اضافہ ہے قیمت (۷) سکہ عثمانیہ

فتاوی عثمانیہ

جس میں مسائل ضروریہ فقہ کتب معتبرہ سے جمع کئے گئے ہیں جو بالخصوص وکلاء کے لئے معلومات فقہ ہم پہونچانے کے لئے بیحد مفید ہے۔ مولفہ مولانا مظہر الحق صاحب انصاری وکیل درجہ اول کاغذ چکنا لکھائی چھپائی دیدہ زیب قیمت اصلی ۱۵ے (رعایتی ۱۲ے)

معلم حساب

یعنی حساب کے چیدہ سوالات و پرچہ جات امتحان مڈل مع حل برائے طلباء مدارس جو اول دوم سوم مرتبہ مسٹروی یم سپرنٹنڈنٹ پلے بی اے عثمانیہ قیمت عہ (رعایتی ۱۲ر)

حمایت الاسلام

معتبر کتب فقہ کا مکمل مجموعہ اس کتاب کا ہر سمجھ دار طالب علم مڈل و میٹرک و ایف اے عثمانیہ کے لئے کارآمد و راہنما قیمت عہ (رعایتی عہ) لکھائی چھپائی بہترین کاغذ چکنا ۲۴۸ صفحہ . . . .

مساوات اسلام و پردۂ نسوان۔

جس میں مسلم خواتین کی شدت کے ساتھ بدامنی اور بے حجابی کی روک تھام کے لئے قرآن مجید فرقان حمید سے مدلل ثابت کیا گیا ہے قیمت ۴ر

صدیہ عمادیہ۔ ترجمہ منظوم عربیہ۔

جماعت اے مڈل منظورہ سررشتہ تعلیمات از انتخاب مولانا سید عبدالغنی صاحب وارثی قیمت مجلد عہ سکہ عثمانیہ

مضامین حکیمیہ

شریک جماعت ہائے فنٹ فارم و سکنڈ فارم منظورہ سررشتہ تعلیمات سرکار عالی قیمت (عہ) سکہ عثمانیہ

کارنامۂ ملازمین

مطبوعہ دارالطبع سرکار عالی حسب منظورہ سیول ایجنسی قیمت ۴ر ۶ر مجلد

جدید پاکٹ بک فوجداری مجلد

خورد اصلی قیمت للہ کلان قیمت اصلی ۱۲ے ۱۱ قوانین (۴ے) رعایتی ۵۲ قوانین رعایتی (۲ے)

شرح نصاب اردو

عثمانیہ میٹرک جس میں کل حصہ نثر کے عربی فارسی اردو ہندی انگریزی الفاظ کی کامل تشریح اور کل حصہ نظم کی مکمل شرح مولفہ مولوی عبداللطیف صاحب مولوی عالم منشی فاضل قیمت عہ

جملہ فرمایشات بنام سید عبدالقادر تاجر کتب چارمینار حیدرآباد دکن۔

افتتاحیہ

انجمن اساتذہ حیدرآباد دکن کی تیسری سالانہ کانفرنس کا انعقاد ۲۹ و ۳۰ امرداد ۱۳۳۸ف م ۴ و ۵ جولائی ۱۹۲۹ء کو حمایت سٹی کالج کے وسیع ہال میں ہوا۔ اس کانفرنس کی دو خصوصیتیں جو اسے سابقہ کانفرنسوں سے ممتاز کرتی ہیں یہ ہیں کہ اولاً اس کی صدارت خود ناظم صاحب تعلیمات ریاست ابدت نے قبول فرمائی جس کی وجہ سے یہ جلسہ خالصتہً جلسہ اساتذہ ہوگیا جس میں کسی بیرونی اشخاص کو دخل نہ تھا۔ ثانیاً میر مجلس صاحب کی جدت طراز طبیعت نے طبقہ معلمین کی فائدہ رسانی کے نئے اسلوب پیدا کردئے۔ یہ حیدرآباد بلکہ ہندوستان کی پہلی تعلیمی کانفرنس ہے جس میں مختلف مضامین نصاب کی تعلیم کے متعلق مدرسین کے نقطہ نظر سے رپورٹیں پیش کی گئیں اور ایک ہی وقت میں جو تعداد رپورٹوں کی پیش ہوئی وہ اپنی آپ نظیر ہے۔ ان کمیٹیوں کے ارکان اول سے آخر تک مدرسین تھے۔ وہ جس کمیٹی کے مفوضہ مضمون سے دلچسپی اور عملی تعلق رکھتے تھے۔ اس طرح یہ کمیٹیاں طبقہ معلمین کی حقیقی معنوں میں ترجمان تھیں۔ رپورٹیں بجد غور و خوض اور بڑی معرکہ آرائیوں کے بعد مرتب ہوئیں۔ عام طور سے کمیٹیوں کی سفارشیں عملی پہلوؤں سے تعلق رکھتی ہیں اور مدرسین کی دشواریوں ضرورتوں اور خیالات کا آئینہ ہیں۔ ان رپورٹوں کو جو قبول عام حاصل ہوا ہے اس کے بعد یہ توقع بے جا نہ ہوگی کہ آئندہ کانفرنسوں میں بھی دیگر مضامین کے متعلق رپورٹیں سنائی جائیں۔

امسال جو پانچ کمیٹیاں مقرر ہوئی تھیں وہ تعلیم انگریزی، تعلیم ریاضی، تعلیم پیشہ ورانہ، تعلیم اردو اور تعلیم جسمانی کے متعلق تھیں۔ ان کمیٹیوں کی روئیدادوں کو حاضرین نے "گوش نصیحت نیوش" کھول کر سنا اور سب کمیٹیوں کی محنت کی تصدیق "بدست" کی ان تمام کمیٹیوں کی کامل روئیدادیں باستثنا رپورٹ کمیٹی تعلیم انگریزی متن رسالہ میں شائع کی گئی ہیں۔

افتتاح نمائش کی تقریب کے بعد جب جلسہ کا آغاز ہوا تو حمایت سٹی کالج کا قدر ہال اساتذہ بلدہ و اضلاع سے کھچا کھچ بھرا ہوا تھا۔ چونکہ جناب ناظم صاحب تعلیمات سرکار عالی نے ازراہ کرم اساتذہ و افسران تعلیمات اضلاع کو بھی شرکت کانفرنس کی عام اجازت عطا فرمائی تھی اس لئے اجتماع زیادہ تھا۔ کمرہ میں تل ڈالنے کی جگہ نہ تھی اور دیر سے آنے والے حضرات زینت بام و در ہو گئے تھے۔

"اس نفسیاتی لمحہ" میں جبکہ فضا برقی قوت سے تھرتھرا رہی تھی، صدر استقبالیہ کے سحر آفرین ترنم نے مہر سکوت کو توڑا۔ مولوی احمد حسین خان صاحب نے محترم صدر نشین کا نہایت پرجوش خیر مقدم کیا اور اپنے

ہمہ گیر انداز اور اپنے تُلے الفاظ میں ریاست کی تعلیمی حالت، تعلیمی مسائل اور تعلیمی اصلاحوں کی طرف توجہ دلائی۔ سامعین کرام محو ہو رہے تھے اور جہاں تک نظر کام کرتی تھی چہروں کی شگفتگی، نیم باز آنکھوں کی چمک اور زیر لب تبسم دلی کیفیات کی غمازی کر رہے تھے اور گو اداب مجلس مانع لب کشائی تھا لیکن دلوں میں ایک ایک لفظ پر آمنا و صدقنا کی صدائیں بلند ہو رہی تھیں۔ دفعتہً تعطیل کے ذکر پر ارباب علم چونک پڑے۔ ایک جمعہ کی بجائے "دو جمعہ فی ہفتہ" کا مژدۂ جان نواز "فردوس گوش" تو تھا لیکن کشمکش امید و بیم سے دل دھڑکنے لگا۔ آنکھیں ہیم میچ کر دیکھا کہ کہیں خواب تو نہیں۔ ابھی عین الیقین نہ ہوا تھا کہ نو تا تین کی تجویز نے ولولوں کا پارہ کئی درجہ گرا دیا۔ "نو تا تین؟ خوب۔ سہ پہر میں جلد برخاست۔ ۴ پر جائے۔ لیکن صبح کو ۹ بجے مدرسہ؟ یہ کیسے ہوگا؟ ناشتہ؟ خیر اس کو چھوڑو۔ مگر ٹیوشن؟ ۷ سے ۸ تک فقط ایک گھنٹہ۔ معاوضہ عمدہ بہت ملے تو صرف وقت ناکافی۔ معاوضہ ناکافی۔ اچھا سہ پہر میں؟ مگر لڑکے؟ وہ تو کھیل۔ ہا۔ کچھ دال میں کالا ہے۔ "یہ تحفۂ خونیں" نامنظور"

نو سے تین تک اوقات مدرسہ رکھنے کے لئے سالگذشتہ بھی تحریک ہوئی تھی لیکن صدر دفتر سے سوکھا جواب مل گیا۔ عرض مکرر بھی "جائے در قبول تک اس کی بلا کو کیا غرض" خیر اس کو غرض ہو یا نہ ہو لیکن سررشتۂ تعلیمات سے حال میں ورزش جسمانی کے متعلق جو احکام نافذ ہوئے ہیں اُن کے مدنظر تبدیلی اوقات کا مسئلہ ذرا غور طلب ضرور ہو جاتا ہے۔ ممکن ہے کہ تازہ حالات میں ۹-۳ کا وقت بھی کام نہ دے اس لئے اور دوسری ممکنہ صورتوں پر بھی لگے ہاتھ غور کر لینا بہتر ہوگا۔ مثلاً ۸-۱۲ یا ۹-۱۔ بہر صورت یہ مقتضائے مصلحت ہے کہ قطعی احکام کے قبل مختلف مدارس میں مختلف اوقات کی آزمائش کی جائے اور جو وقت بہترین ہو وہ مقرر کیا جائے۔

خیر مقدم کے آخری مسرت زا فقروں کی لرزش امواج ہوا میں کچھ تھوڑی سی باقی تھی کہ جناب سید محمد شریف صاحب مشہدی معتمد عمومی نے "بیک سائس" انجمن مبتی سنا ڈالی۔ انجمن کی کارگزاریاں قابل اطمینان ہیں۔ اگر اس کا کوئی شعبہ "مرثیہ خواہ" ہے تو وہ رسالہ حیدرآباد ٹیچر ہے جو باوجود اپنی خدمات کے ناقدری زمانہ سے خستہ حال ہے۔ بچے بالعموم زیادہ سے زیادہ ڈیڑھ دو سال میں اپنے پل بوتے پر کھڑے ہونے لگتے ہیں لیکن ٹیچر اپنی عمر کے تین سال پورے کر چکا اور ابھی تک نادر شفقۃ "انجمن" کی انگلیاں چھوڑ کر دو قدم بھی نہیں چل سکتا۔ سررشتۂ تعلیم متعدد ادبی، تاریخی، اخلاقی اور سائنٹفک

رسالوں پر گہر باریاں کرتا ہے کاش "اے ابر کرم بہر سخا کچھ تو ادھر بھی"۔

خطبۂ صدر صدر المخطب تھا۔ گرجتی ہوئی آواز سے سارا ہال گونج رہا تھا اور ایک ایک حرف دور و نزدیک سنائی دیتا اور دلوں پر نقش کالحجر ہوتا تھا۔ سرخیان پیغام عمل تھیں۔ بادۂ پند کے ساغر چھلکے پیمانۂ نصیحت گردش میں آیا اور "بلاکشان تعلیم" جام پر جام چڑھا کر جھومنے لگے۔ طرز ادا کی خاطر نشینی کام کر گئی بے حس مردہ دل اور تقدیر یہ فرقۂ معلمین کے خون میں ایک مرتبہ جوش آیا اور کم از کم تھوڑی دیر کے لئے "سپاہیانہ خروش" پیدا ہو گیا۔ ادبی تعلیم رائجہ کا جل چلاؤ دیکھ کر آنکھوں سے خون کے آنسو ٹپک پڑے لیکن سپاہیانہ ایثار سے انہوں نے ان تجاویز کے آگے سر تسلیم خم کر دیا جو ملک و قوم کی فلاح و نجات کے لئے ناگزیر بتائی گئیں۔

سابقہ تحریکوں کی توثیق کے علاوہ تین اہم تحریکیں پیش کی گئیں۔ پہلی تحریک کا مقصد یہ ہے کہ تاریخ و جغرافیہ دکن فرسٹ فارم سے نکال کر ان کی جگہ ہندوستان کی تاریخ و جغرافیہ داخل نصاب کی جائے۔ گویا کہ جو نصاب دو سال قبل تھا اُسی کا مطالبہ کیا جا رہا ہے۔ یہ تو غالباً تمام مدرسین تسلیم کرتے ہوں گے کہ تاریخ دکن کی تعلیم ایک سال میں تسلی بخش طور پر نہیں ہو سکتی۔ ساتھ ہی یہ بھی ضروری ہے کہ حیدرآبادی طلبا دوسرے صوبوں کے طلبہ کے دوش بدوش رہیں اس لئے ان کو فرسٹ فارم میں تاریخ و جغرافیہ ہند پڑھانا پڑے گا مگر ہمارے نزدیک سابقہ نصاب بحال کرنے سے پہلے ایسی کتابیں تاریخ و جغرافیہ کی چھپوائی جائیں جن میں دکن کے حالات کا خصوصی لحاظ ہو تاکہ ان دو مضامین کی تعلیم کا جو اہم ترین مقصد ہے یعنی حب وطن اور حب قوم۔ وہ حاصل ہو۔

دوسری تحریک میں "یہ کانفرنس سرکار عالی سے استدعا کرتی ہے کہ وظائف رعایتی کے عطا کرنے میں ملازمین سررشتۂ تعلیمات کے بچوں کا خاص لحاظ فرمایا جائے۔ نیز سالانہ وظائف کی تعداد ملازمین سررشتہ تعلیمات کی تعداد کی مناسبت سے ہونا چاہئے" مدرسین کی مالی خستگی، دماغی محنت اور جزو معاشی اور جبری کثیر الاولادی کے مدنظر یہ استدعا بالکل حق بجانب ہے۔ یہ بڑی عاقبت اندیشی کی گئی کہ جو "مردہ بدست زندہ" تھے ان کو بھی شریک مہم بنا لیا گیا اس اتحاد عمل سے یقین ہے کہ زندہ مدرسین کی دماغی و جسمانی اور مردوں کی روحانی کوششیں نخل مراد کو بار آور کریں گی۔

تیسری تحریک بھی ایک حق کا جائز مطالبہ ہے جس سے مدرسین محروم ہیں لیکن جو دلائل ثبوت استحقاق کے لئے پیش کئے گئے ہیں ان کی وجہ سے یہ تحریک ذرا دلچسپ ہو گئی ہے۔ اصل تحریک کے الفاظ یہ ہیں

"یہ کانفرنس سرکار عالی سے استدعا کرتی ہے کہ مدرسین کے لئے علاوہ موسمی تعطیلات سے مستفید ہونے کے مدت ملازمت میں کم از کم ایک دفعہ حج و زیارت مقامات مقدسہ یا تیرتھ جاترا کے لئے زیادہ سے زیادہ چار ماہ کی رخصت بیافت سالم ماہوار پنشن بطور خاص عطا کی جائے" یہ تحریک معلمانہ ایثار کی موٹی مثال ہے۔ سرکار عالی تسلیم کرتی ہے کہ حج و زیارت کے لئے چھ ماہ درکار ہوں گے اور جبکہ ملازمین سرکار کو چھ ماہ کی رخصت خاص بیافت سالم دینے کے احکام ہیں۔ اس رعایت سے صرف مدرسین محروم ہیں۔ حالانکہ قصور اُن کا نہیں کہ وہ اپنے سررشتہ میں ملازم ہیں جہاں بقول مولوی محبوب الحسن صاحب وہ "موسمی تعطیل سے استفادہ کرنے پر مجبور ہیں" اس پر بھی انہوں نے ڈرتے ڈرتے صرف چار ماہ کی رخصت کا مطالبہ کیا ہے۔ یہ تو نہیں کہ مدرسین کے پر لگے ہیں یا بعض طیران و طی الارض کے مشاق ہیں جو چھ ماہ کی مسافت کو چار ماہ میں طے کرلیں گے اور نہ اساتذہ ایسے برگزیدہ و خدا رسیدہ ہیں کہ ان کے لئے سرزمین عراق و عرب کی طنابیں کھینچ لی جائیں گی۔ بنابراین ہمیں سرکار عالی کی فیاضی و علم نوازی سے توقع ہے کہ معلمین کو وہی مراعاۃ عطا کی جائیں گی جو دوسرے سررشتوں کے ملازمین کو حاصل ہیں۔ مدت سے قطع نظر، تحریک کا زیادہ دلچسپ حصہ تو وہ ہے جس میں حج و تیرتھ کے تاریخی و جغرافی فوائد کا ذکر کیا گیا ہے۔ استدعا کو زوردار بنانے کے لئے "بیک کرشمہ دو کار" کی چاشنی دینے میں چنداں مضائقہ نہیں لیکن خوف یہ ہے کہ کہیں سرکار کو یہ خیال نہ ہو کہ مدرسین حج و زیارت کے بہانے سیر و تفریح کرتے پھرتے ہیں۔

تعلیم کنڈرگارٹن پر سجاد مرزا صاحب کا فاضلانہ لکچر نہایت سبق آموز تھا اور اُس "سروش عمل" کے نغمۂ دلنواز کی گونج تھا جو اپنے نورانی پروں کی ہوا سے تعلیم و تعلّم کے مردہ قالب میں نئی جان ڈال رہا ہے۔

دبیر صاحب کی تقریر آخری نشست کی سب سے زیادہ دلآویز و ولولہ انگیز تقریب تھی۔ موصوف کی خوش مزاجی، ظرافت طبعی اور جوش نے بزم معلمین پر پورا اثر ڈالا اور "جانے کیا دبیر کی آنکھوں نے اشارہ کر دیا" کہ صدر محترم و لیڈیاں محتشم، استاداں مفخم و عطاریف عشمشم" سب کے سب دوہتی ہنور کرنے اور ڈنڈ پیلنے لگے۔

آخر میں ہم کارکنان کانفرنس اور معتمد صاحب نمائش کو مبارک باد دیتے ہیں جن کی تھک کوششوں سے کانفرنس کو قبول عام اور کامیابی نصیب ہوئی۔

خیر مقدم

از جناب احمد حسین خاں صاحب بی۔ اے پرنسپل مدرسہ فوقانیہ دارالعلوم بلدہ
(صدر استقبالیہ کمیٹی)

خواتین و حضرات! محترم و گرامی قدر صدر جلسہ اور دیگر مہمانوں کو خوش آمدید کہنے کا خوشگوار فرض میرے ذمہ ہوا ہے لہٰذا انجمن اساتذہ کی جانب سے میں تمام حضرات کا اس تیسری سالانہ کانفرنس کی شرکت پر تہہ دل سے خیر مقدم کرتا ہوں۔ نظام العمل کے مطالعہ سے آپ پر واضح ہو جائے گا کہ اس سال کی کانفرنس کے نظم و نسق میں خفیف سی مگر نہایت اہم تبدیلی عمل میں آئی ہے۔ اس نئی تبدیلی کی جو حیدرآباد کے لئے نئی ہے لیکن ہندوستان کے دیگر حصص میں پہلے ہی سے عمل میں آچکی ہے ایک یا دو اہم امور کی بنا پر ضرورت لاحق ہوئی۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ ممالک محروسہ میں زمانۂ حال سے کانفرنسوں کی تعداد مائل بہ ترقی نظر آرہی ہے گو یہ شگون نیک ہے جو حیدرآباد کی تعلیمی ضروریات کے متعلق پبلک کی بیداری کا پتہ دیتی ہے لیکن اپنے نظم و نسق کی نوعیت کے لحاظ سے یہ کانفرنسیں صرف تعلیم کے عام مسائل ہی کو مدنظر رکھ سکیں اور مسائل فن تعلیم کو نظر انداز کرنا پڑا۔ اس میں شک نہیں کہ جو مسائل تعلیم کے عام نصب العین اور مالی و انتظامی حالت سے متعلق ہیں وہ ان اساتذہ کی دلچسپی کا باعث ہیں جو آج یہاں جمع ہیں لیکن بعض ایسے دیگر مسائل بھی ہیں جو مسائل مذکورۂ بالا کو بروئے کار لانے میں موثر ثابت ہوتے ہیں ان مسائل کا تعلق تعلیم کے فنی پہلو سے ہے۔ چونکہ اس فنی پہلو کے نظر انداز ہو جانے کا سخت اندیشہ تھا لہٰذا اس نقص کو دور کرنے کے لئے یہ ضروری خیال کیا گیا کہ ایسی سب کمیٹیوں کا جن کا تعلق خالصتہً فن تعلیم کے مسائل سے ہو تقرر کیا جائے چنانچہ ان کمیٹیوں نے اپنے متعدد اجلاس منعقد کئے اور اب ان کی سعی و کوشش کے نتائج غور و خوض کی غرض سے مختصر رپورٹوں کی شکل میں آپ کے روبرو

پیش کئے جانے والے ہیں۔ اس تبدیلی کا دوسرا سبب وہ ضرورت ہے جو انجمن اساتذہ نے بجائے توسیع تحریکات کے ان کے استحکام کے متعلق محسوس کی ہے۔ حال میں تعلیم کی ترقی حیدرآباد میں اس سرعت کے ساتھ عمل میں آئی ہے کہ اگر ریاست ہذا مزید توسیع کے نظام العمل پر غور کرنے سے پہلے ہی پہلے استحکام کی جانب توجہ نہ کرے تو اس سے بہت ہی غیر اطمینان بخش نتائج ظہور پذیر ہوں گے۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ میرے اس بیان سے لوگوں میں غلط فہمی پیدا ہو جائے اور چونکہ میں بہ نسبت تعلیم کی وسعت کے استحکام پر زیادہ زور دے رہا ہوں وہ یہ خیال کرنے لگیں کہ میری پالیسی تعلیمی ترقی کے منافی ہے لہذا میں اس امر کو ظاہر کرنا چاہتا ہوں کہ ان اعداد و شمار کے دیکھنے سے جو اس ریاست ابدمدت کی تعلیم سے متعلق ہیں اس امر کا انکشاف ہوتا ہے کہ تعلیم کی حالت اندیشہ ناک ہے اور ہر ایک قسم کی تعلیم میں ابھی بہت کچھ اضافہ کی ضرورت ہے۔ گو میں ان باتوں کو محسوس کرتا ہوں تاہم مجھے اس امر کا بھی یقین ہے کہ کسی کام کو نااہلیت کے ساتھ اور نامکمل طریقے پر انجام دینے کے بجائے بہتر تو یہی ہے کہ اس کو کسی قدر مکمل طریقے پر انجام دیا جائے۔ لہذا میں اس امر کو شد و مد کے ساتھ ظاہر کرنا چاہتا ہوں کہ اب وہ وقت آگیا ہے کہ ہم توسیع کے خیال کو چھوڑ کر استحکام کی جانب توجہ کریں اور موجودہ حالات کا اندازہ اور عمارت تعلیم کے کمزور مقامات کا بغور معائنہ کر کے آگے قدم بڑھانے سے پہلے اصلاح نقائص کی تدابیر اختیار کریں۔ اس کو تائید غیبی سمجھنا چاہیئے کہ ایسے زمانے میں تعلیم کی باگ ڈور ہمارے نامی گرامی صدر جلسہ کے جیسے تجربہ کار ماہر تعلیم کے ہاتھ میں آئی ہے دوسرا حسن اتفاق یہ ہے کہ وہ پہلا اور اہم اجتماع جس کے بحث و مباحثہ کی سرکردگی کو آپ نے براہ مہربانی منظور فرمایا ہے ایک ایسی مجلس کا ہے جو انہی مسائل پر غور کرنے کے لئے منعقد ہوئی ہے جن کا فیصلہ آپ ہی کی ذات پر منحصر ہے۔ مجھے اس امر کے بیان کرنے کی ضرورت نہیں کہ جناب صدر کی موجودگی ہمارے لئے باعث افتخار ہے اور ہم کو اس امر کا یقین ہے کہ اُن مسائل میں جو ہماری جماعت اساتذہ سے متعلق ہیں صدر سررشتہ کی شرکت سے اگر کچھ ہوگا تو فائدہ ہی ہوگا۔

گذشتہ کانفرنسوں میں آپ انجمن کی تاریخ، مقاصد اور کام کے متعلق سن چکے ہیں اور اب اس کے بعد سال گذشتہ کی کارگزاری معتمد صاحب عمومی آپ کے روبرو پیش کریں گے۔ لہذا میں صرف چند اُن ضروری اور مقامی مسائل کے ذکر پر اکتفا کروں گا جو تعلیم سے تعلق رکھتے ہیں۔

ہر طرف ابتدائی جبری تعلیم کے متعلق صدائے احتجاج بلند ہو رہی ہے۔ اگرچہ گذشتہ دس سال کے دوران میں امتحانیہ مدارس میں پڑھنے والوں کی تعداد (۶۷۰۰۰) سے تخمیناً ڈھائی لاکھ تک پہونچ چکی ہے تاہم مدرسہ جانے کے قابل بچوں کی جملہ آبادی میں سے تقریباً بارہ فیصدی آبادی زیر تعلیم ہے۔ برٹش انڈیا میں خواندہ لوگوں کی تعداد بڑھانے کے لئے ہر صوبہ یکے بعد دیگرے جبری تعلیم کو اختیار کر رہا ہے اگر یہاں بھی جلد سے جلد اس کی ابتدا نہ کی جائے تو ہم تعلیم میں بہت پیچھے رہ جائیں گے۔ ہماری گورنمنٹ نے بھی جبری تعلیم کے اصول کو منظور کر لیا ہے اور مجھے اس کا بھی علم ہے کہ عنقریب یہ مسئلہ عملی صورت بھی اختیار کرے گا۔ یہ سب کچھ جو ہو رہا ہے اچھا ہو رہا ہے۔ لیکن اس مسئلے کا ایک پہلو ایسا بھی ہے جس کو نظر انداز نہیں کرنا چاہیئے یعنے جس طرز کے مدارس آج کل موجود ہیں اُن میں اضافہ کرنا بے سود ہے اس اجمال کی تفصیل یوں ہو سکتی ہے کہ جبری تعلیم کو وسیع پیمانے پر رائج کرنے سے پہلے شہری اور دیہی مدارس کی حالت میں اصلاح کرنی ضروری ہے۔ خصوصاً مدارس دیہی کے متعلق میں مندرجہ ذیل ضروریات کو نہایت ضروری خیال کرتا ہوں۔

(۱) دیہی مدارس کے نصاب تعلیم کو دیہاتی ضروریات کے مطابق بنانا (۲) بہتر مدرسین کا انتخاب کرنا اور اُن کو اس خیال سے زیادہ وسیع پیمانے پر تربیت دینا کہ وہ اُس قسم کی دیہاتی تعلیم کے کام کو بخوبی انجام دینے کے قابل بن سکیں جو پنجاب کے بعض حصوں میں انجام دیا جا رہا ہے (۳) بہتر عمارت مدرسہ کی تعمیر (۴) باغات اور مزارع کا مہیا کرنا۔ (۵) جہاں جہاں تنخواہوں میں کمی پائی جاتی ہے وہاں معتد بہ اضافہ کرنا۔

ثانوی تعلیم کے میدان میں استحکام کی زیادہ گنجائش ہے۔ ثانوی تعلیم کی نہایت

فوری ضروریات میں سے ایک یہ بھی ہے کہ بہتر عمارات اور بازی گاہوں کی تعداد میں اضافہ کیا جائے جب تک ان کے لئے کافی رقم نہ مہیا ہو مدارس کے بچوں کی صحت اور جسمانی حالت میں خاطر خواہ ترقی کی امید نہیں کی جا سکتی۔ معائنہ طبی کی ضرورت پر انجمن پہلے ہی زور دے چکی ہے اس کا نتیجہ جلد یا بہ دیر ظاہر ہو کر رہے گا لیکن اگر معائنہ طبی بغیر بہتر عمارات اور کافی بازی گاہوں کے شروع کر دیا جائے تو اس سے بھی ان دونوں کی ضرورت نمایاں طور پر ظاہر ہو جائے گی۔ نصاب تعلیم اور پڑھائی کے کورس میں اصلاح کرنے اور معلموں کی تعلیم کو رواج دینے کا مسئلہ پہلے ہی سے زیر غور ہے۔ یہاں ان پر تفصیل سے بحث کرنے کی ضرورت نہیں معلوم ہوتی صرف یہ بتلا دینا کافی ہے کہ کفایت شعاری کو مدنظر رکھتے ہوئے ایک ایسا طریقہ نکالا جائے کہ میٹرک اور اسکول لیونگ کے نصاب کی موجودہ دوعملی دور ہو جائے۔

یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ کیا جب مذکورۂ بالا اصلاحات عمل میں لائی جائیں گی تو میٹرک کے نتائج اب تک جیسے رہے ہیں ان سے بہتر صورت میں رونما ہوں گے؟ سال بہ سال سینکڑوں لڑکے اس امتحان میں شریک ہوتے ہیں مگر کامیاب طلبہ کی تعداد ۳۰ فیصد سے آگے بڑھنے نہیں پاتی۔ ناکامیابی کے آخر وجوہ کیا ہیں؟ ان وجوہ میں سے ایک وجہ تو یہ ہے کہ اختتام کورس کی مدت مڈل سے لے کر میٹرک تک نسبتاً اسکول لیونگ سے کم رکھی گئی ہے۔ لیکن ناکامیابوں کی اس تعداد کثیر کی اصلی وجہ یہ معلوم ہوتی ہے کہ مدارس نوقانیہ عثمانیہ میں کئی مدارس ایسے ہیں جہاں کافی اور قابل اسٹاف کا فقدان ہے کوئی ترقی اسوقت تک رونما نہ ہو گی جب تک گراجویٹوں کی تعداد میں اضافہ نہ کیا جائے۔ صرف یہی وجوہ نہیں ہیں بلکہ کچھ اور بھی ہیں جس قسم کے لوگ تاریخ و جغرافیہ اور انگریزی کی تعلیم کے لئے منتخب کئے جاتے ہیں بجز چند مستثنیٰ اشخاص کے سب ان مضامین کے پڑھانے کی جیسی چاہیئے ویسی اہلیت نہیں رکھتے۔ مدرسین کا بلا امتیاز انتخاب اس وقت قابل درگزر ہو سکتا ہے جبکہ لائق اشخاص کافی تعداد میں نہ مل سکتے ہوں۔ موجودہ زمانے میں ایسے مدرسین مقرر کئے جائیں جو اچھی ڈگریاں رکھتے ہوں اور دیگر امور کے

لحاظ سے بھی قابل متصور رہوں۔ جغرافیہ پڑھانے والے مدرسین کے لئے صرف یہی باتیں کافی نہیں ہیں بلکہ جب تک یونیورسٹی جغرافیہ کی تعلیم کو داخل نصاب نہ کرے مدارس میں اس مضمون کے پڑھانے کا معیار گھٹا ہوا ہی رہے گا۔

دوسری اصلاح جس کی شدید ضرورت سمجھی جا رہی ہے وہ اوقات مدارس اور تعطیلات سے متعلق ہے مسئلۂ اول الذکر یعنے موجودہ اوقات میں تبدیلی کے متعلق گذشتہ سال تحریک منظور ہو چکی ہے۔ اثنائے گفتگو میں نواب مسعود جنگ بہادر سابق ناظم تعلیمات نے بھی اس مجوزہ تبدیلی کے متعلق اپنی رضامندی کا اظہار کیا تھا بہرحال یہ تحریک محکمۂ صدر میں پیش کی گئی جس کا انجمن کو یہ جواب ملا کہ جب تک اس معاملے میں اتحاد آرا نہ ہوگا تبدیلی مناسب نہیں معلوم ہوتی اس جواب سے انجمن کی حوصلہ شکنی نہیں ہوئی ہے بلکہ یہ مسئلہ پھر ایک دفعہ پیش کیا جائے گا۔ یہاں میں مودبانہ ناظم صاحب بہادر کی توجہ اس امر کی جانب منعطف کراتا ہوں کہ اس معاملے پر غور مکرر کیا جائے۔ کئی مدارس اس تبدیلی کے متوقع ہیں اور اس کو بخوشی قبول کر لیں گے چند ہی اشخاص ایسے ہوں گے جن کو اس خصوص میں اعتراض ہوگا لیکن تعلیم و ورزش جسمانی کے مفاد کا لحاظ کرتے ہوئے میں اُمید کرتا ہوں کہ اس نارضامندی کو نظرانداز کر دیا جائے گا۔

مسئلۂ تعطیلات کے بارے میں پہلے یہ تجویز ہوئی تھی کہ کانفرنس میں ایک تحریک سررشتہ سے اس قسم کی درخواست کے متعلق منظور کی جائے کہ وہ ایک باقاعدہ جماعت بحیثیت نمائندہ موجودہ تعطیلات کی فہرست پر نظرثانی اور غور کرنے کے لئے مقرر کرے جس کا کام یہ ہوگا کہ وہ نظرثانی کرنے کے بعد اس فہرست کو بتوسط ناظم صاحب تعلیمات اس کمیٹی کے روبرو پیش کرے جو گورنمنٹ کی جانب سے اسی غرض کے لئے مقرر کی گئی تھی۔ لیکن بعد میں جب ہم کو معلوم ہوا کہ کمیٹی مذکور نے اس سے پہلے ہی اپنا کام ختم کر کے گورنمنٹ کو نتیجہ کارروائی سے مطلع کر دیا ہے تو ہم نے تحریک مذکورۂ بالا کو بعد از وقت خیال کر کے اس معاملے کو یونہیں چھوڑ دیا۔ چونکہ یہ ایک ایسا مسئلہ ہے جس سے ہمارے فرائض کی بجاآوری پر اثر پڑتا ہے لہذا اگر میں اس کا ذکر کروں تو

قابل معافی تصور کیا جائے گا مبادا یہاں بعض حضرات کو یہ خوف ہو کہ میں تعطیلات کی جملہ تعداد میں اضافہ کی تجویز پیش کرنے والا ہوں لہذا میں پہلے ان کے خوف کو یہ کہکر دور کرنا چاہتا ہوں کہ جو کچھ میری تجویز ہے وہ تعداد تعطیلات میں کسی قسم کے اضافہ کے متعلق نہیں بلکہ محض ان کی مکرر تقسیم کے متعلق ہے۔ دیگر محکمہ جات کے ملازمین یہ خیال کرتے ہیں کہ پڑھانا بہت ہی آسان کام ہے اور اساتذہ کو بہت سی تعطیلات ملتی ہیں میں اپنا وقت ان حضرات کے اس خیال کو دور کرنے میں ضائع کرنا نہیں چاہتا میرا روئے سخن صرف ماہرین نفسیات و تعلیم کی جانب ہے یہی لوگ جانتے ہیں کہ کوئی کام سوائے درس و تدریس کی محنت شاقہ کے ایسا نہیں جو قوت اعصابی و دماغی پر سنگین اثر ڈالتا ہو۔ آپ کس طرح متدین اور فرض شناس مدرسین سے اس امر کی توقع کرتے ہیں کہ وہ دنوں اور مہینوں صرف ہفتہ میں ایک ہی دن کے وقفہ سے کام کئے چلے جائیں اور پھر بھی ان کے جوش اور سرگرمی میں فرق نہ آئے ہم کو تجربہ سے یہ امر ناممکن معلوم ہوتا ہے۔ جب صورت حال اس قسم کی ہو تو کیا یہ مطالبہ کچھ بجا ہوگا کہ ہفتہ میں صرف پانچ ہی یوم کام کے رکھے جائیں اور اس میں شرط یہ ہو کہ اگر کسی ہفتہ میں کوئی تعطیل واقع ہو جائے تو وہ دن جو زائد تعطیل کا ملتا ہے حذف کر دیا جائے مزید برآں کئی تعطیلات میں بھی جو مذہبی وجوہ پر مبنی ہیں کاٹ چھانٹ ہو سکتی ہے ان اشخاص نے جن کی مذہبی راسخ الاعتقادی پر کوئی اعتراض عائد نہیں ہو سکتا مجھ سے بالمشافہ کہا کہ ان میں بعض تعطیلات ایسی ہیں جو حذف کی جا سکتی ہیں۔ جب ایسا ہو جائے تو مدارس ثانویہ میں گرما کی تعطیل دو ماہ کی ہو سکتی ہے اگر یہ تعطیل زیادہ تصور کی جاتی ہے تو گرما میں ڈیڑھ ماہ اور سرما میں دس یوم کی تعطیل کا انتظام کیا جائے۔ اسی سلسلے میں آپ کی توجہ اس خصوص کی جانب بھی منعطف کرائی جاتی ہے کہ حسب عملدرآمد سابق سالانہ امتحانات موسم سرما میں منعقد کئے جائیں۔ موجودہ عملدرآمد نہ اساتذہ کے لئے سہولت بخش ہے نہ ممتحنین کو اس سے آسائش مل سکتی ہے اور نہ طلبہ ہی کے لئے خوشگوار ہے۔

چونکہ یہ کانفرنس زیادہ تر تحتانیہ اور ثانویہ مدارس کے اساتذہ سے متعلق ہے

میں یونیورسٹی کی تعلیم سے عمداً قطع نظر کرتا ہوں اور صرف یہ بتلانا چاہتا ہوں کہ اگر انٹرنس اور ثانویہ تعلیم میں زیادہ روپیہ نہ صرف کیا جائے تو خود یونیورسٹی کو طلبہ کا اچھا ذخیرہ ہاتھ نہیں آسکتا جس کی اپنے آپ کو کامیاب ثابت کرنے کے لئے اس کو سخت ضرورت ہے

میں نے اب تک آپ حضرات کے روبرو تصویر کا ایک ہی رُخ پیش کیا ہے بہرحال میں آپ کو یہ یقین نہیں دلانا چاہتا کہ طبقہ معلمین مظلوم اور تغرشون سے بالکل پاک ہے۔ یہ سچ ہے کہ ان میں ایسے افراد موجود ہیں جو دنیا کے کسی حصہ میں بھی پیشۂ تعلیم کے لئے مایۂ ناز سمجھے جائیں گے۔ یہ مستثنیٰ صورتیں ہیں۔ بالعموم مدرسین اتنا کام کر لینا کافی سمجھتے ہیں کہ گرفت سے بچے رہیں۔ جس ملک میں تعلیم عام ہے وہاں بھی یہ طرز عمل ناقابل ہے لیکن ہندوستان میں تو یہ جرم ہے۔ جب تک کہ اساتذہ اپنے آپ کو سرکار کا بندۂ دام نہ سمجھیں بلکہ یہ بھی خیال کریں کہ وہ بنی نوع انسان کی خدمت بجالانے والی فوج کے سپاہی ہیں اور جوش و سرگرمی کے ساتھ اپنے مفوضہ کار تعلیمی کے علاوہ دوسری ذمہ داریاں بھی اپنے سر نہ لیں اس وقت تک اس ملک کی تعلیم کا مستقبل کبھی امید افزا نہیں ہوسکتا۔ بایں ہمہ مجھے یقین ہے کہ اگر ان کے راستہ سے رکاوٹیں دور کردی جائیں اور ان کو محکمہ صدر سے اشارہ ملے تو مدرسین کی کثیر تعداد صف آرا ہو جائے گی۔ انجمن کو جناب صدر سے اسی اشارہ کی توقع ہے۔ اس یقین سے پرکیف ہوکر ہم جناب ممدوح کا اور بھی فراخ دلی سے خیر مقدم کرتے ہیں۔

مترجمہ
اللہ بخش صاحب بی اے بی ٹی

رپورٹ انجمن اساتذہ مستقر بلدہ

بابتہ سال مختتمہ امرداد ۳۸ف

حضرات۔

خدا کا شکر ہے کہ انجمن نے اپنی عمر کے ساڑھے چار سال پورے کر لئے اور اب ہم اس تیسری سالانہ کانفرنس میں جمع ہوئے ہیں جس کی کارروائی سابقہ دو کانفرنسوں کے مقابلے میں زیادہ مفید اور کارآمد طریقے پر انجام پا رہی ہے کیوں کہ اوایل ماہ خورداد ۳۸ف سے ہی مضامین زیر بحث میں سے پانچ اہم مضامین ایک ایک سب کمیٹی کے تفویض کئے گئے ہیں اور اس طرح ہر ایک سب کمیٹی کو مضمون متعلقہ کے ہر ایک عملی پہلو پر تفصیل سے بحث کر کے عمدہ اور مفید نتیجہ نکالنے کا کافی موقع ملا ہے۔

شاخ ہائے انجمن | سال زیر رپورٹ میں انجمن ہذا کی شاخیں حسب سابق (۱۴) ہی رہیں۔ البتہ پرنسپل صاحب مدرسہ فوقانیہ انگریزی چادر گھاٹ کی تحریک پر شاخ مذکور کو گرامر اسکول میں منتقل کیا گیا ہے کیونکہ مدرسہ چادر گھاٹ میں سردست کوئی بڑا کمرہ ایسا نہیں جہاں انجمن کے ماہانہ جلسے سہولت سے منعقد ہو سکیں۔

اراکین انجمن | انجمن ہذا کی رکنیت چونکہ حسب قواعد منظورہ سرکار مدرسین مدارس تحت دفتر صدر مہتمی تعلیمات مستقر بلدہ کے لئے لازمی ہے اس لئے تعداد اراکین میں کوئی کمی نہیں ہوئی مگر ساتھ ہی دوسرے اراکین کی تعداد سال زیر رپورٹ میں (۲۰) سے بڑھ کر (۳۴) ہو گئی ہے۔ جن کا تعلق دفتر صدر مہتمی تعلیمات بلدہ سے نہیں ہے

مرکزی انتظامی کمیٹی کے جلسے | سال زیر رپورٹ میں مرکزی انتظامی کمیٹی کے (۵) جلسے منعقد ہوئے جن میں حسب قواعد انجمن ہر سہ ماہی کے لئے پہلے سے ماہانہ جلسوں کا پروگرام مرتب کرنے کے علاوہ ترتیب موازنہ و انتخاب

عہدہ داران سنہ رواں و تقرر تنقیح کنندگان حسابات انجمن اور انتظامات کانفرنس ہذا کی کارروائی ہوئی۔

کمیٹی مذکور نے کانفرنس کے انتظام کے لئے ایک کانفرنس کمیٹی بھی قایم کی جس نے بغرض سہولت اجرائی کارپروگرام سب کمیٹی۔ نمایش سب کمیٹی اور استقبالیہ کمیٹی مقرر کی یہ اس کا نتیجہ ہے کہ اس وقت کام باقاعدہ ہو رہا ہے۔

معمولی ماہانہ جلسے زمانہ زیر رپورٹ میں ہر مرکز میں ماہانہ جلسے (۶) منعقد ہوئے جہاں مضامین مندرجہ ذیل پر بحث وغیرہ ہوئی۔

(۱) کمزور طلبہ کا مسئلہ (۲) السنہ میں مضمون نویسی کی تعلیم معہ سبق منونہ۔ (۳) تحتانیہ جماعتوں کی مدت تعلیم کو بجائے پانچ سال کے چار سال کرنے کے امکان کا سوال۔ (۴) تحتانیہ و وسطانیہ جماعتوں میں تاریخ و جغرافیہ کے نصاب میں اصلاح کی ضرورت اور اس کی نوعیت۔ (۵) مدرسہ کے اندرونی امتحانات (۶) مدارس موجودہ میں پیشوں کی تعلیم کے اجرا کا امکان اور مختلف طبقوں میں تعلیم مذکور کی نوعیت۔

ان تمام جلسوں کی کارروائیوں میں سے خاص خاص امور افسوس ہے کہ رسالہ میں شائع نہ ہو سکے کیونکہ مختلف مرکزوں سے بروقت رسالہ کے دفتر میں مواد وصول نہیں ہوا آیندہ امید ہے کہ بروقت رپورٹیں وصول ہونے پر مثل سابق رسالہ میں شائع ہوا کریں گی۔

طبقہ تحتانیہ کی مدت تعلیم میں تخفیف کے مندرجہ بالا مسئلے پر جو آرا وصول ہوئی ہیں وہ ابھی مرکزی انتظامی کمیٹی کے زیر غور ہیں البتہ اصلاح نصاب تاریخ جغرافیہ کے متذکرہ صدر سوال پر بحث سے جو نتیجہ نکلا اس کا ملخص جناب گنیش چند صاحب بی اے بی۔ ٹی مددگار مدرسہ فوقانیہ دارالعلوم بلدہ اپنی تحریک پیش کرتے وقت بیان فرمائیں گے

عام جلسہ امسال زیر رپورٹ میں حسب ذیل تین عام جلسے منعقد ہوئے۔

(۱) سینٹ جارجز گرامر اسکول میں بصدارت عالیجناب نواب ذوالقدر جنگ بہادر ایم اے (کینٹب) جلسہ عام میں جناب ڈاکٹر ہیرلڈ مین صاحب مشیر زراعت سرکار عالی نے

۱۳۳۵ف (۴) امتحانات عثمانیہ میٹرک۔ ہائی اسکول لیونگ سرٹیفکیٹ و مڈل میں ممتحنین و مبصرین میں مدرسین کو شریک کرنے کے مسئلہ پر بھی صدر دفتر نظامت عالیہ تعلیمات نے دفاتر متعلقہ کو لکھا ہے۔

" (۵) امتحان مڈل کی ہر زبان زائد دوم کے نصاب کے مساوی ہونے کا مسئلہ محکمۂ صدر دفتر نظامت تعلیمات کے صیغہ متعلقہ کے زیر غور ہے۔

۱۳۳۶ف (۱) تحریک مساوات امتحانات عثمانیہ میٹرک و ہائی اسکول لیونگ سرٹیفکیٹ کے متعلق جامعہ عثمانیہ میں کارروائی پیش ہے اور سنا گیا ہے کہ اس قسم کا نصاب مرتب کرنے کے لئے ایک کمیٹی بھی مقرر ہو چکی ہے۔

" (۲) تبدیل اوقات مدارس کی تحریک پر صدر سے جواب ملا ہے کہ اس تحریک کی عام تائید کی ضرورت ہے۔

" (۳) مدارس امدادی میں قیام پراویڈنٹ فنڈ کو بھی اجرائی امداد کی ایک شرط قرار دینے کی تحریک (خدا کا شکر) بار آور ہوئی چنانچہ صدر دفتر نظامت عالیہ تعلیمات نے مختلف علاقہ جات ہند کے قواعد متعلقہ پراویڈنٹ فنڈ کے ملاحظہ کے بعد اس بارہ میں ایک لائحہ عمل بنانے کی جناب صدر مہتمم صاحب تعلیمات مستقر ملدہ سے خواہش کی ہے۔

" (۴) عثمانیہ میٹرک اور ہائی اسکول سرٹیفکیٹ کے امتحانات میں سائنس کو امتحان کے لئے لازمی مضمون قرار دینے کی تحریک پر بھی محکمۂ جات متعلقہ غور کر رہے ہیں۔

انجمن کی مالی حالت انجمن ہذا کے حسابات ۱۳۳۷ف کی تنقیح جناب مولوی محمد یوسف صاحب مددگار مدرسہ فوقانیہ دار العلوم و جناب مولوی سید غلام محمود صاحب مددگار مدرسہ وسطانیہ گوشہ محل نے فرمائی۔

حسابات سے ظاہر ہوا کہ ۱۳۳۷ف میں کچھ اوپر ایک ہزار روپیہ سکہ عثمانیہ چندہ وصول ہوا اور امداد رسالہ۔ الونس و صادر وغیرہ۔ اور مصارف کانفرنس و نمائش

(سالانہ) (ماہانہ) (ماہانہ)

سفر خرچ نمایندگان آل انڈیا کانفرنس۔ جملہ (الف ۱۰۰) سکہ عثمانیہ کا صرفہ ہوا۔ اور اس طرح ختم آبان ۱۳۳۷ف کو بشمول سلک ۱۳۳۶ف جملہ مبلغ (سماہ ۵) سکہ عثمانیہ خزانہ انجمن میں موجود تھے اس سال مصارف میں بمقابلہ آمدنی خفیف سا اضافہ ہوا ہے جس کی وجہ یہ ہے کہ نمایندگان آل انڈیا ٹیچرس کانفرنس کے سفر خرچ کی بابتہ سرکار سے امداد ابھی وصول نہیں ہوئی۔

حضرات۔ رسالہ انجمن نے اپنے حالیہ نمبر کی اشاعت کے ساتھ اپنی عمر کا تیسرا سال پورا کرلیا ہے مگر اس کی مالی حالت ضرور آپ حضرات کی خاص توجہ کی محتاج ہے کیونکہ سوائے مدارس بلدہ و اطراف بلدہ اور مدارس وسطانیہ و فوقانیہ و ناظر صاحبان اضلاع کے جہاں رسالے سرکاری طور پر جاتے ہیں اراکین انجمن نے ذاتی طور پر اس کی خریداری کی طرف ابھی کوئی توجہ نہیں فرمائی۔ اور یہی وجہ ہے کہ اس کی آمدنی بشمول امداد انجمن اس کے مصارف کے لئے بمشکل کافی ہو رہی ہے۔ البتہ جناب صدر مہتمم صاحبان صوبہ گلبرگہ شریف و صوبہ اورنگ آباد کا شکریہ ادا کرنا میرا فرض ہے کہ انہوں نے اپنے علاقے کے مدارس تحتانیہ کے لئے رسالہ کے اردو حصے کی خریداری فرمائی ہے جس سے ایک حد تک رسالہ کی امداد ہوئی ہے۔ اور یہ اردو حصہ صرف انہیں حضرات یعنے مولوی سجاد مرزا صاحب و مولوی ظہور علی صاحب کی تحریک پر اسفندار ۱۳۳۸ف سے علٰحدہ شائع کرنے کا انتظام کیا گیا ہے۔ اگر صوبہ ورنگل و صوبہ میدک کے مدارس تحتانیہ کے لئے بھی رسالہ کا حصہ اردو جس کا سالانہ چندہ (عہ ۱۴) رکھا گیا ہے خریدنے کی طرف افسران مقتدر توجہ فرمائیں تو اس مفید تعلیمی رسالہ کی بہت کچھ مدد ہو سکتی ہے۔

حضرات۔ اب میرا یہ خوشگوار فریضہ ہے کہ میں اراکین انجمن کی جانب سے مالیجناب خاں فضل محمد خان صاحب ناظم تعلیمات کا شکریہ ادا کروں کہ آپ نے اس انجمن کی سرپرستی قبول فرما کر مدرسین بلدہ کی عزت افزائی فرمائی ہے اور باوجود کثرت مشاغل اس کانفرنس کی صدارت کی زحمت گوارا فرما کر انجمن ہذا سے اپنی دلچسپی کا اظہار فرمایا ہے

حضرات۔ اب میں اس دعا کے بعد اپنی رپورٹ کو ختم کرتا ہوں کہ

۱۳۳۵ف (۴) امتحانات عثمانیہ میٹرک۔ ہائی اسکول لیونگ سرٹیفکیٹ و مڈل میں ممتحنین و مبصرین میں مدرسین کو شریک کرنے کے مسئلہ پر بھی صدر دفتر نظامت عالیہ تعلیمات نے دفاتر متعلقہ کو لکھا ہے۔

" (۵) امتحان مڈل کی ہر زبان زائد دوم کے نصاب کے مساوی ہونے کا مسئلہ محکمۂ صدر دفتر نظامت تعلیمات کے صیغہ متعلقہ کے زیر غور ہے۔

۱۳۳۶ف (۱) تحریک مساوات امتحانات عثمانیہ میٹرک و ہائی اسکول لیونگ سرٹیفکیٹ کے متعلق جامعہ عثمانیہ میں کارروائی پیش ہے اور سنا گیا ہے کہ اس قسم کا نصاب مرتب کرنے کے لئے ایک کمیٹی بھی مقرر ہو چکی ہے۔

" (۲) تبدیل اوقات مدارس کی تحریک پر صدر سے جواب ملا ہے کہ اس تحریک کی عام تائید کی ضرورت ہے۔

" (۳) مدارس امدادی میں قیام پراویڈنٹ فنڈ کو بھی اجرائی امداد کی ایک شرط قرار دینے کی تحریک (خدا کا شکر) بار آور ہوئی چنانچہ صدر دفتر نظامت عالیہ تعلیمات نے مختلف علاقہ جات ہند کے قواعد متعلقہ پراویڈنٹ فنڈ کے ملاحظہ کے بعد اس بارہ میں ایک لائحہ عمل بنانے کی جناب صدر مہتمم صاحب تعلیمات مستقر بلدہ سے خواہش کی ہے۔

" (۴) عثمانیہ میٹرک اور ہائی اسکول سرٹیفکیٹ کے امتحانات میں سائنس کو امتحان کے لئے لازمی مضمون قرار دینے کی تحریک پر بھی محکمۂ جات متعلقہ غور کر رہے ہیں۔

انجمن کی مالی حالت انجمن ہذا کے حسابات ۱۳۳۷ف کی تنقیح جناب مولوی محمد یوسف صاحب مددگار مدرسہ فوقانیہ دار العلوم و جناب مولوی سید غلام محمود صاحب مددگار مدرسہ وسطانیہ گوشہ محل نے فرمائی۔

حسابات سے ظاہر ہوا کہ ۱۳۳۷ف میں کچھ اوپر ایک ہزار روپیہ سکہ عثمانیہ چندہ وصول ہوا اور امداد رسالہ۔ الونس و صادر وغیرہ۔ اور مصارف کانفرنس و نمائش

(سالانہ) (ماہوار) (ماہانہ)

سفر خرچ نمایندگان آل انڈیا کانفرنس۔ جملہ (۱۱۸۵ھ) سکہ عثمانیہ کا صرفہ ہوا۔ اور اس طرح ختم آبان ۱۳۳۷ف (ماہ ربیع الثانی ۱۳۳۶ھ) کو بشمول سلک ۱۳۳۶ف جملہ مبلغ (۱۳۸۲ھ) سکہ عثمانیہ خزانہ انجمن میں موجود تھے اس سال مصارف میں بمقابلہ آمدنی خفیف سا اضافہ ہوا ہے جس کی وجہ یہ ہے کہ نمایندگان آل انڈیا ٹیچرس کانفرنس کے سفر خرچ کی بابتہ سرکار سے امداد ابھی وصول نہیں ہوئی۔

حضرات۔ رسالہ انجمن نے اپنے حالیہ نمبر کی اشاعت کے ساتھ اپنی عمر کا تیسرا سال پورا کرلیا ہے مگر اس کی مالی حالت ضرور آپ حضرات کی خاص توجہ کی محتاج ہے کیونکہ سوائے مدارس بلدہ و اطراف بلدہ اور مدارس وسطانیہ و فوقانیہ و ناظر صاحبان اضلاع کے جہاں رسالے سرکاری طور پر جاتے ہیں اراکین انجمن نے ذاتی طور پر اس کی خریداری کی طرف ابھی کوئی توجہ نہیں فرمائی۔ اور یہی وجہ ہے کہ اس کی آمدنی بشمول امداد انجمن اس کے مصارف کے لئے بمشکل کافی ہو رہی ہے۔ البتہ جناب صدر مہتمم صاحبان صوبہ گلبرگہ شریف و صوبہ اورنگ آباد کا شکریہ ادا کرنا میرا فرض ہے کہ انہوں نے اپنے علاقے کے مدارس تحتانیہ کے لئے رسالہ کے اردو حصے کی خریداری فرمائی ہے جس سے ایک حد تک رسالہ کی امداد ہوئی ہے۔ اور یہ اردو حصہ صرف انہیں حضرات یعنے مولوی سجاد مرزا صاحب و مولوی ظہور علی صاحب کی تحریک پر اسفندار ۱۳۳۸ف سے علٰحدہ شائع کرنے کا انتظام کیا گیا ہے۔ اگر صوبہ ورنگل و صوبہ میدک کے مدارس تحتانیہ کے لئے بھی رسالہ کا حصہ اردو جس کا سالانہ چندہ (۱۴ھ) رکھا گیا ہے خریدنے کی طرف افسران مقتدر توجہ فرمائیں تو اس مفید تعلیمی رسالہ کی بہت کچھ مدد ہوسکتی ہے۔

حضرات۔ اب میرا یہ خوشگوار فریضہ ہے کہ میں اراکین انجمن کی جانب سے عالیجناب خان فضل محمد خان صاحب ناظم تعلیمات کا شکریہ ادا کروں کہ آپ نے اس انجمن کی سرپرستی قبول فرما کر مدرسین بلدہ کی عزت افزائی فرمائی ہے اور باوجود کثرت مشاغل اس کانفرنس کی صدارت کی زحمت گوارا فرما کر انجمن ہذا سے اپنی دلچسپی کا اظہار فرمایا ہے

حضرات۔ اب میں اس دعاء کے بعد اپنی رپورٹ کو ختم کرتا ہوں کہ

حضور بندگانعالی متعالی مدظلہ العالی کا سایہ ہمارے سر پر مدت مدید تک قائم رہے اور یہ انجمن ایک عرصہ دراز تک ملک کی مفید خدمات تعلیمی انجام دیتی رہے۔

سید محمد شریف مشہدی معتمد عمومی

خطبۂ صدارت

عالیجناب خان فضل محمد خاں صاحب ایم۔ اے (آکسن) ناظم تعلیمات ممالک محروسہ سرکار عالی

میں انجمن اساتذہ کا بیحد شکر گزار ہوں کہ اُس نے مجھ سے اپنے سالانہ جلسہ کی صدارت کے لئے خواہش ظاہر کی۔ اس اہم کام میں شریک ہونے سے مجھے بڑی مسرت حاصل ہوئی۔ سالانہ روداد جو ہم نے سُنی اس سے انجمن کا بہت کچھ ترقی کرنا ظاہر ہوتا ہے۔ انجمن کے تمام عہدہ دار اور عمّال اس کامیابی پر ہمارے دلی مبارکباد کے مستحق ہیں۔

انجمن اپنی سرگرمیوں کے عملی پہلو کو ترقی دے

اس کانفرنس کا لائحہ عمل ہمیں اس سے مطمئن کر دیتا ہے کہ انجمن نے عملی طور پر کام شروع کر دیا ہے۔ میں یقین کرتا ہوں کہ انجمن کی سرگرمیاں جو تعلیمی طریقوں کی اصلاح کی غرض سے عمل میں لائی گئی ہیں وہ بالعموم اساتذہ کے لئے مفید ثابت ہوں گی۔ میں اس بات سے خوش ہوں کہ انجمن شاہراہ ترقی پر گامزن ہے۔ مختلف مضامین خصوصاً فنی تعلیم اور جسمانی تربیت کے لئے ذیلی کمیٹیوں کا تقرر ظاہر کرتا ہے کہ انجمن ملکی ضروریات سے باخبر ہے۔ یہ امر میرے لئے حقیقی مسرت کا باعث ہے کہ انجمن پُرخلوص طریقہ کے ساتھ حقیقی معنوں میں کام کر رہی ہے اور "نشستند و گفتند و برخاستند" کا مصداق نہیں ہے۔ میں اُمید کرتا ہوں کہ انجمن کی یہ سرگرمیاں عملی طریقہ کے ساتھ جاری رہیں گی اور انہیں آئندہ اور مستعدی کے ساتھ نمایاں کیا جائے گا۔

حیدرآباد ادائے فریضہ کا طالب ہے

حیدرآباد ٹیچر، اور انجمن اساتذہ دونوں بہت بڑے نام ہیں۔ بڑے نام کے ساتھ ہمیشہ بڑی بڑی ذمہ داریاں عاید ہوتی ہیں

اور اُن سے بہت بڑی توقعات بھی وابستہ ہوتی ہیں؛ اس لئے ہمیں فطرۃً مہتم بالشان کام کی توقع رکھنی چاہیئے۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ حیدرآباد کے اساتذہ سے کس قسم کی توقع وابستہ ہے؟ میرا خیال ہے کہ اس کا معقول جواب یہی ہے کہ حیدرآباد کے اساتذہ سے توقع کی جاسکتی ہے کہ وہ پڑھائیں گے۔ یہ بالکل درست ہے مگر تعلیم و تدریس ایک وسیع مضمون ہے اور اُس کے نظریئے بھی مختلف ہیں جس کا جواب میں ذرا سی تبدیلی کے ساتھ دینا چاہتا ہوں ساتھ ہی وہ تمام توقعات جوان بڑے ناموں کے باعث مجھ میں پیدا ہو گئے ہیں وہ تمام کے تمام میرے پیش نظر ہیں۔ میرا جواب نہایت آسان ہے وہ یہ ہے کہ حیدرآباد متوقع ہے کہ ہر استاد اپنا فریضہ ادا کرے آپ کو یاد ہوگا کہ ایسے الفاظ و مختلف قسم کے تاریخی موقعوں پر نفسیاتی لمحات میں استعمال کئے جا چکے ہیں۔ لیکن، یہ الفاظ ایسے سادہ اور دل کو اپنی طرف مائل کرنے والے ہیں کہ انہیں ہر موقع پر، جہاں بہترین انسانی جدّوجہد کی ضرورت ہو، استعمال کیا جاسکتا ہے۔

تعلیم و تدریس اہم ترین کام ہے

دنیا کے کسی کام میں، اگر بہترین انسانی کوشش کی ضرورت ہے تو وہ تعلیم و تدریس ہے۔ کوئی قوم، جتنی زیادہ ترقی یافتہ اور مہذب ہوگی، اُسی قدر زیادہ توجہ تعلیم اور معلم پر کی جائے گی۔ حقیقت یہ ہے کہ جس نوعیت کی توجہ جس قوم کی جانب سے تعلیم پر کی جائے گی اُسی سے صحیح اندازہ اُس کی ترقی کا ہوگا اور اُسی سے اُس قوم کی جگہ اقوام عالم میں متعین ہوگی۔ اس لئے تعلیم و تدریس کا کام بنی نوع انسان کے لئے اہم ہے۔

کیا ہم نے اپنا فرض منصبی ادا کیا اور اس کے نتائج کیا ہیں؟

یہ بات بالکل بدیہی ہے کہ کسی بڑے کام میں اپنے فریضہ کی ادا بہت مشکل ہے، انسانی جدّوجہد کی کامیابی یا ناکامی کا اندازہ اسی کے نتائج سے کیا جاتا ہے۔ میں اُمید کرتا ہوں کہ آپ مجھے معاف فرمائیں گے، اگر میں آپ کی تعلیم کے نتائج پیش کروں اور آپ ہی سے فیصلہ کی خواہش کروں کہ ہمیں ادائے فرض

میں کہاں تک کامیابی نصیب ہوئی! میں عیب جوئی کے خیال سے آپ کے کام کی تنقیح نہیں کر رہا ہوں مگر ہم مدرسین کو چاہیئے کہ اپنے معائب کو خوشی کے ساتھ سنیں۔ اس کے علاوہ مجھے یہ امتیاز حاصل ہے کہ میں بھی تو آپ ہی میں سے ہوں مجھے آپ اس امر کی اجازت دیں گے کہ میں لمحہ بھر کے لئے اپنی تعلیم کے نتائج پر چھوٹے ہم اپنی درس گاہوں سے ایسے نوجوانوں کو دنیا میں بھیجتے ہیں جو مختلف تعلیمی صفات سے آراستہ ہوتے ہیں۔ ان نوجوانوں کا تعلیم کے متعلق کیا زاویہ نگاہ ہے؟ اُن کے اولیا کا تعلیم دلانے سے کیا مقصد ہے؟ عام طور پر تعلیم کے متعلق پبلک کے کیا خیالا ہیں؟ ہم سب جانتے ہیں کہ تعلیم کے متعلق محض ایک خیال ہر ایک کے دل میں جاری اور ساری ہے اور تقریباً تمام کا ایک ہی مطمح نظر ہے وہ یہ کہ کوئی جگہ علمی پیشوں یا ذری جائدادوں میں عام اس سے کہ فائق ہو یا سرکاری، حاصل کی جائے۔ یہ ہماری تعلیم کا اول و آخر ہے۔

ہماری تعلیم کی اقتصادی اہمیت اقتصادی حیثیت سے بھی دیکھنا چاہیئے کہ ہمیں کس حد تک کامیابی نصیب ہوئی؟ ایک متوسط ذہن کے لڑکے کو میٹرک کامیاب کرنے میں گیارہ سال لگتے ہیں۔ اس طویل المدۃ تربیت کے بعد وہ کس قدر روزی کما سکتا ہے۔ ممالک محروسہ سرکار عالی میں اگر وہ خوش قسمت ہے (۱۵) سے کی اہل کاری حاصل کر سکتا ہے جس کے معنے یہ ہوئے کہ وہ گیارہ سالہ تربیت کے بعد اس قابل ہوا کہ یومیہ ایک روپیہ کما سکے اور بیس سالہ ملازمت یعنے ۳۱ سال کی تربیت اور تجربہ کے بعد وہ روزانہ دو روپیہ کما سکے گا آپ بخوبی جانتے ہیں کہ اس قدر ایک معمولی مزدور تھوڑے سے تجربہ کے بعد کما سکتا ہے۔ ہماری درس گاہوں کی پیداوار کی یہ اقتصادی قدر و قیمت ہے۔ ہندوستان کے اکثر حصوں میں ایک طلیسانی بھی (۱۵) ماہوار پر دستیاب ہو سکتا ہے۔ بہر حال اقتصادی نقطہ نظر سے یہ نہیں کہا جا سکتا کہ ہم کامیاب رہے۔

جسمانی حیثیت سے ہماری تعلیم کے نتائج۔ جسمانی نقطہ نظر سے بھی ہماری کامیابی کچھ زیادہ نہیں ہے کیا ہم جسمانی تربیت پر کافی توجہ دے رہے ہیں؟ کیا

ہماری تمام تر توجہ درسی کتب پر صرف نہیں کی جارہی ہے اور طلبہ کے جسم کو اپنے حال پر نہیں چھوڑا ہے؟ عام طور پر مدارس میں جسمانی تربیت کا انتظام برائے نام رکھا گیا ہے۔ اور اس کو اس قدر اہمیت نہیں دی جارہی ہے جیسا کہ اس کا حق ہے۔ اور اس کا نتیجہ بھی ظاہر ہے۔ تاوقتیکہ بچہ قدرت کی طرف سے اچھے قوی لے کر نہ آئے اس کو جسمانی تربیت سے جس کا انتظام مدارس میں کیا گیا ہے، متمتع ہونے کا موقع نہیں ملے گا۔ اس طرح جسمانی نشوونما میں ہم اپنے فرض کے ادا سے تغافل برت رہے ہیں۔

سیرت سازی سے غفلت ہمارے فرض کا ایک اور حصہ جو اس سے بھی اہم ہے اور جس کو عموماً مدارس میں نظرانداز کیا جارہا ہے، سیرت سازی ہے۔ معدودے چند مدارس ایسے بھی ہیں جہاں اس حیثیت سے بھی کوشش کی جارہی ہے اور اس مقصد کی تحت مختلف مشاغل کا انتظام کیا گیا ہے تاکہ سیرت سازی کے لئے ضروری تربیت دی جاسکے۔ مگر اکثر و بیشتر مدارس میں تعلیم کے اس اہم شعبہ پر بہت کم توجہ کی جارہی ہے۔

تعلیم یافتہ نوجوانوں کی مجبوری یا بے بسی۔ کئی تعلیم یافتہ نوجوان تقریباً روزانہ میرے پاس مدرسی یا اہل کاری کی خدمت کے لئے آتے رہتے ہیں۔ اکثر مجھے یہ کہہ کر انہیں مایوس لوٹانا پڑتا ہے کہ کوئی جائداد خالی نہیں ہے۔ میں ان کی اس مایوسی پر ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دوسرے پیشوں کا مشورہ دیتا ہوں تو وہ بجز مدرسی یا اہل کاری کے کسی اور پیشہ کو اختیار کرنے میں اپنی مجبوریوں کا اظہار کرتے ہیں آپ کو یہ سن کر حیرت ہوگی مگر یہ واقعہ ہے کہ بہتیرے طیلسانی ایسے بھی ہیں جو سالہا سال سے بحیثیت مدرس یا اہل کار تقرر کے منتظر ہیں مگر اس پر بھی وہ کوئی اور کام اختیار کرنا نہیں چاہتے۔ آخر ہمارے نوجوان اس قدر مجبور اور بے بس کیوں ہیں؟ بعض اشخاص ہندوستان کے طریقہ تعلیم پر حرف دھرتے ہیں مگر یہ درست نہیں ہے؛ ہمارے طریقہ تعلیم میں کوئی ایسی خامی نہیں ہے۔ اسی طریق تعلیم کے ذریعہ تعلیم یافتہ نوجوانوں کے بہتریں نمونے پیش کئے جاسکتے ہیں۔ بشرطیکہ ہمارے مدرس اپنے

فرائض انجام دیں۔

ہمارے لوگوں میں ملازمت کی طرف میلان

تعلیم یافتہ نوجوانوں کی مجبوری کے مختلف اسباب ہیں لیکن مناسب اور موزون تربیت سے بہت کچھ اصلاح ہوسکتی ہے۔ میں اپنے خیالات اس حد تک محدود رکھوں گا کہ اساتذہ اس کے انتفاع میں کیا حصہ لے سکتے ہیں بہتر طریق یہ ہے کہ پہلے ہم یہ معلوم کرلیں کہ ہماری راہ میں کیا مشکلات ہیں؛ بعض اشخاص جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے، یہ خیال کرتے ہیں کہ ہمارے نوجوانوں کی پست ہمتی موجودہ طریقۂ تعلیم سے ہے۔ ہمیں جاننا چاہیئے کہ اس معاملہ میں ہماری ذہنیت بہ نسبت کسی اور چیز کے زیادہ مورد الزام ہے۔ یہ امر حیرت انگیز مگر واقعہ ہے کہ جب ہندوستان میں کوئی مکتب بچہ پہلے پہل مدرسہ جاتا ہے تو اُس کے والدین اسی روز سے اُس کی نوکری اور عہدے کے خواب دیکھنے لگتے ہیں بچے کے خیالات بھی اسی ڈھرّہ پر نشو و نما پاتے ہیں۔ ایسی ذہنیت کا وجود تہذیب یافتہ ممالک میں نہیں ہے۔ ہمارے ملکی حالات بھی اس افسوسناک ذہنیت کی تشکیل میں ایک حد تک ممد ہوئے۔ اس ملک کے تعلیم یافتہ اور شائستہ طبقات کے لوگ بھی سرکاری عہدے یا کسی نہ کسی ادنیٰ کام کرنے کی عام طور پر کوششیں کرتے ہیں ایسے افراد بطور خود ایک طبقہ بنے ہوئے ہیں اور وہ علمی پیشہ کے سوائے اور کوئی پیشہ اختیار کرنا نہیں چاہتے۔ یہ تشفی بخش حالت نہیں ہے۔ اگر ہم ترقی کرنا چاہتے ہیں تو اس قسم کی ذہنیت کو بدلنا چاہیئے اور کلیر کے فقیر نہ بنے رہنا چاہیئے۔

کامیابیٔ امتحان اور حصولِ اسناد کا شوق

دوسری خامی ہماری ذہنیت کی یہ ہے کہ ہم سیرت سازی کے مقابلہ میں امتحانات کی کامیابی اور حصولِ اسناد وغیرہ کو زیادہ اہم سمجھتے ہیں۔ حقیقی تعلیم سے مراد جسمانی، دماغی اور سیرت کی مکمل تربیت ہے۔ لیکن ہماری ذہنیت اس درجہ ناقص ہے کہ جو شخص کوئی امتحان پاس کرلے اُسے تعلیم یافتہ سمجھنے لگتے ہیں۔ اس کی علمی اسناد سے بلاشبہ یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اس نے خاص معیار کی دماغی تربیت حاصل کی ہے؛ لیکن زندگی کی حقیقی کشمکش میں

اُس کے تمام قویٰ کی آزمائش ہوئی ہے اُس کے کام کرنے کی قابلیت، اپنے فرائض سے شغف۔ ماتحتیں، برابر والوں اور افسروں سے برتاؤ، اُس کا تدین، راست بازی، صاف گوئی، وفاداری اور اشتراکِ عمل، نیز دوسروں کا پاس و لحاظ غرض کہ اُس کے تمام جسمانی اور دماغی استعداد اور وہ قوت جو انسان اور معاملات سے سابقہ پڑنے پر صداقت و انصاف کے ارفع و اعلیٰ اصول سے منحرف نہ ہونے دے معرضِ امتحان میں ہیں جیسی کچھ بھی ذہنی تربیت مدارس میں دی جا رہی ہے اس سے یہ تمام چیزیں حاصل نہیں ہو رہی ہیں۔ یہ تربیت اپنی حد تک اچھی اور مفید ہے مگر اُس کا جو معیار ہونا چاہیئے وہ ابھی نہیں ہے اور علی العموم غلط اصول پر ہے کیونکہ اکثر رٹنا اور حفظ کر لینا مُباح سمجھا گیا ہے۔ حقیقی ذہنی تربیت کو رواج دینا چاہیئے اس کے ساتھ ہی جسم اور سیرت کی تعمیر و تربیت پر ممکنہ فکر اور توجہ کرنے کی ضرورت ہے

نوجوانوں کی ناقص ذہنیت کے ساتھ ساتھ انکا اہلیت اور عملی تربیت سے عاری ہونا

یہ اوپر بیان کیا گیا ہے کہ تقریباً تمام مدرسہ جانے والے لڑکے تعلیم کے زمانے میں اپنے آئندہ عہدے کا خیال رکھتے ہیں والدین بھی منتظر رہتے ہیں کہ وہ کوئی امتحان پاس کرے یا ڈگری لے۔ پھر باپ بیٹے دونوں مل کر تلاشِ ملازمت کے تھکا دینے والے کام، نہایت استقلال کے ساتھ درخواستیں بھیج بھیج کر اور ملاقاتوں پر ملاقاتیں عہدہ داران متعلقہ سے کر کے، شروع کر دیتے ہیں، یہاں تک کہ اُن کی دلی مقصد بر آئے لیکن ایسا نوجوان جس نے محض امتحان پاس کر لیا ہو اور جس کے قویٰ پوری طرح تربیت اور ترقی یافتہ نہ ہوں زندگی میں کامیاب بھی نہیں رہتا ہے۔ اس کو ایک طرح کی ناقص ذہنی تربیت ملی ہے اور اُس کی تربیت کا عملی پہلو ادھورا رہ گیا ہے لہذا اس کا دماغ خیالات پریشان کا آماجگاہ بنا رہتا ہے جو دماغی سوءِ ہضمی کا باعث ہے۔ ایسا نوجوان ناواجبی خود رائی میں مبتلا اور عموماً ذکی الحس ہوتا ہے۔ اِس لئے اُس کو بنا کر لے چلنا دشوار ہے۔ ناقص تربیت کے باعث وہ خود کو اپنے ساتھیوں سے برتر سمجھتا اور ترقی کی فکر میں لگا رہتا ہے نتیجہ یہ ہے کہ اُس میں

اشتراک عمل کی کمی ہوتی ہے اور وہ اور اشخاص کے ساتھ گھل مل کر نباہ نہیں کرسکتا یہ سب جانتے ہیں کہ زندگی کے تمام کاروبار انسانی اشتراک عمل اور یکجہتی پر مشتمل ہیں اور ہمیں متفقہ طور پر کام کرنے کی ضرورت ہے۔ بخلاف اس کے یہ نوجوان تھوڑی بہت ذہنی تربیت اور غیر تربیت یافتہ استعداد کے باعث موزونیت کے ساتھ نباہ نہیں کرسکتا ۔ اور ہمیشہ پریشانی کا باعث ہوتا ہے۔ اس کا علاج ہوسکتا ہے اگر ادبی اور نظری تعلیم کے وقت ہم ان چیزوں کو پیش نظر رکھیں اور رٹ لینے کے عیوب ظاہر کرتے ہوئے حقیقی ذہنی اور عملی تربیت کو ملحوظ رکھیں۔ اگرچہ یہ کام تکلیف دہ اور تھکا دینے والا ضرور ہے مگر جو کچھ بھی ہو ہمیں صحیح معنوں میں آدمی پیدا کرنے ہیں نہ کہ منشی یا شیخ چلی کے خواب دیکھنے والے جن کے لئے اس دار العمل میں کوئی جگہ نہیں۔

دست کاری کی جانب ہماری یاس انگیز روش میں آپ کی توجہ اپنی ذہنیت کے ایک اہم نقص کی جانب مبذول کراتا ہوں۔ یہ نام نہاد تعلیم یافتہ طبقہ دست کاری کو ذلت سمجھتا ہے۔ ہمارے رسم و رواج اس غلط ذہنیت کی تشکیل کا باعث ہوئے ہیں۔ تمام کام شریفانہ ہیں اور کوئی کام ذلیل نہیں ہے۔ اگر ہم یہ چاہتے ہیں کہ ہمارے مدارس مفید اشخاص پیدا کریں تو اس ذہنیت کی تبدیلی بھی ہو جانی چاہیئے۔

تعلیم میں سرگرمی کی ضرورت اساتذہ حیدرآباد! اب آپ یہ سمجھ گئے ہوں گے کہ میں نے خطبہ کے ابتدائی حصہ میں ناصحانہ انداز میں ایسے الفاظ استعمال کئے جو بہادر سپاہیوں کے جوش و جذبہ کو مشتعل کرنے کے لئے لڑائی سے پیشتر استعمال کئے جاتے ہیں۔ میرے بہادر اساتذہ کی جماعت! آپ کو بھی جہالت اور قدیم توہمات کے خلاف جنگ عظیم کرنی ہے۔ یہ کشمکش بہت ہی سخت ہے اور ایک مدت تک رہے گی۔ اس لئے اس کی ضرورت ہے کہ آپ کو بھی اس جہاد عظیم کے لئے کمر ہمت چست باندھ لینی چاہیئے۔ مجھے یقین ہے کہ فتح آخر میں آپ ہی کو نصیب ہوگی بشرطیکہ آپ اپنا کام والہانہ جذبے اور صداقت کے ساتھ جو اس مقصد عظیم کے لئے سزاوار ہے انجام دیں۔

حقیقت میں یہ راہ کٹھن ہے۔ بلا سخت جد وجہد اور جہاد عظیم کے ہم "یہ منشی سازی" کے طریقہ عمل کو انسان سازی سے بدل نہیں سکتے۔ سب سے پہلی اہم شرط خود آپ کا جوش ہے اگر ہم بددلی کے ساتھ اصلاح کا کام شروع کریں تو ہم کامیاب نہیں ہو سکتے۔ اس زمانہ میں روزانہ استعمال کی معمولی سے معمولی چیز بنانا ہو تو بڑی سخت محنت کی ضرورت ہے لہذا یہ ایک معقول بات ہے کہ انسان سازی میں خاص مساعی درکار ہیں کیونکہ انسان خداوند تعالیٰ کی اشرف و اعلیٰ مخلوق ہے۔ اساتذہ صاحبان آپ انسان کے بنانے والے ہیں اور آپ کے بنائے ہوئے انسان دنیا کو سنواریں گے۔ کوئی مدرس کامیاب نہیں ہو سکتا ہے۔ تاوقتیکہ وہ سرگرمی کے ساتھ اپنے کام کو شروع نہ کرے اور اس انسان سازی کے مشکل کام میں اپنے تمام اعضاء اور جوارح کی پوری قوت نہ لگا دے۔ مدرس کا جوش اثر آفرین ہے جو بڑے فائدہ کی بات ہے۔ اس جذبہ سے آدھا کام ختم ہو جاتا ہے اور دوسرے آدھے کے لئے تحریک نگرانی، استقلال اور مسلسل کوشش کی ضرورت ہے۔

تعلیم زندگی کی راہ میں معاون ہو

کیا میں وہ طریقہ کار بتا سکتا ہوں جس کے ذریعہ ہمارے نوجوانوں کی بے بسی کا علاج ہو سکتا ہے۔ جس طرح معدہ قیام صحت کے لئے ضروری چیز ہے اسی طرح کسی ملک کے اقتصادی حالات اس کی خوش حالی کا یقین کرنے میں حصہ لیتے ہیں۔ اگر کوئی متوسط درجہ کی ذہنیت کا لڑکا ضروری تربیت کے بعد کوئی پیشہ اختیار کرتا ہے تو دو اہم عناصر لینے اس کے جسمانی قویٰ اور اس کی سیرت اس کی کامیابی میں مدد دیتے ہیں اس لئے ہمارے نوجوانوں کی بے بسی دور کرنے اور انھیں مفید اور خوش حال قوم بنانے کی خاطر ہمیں چاہیئے کہ تعلیم کے وقت ملک کی اقتصادی اور دیگر حالات زندگی کو ملحوظ رکھیں اسی خیال کے مدنظر یہ ضروری ہے کہ جو تعلیم ہم دے رہے ہیں وہ حالات زندگی کے بالکل مغائر نہ ہو بلکہ ان کے دوش بدوش ہو۔ ہمیں عملی طور پر کام کرنے والے آدمی تیار کرنے کی ضرورت ہے جو زندگی کے جملہ کاروبار میں کارآمد ہوں نہ کہ ایسے جو نرے قلم کش یا چرب زبان یا شیخ چلی کی طرح خواب دیکھنے والے ہوں ایسے لوگ تو اپنی اور دوسروں کی زندگی کو بھی تلخ بنا دیں گے۔

ہر طالب علم کے لئے انفرادی طور پر تعلیم کے عملی پہلو کو پیش نظر رکھنا پھر اُسے زندگی کے کسی معین کام کے لئے تیار کرنا چاہئے۔ یہ کام اسی صورت میں ممکن ہے جب کہ ہم مخلصانہ مساعی اور سرپرستوں کے اشتراک عمل کے ذریعہ اس کو انجام دیں۔

پہلے ہم اپنی ذہنیت کو بدل ڈالیں پھر طلبہ کی ذہنیت بدلیں۔

اگر تعلیم سے انسان محض ایک نوعیت کے کام یعنے دفتری یا ادبی کے قابل ہو تو ایسی تعلیم ناقص ہوگی تعلیم یافتہ شخص کو باقاعدہ تربیت اور موزوں مواقع ملنے کے بعد کسی قسم کا کام خواہ کیسے ہی حالات پیش آئیں کامیابی کے ساتھ انجام دینے کی ضرورت ہے۔ وہ ایسا اُسی وقت کر سکے گا جب کہ اُس کے قویٰ کی تربیت اور نشوونما باقاعدہ طور پر ہوئی ہو۔

اگر طلبہ کے قویٰ کی ترقی اور سیرت سازی ہمارا نصب العین رہے اور اُن میں ہم عملی کام سے لگاؤ بھی پیدا کریں تو وہ اپنی بے بسی اس درجہ محسوس نہ کریں گے جیسا کہ اب محسوس کر رہے ہیں۔ بخلاف اس کے وہ اپنے مذاق کے مطابق پیشہ کا انتخاب کریں اس کے لئے تو ہم مدرسین کو اپنی ذہنیت اور زاویہ نظر کو بدلنے کی ضرورت ہے تاکہ ہم اپنی تعلیم اور اس کے ساتھ طلبہ کی ذہنیت میں بھی تبدیلی پیدا کر سکیں۔ آپ میں سے ہر ایک اس بحث پر پوری طرح غور و خوض کرے اور اپنے دوستوں اور عہدہ داروں سے گفتگو کرے جب وہ پوری طرح ہماری ذہنیت کے اسقام کا قائل ہو جائے تو اس کی ساری فطرت میں انقلاب ہوگا۔ اگر وہ پُرجوش معلم ہے تو اس کے دل میں سینکڑوں نئے خیالات جماعت میں یا جماعت کے باہر پیدا ہوں گے اور وہ سینکڑوں طریقے حصول مقصد کے لئے اختراع کرے گا۔ بالفاظ دیگر اس کا یہ مفہوم ہے کہ ہم محض کامیابی امتحان کی خاطر درسی کتب ہی کی تعلیم نہ دیں بلکہ اُن کے جسم، دماغ اور سیرت کی تربیت کریں اور عملی کام سے ذوق پیدا کرتے ہوئے انہیں انسان بنائیں۔ ہمارے مدارس میں ہر بات کا انتظام پہلے ہی سے ہے اور اگر نہیں ہے تو کیا جا سکتا ہے۔ یہ ہمارا کام ہے کہ جیسے جیسے موقعے ملیں ہم اُن سے فائدہ اُٹھائیں۔ ہمارے مقصد کو کبھی نقصان نہیں پہنچ سکتا ہے۔ اگر کوئی اثر پڑ سکتا ہے تو وہ ہماری

قوت تحریک اور جوش و جذبہ کی کمی اور عدم ثبات کوشش کے باعث ہوگا۔

دوسری مشکلات ہماری راہ میں اور مشکلات بھی ہیں جن کا بڑا سبب یہ ہے کہ تخیل اور جذبات نے ہماری زندگی پر بہت گہرا اثر ڈالا ہے۔ لیکن زندگی کی تلخ حقیقتیں ہمارے اپنے خلوص کے ساتھ مل کر ان کمزوریوں کے دور کرنے اور غلط ذہنیت کے بدلنے میں مدد دیں گی۔

جسمانی ورزش اور سیرت سازی کے متعلق مشورے۔ میں پھر اس بحث کی جانب رجوع ہوتا ہوں کہ تربیت جسمانی اور سیرت سازی حقیقتہً ہندوستان کی دو اہم ترین ضرورتیں ہیں اور حقیقت میں دونوں ایک دوسرے سے تعلق رکھنے والے موضوعات ہیں۔ میں بار بار اس کا اعادہ کرتا ہوں کہ اگر آپ یہ سمجھے ہوئے ہیں کہ مقررہ درسی کتب کی تعلیم دے کر اور امتحان پاس کرا کے اپنے فرائض سے سبکدوش ہو گئے تو آپ بالکل غلطی پر ہیں یہ تو فقط آپ کے فرائض کا ایک جز ہے اگر آپ نے اپنے طلبہ کی جسمانی ورزش صرف ڈرل ماسٹروں پر چھوڑ دی تو اس کا یہ مطلب ہوگا کہ آپ ادائے فرائض سے پہلو تہی کر رہے ہیں۔ ہر مدرسہ کے مدرسین کو متفقہ طور پر تفریحوں، کھیلوں اور کشافی کے انتظامات میں حصہ لینے کی ضرورت ہے اور دور موجودہ کے طریقوں کو رائج کرنا بھی لازمی اور ضروری ہے بعض یہ خیال کرتے ہیں کہ آپ کچھ نہیں کر سکتے تاوقتیکہ حکومت یا سررشتہ بازی گاہ یا سامان ورزش کا انتظام نہ کرے آپ کو یہ امر فراموش نہ کرنا چاہیئے کہ مدرسہ میں آپ حکومت اور سررشتہ کی نمائندگی کر رہے ہیں۔ اس سے میرا یہ مطلب ہے کہ آپ کے مقصد کو محض آپ کی قوت اختراع کی کمی سے نقصان پہنچ سکتا ہے۔ اگر کسی مدرسہ کے اساتذہ حقیقی طور پر کوشش کریں تو وہ تمام موانعات پر غالب آسکتے ہیں۔ سررشتہ تو ہمیشہ ان کی کامیابی کے لئے رہبری اور امداد کو تیار ہے۔

میں اس کا متمنی ہوں کہ ورزش جسمانی پر پہلے کی نسبت کرتے اب سے کہیں زیادہ توجہ کی جائے۔ کھیل، ورزش اور کشافی کی تنظیم سے نہ صرف آپ کے طلبہ کی صحت پر اچھا اثر پڑے گا بلکہ سیرت سازی میں بھی بڑی مدد ملے گی۔ اس کے علاوہ ہر مدرسہ میں جتنے اور

مشاغل کا انتظام ہو سکتا ہے کیا جائے تاکہ طلبہ میں عملیت کا عنصر ترقی پائے اور اُن کے کردار کی بھی تربیت ہو۔

کھیل کی روح کھیل اور ورزش کے رواج دینے کی بحث کے ضمن میں ہمیں یہ واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ اگر ان سے اصل روح کے پیدا کرنے کا کام نہ لیا گیا تو جو فوائد حاصل کئے جا سکتے ہیں وہ بہت ہی محدود ہوں گے۔ کیونکہ کھیل کی روح کے یہ معنی ہیں کہ بازی گاہ پر شریفانہ روش رکھی جائے۔ کھیل اور ورزش میں بد طینتی کا اظہار مدرسے کے لئے بدنما دھبہ ہے اور اس سے یہی ظاہر ہوگا کہ سیرت سازی کے معاملہ میں بجائے فائدہ کے زیادہ نقصان ہو رہا ہے۔

ضبط اور نمونے کا اثر طلبہ کے اخلاق پر دو چیزوں کا بہت گہرا اثر پڑتا ہے: یہ مدرسہ کا ضبط اور مدرسین کا نمونہ نیک ہے۔ اگر ضبط اچھا ہے تو طلبہ بھی شائستہ اور قانون پسند ہوں گے اور ضبط نفس کے علاوہ اور بھی اچھی عادتیں ان میں پیدا ہوں گی بخلاف اس کے خرابی ضبط مخفی زہر کی طرح کام کرتی اور طلبہ کی تباہی کا باعث ہوتی ہے۔ اسی طرح معلمین کے نمونۂ نیک کا گہرا اثر طلبہ پر پڑتا ہے۔ یہ سب کو بخوبی معلوم ہے کہ نمونۂ نیک پند و موعظت سے کہیں بہتر ہے۔ لہٰذا کوئی معلم پڑھائے کچھ اور نمونہ کچھ اور قائم کرے تو وہ نہ صرف طلبہ کی نظر میں مضحکہ خیز ہوگا بلکہ اُس سے ناقابل تلافی نقصان بھی پہنچے گا۔ آپ یہ ہمیشہ دیکھیں گے کہ استاد کی پاک و مفید، سرگرم و مخلصانہ زندگی کا نمونہ طلبہ کی سیرت سازی کے لئے ازبس مفید ہے۔

صنعتی تعلیم کی ترویج کی ضرورت اوپر اس کا ذکر ہو چکا ہے کہ ہمارے طلبہ میں عملی تعلیم کی طرف میلان پیدا کرنے کی ضرورت ہے اور یہ بھی بتا دیا گیا ہے کہ دست کاری اکثر معیوب سمجھی جاتی ہے۔ اگر مناسب و موزوں دست کاری یافتی تعلیم ہمارے مدارس میں رائج کی جائے تو دو فائدوں سے خالی نہیں پہلے یہ کہ طلبہ میں عملی میلان پیدا کیا جا سکے گا دوسرے وہ تمام غلط خیالات کہ دست کاری معیوب ہے دل سے محو ہو جائیں گے۔ اس کام میں بھی جدت، سرگرمی اور مسلسل کوشش کی ضرورت ہے

اس غرض کے لئے اگر کسی مدرسہ میں کوشش کی جائے تو محکمہ اس کو نظر استحسان سے دیکھے گا اور مقامی حالات کی مناسبت سے دست کاری اور پیشہ ورانہ تعلیم کے رواج دینے میں ہمیشہ مدد اور رہبری کرے گا۔ یہ امر طمانیت بخش ہے کہ بعض اساتذہ نے دست کاری اور فنی تعلیم کا انتظام کیا ہے یہ ملک کے پیشوا ہیں اور میں انھیں اس بیش بینی اور مستعدی پر دلی مبارکباد دیتا ہوں۔ آپ کو اس کا علم ہے کہ ہندوستان کی فضا سرعت کے ساتھ بدل رہی ہے اور عوام کو زیادہ باعمل بنانے کی فکریں کی جارہی ہیں تاکہ وہ زندگی کی کشمکش کے لئے بہتر طریقہ پر تیار ہو جائیں؛ ہمیں چاہیئے کہ اس ریاست کو ہم پیچھے نہ رہنے دیں۔ یہی وقت ہے کہ اس کام کی ابتدا کی جائے اور آپ ہی کے ہاتھوں میں یہ کام دیا گیا ہے۔ آپ کی مشکلات سخت ہیں مگر ان پر قابو حاصل کیا جاسکتا ہے اور کیا جانا بھی چاہیئے۔ پہلے آپ اپنی ذہنیت بدلیں پھر طلبہ کی ذہنیت بدلی جائے اور ان کے ذریعہ بتدریج عوام کی ذہنیتیں بھی بدلی جائیں۔ اہل کاری کی جائدادیں اتنی نہیں ہیں کہ ان کے لئے کافی ہوسکیں؛ مگر اس کے ساتھ ساتھ خدا کا ملک بھی تنگ نہیں ہے۔

تعلیم میں عملیت پیدا کیجائے محض دست کاری یا فنی تعلیم ہی سے عملیت کا ذوق پیدا نہیں کیا جاسکتا؛ بلکہ صدہا موضوعات دوران تعلیم میں ایسے ملیں گے کہ جن کے ذریعہ طلبہ کو عملیت کی تعلیم موزوں طریق پر دی جاسکتی ہے۔ اساتذہ صاحبان اس معاملہ میں کوشش کریں۔ انجمن اساتذہ اس کام کو اپنے شرکاء کے فائدے کے لئے کرسکتی ہے۔ ایک ذیلی کمیٹی مقرر کرنی چاہیے جس کا یہ کام ہو کہ تعلیم میں عملی پہلو پیدا کرنے کے طریقوں کو واضح کرے۔

متوقع نتائج اگر ہم اپنی مساعی میں کامیاب رہیں تو ہم ایسے اعلیٰ ذہنیت کے نوجوان پیدا کرسکیں گے جو دماغی اور جسمانی حیثیت سے تربیت یافتہ، خوش کردار، صداقت پرست اور صاف گو ہوں گے؛ نہ صرف اس قدر ہی بلکہ رواداری، اتحاد اور وفاداری کے جذبے سے سرشار ہوں گے۔ اور کسی مفید و دیانت دارانہ کام کو حقارت کی نظر سے نہیں دیکھیں گے یہ لوگ زندگی کے ہر شعبہ میں مثلاً: سائنس و اعلیٰ تحقیقات، سرکاری ملازمت و تجارت،

زراعت وحرفت وغیرہ میں کامیاب رہیں گے اور ریاست کو خوش حال اور مالا مال کردیں گے
فوراً شروع کردو سال تعلیمی شروع ہو چکا ہے اور موسم بھی بدل گیا تعطیل گرما میں آپ
لوگ آرام لے کر تازہ دم آئے ہیں؛ اس لئے یہ وقت بہت ہی مناسب ہے کہ
بیان کئے ہوئے طریقہ پر کام شروع ہو جائے۔ میں سال رواں میں دیکھوں گا کہ مختلف
سرگرمیوں کے انتظام میں ہر مدرسہ نے کتنی ترقی کی ہے؟ میں اس سال معائنہ مدارس
کے لئے نکلوں گا تو ہر مدرسہ کو اپنی ترقی کی تفصیل بتانی ہوگی۔ میں ریاست کے مدارس
کو حقیقی معنوں میں مدارس دیکھنا چاہتا ہوں جہاں حقیقی تعلیم ہو اور وہ ایسے کارخانے
نہ بنے رہیں جہاں سستے محرر اور نرے شیخ چلی پیدا کئے جاتے ہوں۔

استحکام کا اوّلیں دور آپ سب جانتے ہیں کہ اس محکمہ کی توسیع کا دور ختم ہو چکا اور
اب استحکام کا پہلا دور شروع ہوا ہے۔ جو عزت اور ناموری حاصل کرنا چاہتے ہیں وہ استحکام
اور ترقی کے میدان میں میرے مشورے کے مطابق خصوصی امتیاز حاصل کریں توسیع
کا دور اس وقت شروع ہوگا جب ہم اپنی موجودہ حالت کو مستحکم کرلیں اور سرمایہ بھی وافر
ہو۔ اب بھی جہاں جہاں اور جب کبھی گنجائش نکلے کسی قدر توسیع ہو سکتی ہے۔ لیکن توسیع
اور استحکام کے وقت جو اصلاح کی راہیں میں نے بیان کی ہیں وہ ہمیشہ ملحوظ خاطر رہیں
یہ بھی یاد رہے کہ مدارس میں ادنیٰ تعلیم کا معیار نہ صرف برقرار رہے؛ بلکہ جہاں تک
ہو سکے اُسے بلند کیا جائے۔ مجھے یقین ہے کہ طلبہ کی جسمانی اور دماغی تربیت کے لئے
مختلف سرگرمیوں اور مشاغل کی جو تنظیم ہوگی وہ بمصداق "العقل السلیم فی الجسم السلیم"
ہوگی اس طرح ہم نہ صرف طلبہ کی قابلیت کار کو بڑھا سکیں گے بلکہ ان کی فہم وادراک
میں بھی اضافہ ہوگا۔ جو طلبہ یونیورسٹی کی تعلیم کے لئے جائیں وہ ہر حیثیت سے طفولیت
کا بہترین نمونہ ہوں تاکہ ہماری جامعہ کے طیلسانی دنیا کے ہر شعبہ زندگی میں اپنا جواب
نہ رکھیں۔

جامعہ عثمانیہ اور اُس کا ذریعہ تعلیم جامعہ عثمانیہ کے قیام سے ہمارا کام بہت ہی آسان ہوگیا ہے
ہندوستان کی موجودہ جامعات میں ہماری جامعہ سب سے

زیادہ ترقی یافتہ ہے۔ یہ ثابت کرنے کے لئے کسی استدلال کی ضرورت نہیں کہ جامعہ عثمانیہ میں بہ نسبت کسی اور ہندوستانی جامعہ کے کم مصارف اور محنت میں بہتر ذہنی تربیت حاصل ہو رہی ہے۔ ایسا کیوں نہ ہوتا جب کہ ذریعہ تعلیم ہندوستان کی عالمگیر زبان یعنی اُردو ہے۔ وہ ہندوستان ہی کی عام زبان نہیں ہے بلکہ وہ بنی نوع انسان کی خدمت ساحل ہندوستان سے آگے بھی انجام دیتی ہے۔ تقریری اُردو جو بالکل ہندی ہی ہے نہ صرف مشرقی ممالک میں کام آتی ہے بلکہ دنیا کے اور حصص میں بھی کارآمد ہے جو برطانوی تعلقات کے باعث ہندوستان کی دسترس میں ہیں۔ یہ کوئی حیرت میں ڈالنے والی بات نہیں ہے اس لئے کہ اُردو نے یہ فوائد قدرتی طریقہ پر حاصل کئے ہیں۔ یہ زبان ہندو مسلم اتحاد سے پیدا ہوئی اور دونوں کے سایۂ عاطفت میں پلی۔ جب انگریز آئے تو اُس کی ترقی جاری رہی کیونکہ اُردو ہندوستان کے اکثر حصص میں تبادلۂ خیالات کا بہت آسان اور قدرتی ذریعہ تھی۔

برطانیوں کی آمد سے اُردو کی افادیت بہت بڑھ گئی کیونکہ ہندی برطانوی مشترکہ سہامت کے باعث اُردو، انگریزی کے دوش بدوش رہی اور ہندوستان کے ساحل کے باہر نکل گئی۔ نتیجہ یہ ہے کہ کرۂ ارض کے صدہا مقامات پر اُردو بولی اور سنی جاتی ہے۔ اُردو کی بڑی خدمات جو اُس نے بنی آدم کے لئے انجام دی ہیں وہ نتیجہ ہیں تین بڑی نسلوں یعنے ہندو، مسلمان اور انگریز کے اتحاد کا۔ حقیقت یہ ہے کہ اس حیرت انگریز زبان کا یہ عطیہ خداوندی ہے۔ اُردو کی ابتداء دکن اور ہندوستان کے دوسرے حصوں میں رواداری اور اخوت کی فضا میں ہوئی۔ اس کی جاذبیت اور ہمہ گیری بھی اُسی کے ساتھ پیدا ہوئی۔ اس کی یہ قوتیں قائم ہی نہیں رہیں بلکہ قریبی تعلقات کی فضا میں، جس میں وہ پلکر بڑی ہوئی، اور بھی بڑھ گئیں۔ اُردو کے استحکام اور کامیابی کا ایک راز ہے۔ یہ قدرتی عطیہ اُردو کی پیدائش اور نشوونما کے عجیب و غریب حالات میں اُس کو ملا۔ لہٰذا اُردو کا مستقبل شاندار ہے۔ ایسی زبان جب ذریعہ تعلیم ہے تو جامعہ عثمانیہ کا مستقبل بھی عظیم الشان ہے بشرطیکہ آپ اپنے طلبہ کو یونیورسٹی میں بھیجنے سے قبل ہر حیثیت سے

پوری پوری تربیت دے لیں۔

انگریزی کی اہمیت | اردو کو ذریعۂ تعلیم قرار دیتے ہوئے آپ لوگ انگریزی کی اہمیت کو نہ بھلا ڈالیں جس کے ہم مرہون منّت ہیں۔ اسی زبان نے ہم پر علوم جدیدہ کے دروازے کھول رکھے ہیں اور بعض اغراض کے لئے تو یہ ساری مہذب دنیا کی زبان ہے۔ چونکہ جامعہ عثمانیہ کا ذریعۂ تعلیم اُردو ہے اس لئے اور بھی ضروری ہوا کہ انگریزی کی جانب زیادہ توجہ کی جائے تاکہ اس اہم زبان کے ادبی معلومات کا معیار اسی طرح قائم رہے مجھے جامعہ عثمانیہ کی طرف سے اور دوسرے ذرائع سے شکایتیں وصول ہوئی ہیں کہ جو لڑکے ہمارے مدارس سے کامیاب ہو کر نکلتے ہیں وہ انگریزی میں مقررہ معیار تک نہیں پہنچتے ہیں لہذا ہمارے استحکام کے نظام العمل میں شدّ و مد کے ساتھ کام لیا جائے۔

حضرت اقدس و اعلیٰ کا شکریہ | اساتذہ صاحبان حیدرآباد! مجھے آپ کو یاد دلانا چاہیئے کہ بیس سال قبل حیدرآباد میں علمی گرم بازاری کا دسواں حصّہ بھی نہ تھا جتنا کہ اب ہم دیکھ رہے ہیں۔ یہ ترقی آخر کیسے ہوئی؟ یہ حضور اقدس و اعلیٰ کی معارف پروری اور فیاضانہ دلچسپی کا نتیجہ ہے جو حضرت اقدس کو اپنی رعایا سے ہے۔ حضور والا کی فیاضی اور دُور اندیشی نے وہ حیرت انگیز معجزہ چند سال میں کر دکھایا جو نصف صدی میں بھی نہ ہوتا۔ ہم سب ذات والا صفات کے سپاس گزار ہیں کہ ایسی عظیم الشان درس گاہوں سے اس قلیل مدت میں مستفید ہونے کا موقع عطا فرمایا۔

مترجمہ

عبدالنّور صدیقی

کمیٹی تعلیم پیشہ ورانہ

اس کمیٹی کا انتخاب انجمن اساتذہ حیدرآباد کی مرکزی انتظامی کمیٹی کی طرف سے اس غرض سے عمل میں آیا تھا کہ وہ مدارس سرکاری میں پیشہ ورانہ تعلیم کے رائج کرنے اور فروغ دینے کے لئے کوئی صورت نکالے اور مناسب تجاویز پیش کرے۔

عنوانات زیر بحث کمیٹی کے مندرجہ ذیل عنوانات زیر بحث تھے :-

(۱) پیشہ ورانہ تعلیم کی ضرورت۔ (۲) مدارس کے نصاب میں پیشہ ورانہ تعلیم کی حیثیت
(۳) پیشہ ورانہ تعلیم کے اقسام۔ (۴) معلمین کی ٹریننگ کا انتظام۔
(۵) عوام کو پیشہ ورانہ تعلیم کی ترغیب دینا۔

ارکان کمیٹی مندرجہ ذیل اصحاب پر مشتمل تھی :-

(۱) عالیجناب مولوی سید محمد حسین صاحب بی اے (کینٹب) نائب ناظم تعلیمات سرکار عالی (میر مجلس)
(۲) جناب ؍؍ محمد سلطان صاحب (معتمد)
(۳) ؍؍ ؍؍ باقر محی الدین صاحب
(۴) مسٹر کے پی شاستری (۵) مسٹر جی۔ بی۔ گارڈن۔
(۶) مولوی سید صدرالدین صاحب (۷) مولوی غلام دستگیر صاحب
(۸) ؍؍ شرف الدین ؍؍ (۹) مسٹر سدہ بواکر۔
(۱۰) ؍؍ سید شتاق احمد صاحب (۱۱) ؍؍ بالرڈی۔
(۱۲) ؍؍ سید تجمل حسین صاحب۔ (۱۳) مسٹر یورنڈ ایس۔ ڈینیل۔
(۱۴) مسٹر حامد علی (۱۵) مولوی محمد ناصر حسین صاحب۔
(۱۶) اے سیواشنکرم۔ آئر صاحب

تواریخ انعقاد اجلاس کمیٹی کمیٹی کے تین اجلاس ہوئے۔ پہلا ۲۶ اپریل ۲۹ء کو دوسرا ۲۵ جون ۲۹ء کو اور تیسرا ۲۷ جولائی ۲۹ء کو منعقد ہوا۔ تینوں مرتبہ اکثر اراکین نے

شرکت کی۔

کمیٹی کا دستور العمل کمیٹی کے پہلے اجلاس میں یہ طے پایا کہ ایک سب کمیٹی مقرر کی جائے اور جملہ اراکین سے درخواست کی جائے کہ وہ اپنی انفرادی تجاویز تحریر فرما کر سب کمیٹی کے سامنے پیش کریں۔ اور سب کمیٹی سے درخواست کی گئی کہ ان گوناگوں تجاویز پر اچھی طرح غور وفکر کرنے کے بعد اپنی آخری روئیداد جنرل کمیٹی کے روبرو پیش کرے۔ ان جملہ امور کے طے پانے کے بعد سب کمیٹی کی رپورٹ کے ہر ایک عنوان پر آخری دو جلسوں میں خوب مباحثہ ہوا اور رپورٹ میں کہیں کہیں کچھ ردوبدل اور اضافہ ہوا۔ اب یہ رپورٹ مکمل صورت میں آپ کی خدمت میں پیش کی جاتی ہے۔

پیشہ ورانہ تعلیم کی تعریف یہ کہا جاتا ہے کہ ہر قسم کی تعلیم پیشہ ورانہ ہے۔ پروفیسر آڈمس اپنی کتاب (نظریۂ تعلیم کا ارتقاء) (Evolution of Educational Theories) میں لکھتا ہے کہ بہت سے لوگ ہیں جن کے لئے پیشہ ورانہ تعلیم کا نام لینا ہی کفر ہے۔ لیکن اگر ہم معاملہ کی تہ کو پہونچیں تو پھر اس صفت میں سوائے لفظوں کی تکرار کے اور کچھ نظر نہیں آتا دراصل ہر قسم کی تعلیم پیشہ ورانہ ہے۔ کتابی تعلیم کے بڑے سے بڑے حامی کو بھی تکراری پہلو اختیار کرنا پڑے گا۔

اس کی کوششوں کا کوئی نصب العین ہوگا ..... اس کا شاگرد چونکہ نہ تو خدا ہی ہے نہ وحشی جانور اس وجہ سے اس کا تنہا رہنا ناممکن ہے۔ اس کو کسی نہ کسی طریقہ سے مدنی بنانا لازمی ہے ہم کوئی نہ کوئی پیشہ اختیار کرتے ہیں۔ ممکن ہے کہ ہر قسم کی تعلیم پیشہ ورانہ ہو۔ لیکن اصطلاح میں پیشہ ورانہ تعلیم سے ایک خاص قسم کی تعلیم مراد ہوتی ہے جو اگرچہ عام تعلیم کا ایک جزو ہوتی ہے تاہم ایک متعلم کو ایک خاص نہج پر لے جاتی ہے اور اس لئے اس کو زندگی میں کسی خاص پیشہ کے اختیار کرنے کے لئے تیار کرتی ہے۔ ہر ایک قسم کی تعلیم جو لڑکے یا لڑکی کو دنیا میں کسی قسم کے کاروبار کرنے کے قابل بنائے پیشہ ورانہ تعلیم کہی جاسکتی ہے اور اس کا عام تعلیم سے تعلق نہیں ہے جس سے بچے کی دماغی نشوونما ہوتی ہے اور نہ اس لڑکے یا لڑکی کو ان پیشوں سے تعلق ہوتا ہے جو وہ اپنی آئندہ زندگی

ہیں اختیار کرنے والے ہیں۔

پیشہ ورانہ تعلیم کی ضرورت بہت عرصہ سے پیشہ ورانہ تعلیم کی ضرورت عوام کو اور تحکیر تعلیمات کو محسوس ہو رہی ہے مدارس میں پیشہ ورانہ تعلیم کو مروج کرنے کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ ملک کے نوجوانوں کو تجارت صنعت و حرفت اور زراعتی کاروبار کی طرف رغبت دلائی جائے۔ ہماری رائے میں تعلیم یافتہ طبقہ کے دفتری اور فنی کاروبار کی طرف میلان طبع کی وجہ ایک حد تک یہ ہے کہ ادبی تعلیم پر ضرورت سے زیادہ زور دیا جا رہا ہے۔ اس لئے ہم سفارش کرتے ہیں کہ کچھ اس قسم کی عملی تدابیر اختیار کی جائیں کہ ہمارے مدارس میں ایسے مضامین جن سے طلبہ میں مختلف پیشوں کی تعلیم حاصل کرنے کی طرف رغبت ہو رائج کئے جائیں تاکہ وہ اپنی عقل اور دست و بازو کی بدولت روزی کما سکیں۔

پیشہ ورانہ تعلیم کس طرح مروج ہو سکتی ہے اس مسئلہ کا بہترین حل یہ ہے کہ تیرہ سال کی عمر تک جبری تعلیم کا قانون بنا دیا جائے۔ اس کے اختتام پر ایک عام امتحان لیا جائے۔ جس کے نتائج کے لحاظ سے طلبہ کو مختلف طبقوں میں تقسیم کیا جائے جو بہترین ہوں ان کو عام ثانوی مدارس میں بھیجا جائے اور باقی ماندہ طلبہ کو مرکزی پری وکیشنل اسکول میں اس طرح ان لڑکوں پر جو مدارس ثانویہ میں بھیجے گئے ہیں یونیورسٹی کا دروازہ کھل جائے گا اور وہ طلبہ جو پری وکیشنل اسکول میں داخل ہوئے ہیں فنی اور زراعتی اسکولوں میں بھی داخل ہو سکیں گے گو یہ تجویز اپنی نوعیت میں لاجواب ہے لیکن اس کو عملی جامہ پہنانا اسی وقت ممکن ہے جب کہ پرائمری تعلیم جبری ہو جائے اور مختلف قسم کے مدارس علیحدہ علیحدہ قائم کرنے کے لئے روپیہ موجود ہو۔

چونکہ مسئلہ نہایت اہم ہے اور ہم تا تریاق از عراق آوردہ شود مار گزیدہ مردہ شود کے مصداق اس خیالی تجویز کے عملی جامہ پہننے تک نہیں ٹھیر سکتے اس لئے بندرجہ ذیل تجاویز موجودہ حالات کے اعتبار سے پیش کرتے ہیں۔

(۱) ہم سفارش کرتے ہیں کہ ابتداً چند فائدہ مند پیشوں کی تعلیم خاص خاص شہری اور دیہاتی مدارس میں رائج کی جائے۔

(۲) اگر پیشہ ورانہ مضامین دیگر اختیاری مضامین کی فہرست میں شریک کر دئے جائیں گے تو خوف ہے کہ لڑکے ان مضامین کو نہ لیں گے اور ہمارا مقصد کبھی پورا نہ ہوگا اس لئے ہم اس امر کی پُرزور تائید کرتے ہیں کہ پیشہ ورانہ مضامین جہاں کہیں بھی رائج ہوں لازمی قرار دئے جائیں اور خاص خاص حالتوں میں طلبہ ان سے مستثنیٰ کئے جائیں مختلف مدارج کے مدارس میں مختلف قسم کے پیشوں کی تعلیم ہو۔

مدارس تحتانیہ ہماری رائے میں مدارس تحتانیہ میں یا مدارس فوقانیہ دوسطانیہ کے طبقہ تحتانیہ میں فنی یا زراعتی عملی تعلیم دینے کی کوشش نہ کرنی چاہیئے۔ اگر عام تعلیم اس طریقہ سے دی جائے کہ بچوں کو پیشوں کی طرف میلان پیدا ہو تو یہ کافی ہے۔

اس طبقہ میں اس غرض کی تکمیل کے لئے ہم ذیل کے مضامین پیش کرتے ہیں:۔

(۱) دست کاری (۲) ڈرائنگ (۳) نیچر اسٹڈی (۴) باغبانی۔

دست کاری دست کاری کی تعلیم کا مقصد نجار، لوہار، سنار، وغیرہ پیدا کرنا نہیں ہونا چاہیئے بلکہ اس کا مقصد بچے کے ہاتھوں اور آنکھوں کی ایسی تربیت کرنا ہو کہ اس کو وہ کسی ہنر یا پیشہ کے سیکھنے میں سہولت ہو۔ دست کاری کی بدولت وہ لاپروائی اور نفرت جو لوگوں کو دست کاری سے ہوگئی ہے جاتی رہے گی اور آئندہ زندگی میں ان پیشوں کے اختیار کرنے کے لئے بچوں کا رجحان معلوم ہو سکے گا۔ طبقہ تحتانیہ میں تعلیم دست کاری صرف ایسے مشاغل تک محدود رہنی چاہیئے جیسا کہ مٹی کے کھلونے، ریت کے کھیل کاغذ کاٹنا اور موڑنا۔

طبقہ تحتانیہ میں اس بات کی کامل آزادی دی جائے کہ وہ دست کاری کے وقت اپنی جدت و قوت اختراع اور تخیل کو پوری طرح استعمال کریں دست کاری کی تعلیم طبقہ فوقانیہ اور دوسطانیہ میں بھی ہو سکتی ہے۔

ڈرائنگ یہاں ان قواعد کو جو مدارس میں تعلیم ڈرائنگ سے حاصل ہوتے ہیں بیان کرنا بالکل بے ضرورت معلوم ہوتا ہے۔ پس اتنا کہنا کافی ہے کہ اس سے نہ صرف دماغی نشوونما ہوتی ہے بلکہ یہ فنی اور پیشہ ورانہ تعلیم میں بھی ممد و معاون ہے۔

نیچر اسٹڈی نیچر اسٹڈی کا اہم مقصد بچے کو اس کے ماحول سے گہری دلچسپی پیدا کراتا اور اس میں غور فکر اور عمیق مشاہدہ کی عادت ڈالتا ہے۔ یہ باتیں چند جاندار اور بے جان چیزوں کے ابتدائی مطالعہ سے حاصل ہو سکتی ہیں۔ یہاں یہ بتانا ضروری ہے کہ دست کاری ڈرائنگ اور نیچر اسٹڈی نصاب میں پہلے ہی سے شریک ہیں چونکہ یہ مضامین سائنس اور پیشہ ورانہ تعلیم میں مدد دیتے ہیں اس وجہ سے ہمیں امید ہے کہ محکمۂ تعلیمات اس امر کی ہر ممکنہ کوشش کرے گا کہ اچھے مدرسین فراہم کئے جائیں تاکہ ان مضامین کی خاطر خواہ تعلیم ہو سکے۔

دست کاری ڈرائنگ اور نیچر اسٹڈی کی تعلیم کے لئے تعداد ساعات۔ ہم سفارش کرتے ہیں کہ مدارس تحتانیہ میں اور مدارس فوقانیہ اور وسطانیہ کے تحتانیہ طبقہ میں دست کاری ڈرائنگ اور نیچر اسٹڈی کی تعلیم کے لئے حسب ذیل ساعات مقرر کئے جائیں

دست کاری	چار ساعت	فی ہفتہ
ڈرائنگ	چھ ״	״ ״
نیچر اسٹڈی	تین ״	״ ״

مدارس وسطانیہ ہم سفارش کرتے ہیں کہ تعلیم پیشہ ورانہ ایک خاص معاشی نقطۂ نظر سے مدارس وسطانیہ میں رائج کی جائے۔ اس رپورٹ کے ضمیمہ نمبر (۱) میں جو فہرست درج ہے اُن صنعتوں میں سے ایک یا ایک سے زیادہ کا انتخاب کیا جا سکتا ہے۔ حسابی کاروبار بھی حتی الامکان سکھایا جائے۔ مدارس دیہی میں زراعت اور باغبانی کو بھی رواج دیا جائے۔ شہروں میں بھی جہاں حالات مساعدت کریں پیشہ زراعت کی تعلیم ہو سکتی ہے۔

تعداد ساعات درس برائے تعلیم پیشہ ورانہ۔ طبقۂ وسطانیہ میں تعلیم پیشہ ورانہ کے لئے ہماری رائے میں کم از کم آٹھ ساعات فی ہفتہ مقرر ہونے چاہئیں۔ اس وقت کی گنجائش نکالنے کے لئے دو صورتیں ہو سکتی ہیں ایک یہ کہ دیگر مضامین کے اوقات میں کمی کی جائے دوسری یہ کہ پیشہ ورانہ تعلیم اوقات مدرسہ کے علاوہ ہو۔

مدارس فوقانیہ | مدارس فوقانیہ میں ایسے پیشہ ورانہ مضامین جن سے سائنس اور فنون کا بھی تعلق ہو مثلاً نجاری، چوکھٹے بنانا، فرس ورک، نمونے بنانا، ڈھالنا وغیرہ مقامی حالات کے مطابق سکھانے چاہئیں۔ تعلیم تجارت جو ایچ ایس۔ ایل۔ سی کے امتحان کی ایک اختیاری مضمون ہے۔ اس کو عثمانیہ یونیورسٹی کے میٹریکولیشن امتحان کا بھی اختیاری مضمون قرار دیا جائے۔ تعلیم زراعت دیہی اور شہری دونوں قسم کے مدارس میں جہاں بھی سہولت موجود ہو جاری کی جاسکتی ہے۔

اوقات تعلیم پیشہ ورانہ | چونکہ مدرسہ فوقانیہ کے متعلم کو بہت سے مضامین پڑھنے پڑتے ہیں۔ اس لئے ہماری رائے میں تین گھنٹے فی ہفتہ پیشہ ورانہ تعلیم کے لئے کافی ہونگے لیکن اساتذہ اگر چاہیں تو زائد کام اوقات مدرسہ کے بعد طلبہ سے لے سکتے ہیں۔

تعلیم زراعت | ممالک محروسہ سرکار عالی میں سب سے بڑا ذریعہ آمدنی زراعت ہے اور یہ امر مسلمہ ہے کہ یہاں کے باشندے تقریباً (۸۵) فیصدی زراعت پیشہ ہیں۔ اس لئے ہم اس امر کی پرزور سفارش کرتے ہیں کہ مدارس دیہی میں تعلیم زراعت کو فروغ دینے کی کوشش کی جائے۔

دیہی مدارس تحتانیہ | مدارس تحتانیہ اور مدارس فوقانیہ و وسطانیہ کے طبقہ تحتانیہ میں اس بات کی ہرگز کوشش نہ کی جائے کہ بچوں کو زراعت اور باغبانی کی پیشہ ورانہ تعلیم دی جائے۔ وہ مضامین جو مدارس تحتانیہ کے لئے تجویز کئے گئے ہیں دیہی مدارس تحتانیہ میں بھی بخوبی کار آمد ہو سکتے ہیں۔ لیکن یہاں باغبانی پر زیادہ زور دیا جائے۔

باغبانی | صحیح مضمون میں باغبانی نیچر اسٹڈی کا ایک جزو ہے۔ اس کی تعلیم کسب فن کی غرض سے نہ دی جائے اصل میں یہ ایک ایسی دست کاری ہے جو ہاتھ میں پھرتی اور سلیقہ پیدا کرتی ہے۔ اور دماغ کو صیقل کر کے قوت مشاہدہ کو ترقی دیتی ہے اور صبر و استقلال کی خوبیاں اور پہچاننے کی عادت ڈالتی ہے۔ یہ بچوں کو محنتی بناتی ہے۔ ان میں زمین کی محبت پیدا کرتی ہے اور زرعی کاروبار سے جو نفرت ان کے دلوں میں ہے اس کو دور کرتی ہے۔

دیہی مدارس وسطانیہ وفوقانیہ ہماری رائے میں دیہی مدارس وسطانیہ وفوقانیہ میں جہاں تک ممکن ہو زراعت اور باغبانی کی عملی تعلیم بطور پیشہ دی جائے۔ مدارس وسطانیہ اور فوقانیہ میں تعلیم زراعت تعلیمی نقطۂ نظر سے اس وجہ سے فائدہ مند ہے کہ اس میں دست کاری کے ساتھ ساتھ دماغی تعلیم بھی ہوتی ہے۔ اور یہ لڑکوں کی توجہ زراعت کی طرف لگاتی ہے۔ یہ ظاہر ہے کہ مدارس ثانویہ میں تعلیم زراعت اور باغبانی کے لئے زمین حاصل کرنے کی ضرورت ہوگی کیونکہ زمین کے بغیر اس مضمون کی تعلیم نہیں ہوسکتی۔ آراضیات حاصل کرنے کے لئے محکمۂ تعلیمات کو محکمۂ مال کی امداد اور تعاون کی ضرورت ہوگی۔

قطعات زمین ہماری رائے میں ایسی آراضیات کا جن میں آبپاشی کا اچھا انتظام ہے ہر ایک قطعۂ زمین کم از کم پانچ ایکڑ ہو۔ پنجاب میں ایک مدرسہ ثانوی کے لئے اس طرح کے قطعات کا انتظام کیا جاتا ہے۔ اگر اس قدر زمین فراہم کرنی ممکن نہ ہو تو کم از کم تین ایکڑ زمین فی مدرسہ حاصل کی جائے۔

اوقات تعلیم پیشہ ورانہ ہمیں خوف ہے کہ جتنے گھنٹے دست کاری کی تعلیم کے لئے تجویز کئے گئے ہیں اتنے ہی تعلیم زراعت اور باغبانی کے لئے کافی نہ ہوں گے۔ طلبہ کو اوقات مدرسہ کے علاوہ صبح یا شام زائد وقت صرف کرنا پڑے گا۔ ہم دست کاری زراعت یا باغبانی کا تفصیلی نصاب بنانے کے لئے تیار نہیں ہیں۔ یہ کام ہم ماہرین کی کمیٹی پر چھوڑتے ہیں۔

پیشہ ورانہ اور زرعی مدارس اور کالج۔ سرکاری مدارس میں تعلیم پیشہ ورانہ کے رائج کرنے کی وجہ سے ممالک محروسۂ سرکار عالی میں صنعتی اور زرعی اسکول اور کالج قائم کرنا ضروری ہوگا۔ تاکہ وہ طلبہ جن کا رجحان خاص طور پر اس طرف ہو مدارس وسطانیہ اور فوقانیہ میں تعلیم ختم کرنے کے بعد اپنی اعلیٰ تعلیم کو کسی صنعتی یا زرعی اسکول میں جاری رکھ سکیں۔ اس لئے ہم سفارش کرتے ہیں کہ:-

(الف) ہر ایک مستقر صوبہ میں کم از کم ایک صنعتی اور ایک زراعتی مدرسہ فوقانیہ

کھولا جائے اور اس میں ایک دار الاقامہ بھی ہو۔

(ب) بلدہ میں ایک صنعتی اور ایک زرعی کالج قائم کیا جائے۔

تعلیم مدرسین ہمارے مدارس میں پیشہ ورانہ تعلیم کے اسکیم کے ساتھ ہی ٹرینڈ مدرسین کی دستیابی کا مسئلہ ایک بڑی مشکل پیدا کردے گا۔ فی الحال ہمارے یہاں ایسے مدرسین کمیاب ہیں جو پیشہ ورانہ تعلیم کے مختلف مضامین اور شعبوں کی تعلیم۔ اگر فوراً ہی ایسی تعلیم نصاب موجودہ میں داخل کردی جائے تو دے سکیں۔ جاہل اور ان پڑھ کاریگروں سے (جو فی زمانہ نہایت آسانی سے مقرر کئے جاسکتے ہیں) ہماری درسگاہوں میں کام لینا مستقبل کی خرابیوں کا پیش خیمہ ہوگا اور اس وقت ہمیں اپنی غلطیوں کا خمیازہ بھگتنا پڑے گا۔

حقیقت میں ایسے مدرسین منتخب و مقرر کئے جائیں جنہوں نے کسی مسلّمہ درسگاہ میں تعلیم پائی ہو اور جنہیں اپنے ملک کی خدمت کرنے کا دلی شوق و ذوق ہو۔ مگر فی الحال ایسے مدرسین عنقا ہیں۔ اگر سرکار بنظر التفات ہمارے مذکورۂ ذیل تجاویز کو قبول فرمائے تو ہمیں اُمید ہے کہ بہت قلیل مدت میں ایسے تعلیم یافتہ مدرسین کی کافی تعداد بہم دست ہوجائے گی۔

تجاویز (۱) نارمل کالج بلدہ و دیگر نارمل اسکولس ممالک محروسہ میں مدرسین کے لئے کسی نہ کسی کارآمد صنعت و پیشہ کی تعلیم کا انتظام فرمایا جائے۔

(۲) کچھ مدرسین کا انتخاب فرماکر انھیں کسی زرعی یا فنی درسگاہ ہندوستان میں وظیفہ عطا فرماکر بغرض ٹریننگ بھیجا جائے۔

(۳) مدرسین کی مالی حالت میں اضافہ فرمایا جائے۔ تاکہ انہیں اپنے فرائض کے انجام دینے میں اطمینان قلب نصیب ہوسکے۔

پیشہ ورانہ تعلیم یافتہ نوجوانوں کا مستقبل۔ یہاں ہم ایسے تعلیم یافتہ نوجوانوں کی اُمیدوں اور اشغال کے متعلق اظہار خیال کرنا اپنا فرض تصور کرتے ہیں جو ان درسگاہوں سے بعد تکمیل نصاب پیشہ ورانہ کامیاب ہوکر نکلیں گے۔ ہمارے خیال میں اگر سرکار ان لوگوں کے لئے مختلف محکمہ جات مثلاً مال۔ زراعت۔ جنگلات۔ آرائش۔ برق۔ انجمن ہائے اتحادی اور صنعت و حرفت میں موزوں جائدادوں کا انتظام فرمائے تو نہایت مناسب ہوگا ایسے

لوگ جو بعد فراغت امتحان اگر پیشہ زراعت کو جاری رکھنا چاہتے ہوں تو انہیں پڑاؤ بنجر زمینات پٹہ وغیرہ پر دئے جائیں اور انجمن ہائے اتحادی سے انہیں قرضہ مقررہ شرح سود سے کم پر عطا فرمایا جائے تاکہ ہل، بیج، مویشی وغیرہ کے خریدنے میں انہیں کافی سہولت میسر آسکے۔ ملک کے صاحب ثروت سرمایہ مشترکہ کے اصول پر فیکٹری اور کارخانے کھولیں اور ایسی تعلیم پائے ہوئے نوجوانوں کو اپنے یہاں متعین کریں۔

متفرق تجاویز:

تعلیم سائنس مدارس میں پیشہ ورانہ تعلیم کے قیام کی سفارش کرنے اور اپنے خیالات کے اظہار کرنے سے ہمیں محض نااہل اور ان پڑھ دست کاروں کی تعداد ملک میں بڑھا دینا متصور نہیں ہے۔ بلکہ ہم ایسے دستکار پیش کرنے کی توقع کرتے ہیں جو قواعد سائنس اور زمانہ موجودہ کے عملی اور تجرباتی اصولوں کے موافق اپنے پیشوں میں جدت دکھائے اور ان کو ترقی کے اعلیٰ زینہ پر پہونچانے کی صلاحیت رکھتے ہوں لہذا ضرورت اس امر کی ہے کہ سائنس کو ہمارے مدارس کے نصاب میں شریک کرکے اس کو خاص اہمیت دی جائے اور اس کو فرسٹ فارم ہی سے لازمی مضمون قرار دیا جائے تعلیم بالکل عملی اور خوش گوار ہو۔ فوقانی جماعتوں میں اس کی تعلیم پر خاص توجہ فرمائی جائے اور امتحانات اسکول فائنل اور غثمانیہ میٹرک میں بطور ایک لازمی مضمون کے اس کو داخل فرمادیا جائے۔

صنعت و حرفت کوئی ملک اس وقت تک ہرگز حقیقی ترقی نہیں کرسکتا جب تک اس ملک کی دست کاری میں فروغ نہ ہو۔ ہمارے ملک کی وہ دست کاریاں جواب ماندہ پڑتے پڑتے قریب قریب مُردہ ہو رہی ہیں محض محکمۂ تعلیمات کی جد و جہد سے اس وقت تک فروغ نہیں پاسکتیں جب تک محکمۂ صنعت و حرفت ہمارے مدارس کے لئے کارآمد پیشوں اور حرفتوں کی ایک منضبط فہرست تیار کرکے ہمارا ہاتھ نہ بٹائے اور پیشہ ورانہ تعلیم کو مدارس میں رائج کرنے سے جو ہمارا مدعا ہے یعنی نوجوانوں کو دفتری ملازمتوں سے باز رکھنا وہ بھی پورا نہیں ہوسکے گا۔

نسوانی پیشہ وری تعلیم | مدارس تحتانیہ کی لڑکیوں کو قریب قریب ویسی ہی تعلیم دی جاسکتی ہے جیسی کہ لڑکوں کے لئے تجویز کی گئی ہے۔ مدارس وسطانیہ وفوقانیہ میں ان مضامین کی بھی تعلیم دی جائے جن کی بدولت لڑکیوں کو آئندہ زندگی میں سلیقہ شعاری اور کارآمد مائیں بننے کا موقع مل سکے۔

لڑکیوں کیلئے مذکورۂ ذیل اشغال ومضامین بطور مثال کے پیش کئے جاتے ہیں۔ | (۱) سوزن کاری (۲) پکوان (۳) اُمور خانہ داری (۴) چرخہ کاتنا (۵) کپڑے بُننا (۶) کشیدہ وکارچوب نکالنا (۷) کپڑوں کی دُھلائی درنگریزی وغیرہ۔

عوام الناس کو پیشہ ورانہ تعلیم میں دلچسپی لینے کے قابل کیونکر بنایا جائے | ہمیں توقع ہے کہ پیشہ ورانہ تعلیم کے مدارس میں جاری کردینے سے عوام الناس کو ضرور مسرت ہوگی اور وہ یقیناً ایسی تعلیم کو قدر کی نگاہ سے دیکھیں گے۔ لیکن فوری کامیابی اس وقت تک حاصل نہیں ہوسکتی جب تک مدرسین اور والدین میں اتحادِ عمل نہ ہو لہٰذا مذکورۂ بالا تجاویز کی تکمیل کے لئے ہم ذیل میں چند طریقے پیش کرتے ہیں:-

(۱) مدارس میں والدین کو مجتمع کیا جائے اور پیشہ ورانہ تعلیم کے فوائد سے انہیں آگاہ کیا جائے۔

(۲) سالانہ تقسیم انعامات کے موقع پر نمائش کا بھی انتظام کیا جائے اور بچوں کی دست کاری کے نمونے مشاہدہ کے لئے رکھے جائیں۔

(۳) اخبارات اور رسالوں میں پیشہ ورانہ تعلیم کے متعلق مضامین دئے جائیں اور بلدہ و اضلاع میں کتب خانے کھول کر ان اخبارات اور رسالوں کی فراہمی کا انتظام کیا جائے۔

(۴) طلسمی فانوس کے ذریعہ پیشہ ورانہ لکچروں کی وضاحت کی جائے۔

(۵) جہاں جہاں ممکنہ صورت نظر آئے صنعتی عجائب خانے کھولے جائیں ان عجائب خانوں میں غیر ممالک خصوصاً مشرقی صنعت کے بھی نمونے رکھے جائیں۔ ہمیں

توقع ہے کہ ایسے عجائب خانے نہایت مفید و کارآمد ہوں گے۔ لہذا حتی الامکان نہیں خوب سجایا جائے۔ یہ عجائب خانے تجارتی نقطہ نظر سے بھی مفید ثابت ہوں گے کیوں کہ ان کے ذریعہ سے ان تمام لوگوں کے لئے جو بغرض تجارت وارد حیدرآباد ہوں گے نہایت مفید معلومات بہم پہونچیں گے۔

ضمیمہ

فہرست مضامین

بانس کے ذریعہ ٹوکریاں وغیرہ بننا۔
لوہاری
نجاری
خشت سازی
خیاطی
بوریا بافی
مٹی وغیرہ کے برتن بنانا
رسّی بٹنا
ناریل کے ریشے سے اشیا بنانا
جلد سازی
کھلونے بنانا
ٹین گری
تار سے پنجرے چھینکے وغیرہ بنانا
کپڑے بننا
بیدی کام
سُناری
لمباغت
فرٹ کا کام
شارٹ ہینڈ
ٹائپ رائٹنگ
بہی کھاتا (بک کیپنگ)
بیدکا کام

لڑکیوں کے لئے

سوزن کاری
کارچوب کشیدہ وغیرہ
پکوان
امور خانہ داری
علم الصحت
چرخہ کاتنا
کپڑے بننا۔

مترجمہ:- تجمل حسین صاحب بی۔ اے۔ علیگ
صدر مدرس مدرسہ سلطانیہ شاہ گنج

رپورٹ کمیٹی تعلیم ریاضی

نصاب اور درسی کتب | سررشتہ نے جو نصاب مقرر کیا ہے اس کے لحاظ سے جماعت اوّل کے لڑکوں کو ایک لاکھ تک اعداد نویسی سکھائی جانی چاہیئے لیکن اتنے بڑے عدد کا تصور کم سن طلبہ کے ذہن نشین ہونا کوئی آسان بات نہیں ہے۔ اس لئے ان کے نصاب میں ایک ہزار تک کی گنتی رکھی جائے تو مناسب ہے۔

جماعت صغیر میں جمع کا قاعدہ سکھاتے وقت حاصل لانے کا طریقہ ترک کرنا چاہیئے اس جماعت میں جمع کا قاعدہ ٹھوس اشیاء کی مدد سے بتایا جائے البتہ پہلی جماعت میں حاصل کے اصول کی ابتدا کی جاسکتی ہے۔ دوم جماعت کے طلبہ کو پہاڑے (ضربی پیمانہ) سکھاتے وقت اساتذہ صاحبان کو چاہیئے کہ وہ اس اصول کو مدنظر رکھیں کہ ضرب دراصل کسی چیز کو بار بار جمع کرنا ہے جہاں تک ممکن ہو ان کی کوشش یہ ہونی چاہیئے کہ طلبہ یہ پیمانے خود تیار کریں معلوم سے نامعلوم کی طرف رہبری کرنے کا اصول کام میں لانا چاہیئے۔ پہاڑوں کے یاد کرانے کی حسب ذیل ترتیب زیادہ معقول و مفید ہوگی۔

۲، ۱۰، ۵، ۴، ۸، ۳، ۶، ۹، ۷۔

چونکہ درجہ چہارم کے مقررہ نصاب کی تکمیل ایک سال میں محال ہے اس لئے اس میں تخفیف ضروری ہے سود و مفرد کا قاعدہ اس جماعت کے نصاب سے خارج ہونا چاہیئے، مستطیل و مربع کے رقبوں پر صرف عملی سوالات کرائے جائیں اور وہ بھی عملی طریقے پر (جہاں تک ممکن ہو) اور اسی موضوع پر مشکل اور پیچیدہ سوالات سے اجتناب کیا جائے۔

تلنگی جاننے والے طلبہ کے مفاد کے لئے یہ بہتر ہوگا کہ سررشتہ کی طرف سے موزون تلنگی حسابی سلسلے تیار کروائے جائیں جن میں مقامی سکوں اور اوزان کا استعمال درج ہو۔

اکثر مدارس میں الجبرا کی ابتدا سکنڈ فارم ہی سے ہوتی ہے اس لئے اس مضمون کو اس جماعت کے نصاب میں شریک کیا جائے۔

علم ہندسہ کی ابتدا کے وقت مدرسین کو چاہیئے کہ وہ بچوں کو ابتدائی تعریفات جو اکثر ہر کتاب کے ابتدائی صفحات پر ہوتی ہیں یاد کرنے پر مجبور نہ کریں۔ کافی عملی کام کی مدد سے ریاضی کے اصول ٹھیک اور صحیح طور پر ذہن نشین ہو جانے کے بعد تعریفات کا استعمال بجا ہوگا۔

مختلف جماعتوں کے مدرسین کے کام میں باہمی تعلق۔ مناسب ہے کہ ہر اُستاد اسی کام کی مقدار کا جو وہ کسی جماعت میں ایک سال کے اندر ختم کرنے والا ہے صحیح صحیح اندازہ رکھتا ہو (ابتدائی جماعتوں میں خصوصاً) جو اصول کہ کسی ایک جماعت میں کسی خاص قاعدہ سے بتایا گیا ہے ضروری ہے کہ وہی قاعدہ اوپر کی جماعتوں میں بھی استعمال کیا جائے ورنہ اندیشہ ہے کہ طلبہ کے دماغوں میں اس خاص اصول کے متعلق انتشار پیدا ہو جائے گا، ایک اصول کی تفہیم کے مختلف طریقے اختیار کرنے سے اکثر نقصان ہوتا ہے، اس مقصد کے پورا کرنے کے لئے صدر مدرس کو چاہیئے کہ اپنے مدرسہ کے مدرسین ریاضی کی ایک کمیٹی کا انعقاد کر کے اس میں مختلف جماعتوں کے نصاب پر گفتگو کر لی جائے اور ہر مدرس کے ذمہ مناسب کام تفویض کیا جائے اور اس کمیٹی میں یہ بھی تصفیہ کر لیا جائے کہ کون کون سے قاعدے خاص خاص جماعتوں میں کن طریقوں سے سکھائے جائیں گے۔ صدر مدرس صاحب کو چاہیئے کہ اسی کمیٹی میں جن اُمور کے متعلق جو کچھ بھی تصفیہ ہوا ہے اس کی پوری پوری پابندی کرانے پر مدرسین کو مجبور کرے۔

ریاضی کے مختلف شعبوں میں باہمی تعلق مناسب ہوگا اگر الجبرا، حساب، جیومیٹری، ہر جماعت میں تا حد امکان ایک ہی اُستاد کے تفویض کئے جائیں۔

الجبرا کے کام کی ابتدا حساب کی تعلیم سے ہونی چاہیئے اور استاد کو اچھی طرح سمجھ لینا چاہیئے کہ الجبرا حساب کی تعمیم یافتہ صورت ہے۔

الجبرا کی ابتدا مانوس علامتوں سے کی جاتی ہے جن سے طلبہ غیر مانوس ہوتے ہیں اس لئے اکثر گھبراتے ہیں اور پھر اُن کو ان علامتوں کی (مجہول مقداروں) انتہیں بذریعۂ تفویض سکھائی جاتی ہیں یہ طریقہ قابل احتراز ہے (بعض مدرسین نے اصول مساوات کو آسان اور عملی حسابی سوالات کے ذریعہ سمجھانے کی کوشش کی اور اس طریقہ کو زیادہ مفید پایا ہے)۔

سکنڈ فارم میں عملی ہندسہ کی تعلیم میں تسہیل کی غرض سے جیومیٹریکل ڈرائینگ کا آغاز فرسٹ فارم کی ڈرائینگ جماعتوں میں ہونا چاہیئے۔ اس طرح جیومیٹری کی تعلیم کو تعریفات کے ذریعہ سکھانے کا جو مضر طریقہ رائج ہے اس کو چھوڑ دینے میں مدرسین کو مدد ملے گی۔

تعلیم کے طریقے | بہتر ہوگا کہ مدرسین ریاضی اُمور ذیل کو مدنظر رکھیں:۔

(۱) طلبہ کو انگلیوں یا نقطوں وغیرہ کی مدد سے گننے کی عادت سے باز رکھا جائے۔

(۲) جماعت صغیر و فرسٹ اسٹینڈرڈ میں پہاڑے سکھانے سے پیشتر مثل پہاڑوں کے جمع و تفریق کی زبانی مشق خوب کرائی جائے۔

(۳) یہ غیر ضروری ہے کہ مشترک ذو اضعاف اقل مشترک عاد اعظم بڑی بڑی کسور عام اور تحویلات وغیرہ پر زیادہ زور دیا جائے۔ کیونکہ یہ چیزیں عملی نقطۂ نظر سے وقیع نہیں ہیں۔

(۴) کسور اعشاریہ کو عملی حیثیت سے سکھایا جائے اور چونکہ وہ کسور عام سے آسان ہوتی ہیں اس لئے اُن کا استعمال زیادہ ہونا چاہیئے۔

(۵) ریاضی کی تعلیم میں مادّی امثال کو ذہنی امثال پر مقدم رکھنا چاہیئے۔ نظریہ کبھی پہلے نہ بتلایا جائے۔ اس کی جگہ عملی کام کے بعد ہے۔

(۶) سوالات ایسے ہوں جو طلبہ کی عملی زندگی اور تجربے سے تعلق رکھتے ہو۔

(۷) صحت اور عجلت کو نصب العین بنائیں اور پیچیدہ سوالات کو حل کرنے کی قابلیت ایک ضمنی چیز قرار دی جائے۔

(۸) مضامین اس تسلسل سے نہ پڑھائیں جائیں جس سلسلہ سے نصاب میں درج ہیں اس کی ترتیب ضروری ردّوبدل کے بعد اپنے طریقہ کار کے مطابق کر لی جائے۔

زبانی حساب:۔ زبانی سوالات کی مشق کو چھوڑ کر صرف تحریری سوالات پر زور

دینا ریاضی میں مفید نہیں ہے۔

زبانی مشق ایسے سادہ سوالات پر مشتمل ہو جن کی کثیر تعداد تھوڑے سے وقت میں کی جا سکے۔ زبانی مشق ذیل کے طور پر کی جائے۔ مدرس زبانی مشق سے صرف چوتھی جماعت تک ہی کام نہ لے بلکہ اوس کے اوپر کی جماعتوں میں بھی جاری رہے۔ زبانی مشق صرف اسی خاص ساعت تک جو اس کے لئے ٹیم ٹیبل میں وقف ہو محدود نہ کی جائے بلکہ تحریری مشق کے ساتھ ساتھ جہاں ضرورت ہو اکثر و بیشتر ہوتی رہے۔

ریاضی کا تعلق عملی زندگی کے ساتھ اہم اپنے مدرسین سے لانگ مین گرین اینڈ کمپنی کی مطبوعہ "پریکٹیکل سیریز" (Practical Series, Longman) کی سفارش کرتے ہیں جن کو ذرا سی ترمیم کے ساتھ بطور کتاب درسی کے استعمال کیا جا سکتا ہے مناسب ہوگا اگر سررشتہ ان کتب کو مقامی حالات کی مناسبت سے ترمیم کر کے شائع کرے۔

مقوے، چھڑیاں، فیتے، گز، گھڑیال، باٹ، سکے، پیمانے وغیرہ عملی تعلیم کے لئے نہایت ضروری ہیں اس لئے ہر مدرسہ میں ان اشیاء کا موجود رہنا مفید ہوگا۔

ہم سررشتہ سے سفارش کرتے ہیں کہ سرکاری امتحانات کے سوالات بھی روزانہ زندگی کے معاملات پر مبنی ہوں تاکہ ایسا مدرس بھی جس کا مقصد صرف طلباء کو امتحان میں کامیاب کروانا ہے اپنی تعلیم کو عملی بنانے پر مجبور ہو۔

مترجمہ

عبداللطیف بی ایس سی

مددگار مدرس فوقانیہ دارالعلوم

رپورٹ کمیٹی تعلیم اردو

پروگرام کمیٹی کے اجلاس منعقدہ ۵ اپریل ۱۹۲۹ء میں یہ تصفیہ ہوا کہ انجمن اساتذہ بلدہ کے سالانہ کانفرنس کو زیادہ مفید بنانے کی غرض سے آئندہ سالانہ کانفرنس میں زیادہ عملی کام کئے جائیں۔ بنابراں یہ تحریک منظور ہوئی کہ مختلف مضامین کی تعلیم پر غور وخوض کرنے کے لئے کمیٹیاں مقرر کی جائیں منجملہ پانچ کمیٹیوں کے ایک کمیٹی تعلیم اردو پر مقرر ہوئی۔
اس کمیٹی کے لئے حسب ذیل حضرات ارکان منتخب ہوئے۔

(۱) ابوظفر عبدالواحد صاحب صدر نشین۔ لکچرار سٹی کالج۔
(۲) محمد حسام الدین صاحب فاضل۔ مولوی فاضل فوقانیہ عثمانیہ دارالعلوم بلدہ۔
(۳) ثناء اللہ شریف صاحب ایم۔ اے فوقانیہ انگریزی چادرگھاٹ بلدہ۔
(۴) عبدالحق صاحب مولوی عالم وسطانیہ شاہ علی بنڈہ۔
(۵) عبدالغنی صاحب وسطانیہ قلعہ گولکنڈہ۔
(۶) امیر حسن صاحب فوقانیہ عثمانیہ نامپلی۔
(۷) ظفر احمد صاحب وسطانیہ عثمانیہ دارالشفاء۔
(۸) بہادر حسین صاحب وسطانیہ عثمانیہ مچھل گوڑہ۔
(۹) محمد حسین صاحب آزاد وسطانیہ عثمانیہ شاہ گنج۔
(۱۰) مظفر الدین صاحب وسطانیہ عثمانیہ گوشہ محل۔
(۱۱) سید محمد ناظر صاحب اسلامیہ ہائی اسکول سکندرآباد۔
(۱۲) شیوشنکر آئیر صاحب اے۔ دی ہائی اسکول بلارم بازار۔
(۱۳) امجد الدین صاحب بی۔ اے۔ بی۔ ٹی۔ ایل ایل بی۔ ریذیڈنسی بازار حیدرآباد۔
(۱۴) سید فخر الحسن ملا۔ بی۔ اے۔ بی ٹی (معتمد)۔

بعد میں مندرجہ ذیل حضرات نامزد کئے گئے۔

(۱۵) عبدالسلام صاحب۔ ناظر مدارس بیدر شریف۔ (۱۶) احمد عبداللہ صاحب صدیقی۔ لکچرار نظام کالج۔

مسائل زیر غور اس کمیٹی کے زیر غور حسب ذیل مسائل تھے۔

(۱) نصاب اُردو بحوالہ کتب درسی۔ (۲) قابلیت اساتذہ۔ (۳) معلمین اُردو و اسناد علوم مشرقیہ کی ٹریننگ کا انتظام (۴) طریقہ تعلیم (۵) عبارت خوانی (۶) مضمون تحریری و تقریری (۷) قواعد۔

تعلیم اُردو کی اہمیت قبل اس کے کہ مقررہ مسائل پر بحث ہو یہ ضروری معلوم ہوتا ہے کہ اُردو پڑھانے کی ضرورت اور نصاب تعلیم میں اس کی اہمیت کے متعلق رائے ظاہر کی جائے۔ اُردو زبان کم از کم بلدہ میں چند مدارس کو چھوڑ کر باقی تمام مدارس میں بحیثیت زبان مادری کے پڑھائی جاتی ہے۔ زندگی کے ہر شعبہ میں خیالات و مذہبات کو صاف صاف اور مناسب الفاظ میں ظاہر کرنے کی اور دوسروں کے خیالات و جذبات کو سمجھنے کی ضرورت ہمیشہ پڑتی رہتی ہے۔ مدارس میں بھی جب سے جامعہ عثمانیہ کا قیام وجود میں آیا ہے اُردو ذریعہ تعلیم ہوگئی ہے۔ اور تاریخ کے واقعات، جغرافیہ کے معلومات، ریاضی کے مسائل، اقلیدس کی شکلیں الغرض کہ ہر مضمون کو سمجھنے کے لئے اُردو کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس لئے بچوں کو اس قابل بنانا کہ وہ اُردو میں بآسانی اظہار مافی الضمیر کر سکیں اور دوسروں کے اظہار مافی الضمیر کو سمجھ سکیں۔ نصاب تعلیم کی نہایت اہم ذمہ داری ہے۔

علاوہ ازیں مدرسہ میں بچوں کا بہت قلیل وقت صرف ہوتا ہے اور بچہ مدرسہ کے باہر والے متعدد طاقتور اثرات سے متاثر ہوتا رہتا ہے۔ بلکہ مدرسہ آنے کے پہلے ہی سے، مکان اور محلہ کا اثر اس کی طرز گفتگو میں سرایت کر جاتا ہے نیز ایام طالب علمی میں بھی وہ مدرسہ کے باہر زیادہ بات چیت کرتا ہے اور اس کی لغات، تلفظ، لب و لہجہ پر ماحول کا اچھا یا بُرا اثر پڑتا رہتا ہے۔ ان زبردست قوتوں کا مقابلہ ضروری ہے اور اس کے لئے تعلیم اُردو ناگزیر ہے۔

اگر اونی جماعتوں میں اُردو پڑھانے کا مقصد صرف یہی ہے کہ بچے اُردو میں صحیح بولیں اور صحیح لکھیں اور سمجھیں تو اعلیٰ جماعتوں میں جہاں غیر زبانوں کی تعلیم دی جاتی ہے اُردو دانی کی

ضرورت اور بھی بڑھ جاتی ہے کیونکہ یہ مسلم ہے کہ جو اپنی مادری زبان کی خوبیوں، کلام کی باریکیوں اور نزاکتوں اور عبارت آرائی کے حسن و تاثیر سے کماحقہٗ واقف نہ ہو وہ اجنبی شاعروں کی سحر کاریوں اور اجنبی ناثروں کی نادر بندشوں اور دلآویزیوں سے کبھی لطف اندوز نہیں ہو سکتا۔

نصاب اُردو بحوالہ کتب درسی اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے آیا جو نصاب اُردو مدارس سرکار عالی میں رائج ہے وہ تعلیمی ضرورتیں پوری کرتا ہے اور جو کتب درسی مقرر ہیں وہ اصولاً و عملاً مناسب و موزوں ہیں یا نہیں؟ کمیٹی کو افسوس ہے کہ مضمون کی اہمیت کے باوجود، نصاب اُردو کی طرف جس قدر توجہ ہونا چاہیئے نہیں ہوئی۔ کسی مضمون کے نصاب کی سب سے بڑی ضرورت تدریجی ترقی ہے۔ کم از کم تحتانی جماعتوں میں اس ضرورت کا لحاظ لازمی ہے۔ ہر مصنف یا مؤلف اپنی کتاب کی تصنیف یا تالیف میں ایک خاص معیار مقرر لیتا ہے اور اگر ابتدائی جماعت سے انتہائی جماعت تک کی کتابیں ایک ہی مولف یا مصنف کی مصنفہ یا مولفہ ہوں تو عبارتی مشکلات درجہ بدرجہ بڑھتی جاتی ہیں اور بچوں کے ایک جماعت سے دوسری جماعت میں ترقی پانے پر دشواریاں یکبارگی نہیں بڑھ جاتیں اور نہ دفعتہً غیر معمولی دقتوں کا سامنا کر کے طبیعت ہٹتی ہوتی ہے۔ مگر مدارس سرکار عالی میں کسی ایک سلسلہ کی کتابیں مقرر نہیں ہیں۔ جماعت صغیر کے لئے محمد سجاد مرزا صاحب کا قاعدہ اول و دوم میں رائے گلاب سنگھ کی پہلی و دوسری کتاب، تیسرے و چوتھے درجہ میں مولوی محمد اسمٰعیل صاحب کی کتابیں، فرسٹ فارم میں کمک اُردو یا چمن زار اُردو۔ سکنڈ فارم و تھرڈ فارم میں احمد عارف صاحب کی خزانۂ اُردو و بزم اُردو داخل نصاب ہیں، اور میٹرک میں انجمن ترقی اُردو کی نصاب اُردو۔ دنیائے نصاب میں اس طوائف الملوکی کا اثر یہ ہے کہ جب لڑکے دوم سے سوم یا مڈل سے میٹرک میں جاتے ہیں تو نصاب کی اضافی مشکلات میں بے حد فرق ہو جاتا ہے جو بچوں کی ذہنی شگفتگی کو مٹا دیتا ہے اس لئے یہ بہت ضروری ہے کہ کم از کم ہر طبقہ میں ایک ہی سلسلہ کی کتابیں شریک نصاب کی جائیں۔

موجودہ نصاب کی دوسری خامی یہ ہے کہ مڈل تک کی تمام جماعتوں میں صرف

ایک ایک مولفہ کتاب درسی کی تعلیم دی جاتی ہے۔ ان کے علاوہ عام طور سے دوسری کتابیں نہیں پڑھائی جاتیں۔ صرف مقررہ درسی کتاب پڑھانے میں خرابی یہ ہے کہ چند دنوں کے بعد ان کی دلچسپی جاتی رہتی ہے اور ایک ہی کتاب کو لگاتار اور بار بار پڑھنے سے لڑکے اکتا جاتے ہیں علاوہ ازیں نصابی کتب میں اکثر اسباق عبارتوں کی دقت پیچیدگی کی وجہ سے منتخب ہوتے ہیں۔ اس لئے ان کو پڑھنے میں وہ روانی، شادمانی اور شگفتگی وانبساط نہیں پیدا ہوتا جو قصص وحکایات، افسانہ وتواریخ وسوانح کی سلیس وسیدھی سادہی زبان سے پیدا ہوتا ہے۔ مدرس کو چاہیئے کہ وہ ہمیشہ بچوں کو ترغیب دیتے رہیں کہ غیر درسی مفید کتابیں اور بچوں کے اخبار مثلاً سعید، پھول، نونہال وغیرہ کا مطالعہ کرتے رہیں اونچی جماعتوں میں کتب خانہ سے کتابیں لے کر پڑھنے کی عادت ڈلوائی جائے۔ یہ اعتراض ایک حد تک بجا ہے کہ اردو زبان میں ایسی کتابیں کافی تعداد میں اور کافی موزونیت کی نہیں جو مدارس کی تعلیمی ضروریات پوری کرسکیں، پھر بھی نصابی جماعتوں کے لئے دار الاشاعت پنجاب کے سلسلے اور اعلیٰ جماعتوں کے لئے پریم چند اور سدرشن، ظفر عمر اور حکیم احمد شجاع اور وکیل وصوفی بک ڈپو وغیرہ کے اخلاقی افسانے استعمال کئے جاسکتے ہیں۔

اسباق کتب میں، خصوصاً نیچی جماعتوں میں پند خوبیاں ہونی ضروری ہیں سبق دلچسپ اور نصیحت آمیز ہو اور معقولات کو محسوسات کے ذریعہ ظاہر کیا جائے مثلاً نیکی ادبی کے مضمون کو نیک وبد کی حکایت سے ظاہر کیا جائے اور واقعات بچوں کی سمجھ اور گرفت سے باہر تو نہ ہوں لیکن اتنے معمولی بھی نہ ہوں جو ان کے اشتیاق اور زیادہ جاننے کے شوق کو نہ ابھاریں۔ کچھ ایسے قصے ہوں جو بچوں کو تخیل کی دنیا میں اڑا لے جائیں مثلاً پریوں وغیرہ کے قصے، موجودہ درسی کتابوں میں چند مضرت رساں فروگذاشتیں یہ ہیں:-

(۱) ابتدائی کتابوں میں وہ نظمیں اور قصے شامل نہیں جو بڑی بوڑھیاں بچوں کو سناتی ہیں۔ ان قصوں کا اثر محتاج توضیح نہیں۔ (۲) درمیانی اور انتہائی کتابوں میں اساتذہ کا کلام ترک کر دیا گیا ہے اس میں شک نہیں کہ جدید مذاق غزلوں اور قصیدوں سے متنفر ہے لیکن اساتذہ کے کلام میں لطافت وشیرینی، محاوروں کی بے ساختگی اور پاکیزگی،

بندشوں کی چستی و نُدرت، سادگی، سلاست و فصاحت، خوبی ادا اور حُسن بیان کے جو انمول خزانے موجود ہیں وہ دورِ جدید کی قافیہ پیمائیوں میں نایاب ہیں۔ اس فروگذاشت سے موجودہ پشت کے ادبی ذوق اور جمالیاتی حواس کو بے حد صدمہ پہنچا ہے۔ (۳) شروع سے آخر تک مکالموں یا چھوٹے اخلاقی و تاریخی ڈراموں کا وجود ہی نہیں بچوں کو مکالموں اور ڈراموں سے جو قلبی لگاؤ ہوتا ہے وہ روشن[1] ہے۔

(۴) بالعموم اُردو کی کتابیں شمالی ہند کے نقطۂ نظر سے لکھی گئی ہیں اس لئے ان کے موضوع غیر ملکی ہیں ایسے اسباق کے پڑھنے میں دکھنی طلباء کو سخت دشواریاں پیش آتی ہیں اور وہ اکثر شمالی الفاظ کے مفہوم کو نہیں سمجھ سکتے حالانکہ اگر اسی مفہوم کو ادا کرنے کے لئے دکھنی لفظ استعمال کیا جائے تو سبق کی مشکلات کم ہو جائیں (۵) کتابیں سوائے سجاد مرزا صاحب کے قاعدہ اور گلاب سنگھ کی کتابوں کے، عالم طور سے بہت خراب چھپی ہیں خط بھدا اور چھاپا گندہ ہے کتابوں میں جو تصویریں ہیں وہ خوبصورت نہیں۔ (۶) ترتیب خصوصاً طبقہ وسطانیہ کے کتابوں کی، اُصول نفسیات کے قطعی منافی ہے۔ نثر و نظم اور مکالمے کے اسباق ایک دوسرے کے بعد کتاب بھر میں تقسیم رہیں، اکثر کتابوں کا حجم اتنا زیادہ ہے کہ اگر اُصول تعلیم کے مطابق تعلیم دی جائے تو وہ ختم نہیں ہو سکتیں اور اگر ان کو ختم کیا جائے تو طریقۂ تعلیم کا خون ہو جاتا ہے اس لئے کتابوں کے انتخاب میں حجم کی مناسبت کا لحاظ کیا جائے (۸) بعض کتابوں میں اشارات اسباق، اسباق کے ساتھ دئے گئے ہیں یہ طریقہ نامناسب ہے۔

معلمین اُردو باسناد مشرقیہ کی ٹرننگ اُردو کی تعلیم عام طور سے مشرقی سند یافتہ حضرات کے ذمہ ہے جن کو جدید طریقۂ تعلیم سے واقفیت حاصل کرنے کا موقع نہیں ملتا۔ جب کہ علوم مشرقیہ کے اساتذہ والوں کو مغربی ڈگری یافتہ حضرات کے مساوی تسلیم کیا جا چکا ہے تو جس طرح علوم مغربیہ کے لئے ٹرننگ کا انتظام ہے اسی طرح علوم مشرقیہ کے لئے بھی ٹرننگ کا انتظام کیا جائے اُردو کی تعلیم سے لڑکوں کو خاطر خواہ فائدہ پہونچانے کے لئے بے حد ضروری ہے کہ جو اساتذہ سند یافتہ علوم مشرقیہ ہیں اُن کو ٹرننگ حاصل کرنے کے موقع

---

[1] اگر ان رسالوں اور ڈراموں کی عملی مشق کرائی جائے تو زیادہ فائدہ حاصل ہوگا۔ ٹیچر

بہم پہونچائے جائیں۔ کمیٹی سفارش کرتی ہے کہ عثمانیہ ٹرننگ کالج میں میٹرک کے ساتھ منشی و مولوی و منشی عالم و دبیر اور ایف اے کے ساتھ مولوی عالم اور منشی فاضل کو تعلیم دینے کا انتظام کیا جائے[1]

چونکہ عثمانیہ ٹرننگ کالج میں ذریعہ تعلیم اردو ہے اس لئے مشرقی اسناد والوں کو حصول تعلیم میں کوئی دشواری نہ ہوگی اور یہ اساتذہ بآسانی مغربی سند داروں کے ہم سبق رہ سکیں گے۔ مگر زبان انگریزی سے ناواقفیت کی وجہ سے ان کے ساتھ یہ رعایت ہو کہ میٹرک ٹرننگ کے مضامین اختیاری میں فارسی کا بھی اضافہ کیا جائے تاکہ انگریزی کی جگہ فارسی پڑھ سکیں اور ایف اے ٹرننگ میں لازمی انگریزی کی جگہ پر ان کو تاریخ ادب اردو کی تعلیم دی جائے۔

جامعہ عثمانیہ کے قیام اور امتحانات علوم مشرقیہ کی مسدودی کی وجہ سے اب علوم مشرقیہ والوں کی تعداد میں اضافہ ہونے کا خوف نہیں۔ جو اساتذہ کہ اب سررشتہ میں ہیں ان کی تعداد بھی بہت زیادہ نہیں اور اکثر نے تو ملازمت میں کافی مدت گذار دی ہے اس خیال سے کہ ان کو آئندہ کوئی ترقی کا موقع نہیں ہے کمیٹی کی سفارش ہے کہ سند یافتگان علوم مشرقیہ کو ۳۵ سال کی بجائے ۴۰ سال کی عمر تک داخل ٹرننگ کیا جائے اور جو لوگ کہ ۴۰ سال سے متجاوز ہیں اور سررشتہ تعلیمات میں کم از کم ۱۵ سال سے ملازم ہیں ان کو ٹرننگ سے مستثنیٰ اور ٹرینڈ کے مساوی قرار دیا جائے۔

طریقہ تعلیم جیسا کہ اوپر ذکر کیا گیا ہے معلمین اردو کو اپنے زمانہ طالب علمی میں ایسے مکتبوں میں تحصیل علم کرنے کا اتفاق ہوا ہے جہاں قدیم طریقہ پر تعلیم دی جاتی ہے اس لئے ان کو جدید اصول و عمل تعلیم سے واقف ہونے کا موقع نہیں ملا ان کی ہدایت و رہبری

---

[1] اب چونکہ جامعہ عثمانیہ نے شعبہ تعلیمات کا افتتاح کر دیا ہے جو بی ٹی کی تعلیم دے گا اس لئے یہ مشورہ بے موقع ہو گا کہ بی ٹی میں بی اے و ایم اے کے ساتھ مولوی فاضل اور مولوی کامل کو بھی تعلیم دی جائے۔ جہاں تک نصاب کا تعلق ہے یہ باطمینان کہا جا سکتا ہے کہ فاضل و کامل حضرات کو تعلیم بی ٹی میں سوائے زبان انگریزی کے اور کوئی دشواری پیش نہ آئے گی۔ یہ دشواری ان کے لئے انگریزی کو اختیاری مضمون بنا کر بآسانی رفع ہو سکتی ہے۔ ایڈیٹر

کے لئے چند ضروری اصول تعلیم بتائے جاتے ہیں۔

تعلیم اُردو کو موثر و کامیاب بنانے کے لئے کمیٹی کا خیال ہے کہ ہر معلم اُردو کو مذکورۂ تحت تعلیمی اصول پر سختی سے نگاہ رکھنا چاہیئے دوسرے مدرسین کی طرح معلمین اُردو بھی بالعموم تعلیمی گھنٹہ کا زیادہ حصہ خود بولنے میں صرف کرتے ہیں اور بچوں کو بولنے کا کم موقع دیتے ہیں یہ طریقہ زیادہ کارآمد نہیں ہے کیونکہ اس طرح نہ صرف معلمین تکان و ضعف دماغی کا شکار ہوتے ہیں بلکہ لڑکے بھی تعلیم سے پورا فائدہ نہیں حاصل کرتے جب تک قوت اظہار نہ پیدا ہو اس وقت تک بچوں کے ذہنی ارتسامات نقش بر آب رہتے ہیں۔ اس لئے جہاں تک ممکن ہو مشکلات خود بچوں سے حل کرائی جائیں اور بچوں کو ہمیشہ تقمہ تر کھانے کا عادی نہ بنایا جائے۔ سبق کو واضح کرنے کے لئے مثالوں تصویروں اور خاکوں کا استعمال بے حد ضروری ہے سوالات کی اہمیت بھی عام طور سے محسوس نہیں کی جاتی اور اکثر اساتذہ سوال پوچھنے کی بجائے سرگرم بیان رہتے ہیں۔ اچھے سوال کی پہچان یہ ہے کہ بچوں میں غور و فکر اور باریک بینی کی خو پیدا ہو۔ نئے سبق کے لئے لڑکوں کو تیار کرنے اور پڑھائے ہوئے سبق کا اعادہ کرانے کے واسطے سوالات بیحد ضروری ہیں۔ سوالات کا صحیح استعمال یہ ہے کہ کسی ایک لڑکے کو پہلے ہی سے نامزد نہ کیا جائے بلکہ پوری جماعت سے سوال کرنے کے بعد کچھ مہلت دی جائے تاکہ تمام لڑکے جواب سوچیں اور تب کسی کو جواب دینے کے لئے پکارا جائے۔ سوالات کو نے میل سلسلہ کا لحاظ نہ رکھا جائے بلکہ اگلی اور پچھلی بنچوں والے، تیز و کمزور ہر لڑکے سے جواب مانگا جائے۔ تختہ سیاہ کا استعمال بھی توضیح و تمثیل خاکہ کشی اور خلاصہ نویسی کے لئے یکساں طور پر لازمی ہے۔ مقصد یہ ہے کہ ارتسامات نہ صرف کان بلکہ آنکھوں کی راہ سے بھی ذہن تک پہونچائے جائیں۔

اُردو کی تعلیم میں دوسرے مضامین سے بھی مدد لی جائے۔ مثلاً جو سبق کسی ملک یا شہر کے متعلق ہے اس میں نقشہ استعمال کیا جائے۔

عبارت خوانی تقریباً تین سال کی عمر سے بچے اپنی لغات اور خیالات میں اضافہ کرنے لگتے ہیں اور جب چار یا پانچ سال کی عمر میں مدرسہ میں داخل ہوتے ہیں تو ان کے ذہن میں

الفاظ کا کافی ذخیرہ موجود ہوتا ہے اس لئے مدرسہ میں بے تکلف گفتگو کے موقع دینا ہر معلم اُردو کا فریضہ ہے۔ یہ گفتگو عموماً روزمرہ کی باتوں کے متعلق ہوگی لیکن ہمیشہ یہ خیال رہے کہ موضوع گفتگو بدلتا رہے تاکہ بچوں کا جی نہ اکتا جائے۔ تصویریں اور مرقعے بالعموم گفتگو کی ترغیب دیتے ہیں ہر حال میں بچوں کو اپنے گھر کی زبان میں گفتگو کرنے دیا جائے گفتگو کا خاص مقصد یہ ہے کہ بچوں کی زبان میں سلاست اور روانی پیدا ہو اور جب تک زبان میں روانی نہ پیدا ہو اور ان کا ذخیرہ الفاظ کافی نہ ہو جب تک بچوں کی سمجھ اتنی کافی نہ ہو کہ وہ آواز کے فرق اور یکسانیت میں تمیز کر سکیں اور جب تک ان کو اتنے قصے کہانیاں نہ سنائی جائیں کہ وہ خود قصہ پڑھنے کے لئے بیتاب و مضطرب ہوں اس وقت تک ان کو عبارت خوانی نہ شروع کرائی جائے۔

ابتدائی جماعتوں میں عبارت خوانی سکھانے کے لئے مختلف طریقے بتائے گئے ہیں مثلاً طریق تہجی، طریق صوتی۔ طریق دیکھو اور کہو وغیرہ ان میں سے کوئی طریقہ عیب سے خالی نہیں تمام طریقوں میں سب سے اچھا طریقہ وہ ہے جس میں بچے لفظوں کی شکل اور اس لفظ سے جو شئے مراد ہے اس میں یا اوس کی تصویر میں ربط پیدا کر سکیں جب ان کو الفاظ کی خاصی تعداد یاد ہو جائے اس وقت ان کو کتاب دی جائے کتاب میں ہر شکل لفظ کے معنی بتانے کی ضرورت نہیں تھوڑے ہی عرصہ میں الفاظ مکرر سہ کرر آتے ہیں اور بچے خود ان کے معنی نکال لیتے ہیں۔

مدارس میں اکثر جماعتیں بڑی ہوتی اور کثرت تعداد کی وجہ سے ہر لڑکے کو فرداً فرداً پڑھانا مشکل ہوتا ہے اس لئے اجتماعی تعلیم دینے میں سہولت معلوم ہوتی ہے۔ لیکن اجتماعی کتاب خوانی میں بڑا نقص یہ ہے کہ کمزور بچے اپنے ساتھیوں کے ساتھ الفاظ دہراتے رہتے ہیں اور عبارت کی طرف توجہ نہیں کرتے اور نہ اس کو سمجھ کر پڑھتے ہیں۔ چھوٹی جماعتوں میں چند ہی روز میں کچھ ایسے لڑکے نکلیں گے جو تیز اور صحیح پڑھ سکتے ہیں اور بعض ایسے جو ان کے ساتھ نہیں چل سکتے اس لئے ان کو علحدہ علحدہ ٹولیوں میں تقسیم کر دینا مناسب ہوگا۔ تیز بچے اپنا سبق خود نکال لیں گے اور کمزور بچوں پر استاد زیادہ توجہ کر سکے گا۔ تیز لڑکوں سے کمزور لڑکوں کو مدد دلوانے میں بھی دونوں کا فائدہ ہوتا ہے۔

شروع میں بلند آواز سے پڑھنا زیادہ ضروری ہے تاکہ تلفظ اور مخارج درست ہو جائیں اور پڑھنے میں روانی پیدا ہو مدرسین عام طور سے عبارت خوانی کے وقت اپنی کتاب دیکھتے رہتے ہیں نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ قرأت کے سقم نظر انداز ہو جاتے ہیں ابتدا ہی سے بچوں کو ایسی تعلیم دی جائے کہ وہ الفاظ کی بجائے پورے جملوں اور پوری عبارتوں کا مفہوم سمجھ سکیں اس غرض کے لئے خاموش مطالعہ بیحد مفید ہے اس میں ایک خطرہ ہے وہ یہ ہے کہ بچے بہت سی عبارت اڑا جاتے ہیں لیکن فائدہ کے مقابلہ میں یہ خطرہ ہیچ ہے کمیٹی کی رائے میں خاموش مطالعہ جماعت دوم سے بآسانی شروع کیا جا سکتا ہے۔

اونچی جماعتوں میں بلند خوانی تلفظ اور لہجہ سدھارنے کے لئے نہیں ہوتی بلکہ ادبی لطافتوں سے لذت اندوز ہونے کے لئے زور سے پڑھنا گاہے گاہے ضروری ہے اشعار کو ہمیشہ بلند آواز سے پڑھنا چاہیئے ورنہ لڑکے کلام کے ترنم اور بندش کا لطف نہ اٹھا سکیں گے عام طور سے خاموش خوانی اعلیٰ جماعتوں کی خصوصیت ہونی چاہیئے۔

مضمون تحریری و تقریری جب سے بچہ بولنے لگتا ہے اسی وقت سے وہ مضمون سازی شروع کر دیتا ہے لیکن اس کا مضمون یعنی گفتگو غیر مربوط و غیر مسلسل ہوتی ہے لہٰذا ابتدائی زمانہ کی تعلیم مضمون سازی کا مقصد یہ ہونا چاہیئے کہ لڑکے مسلسل اور مربوط گفتگو کر سکیں اس منزل میں بچوں سے توقع کی جاتی ہے کہ جو کچھ انہوں نے دیکھا سنا یا پڑھا ہے اس کو بیان کر سکیں گے۔

طریقہ تعلیم میں طریق فطرت کی پابندی کی جائے یعنی مضمون سازی تقریری ہو۔ البتہ جب بچے روانی اور صحت کے ساتھ لکھنے لگیں اس وقت تحریری مضمون سازی شروع کی جائے۔ ابتدائی جماعتوں میں تحریری مضامین زبانی مشقوں پر مبنی ہوں مضمون تقریری و تحریری میں روزمرہ واقعات و مناظرہ کا بیان تصاویر کی تشریح قصوں کا گڑھنا اور دہرانا وغیرہ داخل ہو جہاں تک ممکن ہو عنوانات حسی ہوں اور لڑکوں کے دائرہ علم سے باہر نہ ہوں۔

زیادہ عمر والے لڑکوں کے لئے بھی تقریری مضمون سازی کی ضرورت ہے اس حالت

مکالمے اور مختصر تقریریں بے حد مفید ہوتی ہیں۔ لیکن ترقی عمر کے ساتھ تحریری مضامین میں زیادہ وقت صرف کیا جائے۔

طبقۂ وسطانیہ میں خصوصاً مدارس بلدہ میں جہاں تعداد طلبا کی زیادتی کی وجہ سے انفرادی توجہ آسان نہیں تحریری مضمون سازی کی زیادہ ضرورت ہے۔ اس طبقہ میں بھی عنوانات غیر حسی نہ ہوں بلکہ روزمرہ مشاہدات سے متعلق ہوں۔ اسباق کی خلاصہ نویسی بھی نفع بخش ہوتی ہے۔

طبقہ فوقانیہ میں مضامین بالکلیہ تحریری اور عنوانات تخیلاتی اور تنقیدی ہوں گے طلبہ کی مادری زبان اردو ہے میٹریکولیشن میں اپنی زبان میں ہر قسم کے خیالات ظاہر کرنے کی قابلیت آجاتی ہے اگر کوئی شاعر مدرس ہو تو قافیہ بندی بھی دلچسپ اور فائدہ مند ریاضت ہوگی۔

مدرسوں میں عام طور سے چند مخصوص عنوانات پر مضمون لکھنے کی مشق کرائی جاتی ہے اور میٹرک کے طلبا بھی روزانہ زندگی کے ضروری معاملات کے متعلق ایک حرف نہیں لکھ سکتے۔ کمیٹی کی سفارش ہے کہ کم از کم طبقہ فوقانیہ میں تمسکات ہبہ نامے رہن نامے بیعنامے۔ کرایہ نامے۔ فرمایش نامے۔ منی آرڈر۔ اور اضلاع کے مدارس میں دستاویز پٹہ و لگان وغیرہ لکھنے کی مشق کرائی جائے۔

طبقۂ ثانویہ بلکہ تحتانی طبقہ کی بالائی جماعتوں ہی میں بچے بحث و مباحثہ کرنے کے قابل ہو جاتے ہیں اس لیے جماعت کی تعلیم مضمون نگاری کے علاوہ ہر اسکول میں بچوں کی انجمن ہائے مذاکرہ ہوں جہاں وہ اپنے خیالات کا اظہار اور تبادلہ کر سکیں۔ شروع شروع میں بچے مضامین لکھ کر پڑھیں گے لیکن رفتہ رفتہ جھجک نکل جاتی ہے اور وہ زبانی تقریر کرنے لگتے ہیں۔ مضمون نگاری کے ضمن میں نمونہ اور اصلاح کا سوال پیدا ہوتا ہے بچوں کے لئے یہ کافی نہیں ہے کہ خود مضمون لکھ سکیں بلکہ یہ بھی نہایت ضروری ہے کہ مشہور انشا پردازوں نے جو عمدہ مضامین لکھے ہیں ان سے بھی واقف ہوں اس لئے مصنفین کے وہ مقالے جن میں زبان و بیان کی خوبیاں ہیں وقتاً فوقتاً بچوں کو سنائے جائیں۔

اصلاح کے متعلق کوئی حکم لگانا عبث ہے۔ اصولاً بہترین طریقہ یہ ہے کہ تمام بچوں کی کاپیاں فرداً فرداً بچوں کی موجودگی میں صحیح کی جائیں۔ لیکن بدقسمتی سے جماعتیں اتنی بڑی ہوتی ہیں کہ یہ ممکن نہیں ہے اس لئے جو غلطیاں کئی بچوں میں عام ہوں ان کو ایک ساتھ سمجھانا بہتر ہے اور خاص غلطیوں کو انفرادی طور پر سمجھایا جائے۔ مدرس اصلاح کا خواہ کوئی طریقہ بھی اختیار کرے لیکن مقصد یہ ہونا چاہئے کہ بچے اپنی غلطیوں کو سمجھیں اور خود درست کرنا سیکھیں۔ یہ مقصد اُس وقت تک نہیں حاصل ہو سکتا جب تک کہ مدرس غلطیوں کی اہمیت نہ جتلائے اور کاپیوں پر حاشیہ نہ چڑھائے۔ قواعد اور بچے کے غلطیوں ہی سے مضمون کی اچھائی یا برائی کو نہ جانچنا چاہئے نفس مضمون کی مناسبت وصحت، ترتیب خیالات اور طرز ادا کا لحاظ بھی لازم ہے۔

قواعد قواعد اُردو کی تعلیم اب تک نہایت خشک وغیر دلچسپ رہی ہے۔ عربی قواعد کے تتبع میں اس کو بھی ریاضت ذہنیہ کی غاطر پڑھاتے ہیں۔ اُردو زبان کی قواعد نہ تو اس قدر پیچیدہ ہے اور نہ اس میں زیادہ گردانیں ہیں اس واسطے سبق کے سبق مفعولوں کی گردان اور کلموں کے اقسام کی تعلیم میں صرف کرنا نارواہے۔

تعریفات زبانی رٹا دینے کا طریقہ قطعی نامناسب ہے۔ دوسرے مضامین کی بہت تعلیم قواعد میں جزو سے کل مستنبط کرنے کا اصول زیادہ کارآمد ہے۔ بچوں کے لئے تعریفات جاننے سے زیادہ یہ مفید ہے کہ وہ جملہ میں الفاظ کے باہمی تعلق کو جانیں۔

موجودہ طریقۂ تعلیم میں اُردو قواعد کو اُردو کتاب سے الگ کرکے پڑھایا جاتا ہے حالانکہ دونوں کو لازم وملزوم رہنا چاہئے قواعد کا سبق ہمیشہ درسی کتاب کے ساتھ وابستہ رہے۔ تختۂ سیاہ کا استعمال بھی معلم قواعد کے لئے بہت ضروری ہے کیونکہ قواعد کی عمدہ تعلیم کا انحصار مثالوں اور تجربوں پر ہے جو صرف تختۂ سیاہ کے ذریعہ ذہن نشین کی جاسکتی ہیں۔

بعض لوگوں کا خیال ہے کہ مادری زبان کی قواعد پڑھانا ہی فضول ہے۔ ان کا قول ہے کہ قواعد جانے بغیر لڑکے صحیح اُردو بول سکتے ہیں۔ یہ دلیل کسی حد تک

صحیح ہے۔ حقیقت میں قواعد زبان کے تابع ہے نہ کہ برعکس۔ لیکن صحیح زبان بے ساختہ بولنے اور صحیح زبان سمجھ کر بولنے میں فرق ہے۔ گو بغیر قواعد کے علم کے صحیح زبان بولنا ممکن ہے لیکن رموز زبان سے واقفیت اطمینان اور خود اعتمادی پیدا کرتی ہے۔ مزید برآں حیدرآباد میں کتابی اور گھر کی زبان میں تفاوت ہے اس لئے قواعد کی تعلیم یہاں خاص طور پر ضروری ہے۔

اگرچہ ثانوی طبقوں میں زبان کی باریکیاں تلمیحات، استعارات، رموز اوقاف صنائع بدائع کی تفہیم کے لئے قواعد کی تعلیم ضروری ہے مگر کمیٹی کی قطعی رائے ہے کہ تحتانی جماعتوں میں قواعد کی تعلیم مطلق نہ دی جائے۔

اپنی تحقیق و تفتیش کی بنا پر کمیٹی کی متفقہ رائے ہے کہ اردو تعلیم کی موجودہ حالت ناقابل اطمینان ہے اور جب تک زاویۂ نگاہ میں تغیر اور طرز تعلیم میں تبدیلی نہ ہو اس وقت تک اردو کی تعلیم سے جو نفع ہونا چاہیئے وہ نہ ہوگا۔

Primary course are still under the consideration of the Executive Committee. A brief account of the discussions on the question of revising the curriculum of History and Geography will be given by Mr. Ganesh Chand, B A., B. T., Assistant, Darul Uloom High School, when he moves his resolution on the subject.

Public Meetings.— The following three public meetings were held during the year under review :—

(1) At the St. George's Grammar School, an instructive and interesting lecture on "Education in rural schools" was delivered by Dr. Harold Mann, Agricultural Adviser to H. E. H. the Nizam's Government, under the chairmanship of Nawab Zulkadar Jung Bahadur, M. A., (Cantab). The full text of the lecture has already been published in 'The Hyderabad Teacher'.

(2) Professor Hudlikar delivered a lecture on 'The education of children' at the Viveka Vardhini Theatre. The meeting was presided over by Rev. F. C. Phillip, Warden, St. George's Grammar School and Vice-President of the Association.

(3) Professor T. Kulkarni (Gwalior) delivered a lecture on "Ideas on Education" at a public meeting held under the auspices of the Association at the Young Men's Improvement Society Hall under the presidentship of Mr. S. Ali Akbar, M. A , (Cantab), Divisional Inspector of Schools, Head-Quarters and President of the Association.

Co-operative Society--It was stated in the last report that the bye-laws of the Co-operative Society had been framed and that they would come into force after the approval of the Executive Committee. Accordingly, after the bye-laws had been sanctioned, a prominent and active member of the said committee was appointed provisional secretary of the proposed Co-operative Society and it was announced that members desirous of joining the society should send in their applications to the Secretary. But

Members.—As per rules approved by Government, the membership of the Association is compulsory for all the teachers of the schools under the control of the Divisional Inspector of Schools, Head-Quarters. There was, therefore, no increase or decrease in the number of ordinary members. The number of members belonging to schools outside the said Division has, however, increased from 20 to 31.

Meetings of the Central Executive Committee—During the year under report, five meetings of the above Committee were held. The business transacted was as follows :—

(1) Drawing up in advance of a programme of monthly meetings for each quarter. (2) Preparation of the budget. (3) Election of office-bearers. (4) Appointment of auditors for checking the accounts of the Association. (5) Organisation of the annual conference.

Branch Meetings—During the year under review, at each centre six monthly meetings were held, at which the following subjects were discussed :—

(1) The problem of the "back-ward" boy. (2) The teaching of composition in language subjects. (3) Is it possible to reduce the period of the Primary course from 3 to 4 years? (4) Is there any need for revising the present curriculum of History and Geography in Primary and Middle sections? (5) Internal school examinations. (6) How far is it possible to introduce vocational instruction in the existing schools and what form should such instruction take in the various stages of instruction ?

It is to be regretted that an account of the work done at each centre could not be published in the quarterly journal of the Association, as reports from the different centres were not received by the editors in time. It is hoped that in future the Branch Secretaries will send in the reports regularly.

The resolutions passed by the various branches of the Association on the question of reducing the period of the

fall into line if a signal is given in right quarters and the difficulties in the way are removed. The Association believes our President will see to it that such a signal is given. Rejoicing in this belief, we welcome him the more in our midst to-day.

Report of the Hyderabad Teachers' Association for the year ending in Amardad 1338 Fasli (June 1929)

BY

S. M. S. MUSHADI,

General Secretary, Hyderabad Teachers' Association.

LADIES & GENTLEMEN,

IT is gratifying that the Association has completed four and a half years of its life and we have assembled here to-day at its Third Annual Conference. The proceedings of this Conference will be conducted on more practical and business-like lines than those of the previous Conferences, because on this occasion we shall have the pleasure of hearing the reports of the five Sub-Committees appointed by the Association in April, 1929. These Sub-Committees have arrived at their conclusions after carefully considering from the practical point of view the subjects entrusted to them.

Branches of the Association.—During the year under report there were 14 branches of the Association as before, but at the request of the Principal, Chadarghat High School, the Chadarghat Branch was transferred to St. George's Grammar School, as in the former school there is at present no big hall where the monthly meetings of the Branch can be held conveniently.

extra day to be knocked off if any other day happens to be a holiday during a particular week. Further, many holidays given on religious grounds could be cut down. People whose orthodoxy cannot be called into question have confessed before me that some of the holidays could be dispensed with. When this is done we can have a summer vacation of two months—for secondary schools at any rate. If this is considered too much, a break of a month and half during summer and of ten days during winter must be provided for. In this connection, may I also call your attention to the necessity of reverting to the old practice of holding the annual examinations in winter? The present practice I believe is neither convenient to the teachers and examiners nor very agreeable to the students concerned.

As this is a conference of teachers belonging mostly to primary and secondary schools, I shall leave university education deliberately out of account except to point out that if more money is not spent on primary and secondary education, the university itself will not get good material which for its complete success it so badly needs.

I have presented before you so far one side of the shield. I do not however wish to give you the impression that teachers as a body are more sinned against than sinning. True, amongst this class there are many who would be considered an ornament to the profession in any country in the world. But these are the exceptions. The rule is for a teacher to be satisfied if he does enough work so as not to get into trouble. This will be bad enough even in a country where there is universal education. But in India it is a crime. Unless the teachers consider themselves not merely the paid servants of Government, but soldiers belonging to an army of social workers and undertake with enthusiasm extra responsibilities in addition to the teaching work in classes, the future of education in this country cannot be very bright. I however believe the majority of them will

regard to this matter, a change does not seem desirable. The Association is not discouraged by this. The matter will be pressed again. Here I shall respectfully invite the attention of our Director to a reconsideration of the matter. Many schools have been expecting it and will welcome it. A few persons might express disagreement. But in the interests of proper physical education I hope such disagreement would be overlooked.

As regards the question of holidays, it was at first proposed that a resolution should be moved at the Conference requesting the Department to appoint a thoroughly representative body to consider and revise the present list of holidays and place the list thus revised through the Director before the Commitee appointed by the Government for this purpose. As information reached us that this Committee had already finished its labours and submitted its findings to the Government, we thought any resolution in the matter would be out of place and so the matter was dropped. As this is a question that affects the efficiency of our work, I hope I shall be pardoned if I refer to it at length. Lest I should frighten some people here who might think I was proposing any increase in the total number of holidays, I shall set first their fears at rest by telling them at the outset that what I propose is not any increase in their number, but merely their redistribution. Many lay men think that teaching is a very easy kind of work and that teachers get too many holidays. I shall not waste any time in trying to convince these people. I shall address myself to students of psychology and education. These people know that there is no work that makes such heavy demands on nervous energy as the drudgery of school teaching. How can you expect conscientious teachers to teach day after day and month after month with a break of one day a week and yet keep up freshness and enthusiasm. We know from experience that it is impossible. Such being the case, would it be too much if I plead for a working week of five days, the

latter. Reform of the courses of studies and curriculum and the question of the introduction of vocational education are already under consideration. One need not dwell on these here except to point out that in the interests of economy a way should be found to do away with the present dual system of the matriculation and the H. S. L. C. courses.

A question that suggests itself here is whether when the above reforms are carried out the Matriculation results will be better than what they have been so far. Year after year hundreds of boys appear for this examination and the passes never go up beyond 30 per cent. What are the failures due to? The comparatively shorter period of the course from the Middle to the Matric is only partly responsible for this state of affairs. The real cause of this huge wastage is to be found in the lack of adequate and competent staffs at many of the Osmania High Schools. No improvement is possible unless more graduates are given. This is not all. The sort of people that are generally recruited for the teaching of History, Geography and English are with few exceptions not properly qualified to teach them. Indiscriminate recruitment may have been excusable when the supply available was small. At the present day only graduates possessing good degrees and fit in other respects should be appointed. In the case of Geography teachers even this is not enough. Until the University adds Geography to its courses of studies, the standard of teaching in schools of this subject will continue to be low.

Another badly needed reform concerns the hours of work in schools and the holidays. With regard to the first question, a resolution demanding a change from the present practice was passed last year. In the course of a personal talk Nawab Masood Jung Bahadur, the then Director expressed his agreement with the proposed change. The resolution was duly forwarded. The Association has received a reply to the effect that until there is unanimity of opinion with

myself to a consideration of a few pressing local problems in the field of education.

All round there is a cry for compulsory primary education. Though during the last ten years the number of boys in primary schools has increased from about 67,000 to about 2½ lacs still only about twelve per cent of the total population of school-going age is under instruction. In British India province after province is resorting to compulsory education to increase the percentage of literates. If a beginning is not made soon, we shall be left very far behind educationally. Our government has also approved of the principle of compulsion. I believe it is about to make a beginning. It is all to the good. But there is one aspect of the question that ought not to be overlooked. It is no use multiplying schools of the type we have at present. I shall go further and say that before compulsion is resorted to on an extensive scale, the existing primary schools, urban and rural, should be put right. Specially with regard to the latter I consider the following to be the most pressing needs:—

Ruralization of the curriculum of village schools, better type of recruits, their more intensive training with a view to fit them for the kind of rural up-lift work that is being done in some parts of Punjab, better buildings, provision of farms and gardens, more liberal scales of salaries where these are defective.

In the field of secondary education the scope for consolidation is greater. Amongst the most urgent requirements of secondary schools are the provision of better buildings and more play grounds. Until adequate funds are provided for these, one cannot hope for any appreciable improvement in the health and physique of school children. The need for medical inspection has already been emphasized by the Association. It will come sooner or later. But medical inspection without better buildings and more playgrounds will merely bring into prominence the need for the

series of Sub-committees dealing with purely technical questions. These have met a number of times and the fruits of their labours will be placed before you in the shape of brief reports for your consideration. The second reason for this departure is the need felt by the Association for consolidation as opposed to expansion. Education has progressed in Hyderabad at such a rapid pace recently that there is a danger of our getting very poor results from it if the work of consolidation is not taken up in earnest before the State launches on a further programme of expansion. Lest I should be misunderstood and considered on upholder of a policy of obscurantism because I am emphasizing here the need for consolidation rather than of expansion, let me state here that the statistics regarding education in the State reveal an appaling state of affairs and that there is need for more and more education of all kinds. Though I realise this, I believe also that it is much better to do a little thoroughly than attempt much in an inefficient and wasteful manner. So I wish to emphasize that it is time we paused a bit, took stock of the present situation, noted the weak spots in the structure and adopted measures to remedy them before we march forward. It is appropriate that a period like this sees the advent at the head of affairs of the Education Department of a sound educationist like our distinguished president. It is also appropriate that the first important public gathering whose deliberations he has kindly consented to guide, should be a body which has met to consider questions resting on his decision. I need not say that we feel honoured by his presence and that we believe that nothing but good will come out of this contact of the official head with the deliberations of a body like ours.

At the past conferences you have listened to the history, aims and work of the Association. What it has accomplished during the past year will be reported to you presently by the General Secretary. I shall therefore confine

The Third Annual Conference of the Hyderabad Teachers' Association Welcome Address

BY

AHMED HUSAIN KHAN, B. A.,

Principal, Darululoom High School

and Vice-President, Hyderabad Teachers' Association.

LADIES AND GENTLEMEN,

THE pleasant duty of welcoming our distinguished President and other eminent guests present here falls to my lot. On behalf of the Hyderabad Teachers' Association, I offer them a hearty welcome to this, the Third Annual Conference. From a perusal of the programme you will have noticed a slight but very important change in the organization of this year's Conference. This new departure,—new to Hyderabad, though familiar in other parts of India—has been necessitated by one or two important considerations. In the first place, educational conferences in the Dominions have of late shown a tendency towards multiplicity. Though this is a welcome change indicating an awakening on the part of the public towards the educational needs of Hyderabad, these conferences from the nature of their organisation could not but concentrate on the general as opposed to the technical aspects of education. Questions pertaining to the general policy, finance and organization, no doubt, interest the teachers assembled here. But there are other questions that affect their work more vitally. These concern the technical side of education There was a danger of this aspect being neglected. To remedy this defect, it has been considered necessary to constitute a

HOW TO TELL EYE-STRAIN

If eyes water, burn, itch, frown, twitch squint, giddiness, headaches, nervousness, depression. fatigue, irritability of temper, hysteria, epilepsy, neurasthenia, letters blur and swim, drowsiness on reading, disinclination to read long, truancy, waywardness. backwardness in study, holding books in the abnormal position as shown above.

The above symptoms if unheeded reduce the victim to ill health, pitiful state of nerves, inefficiency and ugly pained, blinking, winking and tired look through falling off of the lashes, dark rings and wrinkles round the watery red eyes, with thick lids.

The above **symptoms are S. O. S. messages** (seek optical service) to the sufferer. As he is too young to realise the danger, parents schoolmasters and eye-specialist in England and America are by Educational Act appointed to look to his eyes with a view to relieve the above-mentioned symptoms, which cripple the mental, normal and physical health of a certain proportion of all school children.

Many a child with defective vision (inability to read the school-board correctly) **went through school as a dunce** whereas he was simply at a disadvantage with the other bright children because of his eyes.

It is common experience with observant teachers to find some pupils drowsy and yawning by 2 p. m. owing to the nerve exhaustion due to waste of nervous energy through the eyes and under the circumstances **it is criminally harmful to make the child work mentally as it leads to the above mentioned disorders of the nerves** hard to remedy afterwards.

The above symptoms enable the teacher to find out easily the victims of eye-strain **who shoud be made to sit nearer the school-board to avoid eye strain**.

Children are now supplied with splintanil lenses. (Splinter-proof lenses) which do not splinter when broken, hence in case of accident a great boon to children who play games with the glasses.

HARDY & Co.,

Opticians & Oculists (London)

124, James Street, Secunderabad.

REGISTERED ASAFIA NO. 47.

CONFERENCE NUMBER.

Vol. IV.] July, 1929 A. D. / Shahrewar, 1338 F. [No. 1.

Under the Patronage of

Khan Fazl Mohamed Khan, Esq., M. A.,

Director of Public Instruction.

THE HYDERABAD TEACHER

Quarterly Magazine of The Teachers' Association, Hyderabad-Deccan.

Editorial Staff.

S. ALI AKBAR, M. A., (Cantab.)

F. C. PHILIP, M. A.

AHMED HUSSAIN KHAN, B. A.

SECUNDERABAD - DECCAN

PRINTED AT THE EXCELSIOR PRESS, SECUNDERABAD

1929.

Single Copy Annas 12. (Postage Extra).

رجسٹر شدہ پتہ سرکار عالی نمبر ۴
جلد (۴) آذر ۱۳۳۹ف مطابق اکتوبر ۱۹۲۹ء شمارہ (۲)

زیر سرپرستی جناب فضیلت مآب خان بہادر خواجہ محمد احمد صاحب ناظم تعلیمات سرکار عالی

حیدرآباد ٹیچر

انجمن اساتذۂ حیدرآباد دکن کا ماہی رسالہ

دائرۂ ادارت:-
سید علی اکبر ایم۔ اے (کنٹب) مدیر مسئول
سید فخر الحسن ملا بی۔ اے۔ بی ٹی (علیگ) مدیر
محمد عبدالنور صدیقی بی۔ اے۔ بی ٹی (علیگ) شریک مدیر

اعظم اسٹیم پریس چارمینار حیدرآباد دکن میں طبع ہو کر دفتر انجمن اساتذہ واقع صدر مہتمی تعلیمات سے شائع ہوا

غایات

(۱) طبقہ اساتذہ کے احساس معلمی کو پیدا کرنا۔
(۲) طبقہ اساتذہ کے مخصوص انفرادی تجربات معلمی کو شائع کرنا
(۳) فن معلمی پر نقد و نظر۔
(۴) انجمن اساتذہ کے مفید مضامین کی اشاعت۔
(۵) انجمن اساتذہ کے مقاصد و اغراض کو ملک کے طول و عرض میں مکمل طور پر پھیلانا

اصول

(ا) رسالہ کا نام حیدرآباد ٹیچر ہوگا اور ہر سہ ماہی پر صدر دفتر انجمن اساتذہ بلدہ سے شائع ہوگا
(ب) رسالہ کی سالانہ قیمت بہ تفصیل ذیل ہوگی۔
ا۔ اندرون و بیرون ممالک محروسۂ سرکار عالی تین روپیہ مع محصول ڈاک سالانہ (سکہ رائجہ)
صرف اردو حصہ (۱۴ آنے) فی پرچہ اردو انگریزی (۱۲ر) صرف اردو (۸ر)
(ج) رسالہ نصف انگریزی و نصف اردو ہوگا جس میں حسب صوابدید تغیر بھی ہوسکے گا۔
(د) صرف وہی مضامین درج ہوسکیں گے جو تعلیم سے متعلق ہوں۔
(ر) جملہ مضامین و مراسلت دفتر کے پتہ سے ہونی چاہیئے۔
(س) اشتہارات کا نرخ حسب تفصیل اشاعت ہذا رہے گا۔

نرخ اشتہارات حیدرآباد ٹیچر حسب ذیل ہے

مقدار	سال بھر	۶ ماہ	فی اشاعت
پورا صفحہ	۵	۳ ۸ر	۱ ۴ر
نصف صفحہ	۳ ۴ر	۲ ۱۲ر	۱ ۸ر
ربع صفحہ	۲ ۸ر	۱ ۶ر	۱ ۱۵ر
فی سطر	۱۰ر	۸ر	۶ر

حیدرآباد ٹیچر

بابتہ آذر ۱۳۳۹ف مطابق اکتوبر ۱۹۲۹ء

جلد (۴) شمارہ (۲)

فہرست

نمبر سلسلہ	مضمون	مضمون نگار	صفحہ
۱	افتتاحیہ		۲
۲	ایک مخلصانہ پیام طلبہ کے نام	عالیجناب خان فضل محمد خان صاحب بی۔اے۔ ریجنل ناظم تعلیمات ممالک محروسہ سرکار عالی	۵
۴	تعلیم بالغان	جناب سید علی اکبر صاحب بی۔اے (کنٹب) صدر مہتمم تعلیمات بلدہ و اطراف بلدہ	۹
۵			
۶	تعلیم روزگاری	جناب علوی محمد سجاد مرزا صاحب بی۔اے بی۔ای	۲۲
۷	تعلیم و مدرس	" ابوالحسن محسن خان صاحب مجتبیٰ	۳۴
۸	ورزش جسمانی	" محمد عبدالسلام صاحب ذکی	۴۳
۹	شذرات:-		۵۰

نوجوان لڑکیوں کی علمی تعلیم، نظام کالج کے اسپورٹس، ایرانی طلبہ اور رضا شاہ، تقریر کے راما نجاچاری یوم کشاد، تقریر مس آمنہ پوپ، ارمودی ہجار اور جدید تحقیق، جلسہ وداعی احمد حسین خانصاحب، ہارٹوگ کمیٹی کی رپورٹ۔

تنقیدیں:- ۶۲

سالنامہ رہبر دکن بابت ۱۳۳۹ف، ایک جدید نمونہ کا کرہ ارض۔

افتتاحیہ

ناظم صاحب تعلیمات اور لازمی کھیل | جس روز حیدرآباد ایتھلیٹک ایسوسی ایشن کے فٹ بال ٹورنمنٹ کا آخری مقابلہ ہوا۔ اس روز عالیجناب خان فضل محمد خاں صاحب ناظم تعلیمات نے بچوں کو مخاطب کرکے ایک نہایت نصیحت آموز اور پرجوش تقریر فرمائی جس میں آپنے تکمیل علوم و کسب اخلاق کے ساتھ ساتھ کھیلوں میں زیادہ حصہ لینے پر زور دیا۔ آپ کے جوش اور سرگرمی سے پتہ چلتا ہے کہ آپ کو بچوں کی جسمانی صحت و شگفتگی کسقدر عزیز ہے اور کھیلوں کی ترویج سے کتنی گہری دلچسپی ہے۔ آپ نے اپنی تبلیغی تقریر سے نہ صرف بچوں کے جائز جذبات کو ابھارنے پر اکتفا کی بلکہ ایک گشتی بھی جاری فرمائی جس کی رو سے مدارس پر کھیلوں کا انتظام لازم کردیا گیا ہے۔

کھیل اور ورزش کی ضرورت ہمیشہ تسلیم کی گئی ہے۔ اور جسمانی تندرستی اور دماغی و اعصابی نشوونما میں قریبی تعلق ہر زمانہ میں مانا گیا ہے۔ لیکن کیا ہم آج ورزش و تعلیم کی منافع واقف نہیں کیا ہم یہ نہیں دیکھتے کہ سیکڑوں گریجویٹ کمزور لاغر و پژمردہ ہیں

اس بے توجہی سے جو نقصان پہنچ رہا ہے وہ محتاج بیان نہیں۔ ہمارے موجودہ نسل نے اس غلطی کو محسوس کیا اور رفتہ رفتہ اس طرف توجہ کی جاری رہے۔

اس میں شک نہیں کہ فی الحال لازمی کھیل کی راہ میں بہت سی دشواریاں حائل ہیں سب سے بڑی دشواری کھیل کے میدانوں کی عدم موجودگی ہے۔ بلدہ حیدرآباد کے مدارس میں سے بعض ہی ایسے ہیں جن کے لئے کھیل کے میدان ہمدست ہیں۔ دوسرے مدارس برسوں سے ہاتھ پاؤں مار رہے ہیں لیکن اکثر اب تک کوئی میدان نہ حاصل کرسکے یہ تو اس وقت کا قصہ ہے جبکہ پورے مدرسہ کے لڑکوں میں سے صرف چند شریک گیمس ہوتے تھے۔ یہ بیحد حوصلہ افزا ہے کہ ناظم صاحب نے بازیگاہوں کے انتظام کو اپنے فرایض کے پروگرام میں سب سے پہلے جگہ دی ہے ہمیں وثوق سے معلوم ہوا ہے کہ صاحب موصوف نے

خود دورہ کرکے ہمارے مدارس کے قریب میں موزوں بازیگاہوں کا معائنہ فرمایا اور اُن کے حصول کی سعی جاری ہے
دوسری دشواری مالی ہے اتنک جو چندہ کھیلوں کے واسطے طلبا سے جمع کیا جاتا تھا اور وہ جو امداد سرکار سے ملتی تھی۔ دونوں مشکل ان چند طلبا کیلئے سامان گیمس خریدنے کے لئے کافی ہوتے تھے جنکو کھیلوں کی مشق کرانا مدرسہ اور گیمس ٹیچر کی نکتہ دانی کے لئے ضروری تھا لیکن جب کہ کھیلنے والوں کی تعداد تقریباً دس گنا بڑھ جائے گی یہ رقوم ہرگز کافی نہیں ہوسکتیں بنابریں ہم پرزور سفارش کرسکتے ہیں کہ ہر مدرسہ کے لئے سرکاری امداد کم از کم اس قدر بڑھائے جائے جتنا کہ اس مدرسہ میں سالانہ چندۂ گیمس وصول ہوتا ہے اسوقت ممکن ہے کہ مدارس نئے اخراجات کی کفالت کرسکیں

ان دو عملی دشواریوں کے علاوہ تیسری دشواری شاید انتظامی ہو گشتی کے اعتبار سے چند مدرسین کی نگرانی کافی ہے۔ ہمارے خیال میں فقط نگرانی کافی نہیں اگر مدرسین خود کھیلوں میں حصہ بھی لیں تو اس کا اثر زیادہ ہوگا اس میں شک نہیں کہ مدرسین پر نئے فرائض عائد ہوتے جاتے ہیں اور جو معاوضہ ان کو مل رہا ہے وہ انکی دماغی کاوشوں کا معاوضہ نہیں ہوسکتا۔ دراصل انہوں نے نونہالان قوم کو سنوارنے کا بیڑہ اٹھایا ہے اور اس پیشہ کو اختیار کرکے اپنی علوہمتی اور ایثار کا ثبوت دیا ہے۔ اس لئے اُن محبان قوم، ان پرستاران وطن، ان جفاکش و جانفشان سورماؤں سے ہمیں کامل توقع ہے کہ وہ اس دعوت عمل کو لبیک کہیں گے جو ان کے سپہ سالار نے ان کے کانوں تک پہونچائی ہے اساتذہ خود تن دہی اور جوش سے تعمیل احکام میں کوشاں ہوں مبادا یہ موقع ہاتھ سے نکل جائے اور نئی پود کو مکمّا، بیچ لیوچ۔ اور مرزا پھویا بنانے کا داغ انکے چمکدار ہاتھوں کو بدنما کردے۔

امتحان مڈل | چار سال سے امتحان مڈل سکیان لے رہا تھا۔ آخرکار اس کا وقت آپہونچا اور امتحانات علوم مشرقیہ کی طرح یہ بھی کالعدم ہوگیا۔ اسمیں شک نہیں کہ اس نے اپنے دور زندگی میں خدمت بخوبی ادا کیا۔ ابھی ان آنکھوں میں روشنی باقی ہے جنہوں نے حیدرآباد کے زمانہ جاہلیت کو دیکھا اور اس پر آنسو بہائے ہیں۔ ابھی وہ دل متحرک ہیں جو ملک کے علمی افلاس اور تعلیمی تہی دامنی پر مدتوں تڑپے ہیں ابھی وہ دست و بازو سلامت ہیں جن کا زور ریاست میں علوم جدیدہ کی ترویج میں صرف ہوا ہے۔ اسوقت مڈل کا امتحان مفید تھا اور ملک کو اس کی ضرورت تھی

لیکن زمانہ نے شاہراہ ترقی پر لمبے لمبے قدم بڑھائے ہیں اور علمی مطمح نظر بہت اونچا ہوگیا ہے اب مڈل کا امتحان اس لباس کے مانند تھا جو از کار رفتہ ہوجانے کے بعد اتار کر پھینک دیا جاتا ہے خواہ (ابتداءً) وہ کتنا ہی مفید اور کارآمد کیوں نہ رہا ہو۔ یہ وہ مادّہ فاسد تھا جس سے تعلیمی فضا عرصہ سے مسموم ہو رہی تھی۔ یہ امتحان اب بالکل غیر ضروری اور مضرت رسان ہوگیا تھا۔ اور اس کی سدودی جناب خان فضل محمد خانصاحب کے ان انتظامی شاہکاروں میں شمار ہوگی۔ جن کا سلسلہ شروع ہوگیا ہے۔

مڈل کا امتحان گیا مگر اس کی جگہ دو امتحانوں نے لے لی ایک تو ان طلبہ کے لئے جو فوقانی مدارس کے خواہاں ہوں اور دوسرا ایسے لڑکوں کے لئے جو فوقانی تعلیم حاصل کرنا چاہتے ہوں موخرالذکر امتحان ایک بورڈ کے ذمہ رہیگا جس کے میر مجلس صدر صاحب سمت متعلقہ اور ممتحن معتمم صاحب ضلع ہوں گے یہ امتحان ان تین میقاتی امتحانوں کے ماسوا ہوگا جو مدرسین لئے جائینگے اس امتحان سے اکثر فوقانی مدارس کے طلبہ مستثنیٰ رہیں گے۔ باقی فوقانیہ مدارس و وسطانیہ مدارس کے طلبہ کے لئے اس امتحان کی کامیابی اعلیٰ جماعت میں ترقی کرنے کے لئے ضروری ہے

تعلیم بالغان اور تعلیم روزگاری اس عنوان سے جو مضامین صفحہ ۱۵ اور ۲۲ پر درج کئے گئے ہیں یہ ان مفید لکچروں کا خلاصہ ہے جن کو مولوی سید علی اکبر صاحب ایم اے اور مولوی سجاد مرزا صاحب ایم اے صدر جمعیتہ اتحاد باہمی کے سلسلہ جلسوں میں دیا تھا۔

مقدم الذکر مضمون نگار نے تعلیم بالغان کی ضرورت، اہمیت اور اس کے کامیاب وسایل پر شرح وبسط کے ساتھ روشنی ڈالی ہے اور ایک ایسی اسکیم پیش کی ہے جس کا نفاذ ملک سے جہالت دور کرنے کے لئے نہایت ضروری ہے موخرالذکر مقالہ نگار نے تعلیم روزگاری کی اہمیت اور اس کے اہتمام پر کافی روشنی ڈالتے ہوئے فرمایا کہ مروجہ تعلیم منشی یا بابو تیار کرتی ہے لہٰذا موجودہ نقائص کے مدنظر یہ ضروری ہے کہ باشندوں کے پیشوں کی تعداد معلوم کی جائے اور ایک بورڈ کے قیام کی تحریک کی ہے جس کے صدر صدر المہام صاحب فینانس اور اس کے اراکین ناظم تعلیمات، ناظم صنعت وحرفت، ناظم زراعت، ناظم امداد باہمی اور چند بڑے پیشوں کے نمایندے ہوں۔ اگر ایسا بورڈ قائم ہوجائے اور تعلیم روزگاری کے ساتھ ساتھ تعلیم بالغان کے نفاذ کی جانب ارباب حل وعقد توجہ فرمائیں تو ہر طبقہ اور پیشہ کی تعلیمی ضروریات پوری ہونگی، جہالت افلاس اور بے روزگاری کا مسئلہ حل ہوجائیگا اور یقین ہے کہ ملک پیدائش دولت میں لگ جائے گا۔

ایک مخلصانہ پیام طلبہ کے نام

(از عالیجناب خان فضل محمد خان صاحب ایم۔ اے۔ ڈیگلر ناظم تعلیمات مالک محروسہ سرکار عالی)

ذیل میں ہم ناظم صاحب تعلیمات کی وہ نصیحت آموز تقریر جو پچھلے دنوں موصوف نے فٹ بال ٹورنمنٹ کے آخری مقابلے کے وقت فرمائی تھی درج کرتے ہیں اس تقریر میں شفقانہ انداز اور پرخلوص جذبات کے ساتھ طلبہ کو مخاطب کیا گیا ہے وہ ان کی سیرت سازی میں خالی از فائدہ نہ ہوگا ہمیں یقین ہے کہ موصوف کی یہ سچی ہمدردی نونہالان ملک کے لئے از بس مفید ثابت ہوگی۔

(شریک)

محترم خواتین، معزز حضرات، اور میرے عزیز بچو! مجھے آج کے جلسہ میں شریک ہوکر بہت خوشی ہوئی مجھے فٹ بال کا ڈیپ کھیل دیکھنے اور انعامات تقسیم کرنے اور آپ سے گفتگو کرنے کا موقع حاصل ہوا جس کی مجھے بہت مسرت ہے سب سے پہلے میں ان طلبہ کو فرداً فرداً اور ان کی ٹیموں اور مدارس کو مبارکباد دیتا ہوں جنھوں نے اس سال مختلف کھیلوں میں فتح حاصل کی اور فتح کے خوبصورت نشانات حاصل کئے۔ ان طلبہ کے لئے اور ان مدارس کے لئے بہت بڑے فخر اور بہت بڑی خوشی کی بات ہے میدان میں نکل کر جیتنا آسان کام نہیں ہے۔ ہر شخص جو میدان میں نکل کر فتح حاصل کرتا ہے۔ وہ بہت بڑی عزت کا مستحق ہے۔ اور اُسے خود بھی بہت خوشی حاصل ہوتی ہے

میں ان عہدہ داروں کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ جنھوں نے ان تمام ٹورنمنٹوں اور کھیل کا انتظام کیا۔ خاص کر مولوی سید علی اکبر صاحب صدر مہتمم تعلیمات بلدہ و معتمد اتھلیٹک ایسوسی ایشن اور مسٹر نٹ پرنسپال نظام کالج صدر کمیٹی فٹ بال سکشن و سکرٹری صاحبان و دیگر کارکنان کی انتھک کوشش قابل شکریہ ہیں اور میں ان سب کا تہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں۔

اس سال مدرسہ چادر گھاٹ کو بڑی عظیم الشان فتح حاصل ہوی اور اس مدرسہ کے ہر سہ شعبہ جات تحتانیہ، وسطانیہ، اور فوقانیہ نے فٹ بال کے کھیل میں میدان جیت لیا۔ اور شاکر ہیں

فٹ بال میں بھی کامیابی حاصل کی ہیں مدرسہ چادرگھاٹ اور جینے والے طلبہ کو خاص طور پر مبارکباد دیتا ہوں اور امید کرتا ہوں کہ آئندہ سال بھی مدرسہ چادرگھاٹ اسی طرح کامیابی حاصل کریگا۔ اور یہ بھی امید کرتا ہوں کہ دیگر مدارس بھی اسی طرح کھیل کے میدان میں امتیاز حاصل کرنے کی کوشش کریں گے۔

کھیل میں کوشش کرنے کے متعلق میں چند باتیں طلبہ سے خاص طور پر کہنا چاہتا ہوں دس سال قبل جب کھیلوں کے مقابلے ہوا کرتے تھے تو مدارس کے طلبہ اس قدر زیادہ تعداد میں نہیں آیا کرتے تھے۔ جس قدر اب آتے ہیں۔ یہ اچھی علامت ہے۔ اس سے ظاہر ہے کہ کھیلوں کا شوق اب بڑھ رہا ہے۔ اور جب کوئی معرکہ کا کھیل ہوتا ہے تو طلبہ میں جوش بھی زیادہ ہوتا ہے۔ یہ بھی بہت اچھی علامت ہے۔ لیکن جوش کے اظہار میں تھوڑا سا نقص ہے۔ امید ہے کہ یہ بتدریج رفع ہو جائے گا۔ وہ نقص یہ ہے کہ جب کبھی دو مدارس میں مقابلہ ہوتا ہے تو جانبداری کے جذبہ کی جھلک ضرورت سے زیادہ تیز ہو جاتی ہے۔ بلکہ بعض صورتوں میں چنگاریوں کی صورت میں نمودار ہوتی ہے۔ جوہر ایک شریف انسان کے لئے نہایت نازیبا ہے۔ انسانی زندگی کے ہر شعبہ میں انسان کا دل و دماغ ہر اچھی چیز کے لئے ہمیشہ کھلا رہنا چاہئے اس لئے جب دو مدرسوں کی ٹیمیں میدان میں کھیل رہی ہوں تو یہ فطرتی بات ہے کہ ہر ایک مدرسہ کے طالب علم کی خواہش یہ ہو کہ میرا مدرسہ جیت جائے لیکن جب کھیل کے میدان میں مقابلہ ہوتا ہے تو جو ٹیم بہتر ہوتی ہے عموماً وہی فتح پاتی ہے جو طالب علم کھیل کا مقابلہ دیکھنے کے لئے آتے ہیں۔ خواہ وہ ایک مدرسہ کے ہوں یا دوسرے مدرسہ کے ان کو چاہئے کہ میدان میں جب کبھی کوئی کھیلنے والا عمدہ کرتب دکھائے سب طالب علم اس کی قدر اور عزت کریں یہ مناسب نہیں ہے کہ صرف اپنے مدرسہ کے طلبہ کے عمدہ کھیل پر مسرت کا اظہار کیا جائے اور دوسرے مدرسہ کے اچھے کھیل پر اظہار تحسین نہ ہو جو میرا یہ مقصد نہیں ہے کہ طلبہ کے فطرتی جذبات کو روکوں بلکہ صرف یہ چاہتا ہوں کہ ان جذبات کا اظہار اس طرح کیا جائے کہ اس سے سب لوگ خوش ہوں اسپورٹس مین شپ کا ایک بڑا پہلو یہ ہے کہ کھیل میں کوئی کام ایسا نہ کیا جائے جس سے دوسروں اور خاص کر مدمقابل کے دل پر برا اثر ہو اس کے علاوہ مدارس اور طلبہ کی یہ خواہش کہ ہمارا مدرسہ کھیل کے میدان میں کامیابی

حاصل کرے اس طرح پورا نہیں ہو سکتا کہ طالب علم کھیل کے میدان کے گرد کھڑے ہو کر شور کریں بجا شور کرنے سے بدنظمی پیدا ہوتی ہے۔ مثلاً آج کسی شخص نے بے وقت سیٹی بجا دی۔ اور کھیلنے والوں نے یہ سمجھکر کہ ریفری صاحب کی سیٹی ہے کھیل بند کر دیا۔ اگر مولوی عبدالمجید صاحب ریفری خاص طور پر کوشش نہ کرتے تو کھیل کا اسی وقت خاتمہ ہو جاتا۔

کھیل میں کامیابی حاصل کرنے کے لئے مدد کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ جملہ طالب علم اپنے اپنے مدارس میں کھیلنا شروع کر دیں۔ موجودہ صورت یہ ہے کہ ہر ایک مدرسہ میں صرف چند طالب علم ہوتے ہیں۔ جو کھیل میں حصہ لیتے ہیں باقی تماشہ دیکھنے کے لئے آجاتے ہیں، اور تالیاں بجا کر، جاؤ بجا نعرہ ہائے تحسین بلند کر کے اپنے خیال میں اخلاقی مدد دیتے ہیں۔ یہ مناسب نہیں ہے کیونکہ اگر کسی مدرسہ میں پانسو طالب علم ہوں۔ اور پانسو کے پانسو کھیلیں تو مدرسہ کو پانسو کھیلنے والوں میں سے ٹیموں کے انتخاب کا موقع مل سکے گا اس سے طلبہ کا بھی فائدہ ہے کیونکہ ورزش سے ان کی صحت اچھی ہوگی۔ اور مدرسہ کی ٹیم بھی بہتر ہو جائے گی میں یہ توقع رکھتا ہوں کہ جملہ مدارس کے طالب علم کھیل میں شریک ہوں تاکہ وہ تعلیم کے اس اہم پہلو سے پورا فائدہ اٹھا سکیں کھیل کے میدان میں آکر مقابلہ کا جو لطف انھیں آئے گا وہ کھیل کے باہر کھڑے ہو کر تالیاں بجانے میں نہیں آسکتا۔

اب میں یہ بتلانا چاہتا ہوں کہ ملک کو بہ حیثیت مجموعی کس طرح کے طالب علم چاہئیں اس میں شک نہیں کہ آج کھیل کا مقابلہ تھا۔ اس لئے کھیل کا ذکر پہلے آیا لیکن کھیل تعلیم کا صرف ایک جزو ہے اس لئے تعلیم کے دوسرے اجزا کا ذکر بھی لازم ہے، تاکہ طلبہ کو غلط فہمی نہ ہو۔ ملک کو ایسے طالبعلموں کی ضرورت ہے، جو لکھنے پڑھنے میں بھی اچھے ہوں اور ورزش جسمانی اور کھیل کے مقابلوں میں بھی اچھے نکلیں۔ اور ان کے اخلاق بھی پسندیدہ ہوں ہمارے ملک کو ایسے طلبہ کی ہرگز ضرورت نہیں ہے، جو صرف کتاب کے کیڑے ہوں۔ اور جو اپنی صحت سے غافل ہوں۔ اور غفلت سے اپنی صحت کو برباد کریں۔ ہمارے ملک کو ایسے طلبہ کی بھی ضرورت نہیں جو صرف ورزش اور کھیل کے شائق ہوں اور لکھنے پڑھنے کی طرف متوجہ نہ ہوں۔ ایسے طلبہ بھی ہمارے ملک کے لئے مفید نہیں، جو لکھنے پڑھنے میں اچھے ہوں، ورزش بھی کریں لیکن ان کے عادات اور اخلاق اچھے نہ ہوں۔ اس لئے جملہ طلبہ کا مطمح نظر یہ ہونا چاہئے کہ اپنے دل و دماغ جسمانی صحت، اخلاق و عادات سب کو اچھے سے اچھا

بنانے اور سب باتوں میں ایک دوسرے پر سبقت لے جانے کی کوشش کریں۔

اے میرے عزیز بچو! اپنی اس عمر سے پورا فائدہ اٹھاؤ ابھی موقع ہے۔ سرکاری امتحانات اور کھیلوں کے مقابلے اس لئے ہیں کہ جوانی اور لڑکپن کی امنگوں سے پورا نفع حاصل کرو۔ اور ہر بات میں زیادہ سے زیادہ ترقی کرنے کی کوشش کرو۔ ورنہ چند سال کے بعد جب یہ وقت گزر جائے گا تو تم افسوس ملتے رہ جاؤ گے۔ وہ طالب علم کس کام کا جس کے دل میں یہ امنگ پیدا نہ ہو کہ میں امتحان کے میدان میں اپنے جوہر دکھاؤں اور اپنے ہمسروں میں عزت حاصل کروں! وہ طالب علم بھی کیا چیز ہے جس کے دل میں یہ جذبہ نہ پیدا ہو کہ کھیل کے میدان میں مردانہ وار اپنے کرتب دکھاؤں اور اپنے ہم عمروں میں امتیاز حاصل کروں!! اس طالب علم کی بھی کیا حقیقت ہے کہ جس کے دل یہ خواہش پیدا نہ ہو کہ میں اپنے اخلاق اور عادات ایسے اچھے کروں کہ دنیا میری عزت کرے

اے میرے عزیز بچو! یہ یاد رکھو کہ عمل کے میدان میں اور اپنے ملک اور مالک کی سچی اور وفاشعار خدمت کرنے میں وہ طالب علم بازی لے جائے گا، جو ہر بات میں پورا ہو تمام دنیا تعلیم اور تربیت میں سخت کوشش کر رہی ہے۔ ہمارا ملک ممالک غیر سے بہت پیچھے ہے۔ مثال کے طور پر میں صرف ایک بات کہتا ہوں۔ ہمارے ملک میں بیل کی بنڈی، یا جھٹکے، ٹانگے وغیرہ گاڑیاں بنتی اور استعمال کیجاتی ہیں، جو نہایت سست رفتاری سے چل سکتی ہیں۔ اس کے مقابلے میں یعنے غیر ملکوں میں اعلیٰ موٹریں اور اعلیٰ ہوائی جہاز بنتے ہیں، جو دو دو سو تین تین سو میل فی گھنٹے کی رفتار سے زیادہ تیز چلتے ہیں۔ یہ ترقی آسانی سے حاصل نہیں ہو سکتی۔ اس ترقی کے حاصل کرنے کے لئے بہت سخت محنت کی ضرورت ہے

اے میرے عزیز بچو! سرکار نے اپنی فیاضی سے تعلیم کا پورا انتظام کر دیا ہے اور وظائف ایشیا و یورپ بھی منظور فرمائے ہیں اس ملک کی آئندہ ترقی کا انحصار موجودہ زمانے کے طلبہ پر ہے۔ یہ بہت بڑی ذمہ داری ہے میں امید کرتا ہوں کہ آپ اپنی تعلیم کی ترقی میں پوری طرح کوشش کریں گے اب میں اپنی تقریر کو ختم کرتا ہوں۔ میری اس تقریر کا یہ مقصد ہے کہ طالب علموں کو بتا دوں کہ ان کا مطمح نظر کیا ہونا چاہئے۔ اور حصول مقصد کے لئے ان کو کیسی سخت کوشش کرنی چاہئے۔ میں دعا کرتا ہوں کہ خدائے تعالیٰ آپ کو اپنے مقصد تعلیمی میں کامیابی عطا فرمائے اور ملک و مالک کی سچی خدمت کی توفیق دے۔

تعلیم بالغان

(از جناب سید علی اکبر صاحب، ایم اے کیفٹب صدر مہتمم تعلیمات ملبہ و اطراف بلدہ)

تعلیم بالغان سے مراد اُن اشخاص کی تعلیم ہے، جو اپنے سن یا کاروبار کی وجہ سے معمولی مدارس میں شریک نہ ہوسکیں۔ ان ممالک میں جہاں لکھنا پڑھنا عام ہو، تعلیم بالغاں کی تحریک کی غرض و غایت یہ ہوتی ہے کہ جو معلومات کسی مرد یا عورت نے طالب علمی کے زمانے میں حاصل کی ہوں انھیں نہ صرف تازہ ہی رکھا جائے بلکہ ان میں اضافہ کیا جائے۔ چنانچہ انگلستان میں ۱۸۷۰ء سے ابتدائی تعلیم ہر لڑکے اور لڑکی کے لئے جبری ہے اب سارے ملک میں کوئی متنفس جاہل مطلق نہیں رہا اس لئے وہاں تعلیم بالغان کا مقصد اڈلٹ ایجوکیشن کمیٹی نے حسب ذیل قرار دیا ہے۔

چونکہ جمہوریت کا اقتضا یہ ہے کہ اس کے تمام افراد امور ملکی میں عملی حصہ لیں اس لئے ایک جمہوری ملک میں تعلیم کا مقصد یہ ہونا چاہئے کہ ہر فرد نہ صرف اپنے ذاتی یا خانگی یا اپنے پیشہ کے فرائض کو بخوبی انجام دینے کے لائق ہو بلکہ سب سے بڑھ کر وہ سمجھ سکے کہ ملک نے اس بحیثیت شہری کے کیا فرائض عائد کئے ہیں اور ان کی ادا کرنے میں اسے کیا کرنا چاہئے بالفاظ دیگر وہ اپنے ملک کی گزشتہ تاریخ سے واقف ہو اور یہ جانے کہ دیگر اقوام میں اس کے ملک کا کیا درجہ ہے اور وہ کونسے معاشی، سیاسی اور بین الاقوامی مسائل ہیں۔ جن پر ان کے ملک کا انحصار ہے۔

ہندوستان میں تعلیم بالغان کا مسئلہ جن اصول پر تعلیم بالغان کی تحریک مبنی ہے وہ حالات کے اعتبار سے ہندوستان میں زیادہ اہم اور امریکہ جاپان اور یورپ جیسے ترقی یافتہ ممالک سے جدا ہے۔ یہاں خواندہ اشخاص کی جو تعداد ہے وہ نہ ہونے کے برابر ہے مردم شماری کی اصطلاح میں خواندہ سے مراد ایسا شخص ہے جو اپنی مادری زبان میں کسی دوست یا رشتہ دار سے معمولی خط و کتابت کر سکے۔ اس اعتبار سے ہندوستان میں ۱۰۰ فی صدی اشخاص خواندہ ہیں سب سے پہلے ہمیں خواندہ اشخاص کی تعداد میں اضافہ کرنے کی کوشش کرنی چاہئے جبتک ملک میں تعلیم عام نہ ہو ہمارے ملک میں تعلیم بالغان کا مقصد اس قدر اعلیٰ و ارفع نہیں ہوسکتا جتنا کہ انگلستان کے لئے اڈلٹ ایجوکیشن کمیٹی نے قرار دیا ہے۔

پرائمری تعلیم یہ امر غور طلب ہے کہ جہالت کی تاریکی کو دور کرنے کے لئے اب تک کیا تدابیر اختیار کی گئی ہیں اور کن تدابیر کے اختیار کرنے کی ضرورت ہے برٹش انڈیا اور دیسی ریاستوں میں جا بجا پرائمری مدارس عرصہ سے قائم ہیں لیکن جس قدر مصارف پرائمری تعلیم پر ہو رہے ہیں اور جیسی توجہ مبذول کی گئی ہے اس کے مطابق خواندہ اشخاص کی تعداد میں اضافہ نہیں ہوا بلکہ مردم شماری سے ظاہر ہے کہ ممالک محروسہ سرکار عالی میں باوجود یکہ مجموعی طور پر آبادی بڑھ گئی ہے اور تعداد طلبہ میں بھی کافی اضافہ ہوا ہے۔ خواندہ مذکور کی تعداد میں بجائے اضافہ کے کمی واقع ہوئی ہے۔ آخر اس کی کیا وجہ ہے؟ قصہ یہ ہے کہ بہت سے اشخاص جو تحتانیہ مدارس سے تعلیم پاکر نکلتے ہیں۔ وہ کتاب کو بالائے طاق رکھ دیتے ہیں چند سال میں طالب علمی کے زمانہ کا پڑھا لکھا نسیاً منسیا ہو جاتا ہے۔ یہ افسوس ناک رجعت دیہات میں بہت عام ہے بخلاف اس کے شہروں میں یہ مرض اس قدر عام نہیں ہے جہاں پھر بھی پڑھنے لکھنے کے مواقع حاصل ہیں۔ ہندوستان کے بڑے شہروں میں کچھ نہ کچھ علمی چہل پہل ضرور نظر آتی ہے اور عمدہ مدارس اور کالجوں کے علاوہ کتب خانے بھی موجود ہیں لیکن دیہاتی زندگی کی نوعیت عموماً ایسی ہوتی ہے کہ تحتانی تعلیم سے فراغت پانے کے بعد لکھنے پڑھنے اور علمی مشاغل کے جاری رکھنے کے لئے نہ تو کوئی ترغیب و تحریص ہوتی ہے اور نہ موقع ہی ملتا ہے۔ لہٰذا سب سے پیشتر جیسا کہ اوپر اس کا ذکر آچکا ہے ہمیں ملک میں تعلیم عام کرنے کی سخت ضرورت ہے جس کو موجودہ حالات کے تحت کم سے کم نصف صدی کا عرصہ لگے گا۔ مگر جس رفتار سے اور قومیں ترقی کر رہی ہیں اس کے مدنظر ہر محب قوم کی یہی خواہش ہے کہ جلد سے جلد تعلیمی پستی دور ہو اور ملک میں خواندہ اشخاص کی تعداد میں اضافہ کیا جائے مگر مفید شہری بننے کے لئے جن اوصاف کی ضرورت ہے ان کے پیدا کرنے کے لئے محض ابتدائی تعلیم کا نسخہ کسی طرح کافی نہیں ہے کیونکہ حالات موجودہ کے تحت کی کرائی محنت ضائع جا رہی ہے اور لوگ ابتدائی تعلیم ختم کر کے تھوڑی ہی مدت میں پڑھا پڑھایا بھول کر پھر قعر جہالت میں جا گرتے ہیں اس کا ارتفاع اسی وقت ممکن ہے جب ہم بچوں (آئندہ شہریوں) کے علاوہ پختہ عمروں یعنے موجودہ شہریوں کی تعلیم کا بھی انتظام کریں۔ ہندوستان میں اس تحریک کا علمبردار پنجاب ہے جہاں اس وقت ساڑھے تین ہزار مدارس بالغان موجود ہیں جن میں گنتی کے

ایک لاکھ طلبہ پڑھ رہے ہیں ہمارے ہاں گذشتہ تین سال سے بتدریج مدارس شبینہ کھل رہے ہیں۔ مگر یہ تحریک ابھی ابتدائی حالت میں ہے۔ اور اس کی اشاعت و ترقی کے لئے ایک زبردست پروپاگندہ کی ضرورت ہے۔

تعلیم بالغان کی ضرورت اگر پختہ عمروں کی تعلیم کا مناسب انتظام کیا جائے تو اس سے حسب ذیل فوائد مترتب ہوں گے۔

(۱) اگر ہندوستان کے ہر شہر اور موضع میں ابتدائی تعلیم جبری بھی کر دی جائے تو کروڑوں اشخاص ایسی عمر کے نکلیں گے جو معمولی مدارس میں نہ شریک ہو سکتے ہیں اور نہ اپنے کاروبار کی وجہ سے مدارس کے اوقات کی پابندی کر سکتے ہیں ایسے اشخاص جاہل کے جاہل ہی رہیں گے۔ لہذا جبری تعلیم کے ساتھ پختہ عمروں کی تعلیم کا بھی انتظام کرنا چاہئے تاکہ جہالت کی تاریکی ملک سے بہت جلد دور ہو۔

(۲) دیہاتیوں کو چونکہ پڑھنے لکھنے کے مواقع کم ملتے ہیں لہذا جبری تعلیم کے نفاذ کے بعد بھی یہ اطمینان نہیں ہو سکتا کہ ابتدائی مدارس میں جو کچھ انہوں نے سیکھا ہے اس کو وہ نہیں بھول جائیں گے لیکن اگر تعلیم بالغان کا انتظام کیا جائے تو یہ خطرہ باقی نہیں رہے گا۔ جہاں ابتدائی تعلیم جبری نہیں ہے۔ وہاں مدارس بالغان کی اور بھی ضرورت ہے کیونکہ جن اشخاص نے پرائمری مدارس میں تعلیم بھی پائی ہے ان میں سے اکثر ایسے ہیں جو لکھنا پڑھنا سیکھنے سے پیشتر ہی مدرسہ چھوڑ دیتے ہیں

(۳) پرائمری تعلیم کا مقصد اولین یہ ہے کہ بچے لکھنا پڑھنا اور معمولی حساب سیکھ لیں۔ یہ تعلیم ان کے لئے مفید اور کارآمد ضرور ہے لیکن اپنے ذاتی پیشہ اور خصوصاً شہری فرائض انجام دینے کیلئے تقاریر کافی نہیں لہذا ان کیلئے اور کتابچا نون کا انتظام کیا جائے تو وہ اپنے معلومات کو نہ صرف تازہ رکھیں گے بلکہ ان میں اضافہ بھی کر سکیں گے۔

(۴) پختہ عمروں کا مدرسہ کسی گاؤں یا محلہ کے مختلف فرقوں اور پیشوں کے افراد میں باہمی میل جول اور اتحاد پیدا کرنے کا زبردست آلہ بن سکتا ہے۔ اگر اساتذہ اچھے ہوں تو وہ متعلمین میں نہایت خوشگوار تعلقات پیدا کر سکتے ہیں۔

(۵) اس وقت ہندوستان کے تعلیم یافتہ افراد اور عوام میں جو مغائرت ہے وہ تعلیم بالغان

سے ایک حد تک دور ہو جائے گی۔

(۶) تعلیم بالغان کی بدولت کاروباری لوگ فرصت کے اوقات کا مفید استعمال کریں گے اور بیکار گپ شپ اور لڑائی جھگڑے کم ہو جائیں گے اس سے ان کے اخلاق پر اچھا اثر پڑے گا اور ان کی زندگی کا معیار بلند ہو جائے گا۔

(۷) تعلیم بالغان کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ جب والدین خود تعلیم پانے لگیں گے تو وہ اپنی اولاد کی تعلیم میں زیادہ دلچسپی لیں گے اور ان کے اخلاق بھی کچھ نہ کچھ درست ہو جائیں گے۔ جب ان کے گھروں کی حالت بہتر ہو جائے گی تو اس کا اثر اولاد کی تربیت پر اچھا پڑیگا۔

نصاب اور طریقہ تعلیم جن اشخاص نے سرے سے مدرسہ میں تعلیم ہی نہ پائی ہو یا اگر تھوڑی بہت پائی بھی ہو تو لکھنا پڑھنا سیکھنے سے قبل مدرسہ چھوڑ دیا ہو ان کو اعلیٰ تعلیم نہیں دی جا سکتی اور وہ پرائمری مدارس کا نصاب ان کے لئے موزوں ہو سکتا ہے یہ ظاہر ہے کہ قصہ گوئی سبق الاشیاء ڈرل اور ڈرائنگ جیسے مضامین میں پختہ عمروں کو کوئی دلچسپی نہیں ہو سکتی ہے۔ ناخواندہ یا نیم خواندہ سن اشخاص کے لئے اولاً اس بات کی ضرورت ہے کہ وہ اپنی مادری زبان میں لکھنا پڑھنا سیکھیں اور روزمرہ کے حساب کتاب سے واقف ہو جائیں۔ .....

... اور اس کے علاوہ لکچروں کے ذریعہ ایسی معلومات بہم پہنچائی جا سکتی ہیں جو ان کی اخلاقی اور معاشی بہبودی اور صحت جسمانی سے متعلق ہوں پختہ عمروں کے لئے مندرجہ ذیل مضامین دلچسپ ہیں۔

مقامی تاریخ، حفظان صحت، جغرافیہ، انجمن ہائے امداد باہمی، سیونگ بنک، ملکی نظم و نسق، مقامی صنعتیں، متعدی امراض، فلاح الطفال (چائلڈ ویلفیئر) اور (دیہاتی رقبوں میں) زراعت اور امراض مویشی وغیرہ حتی الامکان شروع میں ایسے مضامین کا انتخاب کیا جائے جن کا لگاؤ تعلیمیں کے کاروبار سے ہو لکچروں کے سننے اور ان کے فوائد کا تجربہ اٹھانے کے بعد ان کا تعلیمی شوق بڑھتا جائے گا اور وہ دوسرے مضامین میں بھی دلچسپی لینے لگیں گے۔ بڑے شہروں میں مقررین کی کمی نہیں ہے البتہ ان کی فراہمی کے لئے کوشش درکار ہے۔ موسمی تعطیلات میں یونیورسٹی کے طلبہ سے بھی کام لیا جا سکتا ہے۔ دیہات میں مقررین کا مہیا کرنا دشوار ہے مگر یہ مشکل یوں رفع ہو سکتی ہے

کہ دورہ کرنے والے عہدہ دار سرکاری کام سے فراغت پاکر شام کو مدرسے بالغان کا معائنہ کریں اور ایسے منجث پر تقریریں جو اہل دہ کے لئے مفید اور دلچسپ ہو۔ اس طرح علاوہ اور فوائد کے سرکار اور رعایا میں بہتر تعلقات قائم ہوں گے۔

تعلیم بالغان کے لئے لاسلکی یورپ اور خصوصاً انگلستان اور جرمنی میں پختہ عمروں کی تعلیم کے لئے سینما اور طلسمی فانوس (لاسلکی) اور میجک لینٹرن (طلسمی فانوس) کا کثرت سے استعمال کیا جا رہا ہے۔ دو سال قبل جب میں شہنشاہی تعلیمی کانفرنس میں شریک ہونے کے لئے انگلستان گیا ہوا تھا، وہاں لاسلکی کے ذریعہ جو کام ہو رہا ہے، اس کو دیکھ کر مجھے بے حد حیرت ہوی۔ میرے قیام کے زمانے میں سورج گرہن ہوا، جس کے ایک روز قبل پروفیسر ٹرنر ایک ماہر علم ہیت کی تقریر سارے ملک میں منتشر (براڈ کاسٹ) کی گئی۔ اس تقریر کا کچھ حصہ میں نے بھی سنا۔ پروفیسر صاحب نے اپنی تقریر کو اس قدر آسان اور دلچسپ بنایا تھا کہ بچے بھی سمجھ سکتے تھے۔ مقررین کی فراہمی میں جو دشواریاں پیش آتی تھیں وہ لاسلکی سے بہت کچھ دور ہوگئیں اور اس کے بدولت مختلف مفید معلومات میں اضافہ ہونے کے علاوہ گھر بیٹھے اعلیٰ درجہ کی موسیقی سننے کا موقع بھی ہاتھ لگا

سینما کو بھی حیثیت ایک ذریعہ تعلیم کے یورپ میں بہت ترقی دی جا رہی ہے۔ جغرافیہ، حفظان صحت، زراعت اور صنعت و حرفت کی معلومات بہم پہونچانے میں اس کا استعمال بیحد مفید ثابت ہوا ہے لندن میں امپیریل انسٹیٹیوٹ نے ہندوستان، کنیڈا، آسٹریلیا اور جنوبی افریقہ وغیرہ کے طبعی، معاشرتی اور معاشی حالات سے متعلق جو فلم تیار کئے ہیں وہ قابل دید ہیں۔ تعلیمی فلم کی تیاری میں جرمنی نے انگلستان سے زیادہ ترقی کی ہے۔ یورپ میں سینما کی مقبولیت کے باوجود میجک لینٹرن سے بھی کام لیا جا رہا ہے۔

ہندوستان میں لاسلکی ابھی ابتدائی حالت میں ہے اور سینما کو ذریعہ تعلیم بنانے کا خیال بھی پیدا ہو چلا ہے بعض حصوں میں سفری سینما (Travelling Cinema) کا انتظام بھی کیا گیا ہے جو نہایت مسرت بخش ہے۔ مگر جب تک لکھنا پڑھنا عام نہ ہو سینما سے وہ فوائد مترتب نہیں ہو سکتے ہیں جو یورپ میں ہوے اور ہو رہے ہیں، کیونکہ کسی فلم کے سمجھنے کے لئے سرخیوں کا پڑھنا ضروری ہے۔ اس میں شک نہیں کہ فلم کو زبانی بھی سمجھایا جا سکتا ہے مگر زبانی سمجھانے کے لئے

سینما سے زیادہ میجک لینٹرن موزوں ہے۔ ہندوستان کے شہروں میں میجک لینٹرن کے لکچر کا انتظام ہو چلا ہے بمبئی میں وزیول انسٹرکشن یعنی مشاہدہ کے ذریعہ تعلیم دینے کا انتظام کیا گیا ہے اور خاص اسی کے لئے ایک انسپکٹر مقرر ہوا ہے جو دورہ کر کے میجک لینٹرن کی مدد سے طلبہ کو مفید باتیں بتاتا ہے۔ میسور میں بھی مدارس فوقانیہ کو میجک لینٹرن دی گئی ہیں اور مددگار رسائل کی اس کی حفاظت اور استعمال کے صلہ میں دس روپیے الاونس ماہانہ دیا جاتا ہے۔ سلائیڈ مختلف مدارس میں باری باری سے گشت کرائے جاتے ہیں اور تہواروں کے موقع پر میجک لینٹرن ڈسٹرکٹ بورڈ کو دیجاتی ہے تاکہ پبلک بھی اس سے مستفید ہو سکے۔ میسور گورنمنٹ کے زیر غور یہ بھی مسئلہ ہے کہ دیہات میں اسی قسم کا انتظام کیا جائے۔

افسوس ہے کہ ممالک محروسہ سرکار عالی میں اس طرف بہت کم توجہ کی گئی ہے صرف بڑے بڑے فوقانیہ مدارس میں میجک لینٹرن کا انتظام ہے لیکن عوام کو اس سے فائدہ نہیں پہنچتا۔ یہ امر باعث مسرت ہے کہ صدر جمعیتہ اتحاد امداد باہمی نے چھ میجک لینٹرن اور تین ہزار کے سلائیڈ کا انتظام کیا ہے تقاریر ملکی زبان میں زراعت، امداد باہمی اور تعلیم پر ہوتی ہیں سال گذشتہ جب نظام ریلوے نے سفری نمایشی گاڑی تمام ریلوے مقامات پر بھیجی تھی تو جمعیتہ مذکور کا نمایندہ امداد باہمی کے فوائد پر تقریر کرتا تھا لیکن یہ تمام جد و جہد کسی خاص اصول کے تحت ہونا چاہیے جس کی تنظیم اسی وقت ممکن ہے جب کہ پختہ عمر اشخاص کے لئے کافی تعداد میں شبینہ مدارس قائم ہو جائیں فرض کہ اسباق کے موضوع جو صفحہ قرطاس پر بیجان اور مردہ معلوم ہوتے ہیں اور جو فضا میں ایک گونج سے زیادہ وقعت نہیں رکھتے، سینما اور طلسمی فانوس کے پردہ پر ان کی جیتی جاگتی تصویر آنکھوں کے سامنے پھرنے لگتی ہے اور دل پر گہرا نقش چھوڑ جاتی ہے

حیدرآباد جیسے شہر میں دو تین میجک لینٹرنس کافی ہوں گی جن سے باری باری مختلف محلوں میں کام لیا جا سکتا ہے۔ اضلاع میں علاوہ مدارس فوقانیہ کے مہتمم تعلیمات اور دو مددگار رسائل کے لئے امداد باہمی کو ایک ایک لینٹرن دیجائے تو حین دورہ دیہات کے باشندوں کو کارآمد باتیں بتائی جا سکتی ہیں۔ مدارس شبینہ کی تعداد میں کافی اضافہ ہو تو ہر ضلع میں نہ سہی مگر

ہر صوبہ میں ایک خاص انسپکٹر کے تقرر کی ضرورت ہوگی۔

اساتذہ درسی کتب اور مدت تعلیم اوپر اس کا ذکر آچکا ہے کہ مدارس بالغان کا اولین مقصد یہ ہے کہ ان پڑھ یا نیم خواندہ اشخاص مادری زبان میں پڑھنا لکھنا سیکھ جائیں اس خصوص میں تین سوال اہم ہیں۔

(۱) اساتذہ کا انتخاب (۲) درسی کتب (۳) مدت تعلیم۔

(۱) اگر کسی مدرسہ بالغان میں صحیح طریقہ پر تعلیم ندی جائے تو بہت جلد تعداد گھٹ جائیگی اور متعلمین کی محنت رائگاں جانے کا اندیشہ ہے جو طریقہ بچوں کے لئے مفید ہے وہ بڑوں کے لئے کسی طرح موزوں نہیں ہوسکتا اس لئے نارمل اسکولوں کو جو مدرسین اور امیدوار ٹریننگ کے لئے بھیجے جاتے ہیں اگر ان میں سے چند کو پختہ عمروں کو تعلیم دینے کا طریقہ بھی بتایا جائے تو اس سے اس تحریک کو بہت فائدہ پہنچے گا۔ اساتذہ کے انتخاب میں یہ ملحوظ رہے کہ بااثر مدرسین منتخب ہوں جن پر گاؤں کے لوگوں کا اعتماد نہ ہو اور ان کی شخصیت شاگردوں کے دل میں وقعت پیدا کرسکے جو تعلیم دیجائے وہ نہ صرف دلچسپ اور دلکش ہو بلکہ حتی الامکان اسکا تعلق عملی دنیا اور متعلمین کے کاروبار سے ہو۔

(۲) مدارس تحتانیہ کے کتب، مدارس بالغان کے لئے موزوں نہیں ہوسکتی کیوں کہ وہ بچوں کی دلچسپی کو ملحوظ رکھکر لکھی گئی ہیں لہذا پختہ عمر اشخاص کے لئے ایسی کتابوں کی ضرورت ہے جو ادبی حیثیت سے بچوں کی کتب کے معیار کے برابر ہوں مگر مضامین پختہ عمروں کے مذاق اور ان کے کاروبار سے متعلق ہوں۔ پنجاب میں اس قسم کی کتابیں تیار کی گئی ہیں مگر وہ ہماری یہاں کے پختہ عمر اشخاص کے لئے موزوں نہیں ہیں اگر یہ تحریک عام ہوجائے تو ہم کو خاص کتب کی تیاری کا انتظام کرنا پڑے گا۔

(۳) مدت تعلیم کا انحصار پڑھنے لکھنے اور حساب کے معیار پر ہے پنجاب کے ایک عہدہ دار تعلیمات نے یہ رائے ظاہر کی ہے کہ اگر ہفتہ میں چھ دن روزانہ دو گھنٹے تعلیم دیجائے تو معمولی نوشت وخواند ابتدائی حساب کے سیکھنے کے لئے چھ مہینے کی مدت کافی ہوگی میسور میں تو یہ تجربہ کیا جارہا ہے کہ تین ہی مہینے میں تعلیم ختم کیجائے۔ اس کی کامیابی کے متعلق خود ناظم صاحب تعلیمات

نے جب کہ میں بنگلور گیا ہوا تھا اپنے شک کا اظہار کیا۔ بلدہ میں مجھے جو تجربہ ہوا ہے وہ یہ ہے کہ متعلمین چھ مہینے میں آسان الفاظ اور جملے پڑھنا سیکھ جاتے ہیں لیکن مردم شماری کی رپورٹ میں خواندگی کا جو معیار قرار دیا گیا ہے اس کو نہیں پہنچتے اگر مدت تعلیم ۹ ماہ قرار دیجائے تو متعلمین اس قابل ہوسکتے ہیں کہ آسان کتابیں اور اخبار پڑھ سکیں اور معمولی خط و کتابت کرسکیں کوشش اس امر کی کرنی چاہیئے کہ پختہ عمر اشخاص میں تعلیمی شوق پیدا ہوجائے تاکہ وہ اخبار بینی اور کتب بینی جاری رکھیں اور مدرسہ سے نکلنے کے بعد بھی لکچروں میں شریک ہوا کریں۔ فارغ التحصیل متعلمین کو پنجاب لیٹریسی سرٹیفکیٹ (یعنے سند خواندگی) دیا جاتا ہے۔ یہ طریقہ ترغیب و تحریص دلانے کے لئے مفید ہے خصوصاً سرکاری یا غیر سرکاری چھوٹی خدمات پر تقرر کے وقت ان صداقت ناموں کا لحاظ کیا جائے۔

ایکسٹرا تعلیم بالغان پختہ عمروں کی تعلیم کی اشاعت بغیر گورنمنٹ کی دلچسپی ہمدردی اور امداد کے ممکن نہیں۔ سرکاری مدارس میں شبینہ جماعتوں کا افتتاح کرنے کے علاوہ گورنمنٹ کو چاہیئے کہ کوکلفنڈ کمیٹیوں اور امدادی مدارس کو ایسی جماعتوں کے قیام کی ترغیب دلائے اور ری امداد سے دریغ نہ کرے۔ اس کے ساتھ پبلک کی دلچسپی بھی ضروری ہے۔ پنجاب میں تعلیم بالغان کو جو ترقی ہوئی وہ انجمن ہائے امداد باہمی کی کوشش کا نتیجہ ہے بعض انجمنوں نے یہ قاعدہ مقرر کیا ہے کہ اگر کوئی کن تاریخ شرکت سے دو سال کے اندر لکھنا پڑھنا نہ سیکھ لے تو وہ انجمن سے خارج کیا جائے۔ علاوہ انجمنوں کے ریلوی کمپنیاں اور بڑے بڑے کارخانے اپنے ملازمین کے لئے مدارس شبینہ قائم کرکے ملک سے جہالت کو دور کرنے میں بہت کچھ حصہ لے سکتے ہیں۔ فوج میں بھی تعلیم بالغان کی اشاعت کے لئے وسیع میدان ہے۔ اسی طرح قید خانوں میں بھی انتظام کیا جاسکتا ہے۔ جس سے انسداد جرائم اور قیدیوں کو مفید شہری بنانے میں بڑی مدد ملے گی۔ ممالک محروسہ میں دارالضرب ٹیلیفون تعمیرات اور صفائی کے ان پڑھ ملازمین کے لئے شبینہ مدارس قائم کرنے کی سخت ضرورت ہے۔ کسی شبینہ مدرسہ کے انتظام کے لئے جو کمیٹی مقرر کی جائے اس میں محلہ یا گاؤں کے سربرآوردہ اشخاص کو شریک کرنا چاہیئے اور فارغ التحصیل متعلمین کو بھی لحاظ موزونیت کمیٹی کی رکنیت کے لئے انتخاب کرنا مفید ہوگا۔

کتب خانے | ملک میں تعلیم عام کرنے کے لئے مدارس شبینہ کے ساتھ کتب خانوں کا قیام بھی نہایت ضروری ہے تاکہ مدرسے سے نکلنے کے بعد ان لوگوں کو مطالعہ جاری رکھنے اور ذاتی سعی سے اپنے معلومات میں اضافہ کرنے کا موقع مل سکے۔ بحالت موجودہ ہر گاؤں میں کتبخانے کا قیام دشوار ہے لیکن ہر تعلقہ میں ایک گشتی کتب خانہ قائم کیا جائے تو تمام دیہات کی ضرورت پوری ہو سکتی ہیں۔ ریاست بڑودہ میں گشتی کتب خانوں کے قیام سے نہایت عمدہ نتائج مترتب ہوئے ہیں۔ اس وقت ریاست مذکور میں تقریباً ۸۰۰ دیہاتی کتبخانے موجود ہیں اور سالانا ایک لاکھ سے زیادہ افراد ان سے استفادہ کرتے ہیں پنجاب میں ۵۰ کتب خانے مدارس وسطانیہ میں قائم کئے گئے ہیں جن سے طلبہ اور مدرسین کے علاوہ عوام کو مستفید ہونے کا موقع ملتا ہے میسور میں ۷ کتب خانہ اضلاع میں قائم کئے گئے ہیں جن کو لوکلفنڈ سے امداد ملتی ہے۔

افسوس ہے کہ ممالک محروسہ میں لوکلفنڈ کی کمیٹیوں نے اس طرف بہت کم توجہ کی ہے سردست ہر مستقر تعلقہ پر ایک کتب خانہ قائم کرنے کی ضرورت ہے بلدہ حیدرآباد کی بعض مساجد کے کتب خانوں سے بڑا فائدہ پہنچ رہا ہے اسی طرح اضلاع کی مساجد میں کتب خانوں کا قیام ازبس ضروری ہے۔

پختہ عمروں کیلئے دیگر ذرائع تعلیم | کتبخانوں کے علاوہ عجائب گھروں اور تصویر خانوں اور نمائشوں کے ذریعہ سے پختہ عمر اشخاص کی معلومات میں وسعت و پختگی اور ان کی زندگی کے لطف اور مسرت میں اضافہ کیا جا سکتا ہے بمبئی۔ کلکتہ۔ مدراس۔ اور برطانیہ ہند کے بعض دیگر بڑے شہروں میں جس پیمانہ پر عجائب گھر قائم کئے گئے ہیں اسی پیمانہ پر بلدہ میں بھی پبلک میوزیم قائم کرنے کی ضرورت ہے۔ امید ہے کہ میونسپلٹی اس طرف توجہ کرے گی اضلاع کی لوکلفنڈ کمیٹیوں کو چاہئے کہ کم از کم ہر صوبہ کے مستقر پر ایک عجائب گھر کا افتتاح کریں۔ نمائش کے لئے بہترین موقع کوئی میلہ۔ تہوار یا عرس ہے یہ امر باعث طمانیت ہے کہ ممالک محروسہ سرکار عالی میں اب بعض وقت ایسے موقعوں پر نمائش قائم کر کے دیہات کے باشندوں کو مصنوعات اور زرعی پیداوار وغیرہ کے نمونے بتائے جاتے ہیں نظام ریلوے نے سالگذشتہ اسی غرض سے سفری نمائشی ٹرین کا جو انتظام کیا تھا وہ بھی نہایت مفید ثابت ہوا انتظامیہ مدرسین بالغان کو

چاہیئے کہ عجائب گھروں اور نمائشوں کو متعلمین کے ہمراہ جاکر مختلف اشیاء وغیرہ کے متعلق ان کو زبانی تفہیم کریں نیز شہر یا گاؤں میں اگر کوئی تاریخی مقامات ہوں تو ان کو ایسے مقامات کی بھی تفریح کراکے ملک کی تاریخ سے ان کو دلچسپی دلائیں اور اس کی زندہ یادگار ان کے سامنے پیش کریں۔

پختہ عمر عورتوں کی تعلیم ممبان وطن کی یہ آرزو کہ ہندوستان دیگر ترقی یافتہ ممالک کا ہم پلہ ہوجائے اسی وقت پوری ہوسکتی ہے جب کہ نہ صرف مردوں بلکہ عورتوں میں بھی تعلیم عام ہوجائے اگر کوئی شخص جرمنی جاکر یہ دیکھے کہ وہاں گھروں پر مائیں کس طرح بچوں کی پرداخت اور تربیت کرتی ہیں تو وہ یہ محسوس کئے بغیر نہیں رہے گا کہ یہی مائیں جرمنی کی عظمت کا باعث ہیں۔ جاپان کی ترقی کا راز بھی یہی ہے کہ اس نے عورتوں کی تعلیم کی جانب اسی قدر توجہ کی جس قدر مردوں کی تعلیم کی جانب۔ اب ٹرکی بھی اسی اصول پر کاربند ہے مصطفےٰ کمال پاشا نے جو تدابیر اور طریقے اختیار کئے ہیں خواہ ہم ان کے موید ہوں یا نہ ہوں لیکن اس سے کسی کو انکار نہیں ہوسکتا کہ انہوں نے پردے کو محض یورپ کی کورانہ تقلید میں موقوف نہیں کیا۔ بلکہ اس رسم کے توڑنے سے ان کی اصلی غرض یہ تھی کہ عورتوں کی تعلیم میں کسی قسم کی رکاوٹ باقی نہ رہے یہ کس قدر افسوس کی بات ہے کہ ہندوستان میں (۹۸) فیصدی اور ممالک محروسہ سرکار عالی میں تو تقریباً (۹۹) فیصدی عورتیں جاہل ہیں جب تک عورتوں میں جہالت باقی ہے نہ تو وہ مردوں کی رفیق کار بن سکتی ہیں نہ ہمارے گھروں کی حالت درست ہوسکتی ہے اور نہ ہی بچوں کی پرورش تعلیم اور تربیت ایسی ہوسکتی ہے کہ آیندہ چل کر وہ مفید شہری بنیں ملک سے جہالت اسی وقت دور ہوگی جب کہ تعلیم نہ صرف لڑکوں بلکہ لڑکیوں کے لئے بھی جبری قرار دیجائے۔ عورتوں کی تعلیم میں اس وقت دو قدیم رسوم سدراہ ہیں کمسنی کی شادی اور پردہ۔ توقع ہے کہ اول الذکر رسم عنقریب بذریعہ قانون موقوف کردیجائے گی اور میری رائے میں اب وقت آگیا ہے کہ اگر پردہ یک لخت اٹھا بھی نہ دیا جائے تو کم از کم اس رسم میں ایسی ترمیم کیجائے کہ اس سے لڑکیوں کی تعلیم میں رکاوٹ نہ پیدا ہو۔

لڑکیوں کے علاوہ پختہ عمر عورتوں کو بھی تعلیم کی اسی قدر ضرورت ہے جتنی کہ پختہ

عمر مردوں کو لیکن کچھ تو پردہ اور کچھ کام کاج کی وجہ سے پختہ عمر عورتوں کی تعلیم کا کام آسان نہیں تاہم گھروں پر پڑھے لکھے بھائی اپنی بہنوں اور شوہر اپنی بیویوں کو فرصت کے اوقات میں تعلیم دیکر خواندہ اناث کی تعداد میں بہت کچھ اضافہ کر سکتے ہیں علاوہ بریں پختہ عمر عورتوں کی تعلیم کے لیے موجودہ مدارس نسواں میں بھی انتظام ممکن ہے شادی شدہ اور دیگر عورتوں کی تعلیم کے لئے رات کا وقت موزوں نہیں ہے لیکن دن کو گھر کے کام کاج سے فارغ ہونے کے بعد وہ کچھ وقت پڑھنا لکھنا سیکھنے کے لئے آسانی سے نکال سکتی ہیں۔ مدارس نسوان میں لڑکیوں کو مدرسہ لانے اور گھر پہونچانے کے لئے منجانب سرکار جو گاڑیاں مقرر ہیں وہ اوقات مدرسہ میں بیکار رہتی ہیں لہذا مدرسہ کے قرب وجوار میں رہنے والی شادی شدہ عورتوں کی تعلیم کے لئے جو وقت مقرر کیا جائے اس وقت ان کو مدرسہ لانے کے لئے انہیں گاڑیوں سے کام لیا جا سکتا ہے اس کے لئے جو مزید صرفہ عائد ہوگا وہ زیادہ قابل لحاظ نہ ہوگا۔ پڑھنا لکھنا سکھانے کے ساتھ شادی شدہ عورتوں کو امور خانہ داری اور بچوں کی پرورش و پرداخت کی بھی تعلیم و تربیت دینا ضروری ہے اس کے علاوہ دیگر امور کے متعلق بذریعہ تقاریر ان کی معلومات میں اضافہ کیا جا سکتا ہے۔ پختہ عمر مردوں کے لئے جن تقاریر کا انتظام کیا جائے ان میں سے جو تقاریر عورتوں کے لئے موزوں و مفید ہوں پردہ کا انتظام کر کے ان کو ایسے جلسوں میں شریک ہونیکا موقع دیا جا سکتا ہے البتہ بعض مضامین کے لئے جو عورتوں کے مخصوص فرائض سے متعلق ہیں خاص انتظام کرنا پڑے گا۔ انگلستان میں پختہ عمر عورتوں کی تعلیم کے لئے ایک علیحدہ انجمن (Women's Institute) قائم ہے جس کی شاخیں چار ہزار مواضعات میں پھیلی ہوئی ہیں۔ اس کے علاوہ ماؤں کی بھی ایک انجمن (Mother's union) موجود ہے جو بچوں کے رکھ رکھاؤ میں نہایت مفید کام انجام دے رہی ہے بمبئی اور پونہ میں سیوا سدن کی جانب سے شادی شدہ عورتوں کو امور خانہ داری وغیرہ کی تعلیم دینے کا انتظام کیا گیا ہے خدا کرے وہ دن جلد آئے جب کہ اس قسم کی انجمنیں ممالک محروسہ میں بھی قائم ہوں۔

اعلیٰ تعلیم بالغاں | یہاں تک میں نے محض ابتدائی تعلیم بالغان سے بحث کی مجھے یہ بتانے کی ضرورت نہیں معلوم ہوتی کہ مدارس میں حتیٰ کہ مدارس فوقانیہ میں بھی جس قسم کی تعلیم دیجاتی ہے اس سے

طلبا میں شہری بننے کی صلاحیت نہیں پیدا ہوتی۔ اس لئے ابتدائی تعلیم بالغان کے علاوہ اعلیٰ تعلیم بالغان کے انتظام کی بھی ضرورت ہے تاکہ ان لوگوں کو جو یونیورسٹی کی بھی تعلیم سے محروم رہے ہیں تلافی مافات کا موقع ملے تعلیم بالغان کی ترویج و ترقی میں۔ وائی۔ ایم۔ سی۔ اے۔ اور دیگر غیر سرکاری انجمنوں مثلاً سروینٹس آف انڈیا۔ سیوا سمتنی سوشیل سروس لیگ اور اسٹوڈنٹس برادر ہڈ بمبئی نے جو جد و جہد کی ہے وہ لائق ستایش ہے۔ لیکن اس کام کو جس جمعگی اور خوش اسلوبی سے یونیورسٹیاں انجام دے سکتی ہیں وہ دوسرے ذرائع سے ممکن نہیں۔ کلکتہ میسور مدراس۔ ڈھاکہ۔ علیگڈھ اور بنارس ہندو یونیورسٹی نے اس جانب قدم بڑھایا ہے اور حال میں مدراس یونیورسٹی نے ٹامل زبان میں سائنٹی فک مضامین پر عام فہم تقاریر کا انتظام کیا ہے لیکن دوسرے ممالک کی یونیورسٹیوں نے علمی مشاغل کے ذوق اور جستجوئے حق کے بے لوث شوق کو ابھارنے کے لئے جو کچھ کیا ہے اس کا عشر عشیر بھی ہندوستانی یونیورسٹیوں نے نہیں کیا۔ جامعہ عثمانیہ نے اکسٹنشن لکچر کا انتظام کیا ہے لیکن ابھی تک کوئی باقاعدہ کوشش نہیں کی گئی ضرورت اس امر کی ہے کہ لکچر زمانہ تعطیلات میں مقرر ہوں اور بجائے چند مخصوص اور دقیق عنوانات کے اگر ایسے موضوعات مقرر کئے جائیں جن سے عوام کو دلچسپی ہو اور جس کو وہ اچھی طرح سمجھ سکیں تو البتہ ان کی فائدہ رسانی بڑھ جائے گی میرے نزدیک ہر یونیورسٹی میں ایک اکسٹنشن بورڈ ہونا چاہئے جو اعلیٰ تعلیم بالغاں کی ذمہ داری اپنے سر لے اس بورڈ میں جامعہ اور رشتہ تعلیمات کے علاوہ عوام کے بھی نمایندہ ہوں۔ جامعات کے کو ایسی تعلیم دینے اور کامیاب بنانے کیلئے سرکار کی جانب سے امداد دیجائے۔ ذریعہ تعلیم کے متعلق یہ ذکر دلچسپی سے خالی نہ ہوگا کہ ہندوستان میں تعلیم بالغان کے مسئلہ پر غور کرنے کے لئے اکٹوبر ۱۹۲۱ء میں لندن میں ایک کانفرنس ہوئی تھی جس کے صدر سر مائیکل سیڈلر تھے۔ اس کانفرنس نے سفارش کی ہے کہ بالغ العمر اشخاص کو مادری زبان میں تعلیم دینا ضروری ہے اس رائے کی صحت سے کسی کو انکار نہیں ہو سکتا کیونکہ جو بالغ العمر اشخاص اعلیٰ تعلیم حاصل کر چکے ہیں وہ بھی انگریزی کی بہ نسبت مادری زبان میں تقریروں کو زیادہ آسانی سے سمجھیں گے۔ جو مضامین ان لکچروں کے واسطے مقرر ہوں وہ حتی الامکان

ایسے ہوں جن کا تعلق روزانہ زندگی سے ہو مثلاً تاریخ معاشیات، سیاسیات، جغرافیہ۔ اور سائنٹیفک انکشافات و تحقیقات مقررین کو چاہیئے کہ وہ ہر مضمون کے متعلق کارآمد کتابوں کے مطالعہ کی ترغیب دیں۔

چونکہ ہندوستان کے (۹۲) فیصدی باشندے جہالت کی تاریکی میں پڑے ہوئے ہیں اس لئے جس طرح کہ لڑکوں اور لڑکیوں کے لئے بہ نسبت یونیورسٹی کی تعلیم کے پرائمری تعلیم کی جانب زیادہ توجہ کی ضرورت ہے اسی طرح مدارس ثانویہ میں تعلیم پائے ہوئے پختہ عمروں کی تعلیم کے مسئلہ کے مقابلہ میں ناخواندہ نیم خواندہ پختہ عمروں کی تعلیم کا مسئلہ زیادہ اہم ہے سرکار اور مقامی کمیٹیوں کو چاہیئے کہ بچوں کے علاوہ ناخواندہ پختہ عمروں کی تعلیم کا انتظام کرنا اپنا فرض عین سمجھیں نیز ملک کے تعلیم یافتہ افراد سے یہ توقع کرنا بیجا نہ ہوگا کہ وہ تھوڑے سے ایثار سے کام لیکر جہالت کے خلاف جہاد میں شریک ہوں اور اپنے ان پچھڑے بھائیوں کی زندگی کے معیار کو بلند کرنے اور ان کو مفید شہری بنانے کے کام میں حصہ لیں وہ اس سے بڑھ کر اور کوئی قومی خدمت انجام نہیں دے سکتے۔

کیونکہ تعلیم نہ صرف معاشی بلکہ سیاسی ترقی کی بھی بنیاد ہے پچھلے دنوں کیمبرج میں تعلیم بالغان کی پہلی عالمگیر کانفرنس کے موقع پر لارڈ ارون نے جو کانفرنس کو پیام بھیجا تھا اس میں انھوں نے یہ بالکل صحیح کہا کہ "تعلیم بالغان اُن سیاسی مسائل کے حل کرنے میں جو آج ہندوستان کو درپیش ہیں غیر معمولی طور پر اہم اور مُمد ہے۔ گذشتہ تیس پینتیس سال کے عرصہ میں ہمارے لیڈروں نے جو سیاسی جدوجہد کی ہے اگر اسی قدر جدوجہد ملک سے جہالت کو مٹانے کیلئے کیجاتی تو مجھے یقین ہے کہ آئیڈ برٹش جنوبی افریقہ اور آئرلینڈ کی طرح آج ہندوستان بھی ایک آزاد ملک ہوتا

تعلیم روزگاری

(از جناب مولوی محمد سجاد مرزا صاحب یم اے (کنٹب) سی ای۔ (لنڈن)

تعریف تعلیم روزگاری سے مراد ایسی تعلیم ہے جو انسان کو اس قابل بنائے کہ وہ خود اچھا کھائے اچھا پیئے۔ اپنی بیوی کو اچھا کھلائے۔ اچھا کپڑا اور زیور پہنائے۔ اپنی اولاد کو اپنے سے بہتر اور آرام دہ زندگی بسر کرنے کے لئے تیار کرے اور اپنے اوقات فرصت دماغی اور روحانی ترقی میں صرف کرے۔

تعلیم روزگاری کے نظام ترتیب میں تین امور کا لحاظ نہایت ضروری ہے۔

(۱) ملک کی طبعی حالت (۲) وہاں کے باشندوں کی معاشی حالت (۳) ان کا مطمح نظر۔

ملک کی طبعی حالت ریاست حیدرآباد جس کا رقبہ (۸۲۶۹۸) مربع میل ہے، سطح مرتفع دکن کا بیشتر حصہ گھیرے ہوئے ہے یہ سطح سمندر سے اوسطاً ۱۲۵۰ فٹ بلند ہے۔

اس کے شمال اور مغرب میں پہاڑوں اور چٹانوں کا سلسلہ ہے۔ تو جنوب مغرب میں مورم، کنکروں کے خطے ہیں شمال و مغرب میں پہاڑوں کی اونچی اونچی چوٹیاں، عمیق وادیاں، بہتے چشمے، اقسام کی لکڑی کے ہرے بھرے جنگل، دلکش منظر ہیں۔ وہاں کی زمین حقیقت میں سونا اگلتی ہے، لیکن جنوب و مشرق میں کچھ رنگ ہی اور ہے یہاں پہاڑ بے سبزہ و گیاہ، زمین ریتلی، چشمے جلد خشک ہونے والے ہیں اس ریاست کے سینہ میں قارون کا خزانہ دفن ہے ہیرے یاقوت کوئلے کی کانوں، سنگ مرمر اور ابرق وغیرہ کی بہتات ہے اس کو چھوٹے بڑے دریا مثلاً، مانجرا، پین گنگا، گوداوری تنگ بھدرا۔ اور کرشنا.... سیراب کرتے ہیں۔

باشندگان کی معاشرتی حالت ملک کی طبعی تقسیم کی مناسبت سے باشندے بھی دو بڑے اور ایک چھوٹے گروہ میں منقسم ہیں۔ شمال مغرب میں مرہٹے آباد ہیں جنوب و مشرق میں تلنگے اور بالکل جنوب میں کنڑے بادی النظر میں ان تینوں گروہوں میں بہت فرق معلوم ہوتا ہے، لیکن حقیقت

یہ ہے کہ یہ سب کے سب رسم و رواج اور مذاہب کی جکڑ بندیوں کے باعث کم و بیش ایک سی معاشرت رکھتے ہیں۔ چاہئے وہ ہندو ہوں یا مسلمان۔

سنہ ۱۹۲۱ء کے اعداد و شمار کے لحاظ سے اس ریاست کی کل آبادی ۵۷۷۱۲۴ ہے جو ڈھائی ہزار گاؤں میں پھیلی ہوئی ہے اگر کسی گاؤں کی آبادی پر تفصیلی نظر ڈالی جائے۔ تو ظاہر ہوگا کہ برہمن دو حصوں میں تقسیم ہوتے ہیں:-

(۱) ایک تو ہندو اقوام اور اپنے ذات والوں کی پوجا پاٹ کا کام انجام دیتا ہے چنانچہ سرکار سے اس کے لئے کوئی انعام بھی مقرر رہتا ہے۔

(۲) دوسری پٹوار گری کرتا ہے یہ اچھا زمیندار ہوتا ہے۔ اور نوکروں سے کاشت کراتا ہے۔

ویش یہ چھوٹی موٹی تجارت کرتے اور قرضہ وغیرہ دیتے ہیں۔

کنبی یہ بالکل زراعتی پیشہ ہیں اور اپنی اراضی پر خود ہل چلاتے ہیں ان میں سے بعض پٹیل قدامت خاندان موروثی پٹیل ہوتے ہیں۔

مانگ اور کوئی۔ بالکل مزدوری پیشہ کرتے ہیں۔

کمہار یہ مٹی کے برتن تیار کرتا ہے اور کویلو بناتا ہے۔ اسی طرح دھوبی بڑھائی لوہار اور یہ سب اپنی خدمات کے معاوضہ میں غلہ پاتے ہیں جسکو بلوتہ کہتے ہیں دھیرادی قسم کے کام کرتے ہیں بھوئی مچھلی پکڑتے ہیں مزدوری کرتے ہیں مرہٹواری میں بہت کم پائے جاتے ہیں۔

درزی۔ مزدوری پر کپڑا سیتے ہیں۔ بنیا، مارواڑی، تجارت کرنے اور قرضہ دیتے ہیں نرئی یہ باجا بجاتے ہیں۔ رنگاری۔ کپڑے وغیرہ رنگتے ہیں۔ ساری، دسوچی وغیرہ اپنا اپنا پیشہ انجام دیتے ہیں۔

مسلمان بہت کم کاشت کرتے ہیں اکثر ملازم پیشہ ہوتے ہیں ان سے ساہوکار حفاظت اور قرضہ وصول کرنے کا کام لیتے ہیں اور ان کی شہرت یہ ہے کہ اپنے مالک کے لئے مار کٹ کرنے تیار رہتے ہیں ان میں سے بعض بھیک بھی مانگتے ہیں اور کوئی ایک حلقہ بنا کر پیرین بیٹھتا ہے یہ سب لوگ آپس میں نہ شادی بیاہ کر سکتے ہیں نہ کھا پی سکتے ہیں بلکہ یوں کہئے کہ اپنی ذات کے

باہر انسان کا وجود ہی نہیں سمجھتے۔ بالعموم مٹی کے جھونپڑوں میں کھتیوں سے گھرے ہوئے زندگی کے دن گذارتے ہیں۔ یہ وہ عناصر ہیں جو دیہی زندگی کی جان ہیں اور قدیم نظام تمدن کا افتادہ نو ہیں۔

اب تم باشندگان ریاست کو بلحاظ پیشہ دیکھا جائے تو ان کی تقسیم یوں ہوتی ہے۔

کاشت	۶۱۶۵۰۴۴
صنعت وحرفت	۱۰۷۱۸۳۷
تجارت	۱۲۱۸۶۹۲
ملازمت سرکاری	۷۶۳۰۹۲
فقیر وآوارگان۔	۱۶۵۴۶۴

یہ اعداد وشمار ہیں کہ ہماری ریاست میں سب سے بڑا ذریعہ معاش زراعت ہے اس کے بعد صنعت وحرفت ہے۔ پھر تجارت اور سب سے آخر میں ملازمت سرکاری۔ لیکن اس کے ساتھ ہم کو یہ یاد رکھنا چاہئے کہ ہمارے دیہاتوں کے علیحدہ علیحدہ ہونے اور پیشوں کا مذہبی رنگ لئے ہوئے ہونے کے باعث تقسیم کار اچھی نہیں ہو سکتی۔ اور یہی وہ چیز ہے جس نے ہمارے صناعوں کو مفلس بنا رکھا ہے۔ پیدائش دولت کے لئے تفصیلی تقسیم کار ضروری ہے۔ اور ہر شخص کا کسی ایک کام کے لئے وقف ہو جانا لازمی ہے۔ لیکن دیہات میں محدود بازار ہونے کے باعث کسی صناع کو یہ ترغیب نہیں ہوتی کہ وہ کسی خاص کام یا صنعت کا ماہر بنے کیونکہ مقامی ضروریات پورا کرنے کے بعد اس کی محنت کا ثمرہ نہیں ملتا یہی وجہ ہے کہ دیہاتی بڑھئی ہر قسم کا لکڑی کا کام کرتا ہے گنڈیریا اور کمبل باف ایک ہی شخص ہوتا ہے۔ موچی بھی چمڑا کماتا، رنگتا، چپل، مشک اور ڈول بناتا ہے۔ اس خصوص میں ایڈم اسمتھ نے جو لکھا ہے وہ ہمارے دیہات کے حسب حال ہے۔ دیہاتی کاریگر تقریباً ہر جگہ مجبور ہوتے ہیں کہ صنعت وحرفت کے ان مختلف شاخوں کو سرانجام دیں جو ایک دوسرے سے اس قدر قریب کا تعلق رکھتی ہیں کہ ان میں ایک ہی قسم کی اشیاء کام میں آتی ہیں ایک دیہاتی بڑھئی ہر قسم کا کام کرتا ہے جس کا تعلق لکڑی سے ہوتا ہے اور دیہاتی لوہار لوہے کے متعلق تمام قسم کا کام انجام دیتا ہے اول الذکر صرف بڑھئی ہی نہیں ہوتا۔ بلکہ نجاری اور فرنیچر بنانے اور لکڑی پر کھدوائی کا

کام بھی کرتا ہے اور اسی کے ساتھ ہل اور چھکڑے اور گاڑیاں بھی بناتا ہے۔

اسی ضمن میں گونڈ، بھیل اور لمباڑوں کو بھی فراموش نہ کرنا چاہئے کیونکہ وہ بھی اپنے نیم وحشیانہ زندگی کے باوجود پیدائش دولت کے فرائض انجام دیرہے ہیں۔ گونڈ بھیل، شہد اور اسی قسم کی اشیاء فراہم کرتے ہیں۔ تو لمباڑے افزائش جنس چوپایہ اور باربرداری کا اہم کام کرتے ہیں ان کا مطمح زندگی بھی یہی ہے اگر کسی انگریز سے پوچھو کہ اس کی زندگی کا کیا مقصد ہے تو وہ بلا تکلف کہیگا "دن میں دولت کمانا اور رات کو عیش اڑانا اور جو ذرا تعلیم یافتہ ہے وہ اسی مقصد میں نظام عالم کی اصلاح کا اضافہ کریگا۔ چنانچہ پوری قوم دنیا کو کچھ کرنے اور کر دکھانے کی جگہ خیال کرتی ہے۔ ادنیٰ سے ادنیٰ کام میں بھی جی لگاتی ہے۔ دن بھر کام کی دھن میں رہتی ہے۔ شام میں اپنے وطن کو تفریح گاہ بناتی ہے جدہر دیکھو لوگ دن بھر کلفت دور کئے خوش خوش پھر رہے ہیں، کلب اراکین سے بھرے ہوئے ہیں تماشا گاہیں مرد عورتوں سے پُر ہیں کہیں رقص و سرود ہے تو کہیں علمی تذکرہ ہے کہیں احباب کے جلسے کہیں دوسرے شغلے ہمارے ہم وطنوں کا کاہا وآدم ہی نرالا ہے برہمن ہیں تو اپنی ذات پات میں گرفتار اور اپنی اعلیٰ حیثیت کو برقرار رکھنے میں سرگرداں مسلمان ہیں تو دین کے نہ دنیا کے۔ ہر وہ چیز جو ادبار کا باعث ہو سکتی ہے اس کو جزو مذہب تصور کرتے ہیں اور جنت کے خواب دیکھتے رہتے ہیں پست اقوام کا حال نہ پوچھئے صدیوں کی پستیوں نے ان کے دل سے بھی خیال نکال دیا ہے کہ وہ انسان ہیں جب ہم دنیا کے عناصر زندگی پر غور کرتے ہیں تو یہ دیکھتے ہیں کہ ان کے حواس ایسے منتشر ہیں کہ کہیں جمائے سے نہیں جمتے۔ ہاتھ پاؤں گر سے جاتے ہیں دل میں نہ کوئی جوش ہے نہ ولولہ محبت مفقود ہے سینوں میں رشک وحسد اور نفاق کی آگ دہک رہی ہے بزم خوشی میں محفل غم کا سماں ہوتا ہے ہر طرف مایوسی ہی مایوسی دکھائی دیتی ہے قوائے جسمانی اور قوائے دماغی پر ایک مردنی سی چھائی ہوئی ہے ان کی ہر تعمیر میں بھی خرابی کی ایک صورت مضمر ہے مختصر یہ کہ دیہات کی زندگی موت کا نمونہ بن گئی ہے۔

تعلیم مروجہ ان امور کو پیش نظر رکھتے ہوئے۔ یہ ضروری معلوم ہوتا ہے کہ یہ دیکھا جائے کہ موجودہ تعلیم جس کا مقصد مکمل انسان بنانا اور اس کو کارآمد زندگی کے لئے تیار کرنا ہے۔ کس حد تک

عناصر دیہات کی اصلاح و ترقی کے لئے موزوں و مناسب ہے مروجہ تعلیم کے متعلق ماہرین تعلیم اختلاف رائے رکھتے ہیں ایک گروہ یہ کہتا ہے کہ موجودہ تعلیم بالکل لٹریری یعنے ادبی ہے دوسرے گروہ کا یہ خیال ہے کہ مروجہ تعلیم محدود قسم کی فنی تعلیم ہے کیونکہ وہ محض منشی اور بابو تیار کرتی ہے تھوڑی دیر کے لئے اول الذکر ہی رائے کو تسلیم کریں تو ہم دیکھتے ہیں تقریباً پچاس سال کی ادبی تعلیم کے باوجود اب تک کوئی ایسی جماعت کی بنیاد نہیں پڑی ہے جو علمی ذوق و شوق رکھتی ہو اور علم کو محض علم کی خاطر حاصل کرتی ہو اگر یہ نہیں تو کم از کم اتنے عرصہ کی تعلیم کے بعد ہم اتنی توقع ضرور کر سکتے ہیں کہ اس نے دماغوں کو روشن کر کے تباہ کن رسم و رواج اور مذہبی توہمات کو تھوڑا بہت دور کر کے انسانی برادری کا خیال پیدا کر دیا ہوگا لیکن آپ دیہات تو دیہات شہروں میں بھی ڈھونڈیں تو مشکل سے ایسے آدمی نظر آئیں گے جو ہماری تعلیم گاہوں کے سب مدارج پورے کرنے کے بعد اپنے عادات و اطوار رسم و رواج اور ملمع زندگی میں اپنے جاہل بھائیوں سے کسی قدر بہتر ہوں گے۔ ثانی الذکر کی اس رائے میں کہ مروجہ تعلیم منشی و بابو تیار کرتی ہے۔ حقیقت کی بو آتی ہے۔ سند دار ندہ امیدواروں کی کثرت نے نتیجہ تعلیم پر کافی سے زیادہ روشنی ڈالدی ہے ہم آغاز تعلیم جدید کو ٹٹولتے ہیں تو دیکھتے ہیں کہ میکالے کی اپنی تاریخی یادداشت میں جو مروجہ تعلیم کا جز لاینفک ہے لکھا ہے کہ ہمیں یہ کوشش کرنی چاہئے کہ ایک گروہ ایسے تعلیم یافتہ ہندیوں کا تیار کر دیں جو ہمارے اور ہماری کثیر التعداد رعایا کے درمیان ترجمان کا کام انجام دے سکے یہ نئے تعلیم یافتہ رنگ اور خون کے اعتبار سے ہندی اپنے ذوق۔ افکار اور اخلاق کے لحاظ سے انگریز ہوں۔ سرسید علیہ رحمۃ نے جب مسلمانوں کی تعلیم کا بیڑا اٹھایا تو انہوں نے اپنی تقاریر اور تحریرات میں نئی تعلیم کے جاری کرنے کی بڑی وجیہ تبلائی کہ اس کے ذریعہ ملازمت سرکاری ملنے میں آسانیاں ہونگی اور نئے تعلیم یافتہ دیوبند اور اسی قسم کے دیگر مدارس کے فارغ التحصیل اشخاص کیطرح روٹی کو محتاج جوتیاں چٹخاتے نہیں پھریں گے مختصر یہ تاریخ اور نتائج سے یہ باور کرنے میں تامل نہیں ہوتا کہ مروجہ تعلیم منشی و بابو ساز ہے لیکن یہ بھی ایک قسم کی تعلیم روزگاری ہے اس لئے نامناسب نہ ہوگا اگر ہم یہ معلوم کریں۔

(۱) کہ یہ کس قسم کی تعلیم روزگاری ہے اور کس حد تک کارآمد ہے۔
(۲) دیہات پر اس کا کیا اثر پڑا ہے۔

اس سے قبل ہم یہ بتا چکے ہیں کہ ہمارے ملک کے باشندے چند طبقوں میں منقسم ہیں اور ہر طبقہ نے کوئی نہ کوئی پیشہ مخصوص کر لیا ہے اس ریاست میں مسلمان اور برہمن اعلیٰ مرتبہ رکھتے ہیں انکی روزی کے دو طریقہ ہیں جن کے پاس زمین یا روپیہ ہے۔ وہ پاؤں ہلائے بغیر پیٹ بھرتے ہیں جو مفلس اور نادار ہیں وہ نوکری کرتے ہیں نوکری کرنے کی وجہ صرف مروجہ تعلیم ہی نہیں ہے بلکہ روایات ملک اس کے زیادہ ذمہ دار ہیں۔ از منہ قدیم سے ہندوستان میں حکومت کو خاص امتیاز حاصل رہا ہے اراکین حکومت عزت و آبرو رکھتے ہیں ہندوستان جیسے مفلس ملک میں متوسل آمدنی چاہے وہ کتنی ہی کم ہو نعمت غیر مترقبہ ہے چنانچہ دوسرے پیشے کے لوگ بھی ملازمت سرکاری میں داخل ہونے کے کوشاں رہتے ہیں انکو موجودہ تعلیم نے سہولتیں بھی دیدی ہیں۔ اس طرح نوکری پیشہ طبقے تو دوسرے پیشوں میں نہیں جاتے ہیں لیکن دوسرے پیشے والے نوکری پیشہ طبقہ میں بھرتے چلے جاتے ہیں یہ امر تعجب خیز بھی نہیں ہے ہندوستان تو ایسا ملک ہے جہاں انگریزوں جیسی تجارت پیشہ قیام تجارت کرنے آئی لیکن تجارت کرتے کرتے ملازمت پیشہ ہوگئی مسلمان و برہمن حکومت سے وابستہ رہے ہیں اور واقعہ یہ ہے کہ ان دونوں طبقوں میں ملازمت سرکاری آبائی پیشہ ہو گیا ہے ہم یہ کیسے بھول جائیں کہ کچھ ہی عرصہ قبل تک ہمارے تعلیم گاہوں کی ہر سند تقرر کا حکم رکھتی تھی ہمارے ملک میں اس وقت ۱۲۸۷۶۸ برہمن اور ۶۶۴۰۲۲ مسلمان ہیں گذشتہ دس سال میں مسلمانوں کی تعداد میں اضافہ ہوا ہے اور انکی تعداد سرعت سے بڑھ رہی ہے لیکن اس کے باوجود کہ قائم شدہ محکموں میں توسیع ہوئی جدید محکمہ جات قائم ہوئے ہیں نوکری پیشوں کی تعداد کھپ نہیں سکتی موجودہ تعلیم گاہوں کے تعلیم یافتہ نوکری کے لئے ہاتھ پھیلانے پر مجبور ہیں مگر ان سے کہا جاتا ہے کہ افسوس کوئی جگہ خالی نہیں ہے کوئی اور پیشہ اختیار کرو۔ زراعت کرو تجارت کرو۔ صناع بنو۔ لیکن یہ کوئی نہیں دیکھتا کہ مروجہ تعلیم تقسیم کار کے لحاظ سے اس طبقہ کے لئے محض بے سود ہی نہیں بلکہ مضرت رساں ہوگئی ہے

جو اپنی تعداد کے مدنظر ملک کے جملہ طبقوں میں چوتھے درجہ پر ہے اور وقت آگیا ہے کہ ٹراونکور کی طرح جس نے وکلاء کی زیادتی تعداد کے مدنظر کالج بند کر دیا ہمارے موجودہ طرز کے مدارس میں کمی کی جائے۔

موجودہ تعلیم یافتوں کا نوکری سے جان بدلنے کے لئے مینول ٹریننگ کا نسخہ تجویز کیا گیا ہے خیال یہ کیا جاتا ہے کہ اگر مینول ٹریننگ جاری کر دی گئی ہے تو ہمارے تعلیم گاہوں کی پیداوار دوسرے پیشوں کی طرف راغب ہونے لگے گی میں اس سے تفصیل سے بحث نہیں کر سکتا اتنا کہنا کافی سمجھتا ہوں کہ جس طرح مذہبی تعلیم کے اضافہ سے مذہب کے پابند طلباء تیار ہوئے ہیں اور نہ ہوں گے اسی طرح ورزش جسمانی سے طلباء کی صحت درست ہوئی ہے اور نہ ہوگی اس طرح مینول ٹریننگ سے اور پیشوں کی طرف رجحان ہوگا اور نہ نوکری کا خیال چھوٹے گا میں اپنے مطلب کو ورزش جسمانی کی تعلیم کی مثال سے اور واضح کرتا ہوں۔ ہمارے مدارس میں طلباء کی جسمانی اصلاح کے لئے نہ صرف کھیل کود کا انتظام ہے بلکہ اس کے لئے خاص معلمین کا تقرر بھی کیا گیا ہے لیکن کیا آپ کسی کی جسمانی حالت درست کر سکتے ہیں جبکہ اس کو پیٹ بھر کھانا نہ ملتا ہو بھلا بغیر کافی اور اچھی غذا کے ورزش جسمانی موثر ہو سکتی ہے جسٹک اور پیشے باوقت وباوقار نہ بنائے جائیں اور مستقل دوافر آمدنی کا ذریعہ نہ بن جائیں نوکری کی جنگ کا ہٹ کم نہ ہوگی۔ اب ہم یہ دیکھیں گے کہ دیہات پر ہماری تعلیم کا کیا اثر ہوا۔ ہمارے مدارس نقش بر آب ہیں دیہاتی زندگی کے کسی شعبہ پر ان کا کوئی اثر نہیں ہوا ہے اور یہ جو خیال ہے کہ ان مدارس کی وجہ سے لوگوں نے زراعت چھوڑ نوکری کرنی شروع کر دی ہے وہ محض حقیقی حالات سے ناواقفیت کی بنا پر ہے۔ چنانچہ میں زراعتی تعلیم کے ذکر میں اس غلط فہمی کو دور کروں گا اس موقع پر یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ ہمارے مدارس تحتانیہ کا نصاب تقریباً وہی ہوتا ہے جو یورپ یا انگلستان کے مدارس میں رائج ہے۔ پھر کیا بات ہے کہ یہاں وہی نتائج مرتب نہیں ہوتے واقعہ یہ ہے کہ ہر مدرسہ کی کامیابی کا انحصار مدرس پر ہوتا ہے۔ اور ہمارے ان کے دیہات کے مدرسہ کے لئے تو غیر معمولی مدرس کی ضرورت ہے دیگر ممالک جو معراج پر پہنچے انہوں نے اس راز کو سمجھا۔ ڈنمارک میں مدرسوں کی تعداد کو بڑھانے سے قبل

استادوں کی تیاری پر نظر رکھی جاتی ہے۔ ہمارے ہاں پہلے مدارس قائم کر دیے جاتے ہیں پھر مدرس کی تلاش ہوتی ہے۔ اور ان کی ماموری کی مدت بعد کہیں ان کی تربیت پر غور کیا جاتا ہے حالانکہ ہندوستان میں بالخصوص ان معاشرتی حالات کے مدنظر جن کا ذکر کیا گیا ہے قبل از قبل مدرس کی خاص تیاری از حد ضروری ہے۔ برخلاف اور ممالک کے ہمارے مدرس کو اپنے طلبا کو صرف درسی کتب ہی نہیں پڑھانا ہے بلکہ اس سے گھر کی روایات رسم و رواج دقیانوسی توہمات کو بھی دور کرنا ہے انسانیت کا سبق دینا ہے۔ اور یہ بتلانا ہے کہ ہر ایک اپنے کو قوم کا ایک جزو خیال کرے قوم کی دولت میں اپنی ذاتی محنت سے اضافہ کرے اور متمدن زندگی بسر کرے۔

موجودہ تعلیم کے نقائص کو محسوس کرتے ہوئے یہ ضروری ہے کہ باشندوں کے پیشوں کی تعداد معلوم کی جائے اور اس بات کی نگرانی رکھی جائے کہ پیشوں کے مدارس میں ضرورت سے زیادہ تعداد تعلیم کی غرض سے شریک نہ ہو سکے سرکاری ملازمت کی تیاری قانون۔ طب۔ تجارت کی طرح ایک پیشہ کی تربیت سمجھی جائے۔

تعلیم نسواں دیگر ذرائع روزگاری کی شرح کرنے سے پہلے میں یہ ضروری سمجھتا ہوں کہ اس طبقہ پر ایک اجمالی نظر ڈالوں جو ہماری زندگی کا جزو لاینفک ہے لیکن پس پردہ ہونے کے باعث ہمارے خیال سے اوجھل ہو گیا ہے۔ عام طور سے یہ خیال کیا جاتا ہے کہ عورت بیوی اور ماں بننے کے لئے پیدا ہوئی ہے اس لئے اس کی تعلیم روزگاری، خانہ داری کی تعلیم ہو سکتی ہے۔ ہمارے موجودہ تعلیم یافتوں کا خیال ہے کہ عورت کی تمام دلچسپیاں گھر کی چہار دیواری سے وابستہ رہیں اور وہیں کی وہیں ختم ہو جائیں۔

مروجہ نظام تعلیمی میں بھی عورتوں کی ضروریات کا بالکل خیال نہیں کیا گیا ہے اس سے جو کچھ نتائج برآمد ہوتے ہیں ان کی صراحت سے میں احتراز کرتا ہوں کیونکہ موجودہ مدارس کی تعلیمیافتہ لڑکیوں نے اپنے شوہروں، بچوں اور گھروں کی جو گت بنائی ہے۔ اس سے ہر کس و ناکس واقف ہے۔ میں یہ کہتا ہوں کہ کیا یہ مناسب نہ ہوگا کہ ہم مدارس اناث میں حساب ریاضی، تاریخ و جغرافیہ اور ادب کا معیار کم کر کے ایسے مضامین کا اضافہ کر دیں جن کا جاننا

ہر بیوی کے لئے ضروری ہے مثلاً تیمارداری، موسیقی، کاشت ترکاری، پکوان وغیرہ اور اختیاری مضامین میں کپڑے دھونا انگریزی پکوان، صفائی پکوان، حفظان صحت، مصوّری، موسیقی وغیرہ رکھ دیں۔ ایسے مضامین میں جب امتحان ہونے لگیگا تو لڑکیوں کی قدر بڑھ جائے گی۔ ماؤں کی فکر کم ہو جائے گی اور بلا طلب میسیوں درخواست گزار آموجود ہوں گے۔

گو اس ریاست میں عورتوں کی جملہ تعداد بھی مردوں کی جملہ تعداد سے خاصی کم ہے لیکن ان کی بڑی تعداد عضو معطل نہیں ہے۔ وہ پردہ کی بندشوں سے پاک ہے اور غیر مردوں سے ملنے جلنے اور ان کے دوش بدوش کھیت اور کارخانوں میں کام کرنے کے باوجود اخلاقی حالت میں اپنی پردہ نشین بہن سے کسی طرح کم نہیں ہے کوئی ایسا دیہات نہیں جہاں عورتیں حقیقی معنوں میں مردوں کی شریک غم وخوشی اور شریک کار نہیں ہیں لہذا ان کی تعلیم کے انتظام میں کوئی خاص مشکل حائل نہیں ہے۔

ذرایع روزگاری | پیشوں کی زیادتی متمدن ممالک کی خصوصیت ہے۔ انگلستان کے پیشوں کی لغت دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اس وقت وہاں سولہ ہزار قسم کے پیشے ہیں۔ گو زمانہ قدیم میں وہاں کے پیشوں کی تعداد ہندوستان کے پیشوں کی تعداد سے ملتی جلتی تھی لیکن ہماری ریاست میں فی الوقت مشکل سے ساٹھ مختلف پیشے ہیں ان میں سے بڑا پیشہ زراعت ہے

زراعت | خواہشمندان ملازمت سرکاری کی کثرت کے باعث یہ خیال ہو چلا ہے کہ مروجہ تعلیم کے اثر سے زراعت سے بے توجہی ہونے لگی ہے اس لئے زراعتی مدارس قائم کئے جائیں موجودہ مدارس میں زراعتی تعلیم کا انتظام کر کے باشندوں کو زراعت ہی کے پیشہ میں لگا رہنے دیا جائے۔ لیکن یہ خبر نہیں کہ زراعت کی اب وہی حالت ہے جو ملازمت سرکاری کی ہے۔ موجودہ زرعی زمین موجودہ زراعت پیشہ لوگوں ہی کے لئے کافی نہیں ہے مرہٹواڑی رقبہ کا اوسط فی کس ۱۵ ایکر ہے اور تلنگانہ میں تقریباً ۳ ایکر یہ مشکل سے ایک خاندان کی پرورش کے لئے کافی ہے۔ اوّل تو صدیوں کے بے تکے استعمال سے ان اراضیات کی روئیدگی میں انحطاط ہو چلا ہے۔ دوسرے جدید طرز کاشت کا مطلب یہ ہے کہ کاشتکاروں کی تعداد میں اور بھی کمی ہو یہی وجہ ہے کہ کاشتکار معاش کے لئے دوسرے ذرائع اختیار کرنے

مجبور ہوتے ہیں لیکن خوش قسمتی سے عادل آباد کا ایک ایسا ضلع ہے جہاں بے روزگاروں کی بڑی تعداد کھپ سکتی ہے۔ اگر بے روزگار تعلیمیافتوں کے لئے ایک ادارہ قائم کرکے ان کو جدید ترین طریقہ زراعت کی تعلیم دیجائے امداد باہمی کے ذریعہ اصولوں سے واقف کردیا جائے اور اس کے بعد ضروری اشیاء اور کچھ رقم دیکر ۱۵ یا ۲۰ ایکر زمین کے قطعات دے جائیں تو میرے خیال میں بڑا کام ہوگا۔ زراعت کو فروغ ہوگا۔ بے روزگار روزگار سے لگ جائیں گے اور ملک کی پیداوار میں اضافہ ہوگا۔

آبائی کاشتکاروں کے لئے ابتدائی تعلیم تو ایسی ہی ضروری ہے جیسے کھانا، کپڑا، مگر اس کے بعد زراعت کی تعلیم کے لیے وہی طریقہ اختیار کرنا چاہئے جو ڈنمارک میں رائج ہے۔ طلبہ ابتدائی تعلیم کے بعد زراعت میں مشغول ہوجاتے ہیں چند سال کے بعد جبکہ وہ زراعت کے عملی پہلو سے واقف ہوجاتے ہیں مرکزی مدارس میں زراعت کی تعلیم دیجاتی ہے۔ اس تعلیم کے بعد وہ پھر کھیتوں کو چلے جاتے ہیں اور کچھ وقفہ کے بعد پھر ان مدارس میں جمع ہوکر مزید زراعتی معلومات حاصل کرکے عمدہ کاشتکار بنتے ہیں۔

سنا جاتا ہے کہ زراعتی کالج کا قیام زیر غور ہے لیکن میں یہ کہے بغیر نہیں رہ سکتا کہ ہمارے کاشتکاروں کو کالج سے زیادہ متذکرہ قسم کے مدارس کی ضرورت ہے ہندوستان میں زراعتی کالج میں وہ اس میں شک نہیں بڑا کام کر رہے ہیں، لیکن کاشتکار ان سے مستفید نہیں ہوتے۔ ان میں اس وقت جملہ تعداد طلبہ ۹۶۰ ہے مگر زیادہ تر ایسے ہیں جو بعد ختم تعلیم محکمہ زراعت میں ملازم ہونگے پہلے تو یہ قلیل تعداد ہی شرمناک ہے اور جب یہ معلوم ہے کہ اس میں کثرت ان کی ہے جو ملازم ہوجائیں گے تو یہ تعداد اور بھی شرمناک ہوجاتی ہے۔

صنعت وحرفت یورپ کے بھونچال نے ہمارے قدیم نظام تمدن میں رخنے ڈالدئے ہیں۔ ہماری بہت سی صنعتیں معدوم یا مردہ ہوگئی ہیں۔ تاہم ۷۵ فیصدی آبادی دستکاری سے پیٹ پالتی ہے اس سے ثابت ہے کہ مایوسی کی کوئی وجہ نہیں ہے لیکن اسی کے ساتھ رفتار زمانہ کے مدنظر یہ بھی ممکن نہیں ہے کہ پرانی صنعتیں پرانے طریقہ پر ہی زندہ رہیں میں یہ ماننے کے لئے تیار نہیں ہوں کہ ڈھال اور تلوار سے کلدار بندوق کا مقابلہ کیا جاسکتا ہے چرخہ گرفی سے دوڑ آزمائی کرسکتا ہے۔

دیہات کی تنہائی پسندی اور علیحدگی کے دن ختم ہو چکے ہیں اب ضرورت ہے کہ جس طرح چھوٹے چشمے ملکر دریا بناتے ہیں دیہات ملکر شہر بنائیں لیکن اس سے یہ نتیجہ نہ نکالئے کہ میں گھریلو صنعتوں کا مخالف ہوں یا ان کو بے حقیقت تصور کرتا ہوں۔ گھریلو صنعت تو کاشتکار کی لونڈی ہے۔ جب تک کاشتکار کو قدرتی اسباب کے باعث بیکار رہنا پڑیگا گھریلو صنعتیں اس کے پیٹ پالنے میں مدد دینگی۔ ہماری ریاست روئی اور روغنی تخموں کے اعتبار سے دنیا کے بازار میں اہم شمار ہوتی ہے ۱۳۳۶ف میں اس ریاست سے ۵۲۵۵۸۰۰۰ (سوا پانچ کروڑ) روپیہ کی روئی باہر گئی اور ۲۴۵۷۰۰۰ (ڈھائی کروڑ روپیہ کا کپڑا غیر ممالک سے آیا۔ اگر خام روئی کے بجائے کپڑا بن کر جاتا تو ظاہر ہے کہ کتنے ایک پیٹ پلتے اور کتنا روپیہ ملک میں آتا چند گرنیاں قائم درجاری ہیں لیکن ان میں وسعت دینے کی بہت گنجایش باقی ہے۔ کیا یہ کفران نعمت نہیں ہے کہ جس چیز سے کپڑا بنتا ہے اس کو ہم اپنے استعمال تک میں نہ لائیں اور باہر سے تقریباً ڈھائی کروڑ روپیہ کا ہر سال کپڑا خریدیں؟ یہی حال روغنی تخموں کا ہے۔ ۱۳۳۶ف میں ایک کروڑ سے زیادہ روپیہ کے روغنی تخم غیر ممالک میں تیل بنانے کے لئے بھیجے گئے۔ ارنڈی کے تخم کی پیداوار میں ہمارا کوئی مدمقابل نہیں ہے لیکن کیا آپ نے کہیں ارنڈی کا تیل بھی دیکھا جو یہیں بنایا گیا ہو؟ ہمارے ہاں سے ہر سال نصف کروڑ کے چمڑے باہر جاتے ہیں لیکن ایسی حالت میں کہ دوسرے لوگ ان کو کما کر رنگ دیکر بنتے اور فائدہ کماتے ہیں اور ان کے خریدار ان سے چمڑے کی چیزیں مثلاً بیگ، زین، لگام، جوتے وغیرہ بنا کر اور زیادہ منافع حاصل کرتے ہیں۔ میں نے محکمہ کروڑ گیری سے یہ معلوم کرنیکی کوشش کی کہ ہم چمڑے کی بنی ہوئی چیزوں پر کتنا روپیہ صرف کرتے ہیں لیکن افسوس کہ وہاں اب تک اس مواد کے جمع کرنے کا خیال بھی پیدا نہیں ہوا ہے بہرحال میرا یہ اندازہ غلط نہ ہوگا کہ ہم نصف کروڑ روپیہ چمڑے کی بنی ہوئی چیزوں پر ہر سال صرف کرتے ہیں اگر ہم اپنی ہی ضروریات اپنے ہاں کے چمڑے سے ہی پوری کریں تو کتنے لوگ روزی سے لگ جائیں۔ ہمارے یہاں موچی موجود ہیں اگر ان کو تربیت دیجائے تو وہ یعنی یورپ کے موچیوں سے ہمسری کر سکتے ہیں۔

ہم میں سے بہت کم یہ جانتے ہیں کہ ہماری ریاست تقریباً سوا چار لاکھ کی مرغیاں باہر بھیجتی ہے اور ایسی گئی گذری حالت میں، جب کہ نہ کوئی باقاعدہ مرغی خانہ ہے اور نہ لوگ ہی اس کی باضابطہ تجارت کرتے ہیں اگر تربیت یافتہ لوگ مرغی خانوں کو اپنے ہاتھ میں لے لیں تو اس میں بہت کچھ توسیع ممکن ہے۔ ہم بمبئی، مدراس تو کیا چین کی طرح یورپ تک کو مرغی کے انڈے کی سربراہی کر سکتے ہیں۔ کوئلہ، لکڑی، ریشم، مٹی، کے برتن، ابرق، دھات وغیرہ کے کاموں کے متعلق بھی اسی قسم کی تفصیل کی جا سکتی ہے۔

گھریلو صنعتوں کے فروغ دینے میں سیاحوں سے مدد ملتی ہے۔ چنانچہ ایسے صنعتی مقامات پر خصوصاً جب کہ وہاں مناظر یا تاریخی عمارتیں ہوں، ہوٹل بنا کر سیاحوں کے آرام و آسایش کا انتظام کر دیا جاتا ہے۔ بیدر، اجنٹہ، ایلورا وغیرہ جیسے مقامات پر ہوٹل بنا دیئے جائیں تو مجھے یقین ہے کہ اشتہار دیئے بغیر امریکیوں کے غول آنے لگیں گے اور یورپ کی طرح ہم بھی ان کے بے تحکانے دوست سے مستفید ہوں گے۔ جاپانی حکومت نے چھوٹے چھوٹے مقامات تک پر ہوٹل تیار کئے ہیں اور جب یہ کامیابی سے چلنے لگتے ہیں تو حکومت چند شرائط کے ساتھ ان کو غیر سرکاری اشخاص کے حوالہ کر دیتی ہے۔

تجارت | بحالت موجودہ ۱۴ فیصدی لوگ تجارت پیشہ ہیں صنعت و حرفت کی ترقی کیساتھ تجارت پیشہ لوگوں میں اضافہ لازمی ہے۔ لیکن اس وقت تجارت چند مخصوص فرقوں کا آبائی پیشہ ہے اور یہ تنگدل ایسے ہیں کہ کسی باہر کے آدمی کو کار آموزی کا موقع نہیں دیتے پیشہ وری مدارس میں تعلیم اس وقت تک مکمل نہیں ہو سکتی جب تک کہ عملی کام کا موقع نہ ملے تجارت کی تعلیم کے انتظام میں اس امر کو ملحوظ رکھنا ضروری ہے

ہندوستان میں یہ عجیب بات ہے کہ جب کبھی کسی کام کے لئے کہا جاے تو حکام کہتے ہیں کہ یہ کام حکومت نہیں کر سکتی رعایا کو از خود کرنا چاہئے۔ رعایا کہتی ہے کہ ہم بے دست و پا ہیں حکومت کو چاہئے کہ وہ سب کچھ کرے ہمیں اس قسم کی لفظی تحرار میں قیمتی وقت ضایع نہ کرنا چاہئے۔ فرض کیجئے کہ حکومت تصور وار ہے تو کیا ایسی صورت میں متمول اور ذی اثر اشخاص کا یہ فریضہ نہیں ہے کہ ملک کی فلاح و بہبود کے خیال سے وہ از خود اسی کام کو شروع کر دیں جب حکومت، متمول و ذی اثر اشخاص بھی کچھ نہ کریں تو آپ کیلئے انجمن امداد باہمی کا راستہ کھلا ہوا ہے۔ پس کام کیلئے کمر بستہ ہو جائیے آپ کا مقصد آپ کو حاصل ہو جائے گا

تعلیم و تدریس

(۱)

یہ مختصر مضمون "راہ نو"، جلد دوم، باب اول، صفحہ ۲۶ تا ۲۸ کا ترجمہ ہے۔

فاضل مصنف نے، مذکورہ باب میں، اس موضوع پر روشنی ڈالی ہے کہ تعلیم و تربیت سے عموماً کیا مراد لی جاتی ہے اور اس کا صحیح مفہوم کیا ہونا چاہیے؟ نیز آخر میں اس دعویٰ کی دلیل بھی پیش کی ہے کہ "تربیت کامل"، بغیر "تعلیم و تدریس کامل" کے ممکن نہیں۔

(ابو المحاسن متین)

اگرچہ تعلیم و تدریس کے اصلی معنے قریب قریب ایک ہیں چونکہ تعلیم سیکھنے سکھانے اور تدریس درس دینے کو کہتے ہیں۔ بلاشبہ درس دینے میں سکھانا بھی داخل ہے اور خود سکھانا بھی ایک نوع سے درس دینا ہے، اگرچہ ان کی الگ الگ حدیں قائم کرنا ذرا مشکل کام ہے لیکن، پھر بھی ہم ان دونوں کے درمیان بہت بڑا فرق پاتے ہیں۔ اسی خیال کے مدنظر ہم کہتے ہیں کہ تعلیم سے، عموماً و مطلقاً ہر اس راستہ اور ہر اس طریقہ سے جس طرح ممکن ہو، سکھلانا مراد ہے اور تدریس سے بعض مخصوص شرائط و قواعد کے مطابق سکھانا مراد ہے۔ تعلیم و تدریس کے درمیان ایک اور طرح سے بھی فرق بتایا جا سکتا ہے اور کہا جا سکتا ہے کہ تعلیم عمل، مشق اور نمونے کے ذریعہ سکھلانے کا نام ہے۔ تدریس سے عقل اور تدبیر کے ذریعہ سکھلانا مراد ہے یعنے تدریس میں زیادہ تر ہمارے قوائے ذہنی و عقلی سے کام لیا جاتا ہے اور تعلیم میں سب سے زیادہ ہمارے جسمانی اعضاء و قویٰ بعض حرکات و اعمال (مثلاً تقلید)

تکرار اور تجربہ کے ذریعہ نشو نما پاتے ہیں، لیکن ان کے نشو و نما پانے میں ہماری عقل اور فکر کا کچھ دخل نہیں ۔ تعلیم میں، ان کاموں کے اسباب و علل سے ہمیں واقف نہیں کرایا جاتا مثلاً: ماں کا اپنے بچہ کو تعلیم دینا، راہ چلنا، کھانا، بولنا، منہ دھونا وغیرہ کو تعلیم کہا جا سکتا ہے تدریس کو نہیں، چونکہ یہ وہ کام ہیں جنھیں ماں بتاتی اور ان کا عادی بناتی ہے لیکن بچہ ان کی لم سے ناواقف ہوتا ہے اس لئے وہ ان کو سمجھ بھی نہیں سکتا۔ اس نشو نما میں، پایہ، تقلید، تکرار اور اعتیاد لازم ہے، لیکن جس وقت بچہ دار و مدرسہ ہوتا یا کتابیں پڑھنا شروع کرتا ہے تو وہ اس وقت ہر ایک چیز کو سکھتا ہے یہاں تک کہ ان کے اسباب اور قاعدوں سے ایک حد تک واقف بھی ہو جاتا ہے اور یہاں اعضائے جسمانی سے زیادہ، اس کی فکر اور عقل و ہوش کام کرتے ہیں اسی وجہ سے اس کے قوٰی تیزی کے ساتھ ترقی کرتے ہیں چونکہ اس کو حادثات عالم کے تمام اسباب و علل کا تدریج درک ہوتا ہے اسی باعث وہ اپنے گنجینۂ دماغ کو دنیا کے قاعدوں، قانون اور مختلف علوم و فنون سے بھر دیتا ہے۔

ایک اور پہلو کے اعتبار سے جیسا کہ ہم نے کہا ہے، تعلیم ـــــ عام طور پر سکھلانے سے مراد لی جاتی ہے، ـــ جس طرح بھی ہو، ہوتی ہے لیکن تدریس میں ایک قسم کے خاص طرز اور قواعد کی جن کو فن تدریس کے علماء نے وضع کیا ہے، رعایت رکھنی پڑتی ہے۔

مثلاً ماں کا اپنے بچہ کو تعلیم دینا، اور وحشی اقوام کا اپنی اولاد کو شرائط زندگی سکھانا اور اسی طرح بعض حیوانوں کو بعض کاموں کی تعلیم دینا، اس کا بھی تعلق تعلیم سے ہے نہ کہ تدریس سے۔ اسی طرح اگر ایک گھوڑے کو بعض کاموں کی (مثلاً دوڑنا، خمیدہ ہونا اور ہاتھ پاؤں کا بند کرنا، یہاں تک کہ بینڈ کے ساتھ ناچنا جیسا کہ یورپ کے ممالک میں دیکھا جاتا ہے) تعلیم دیتے ہیں تو اسے تعلیم کہیں گے نہ کہ تدریس اس اعتبار سے کہ اہل یورپ نے اس صورت میں، اس حیوان کو بعض کرتب اور اعمال کی تعلیم دی ہے نہ کہ ان کے قاعدوں اور حکمتوں کی۔ اس میں شک نہیں کہ حیوان بھی شعور و ادراک رکھتے ہیں، یہاں تک کہ وہ ہوش و ذکاوت پر قادر ہوتے ہیں جیسا کہ ہم دیکھتے ہیں کہ وہ کس طرح اپنے واسطے گھونسلے اور گھر بناتے ہیں، ایک دوسرے کو دھونڈھتے ہیں۔ خوف کے موقع پر اپنے آپ کو چھپاتے

ہیں یا بھاگتے ہیں، سنتے ہیں اور سونگھتے ہیں۔ پھر اس کی تلاش کرتے ہیں، کھیلتے ہیں، حسد اور کینہ رکھتے ہیں خصومت و عداوت کا اظہار کرتے ہیں پیار اور محبت کرتے ہیں اپنے بچوں کی تربیت پرداخت اور نگہداشت کرتے ہیں، قسم قسم کے حیلوں اور اپنی جان کو جوکھوں میں ڈال کر، غذا حاصل کرتے ہیں، مادہ کی تلاش کرتے ہیں اور اس کی حمایت کرتے ہیں۔ اسی سیل سے یہ اوصاف (جو تمام تر شعور حیوانی کے نتائج ہوتے ہیں) دراصل مورثی ہیں، اکتسابی نہیں۔ لیکن انسان حیوانوں کے ذکاوت و ہوش کو کام میں لگاکر، دوسرے کاموں کی بھی ان کو تعلیم دیتا ہے جیسا کہ ہم نے یورپ میں بعض ذی ہوش حیوانوں مثلاً: کتا، بندر اور گھوڑے کو دیکھا ہے بعض ایسے عجیب و غریب کاموں کی تعلیم دیجاتی ہے۔ جو نہایت حیرت انگیز ہیں۔ جیسے بندروں کا سیکلوں پر سوار ہونا، کتوں کا میدان جنگ سے مقتولوں کی خبر لانا، زخمیوں کی تلاش کرنا، چھاؤنی کو خبر لیجانا، بچوں اور قیمتی چیزوں کے باہر لے آنے کے لئے آگ میں چلے جانا، چوروں کا پیچھا کرنا اور یہاں تک کہ حساب کا یاد رکھنا وغیرہ.....

ان میں سے بعض عجیب و غریب کام جن کی جانوروں کو تعلیم دیجاتی ہے میں نے خود دیکھے ہیں اور ان کی یورپ کے بڑے بڑے شہروں میں آئے دن نمائش بھی کیجاتی ہے۔ ہم یہاں بطور نمونہ عبرت اور حیوانوں (خاصکر کتوں، بندروں اور گھوڑوں) میں تعلیم و تربیت کا پتہ چلانے کے لئے ان کا ذکر کرتے ہیں۔

۱۔ شہر اسٹاکہلم کے ایک تماشہ گھر (تھیٹر) میں، مجھے اس چیز کے دیکھنے کا اتفاق ہوا کہ ایک بندر سیکل پر سوار ہوکر ہوٹل میں آیا اور سیکل سے اُتر کر نہار کھانے کے کمرے میں میز کے قریب بیٹھ گیا اور نہار طلب کیا۔ ہوٹل کے ایک خادم نے چند قسم کے کھانے کی رکابیاں چھری اور کانٹے کے ساتھ لاکر میز کے قریب رکھدیں اور چلا گیا۔ بندر نے ادھر ادھر نظر دوڑائی۔ اس طور پر کہ وہ کچھ ڈھونڈ رہا ہے۔ پھر گھنٹی کو۔ جو میز پر دھری تھی بجائی خادم آکر میز کے سامنے کھڑا ہو گیا۔ بندر نے خاص حرکات کے ذریعہ ظاہر کیا کہ تولیہ جو کھانا کھانے کے وقت ہر مہمان کو دیا جاتا ہے۔ وہ بھول گیا ہے۔

۲۔ چند بندروں کو لاکر تماشہ کاروں نے انہیں سیکلوں پر سوار کیا اور اس کے بعد چند کتے لائے۔ ان میں سے ہر ایک اُلانگ کر ایک ایک بندر کی پیٹھ پر سوار ہو بیٹھا اور بندروں نے سیکلوں کو نہایت تیزی کے ساتھ چلانا شروع کیا اور چند دفعہ چکر بھی لگائے بغیر اس کے کہ وہ آپ یا کتے زمین پر گریں۔

۳۔ بیس سال پہلے ولاڈی قفقاز کے شہر میں، میں جس گھر میں ٹھیرا ہوا تھا۔ اس کا مالک اس کثرت سے مرغیاں رکھتا تھا کہ مقررہ وقت میں روزانہ دوبار ان کو دانہ ڈالتا تھا اور اس سے مراد جوار کے دانے ہیں جن کو چند گھنٹے پہلے ہی سے پانی میں بھگو لیا جاتا ہے۔ اسی گھر میں دوا فروشوں کا دلال بھی رہتا تھا جس کی عورت کے پاس ایک مرغی تھی جو صاحب خانہ کی مرغیوں کے ساتھ رہتی تھی لیکن روزانہ صاحب خانہ اپنی مرغیوں کو دانے کھانے کے لئے آواز دیا کرتا تھا۔ دلال کی عورت کے پاس کی مرغی ان کے ساتھ نہیں آتی تھی اور اسی طرح کچھ وقت گزرنے کے بعد جب دلال کی عورت اپنی مرغی کو آواز دیتی تھی تو وہ چلی آتی تھی اور دوسری مرغیاں نہیں آتی تھیں۔

۴۔ ابھی ابھی برلن کے عجائب خانہ میں دیکھا گیا ہے کہ شاہین کو کبوتر کے ساتھ ایک جگہ تربیت (پرورش) کر کے ایک ہی پنجرے میں رکھا گیا تھا۔

۵۔ میں نے برلن کے ایک تماشا گھر میں دیکھا ہے۔ ایک بڑا ٹوکرا چھت سے لٹکایا گیا۔ جس میں ایک کبوتر بیٹھا ہوا تھا۔ جب ٹوکرا زمین سے لگنے کو گز بھر باقی تھا اس وقت پانچ چھ بلیاں اچانک آگئیں اور پھاند کر ٹوکرے میں کبوتروں کے پاس جا بیٹھیں۔ پھر بہت سارے کبوتر باری باری سے اطراف سے آکر، اسی ٹوکرے میں بلیوں کے پاس جمع ہو گئے اور اسی حالت میں ٹوکرے کو اوپر کھینچا گیا۔

۶۔ ہاتھیوں نے اپنی سونڈھوں سے باجے کو، جو اس کام کے لئے بنایا گیا ہے، بجا کر اس سے موسیقی کی ایک لے کے موافق آواز نکالی۔

۷۔ گھوڑے ساز ہائے موسیقی کی آوازوں کے مطابق جو بجائے جاتے ہیں اپنے ہاتھ اور پاؤں کو منظم حرکت اور انتظام کے ساتھ رقص میں لاتے ہیں۔

۸۔ کتوں نے عددوں کے درمیان سے جو مقوی یا لکڑی سے کاٹے گئے تھے، ہر اس عدد کو جسے لوگ چاہتے تھے ڈھونڈ کر نکالتے اور جس وقت دو عددوں کو ایک دوسرے کے پہلو میں رکھا گیا تو ان کا حاصل جمع دریافت کر کے اس کے نیچے رکھدیا۔

۹۔ برلن میں ایک رات تماشا گھر میں کتوں کے شہر کو دکھلایا گیا، جہاں پچاس کے قریب چھوٹے بڑے کتے رکھے گئے تھے۔ اور تمام کو رنگ برنگ کا لباس پہنایا گیا تھا، ایک دروازے کے پیچھے سے، جس پر "مدرسہ" لکھا ہوا تھا، گھنٹے کی آواز سنائی دی۔ اس وقت ایک اور دروازہ سے چھوٹے کتے داخل ہوئے مدرسہ کے سامنے آکر دروازہ کو دھکا دیا تو دروازہ کھل گیا اور وہ اندر داخل ہوئے۔ ایک بڑے کتے نے چھوٹی سی گاڑی میں کتوں کو بٹھا کر سیر کرایا۔ ایک نشہ میں چور ہو کر گلی میں گر پڑا کتوں کا پولس آیا اور اس کو پکڑ کے لے گیا۔ علاوہ اس کے چند ایسے حیرت انگیز کام بتائے جو حقیقت میں اعجوبہ خیز تھے۔

اس قسم کی اور بھی مثالیں بکثرت مل سکتی ہیں اور ان سے آئے دن عجائب و غرائب میں نت نیا اضافہ کیا جا سکتا ہے جن کے ذریعہ حیوانوں میں تعلیم و تربیت کے اثرات دریافت کئے جا سکتے ہیں لیکن یہ وہی اعمال و حرکات ہیں جن کو تقلید و تکرار کے ذریعہ سکھلاتے ہیں، تفکر و تعقل کے ذریعہ نہیں۔ اسی طرح انسان بھی پہلے پہل جب دنیا میں آیا تو اس نے بہتیری چیزوں کو شعور حیوانی کے ذریعہ سیکھا مثلاً: مینھ، برف، ہوا، طوفان، اور سرما وغیرہ کو دیکھ کر، حیرت زدہ ہو گیا اور اس نے انہیں سے تجربے حاصل کئے لیکن ان کے اسباب و علل کا پتہ نہ چلا۔ اسی طور پر بچہ اپنی ماں سے بہت سی چیزوں کو معلوم کرتا اور اس کی تقلید کرتا ہے۔ دنیا کے اولین دور میں انسان نے بھی حیوانوں اور پرندوں کی بہت سی باتوں میں تقلید کی یہانتک کہ بولنا بھی حیوانوں ہی کی آوازوں کی تقلید سے شروع کیا۔ ضروریات زندگی کو رفع کرنے کے لئے روز بروز نئے نئے کام مثلاً، گھر بنانا، کپڑے جانوروں کے پوست سے تیار کرنا اور لکڑی سے اسباب بنانا اور کشتیاں تیار کر کے دریاؤں اور نہروں کو عبور کرنا۔ میووں کا توڑنا غاروں میں رہنا آگ جلانا، علاوہ ان کے اور بھی کاموں کا سیکھنا اور اب تک بھی بہتیرے

آدمی اسی قسم کی زندگی رکھتے ہیں۔

پھر کچھ تجربے حاصل کرکے بعض چیزوں کے اسباب و حکمت کو سمجھنے لگے انکی عقل روز بروز بڑھتی اور قوی ہوتی گئی اور بعض بعض قاعدے اور گر بھی دریافت کرلئے انہوں نے آپس میں ایک دوسرے کو تعلیم دی یہاں تک کہ وہ ایک منہ سے دوسرے منہ میں منتقل ہوکر ہمارے اجداد تک پہنچی۔ اس سے معلوم ہوا کہ بنی آدم کا اوّلین معلم خود فطرت یعنے زندگی رہی ہے اور یہ تمام چیزیں جو ہم رکھتے، سمجھتے اور پڑھتے ہیں وہ تمام تھوڑا تھوڑا اور قطرہ قطرہ جمع ہوکر مہیا ہوئی ہیں یعنے اتنے ہزار سال پہلے ہمارے اسلاف نے کوشش کی، زحمت اٹھائی اور خون کے گھونٹ پیکر، اپنی جانیں قربان کردیں تو جب کہیں ہمارے لئے یہ اسباب راحت فراہم ہوئے اور آئے دن بھی نت نئی اور مفید چیزیں اختراع کیجاکر دنیا کی ترقیات کو اور آگے بڑھا رہی ہیں۔ ہم ان کے پیدا کرنے کی اطلاع ان کے سیکھنے اور بنانے کے سوا کچھ اور زحمت نہیں اٹھاتے اور اس صورت میں انسان سے آسان اور چھوٹے سے چھوٹا راستہ حصول مقصد کے لئے تعلیم و تدریس ہی ہوسکتا ہے۔

ہم نے پچھلے اوراق میں بیان کیا ہے کہ تعلیم، تدریس پر مقدم ہے تعلیم ایک عملی وجسمانی اندازہ کا نام ہے اور تدریس ایک نظری و عقلی درجہ کا۔ اس مسئلہ کے یہاں اعادہ کی ضرورت ہے کہ تعلیم و تدریس دونوں کے دونوں ایک دوسرے کے لئے لازمی ہیں یعنے اگر ہم تعلیم و تدریس سے فائدۂ عظیم اٹھانا چاہتے ہیں تو دونوں کے قواعد کی رعایت رکھنی چاہئے یعنے ہر ایک چیز جس کو ہم سکھلانا چاہتے ہیں، جہاں تک ہوسکے اس کی نظری و عملی دونوں صورتوں کو سیکھنا چاہئے چونکہ اس میں اولاً نہ صرف ہمارا بدن بلکہ ہمارے دماغی قوی بھی شریک ہیں اسی لئے دوران تعلیم میں یہی ایک چیز (یہی اصول) خواہ وہ اخلاقی ہو یا علمی پیش نظر رہنی چاہئے اور بقدر امکان مثالوں اور نمونوں کے پیش کرنے کے علاوہ اس کے قواعد اصول بھی بیان کردینے چاہئیں۔ اگرچہ زندگی کے اولین دور میں، بچہ کے قوائے دماغی اتنی قوت نہیں رکھتے جس سے وہ ہر ایک چیز کی حکمت کو سمجھ سکے اور بچہ کے دماغ میں مقدار سے زیادہ ٹھونس ٹھونس کر نہ بھرنا چاہئے۔ لیکن اس کے سوا

اور طریقوں سے یعنے اوہام، خرافات اور بے اصل چیزوں کے ذریعہ بھی بچہ کے دماغ پر بار نہ ڈالنا چاہیئے۔ بلکہ حقائق بھی بچے کے اندازۂ فہم کے مطابق بتانے چاہئیں۔

اگر ہم تربیت میں، صرف عملیات پر اکتفا کریں گے اور علم و عمل کے قواعد و اصول نہ سکھلائیں گے تو۔ (۱) اولاً بہت سا وقت ضائع ہوگا اس وجہ سے کہ ہر ہر بات کے لئے ایک ایک تجربہ کی ضرورت پڑیگی۔ (۲) ثانیاً ہم لغزشیں اور بڑی بڑی فروگذاشتیں سرزد ہوں گی اور بچہ کا حال بھی ایک بجیں مشین یا ایک بے عقل و ارادہ حیوان کی مانند ہوجائے گا۔

یہاں اس مثال کا ذکر کرنا، جو میرے مشاہدہ سے متعلق ہے۔ بیفائدہ نہوگا۔ سال عیسوی ۱۹۱۳ میں بلجیم کے پایہ تخت شہر برسلز سے مجھے پیرس جانے کا اتفاق ہوا ریل گاڑی میں ایک عورت اپنے ڈھائی سال بچہ کے ساتھ میرے قریب بیٹھی ہوئی تھی۔ بچہ کھڑکیوں کے شیشے کی اندر سے باہر کی طرف دیکھ رہا تھا، یکبارگی اس نے اپنی ماں کی جانب متوجہ ہوکر کہا "امی جان دیکھو نا درخت اور مکان کس طرح رستہ چل رہے ہیں"! اس کی ماں نے جواب دیا "نہیں پیارے بچے، درخت اور مکان راستہ نہیں چل رہے ہیں، ہم راستہ چل رہے ہیں اور تمہاری آنکھوں کو اس طرح دکھائی دیتا ہے۔ شاید تم نے سوار ہونے سے پہلے نہیں دیکھا ہوگا کہ درخت اور مکان ہر ایک اپنی اپنی جگہ پر ایستادہ تھے اور اگر وہ راہ چلتے تو گر پڑتے، ٹوٹ کر خراب ہوجاتے اور اب جب کہ گاڑی ٹھیرے گی تم دیکھوگے کہ وہ بھی ٹھیرے ہوئے ہیں! ماں نے چند منٹ تک اسی قبیل سے باتیں کرکے بچہ کو قانع کردیا؛ اگرچہ بچہ واقعی قانون حرکت اور اس کی نفس الامری حقیقت کو نہ سمجھ سکا لیکن ماں سوائے اس طریقہ کے اور کچھ نہ رکھتی تھی اور فن تعلیم و تربیت بھی اسی کی طرف رہنمائی کرتا ہے اُس وقت میں نے سوچا اگر بجائے اس کے ایک ایرانی ہوتی تو کیا جواب دیتی؟ اس کو آپ ہی غور فرما سکتے ہیں!

اس خیال کے مدنظر، مائیں، باپ، معلم، دایائیں، خادمات جو بات کہ بچہ کو سکھاتی ہیں انہیں چاہیئے کہ بچہ کی استعداد کے موافق چیزوں کی حقیقت و حکمت بھی سکھائیں

مثلاً: جس وقت بچوں کو صاف ستھرا رہنے کی تعلیم دیں تو انھیں حکم ہی نہ دیں اور نہ دھمکائیں اور نہ وہ آپ بھی ہمارے خون کے مارے اپنے ہاتھ اور منھ کو پاکیزہ رکھیں بلکہ کہنا چاہیئے کہ اگر تم صاف ستھرے نہ رہوگے تو بیمار ہوجاؤگے اور مرض آگھیرے گا۔ کوئی شخص تمکو دوست نہ رکھے گا اور کھلونہ نہ دے گا۔ ..... اسی طرح کی اور بھی باتیں۔

نیز اسی طرح، جب ہم مدرسوں یا گھر میں بچوں کے بعض اخلاق و عادات کی اصلاح کرنا، یا بعض نئے نئے آداب اور فنی معلومات ان کو سکھانا چاہیں تو ہم کو صرف کہنے اور حکم دینے پر قناعت نہ کرنی چاہیئے، اس وجہ سے کہ صحیح اخلاق زبانی پند و نصائح کے ذریعہ نہیں سکھائے جاتے بلکہ عمل کے ذریعہ اخلاقی بڑائی یا اچھائی کو ثابت کر دکھائیں نہ یہ کہ اقسام کی ڈراؤنی شکلوں یا لکڑی کے ذریعہ، یا تہدید، یا عذاب جہنم سے اور، یا جنت میں ثواب و مکافات کی امید پر ان کو ڈرائیں، یا امیدوار رکھیں، یا ڈراونی آواز نکالنا اور ہوّا، یا دال چپاتی نکر ڈرانا۔ ... اور بچہ کے ہاتھ میں نقل و شیرنی دینا اس میں فلاں عادت کے چھوڑنے یا فلاں خصلت کے اختیار کرنے کی عادت پیدا کرنا۔ بلکہ ہر خصوص میں دونوں قاعدے ملاجلا کر استعمال کرنے اور افراط و تفریط سے بچنے کی ضرورت ہے۔ اصولی اعتبار سے تعلیم و تدریس ایک دوسرے سے الگ نہیں کیونکہ ایک کامل فن معلّم و مربّی کے لئے ایک طرف سے فن تربیت و تعلیم کے قوانین اور نظریوں کو استعمال کرنے اور تجربہ کرنے کی ضرورت ہے تو دوسری طرف سے ان تجربوں کی بھی جانچ اور چھان پھٹک کر کے فنی قواعد و نظریات کی تصحیح و توسیع کرے۔

اسی اعتبار سے تربیت اور تعلیم اور تدریس کی تعریف اور ان کی معنوی تشریح کو صحیح اور ان کے لازم و ملزوم ہونے کے متعلق نیز فن تربیت کے پایہ اور درجہ کی نسبت چند باتیں کہی جائیں گی جیسا کہ گزشتہ بیانات سے واضح ہوتا ہے کسی ایک قوم کی تعلیمات کی غرض و غایت، اس کے اپنے افراد کے درمیان تربیت کی نشر و اشاعت ہے اور تعلیم و تدریس فن تربیت کے وسائل تصوّر کئے جاتے ہیں اس لحاظ سے تربیت کے درجہ کو علم سے بالاتر اور علم کو تربیت کا خدمت گزار تصوّر کرنا چاہیئے۔ اسی رو سے تربیت یافتہ شخص نیز

(اس معنی کے لحاظ سے، جس کو ہم نے بیان کیا ہے اور نہ اس معنے کے اعتبار سے، جسے لوگوں نے سمجھ رکھا ہے) نرے تعلیمیافتہ شخص سے شریف تر ہے۔ اکثر و بیشتر اشخاص تعلیمیافتہ تو ہیں مگر تربیت سے محض بے بہرہ ہونے کے سبب بدترین اخلاق کے حامل ہوتے ہیں وہاں جائے کہ وہ علوم اور ان کی صنعتیں ممکن ہے کہ اُن کے اور ان کی اپنی قوم کے لئے زیاں و بدنصیبی کا سرمایہ فراہم کریں۔ اس قسم کے تعلیمیافتہ اشخاص کے نمونے ہر جگہ موجود ہیں۔

اسی طرح قوموں کے درمیاں وہ لوگ، جنہوں نے علوم و فنون میں بہت کچھ ترقی کی ہے متمدن نہ شمار کئے جانے چاہئیں۔ بلکہ ان میں کا ہر ایک جو کمال اور تربیت کے درجہ کے قریب تر ہے وہ متمدن تر ہے۔ اسی سبب سے تمدن و ترقی کا باہمی فرق معلوم کرنے کی ضرورت ہے۔ موجودہ زمانہ میں وہ افراد و ملل جو تربیت صحیح کے فیض سے فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ یعنے اخلاقی فضائل (مثلاً امانت، خود اعتمادی، شجاعت، صحت، اور راست استقامت اور کوشش) کے حامل ہوتے ہیں وہ دوسروں سے زیادہ زندہ، مقصد ور، خوش قسمت اور متمدن ہیں۔ قرن موجودہ، قرن عمل و کوشش ہے۔ جو فرد یا جو قوم کہ اس اکسیر سے بے بہرہ ہے وہ زندگی و حیات کی حقیقت سے بھی بے بہرہ رہے گی۔

جو چیز اس ستیزہ گاہ زندگی میں، اقوام کو تحمند و کامیاب رکھتی ہے، جو شئے اقوام کے پژمردہ دلوں اور افسردہ روحوں کو حرکت و قوت بخشتی ہے، بلاشبہ وہی تربیت کامل ہے جو قوم "تربیت کامل" کے فیوض و برکات سے بہرہ ور ہے اس کے افراد بھی، قوی و آہنین جسموں، صحیح و سلیم فکروں اور حسن اخلاق سے آراستہ ہوتے ہیں اور انہی نیکبختی و سعادتمندی کے فرشتوں کی رہنمائی میں اس منزل مقصود کے قریب، جس سے انسانی جمال و کمال مراد ہے۔ پہنچتے ہیں اور تربیت کامل، سوائے تعلیم و تدریس کامل کی راہ کے، میسر نہیں ہوتی۔

از ابوالمحاسن محسن خان متین

مدرس فارسی دسطانیہ دارالشفاء

ورزش جسمانی

ہمارا مبحث نہایت ہی اہم ہے جس پر بقائے نسل اور زندگی کی کامیابی کا انحصار ہے اور جس پر باوجود انتظامات کے ہمارے مدارس میں زیادہ توجہ نہیں دیجاتی ہے اس سے میرا مطلب ورزش جسمانی ہے۔

ہمارا نقطہ نظر راقم کو اس مسئلہ سے گہری دلچسپی اور دلی لگاؤ ہے چنانچہ میں جہاں کہیں رہا اس تحریک میں علاحصہ لیتا رہا ہوں۔ میرے ناچیز خیال میں کھیل اور ورزش خواہ دیسی ہو یا انگریزی دونو فائدہ بخش ہیں اور ان کا امتزاج مفید و کارآمد ہے (جیسا ہم آگے ثابت کریں گے) غرض کہ ہر قسم کے کھیل اور عمل جس سے کسی فرد کی قوت و توانائی اور صحت و تندرستی کی ترقی ہو اور قوت تحریک بھی ترقی و تربیت پائے اس کو ہم ورزش جسمانی میں شمار کریں گے اور ہمارا نقطۂ نظر بھی یہی ہے۔

اہمیت ورزش جسمانی ورزش جسمانی کی اہمیت بحیثیت مجموعی ذہن نشین کرنیکے لئے حسب ذیل امور ہمارے پیش نظر رہنے چاہئیں۔

الف جو طلبا اثنائے تعلیم میں ورزش جسمانی کی طرف راغب نہیں رہتے انکے قوائے جسمانی میں انحطاط آجاتا ہے دوران خون خاطر خواہ نہیں ہونے پاتا۔ ہاضمہ نہایت کمزور ہوجاتا ہے اور وہ ایک صحت خراب کرکے ہزار نعمتوں سے محروم رہتے ہیں چنانچہ ایسے افراد جب تعلیم سے فارغ ہوکر دنیا میں آتے ہیں تو کسی کام کے نہیں رہتے۔ بلکہ بعض اوقات کبھی اثنائے تعلیم ہی میں اور کبھی بعد کو عملی دنیا میں آکر اپنی جان شیریں کو اسی تعلیم کی دیوی کے بھینٹ چڑھا دیتے ہیں۔ جس کے لئے عمر عزیز گنوائی تھی۔ پس مکمل تعلیم وہ ہے جو جملہ قوائے جسمانی کو نہایت باقاعدگی و تربیت و موزونیت کیساتھ نشوونما بخشے اس لئے ہمارا تعلیمی نصب العین یہ ہے کہ ایک صحیح القویٰ جسم میں صحیح الدماغ

انسان پیدا کریں۔ A sound mind in a sound body.

ب۔ آج کل ہمارے لئے دنیا میں ایک سرسبز و کامیاب زندگی بسر کرنا نہایت مشکل ہو گیا ہے اور زندگی کی کشاکش روز بروز سخت ترین ہوتی جا رہی ہے جس سے قوی ترین انسان بھی کمزور و پسپا ہو رہے ہیں اور اس کا اثر لازمی طور پر ان کی اولاد اور آنے والی نسلوں تک جاری و ساری رہے گا۔ ہم جو گذشتہ زمانے کے ممی اہرام مصری اور تواریخ میں اس قدر قوی ہیکل انسان دیکھتے اور پڑھتے رہتے ہیں۔ اب ویسے کہاں ہیں؟ اور اب جیسے ہیں آئندہ ویسے بھی نہ ہوں گے۔ ماضی قریب میں یعنے آج سے تخمیناً پچاس سال قبل جیسے آباد میں ایک ساٹھ سال کا آدمی ساٹھا پاٹھا کہلاتا تھا۔ اس کی اوسط عمر سو سال کی ہوتی تھی مگر اس نصف صدی کا انقلاب ملاحظہ ہو کہ اب ہماری اوسط عمر پچاس سال کی ہو گئی ہے اور اگر حسن اتفاق سے کوئی ساٹھ برس کا بھی ہو جائے تو وہ ٹھیا جاتا ہے۔ [illegible] کوشش ہونی چاہئے کہ اس اٹھتی کو نسل کو کامل و صحیح تعلیم [illegible] کارآمد بنائیں کہ وہ زندگی کی کشاکش کا اچھی طرح مقابلہ کر سکے اور آئندہ نسلیں [illegible]

ج ہمارے زمانہ میں مختلف امراض جیسے [illegible] جھاڑ کیڑے [illegible] ہیں۔ قدرت کا یہ اٹل قانون ہے کہ قوی ضعیف کو کھا جاتا ہے جس کی وجہ سے انسان بھی محفوظ نہیں ہے تو ان کی طبیعت اور مرض کی کشتی ہے۔ کمزور امراض کے حملہ سے بچ نہیں سکتے اگر ہم کو بچانا ہے تو بچانے والی چیز مقوی ہونی چاہئے تاکہ راغب ہو جائے [illegible] only the strong live long

بھی [illegible]

اور سوما بن سکتے ہیں جو قوی ہوں اگر ہم کو دنیا میں پنپنا اور ابھرنا مقصود ہو تو ورزش جسمانی کی طرف ضرور متوجہ ہو جانا چاہیئے۔

۵ اکثر لوگ اپنے محبوب پالتو جانوروں اور مویشیوں کی جتنی پرواخت کرتے ہیں اتنی توجہ اور وقت جسمانی حالت کے لئے نہیں دیتے حالانکہ یہ ترجیح بلا مرجح ہے۔ لارڈ آمیری امریکہ کے مشہور و ممتاز مصنف کہتے ہیں کہ یہ تعجب خیز امر ہے کہ ہم سادیانہ فکر سے اپنے جسم کی حفاظت و نگرانی نہیں کرتے جس کی حالت پر ہماری زندگی اور خوشی کا اسقدر دار و مدار ہے۔ علاوہ ازیں جسمانی ترقی و تربیت کا انسان کی سیرت پر بھی بہت کچھ اثر پڑتا ہے دماغی ترقی کا دار و مدار بھی جسمانی ترقی پر ہے۔ ایک صحیح رائے کی توقع ناقص یا بیمار جسم والے انسان میں نہیں ہو سکتی۔ بھارت ماتا کے سورما بھیم ارجن رام سیوا جی وغیرہ عرب کے بے نظیر شجاع حضرت علی شیر خدا خالد سیف اللہ رضؓ اور طارق اعظم وغیرہ۔ اور مشاہیر عجم محمود غزنوی بابر اکبر اعظم وغیرہ بھی کو لے لیجئے ہمیں اس تحریک کی طرف مائل کرانے کے لئے [illegible]

[illegible] ہستیاں کیا کم ستم آموز ہیں

[illegible] ورزش ہی ہے انسان [illegible] ورزش جسمانی کی ترغیب دیتی ہے بچہ اپنی اولین منزل [illegible] شکم پروری ہی ہے [illegible] دستانے اور جب پیدا ہوتا ہے تو ہاتھ [illegible] کتا ہے پھر [illegible] ملتا ہے اور دوڑتا ہے۔ فروبل کا قول ہے کہ [illegible] کا [illegible] تعلیم بھی تکمیل کے ذریعہ ہونی چاہیئے یہی [illegible] ہندوستان کے مشہور مقامات مثلاً دہلی لکھنو۔ میسور بمبئی اور پونہ [illegible] کلکتہ۔ لاہور حیدر آباد علی گڈھ وغیرہ میں ہاکی فٹ بال کرکٹ [illegible] وغیرہ کے ٹورنمنٹ قائم ہوتے رہتے ہیں اور دوستانہ مقابلے بھی ہوتے ہیں [illegible] سال سے بلدہ و گلبرگہ میں بھی انٹر مڈل اسکول ٹورنمنٹ اور [illegible] سال شرکاء میں اضافہ ہوتا جاتا ہے لیکن اس کے باوجود بھی قنا [illegible] جو یہ ہے کہ ہمارے مدارس نے اس کی اہمیت پر غور نہیں کیا [illegible] پیش کیا جاتا ہے یورپ میں اکسفورڈ اور کیمرج وغیرہ مشہور مقامات

پر ان کھیلوں کے علاوہ تیرنی اور پیراکی وغیرہ کے خوب جانباز انہ مقابلے ہوتے ہیں لیکن امریکہ اس تحریک میں سب سے زیادہ حیثیت رکھتا ہے۔ جہاں ورزش جسمانی کی تعلیم ہر یونیورسٹی کے طالب علم کیلئے لازمی ہے تاوقتیکہ کوئی طالب علم ورزش جسمانی کے امتحان میں کامیاب نہو اس کو ڈگری نہیں دیجاتی۔ نیز اصلی درسگاہوں میں طلبہ کو داخلہ کیوقت جسمانی توانائی کا امتحان دینا پڑتا ہے اور اسمیں کامیابی نہو تو بعض اوقات داخلہ نامنظور کیا جاتا ہے۔ مزید براں امریکہ میں خاص خاص مدارس ورزش جسمانی کے لئے مقرر ہیں جہاں بلحاظ اعلیٰ قابلیت وکارروائی بیس ہزار ڈالر (جس کے ۶۲۵۰۰ معاول سکہ کلدار ہوتے ہیں) تنخواہ پانے والے ڈرل ماسٹر متعین ہیں ہمارے مدارس میں کم مواجب وکم لیاقت ڈرل ماسٹر قدیم فوجی ورزش کی کچھ متعین کراکے اپنے فرایض کی کامل انجام دہی تصور کر لیتے ہیں اور غالباً صدر مدرسین یہ خیال کرکے کہ وہ اہل فن ہیں ان کے کام کی ایسی نگرانی نہیں کرتے جیسا کہ چاہئے نتیجہ یہ ہے کہ وہ جمناسٹک تو بالکل ہی نہیں کراتے دیسی جمناسٹک جیسے ملکھم۔ مگدر۔ لیزم وغیرہ سے تو نہ معلوم کیوں دلچسپی نہیں لیجاتی۔ جس طرح ایک طبیب کو جدید ترین وبہترین علاج سے واقف ہوکر اپنے مریضوں کو فائدہ پہنچانا چاہئے۔ اسی طرح ہمارے ڈرل ماسٹر صاحبان کو بھی جدید ترین اصولوں سے واقف ہوکر فائدہ پہنچانا ضروری ہے انہیں معلوم ہونا چاہئے کہ جدید ڈرل ایک باقاعدہ نظام میں محض روزمرہ زندگی کی فطرت حرکات اور کھیل کا اصطفاف اور ترتیب ہے تاکہ وہ مدرسہ کی مصنوعی فضا میں زیادہ تعداد طلبہ سے کرائی جاسکے۔ جمناسٹک بیشک ایک بلند ومخصوص تعلیمی کام ہے اور وہ مشاغل تعلیمی کی بنیاد دینے میں اپنی جگہ کبھی نہیں کھو سکتی اور تعلیم جسمانی کا کوئی نصاب اس کو نہیں بھلا سکتا اس ضمن میں ڈرل ماسٹر صاحبان سے التماس ہے کہ براہ کرم وہ اپنے فرائض کو زیادہ محنت وانہماک اور حسن وخوبی سے انجام دیں مستحکم اور قابل تعریف کیریکٹر رکھیں اور طلبہ میں ضبط کو قائم رکھتے ہوئے خود بھی شریک ہوکر بہترین نمونہ ومثال پیش کریں۔ غالباً یہ نامناسب گذارش نہ ہوگی اگر میں یہ تحریک کردوں کہ وہ صاف پانی کے حوض یا کنوؤں کی اجازت حاصل کرکے طلبہ کو تیرنا بھی

سکھائیں۔ کیونکہ یہ ایک نہایت مفید و صحت بخش ورزش ہے۔

گھر کے باہر کے کھیلوں کی اہمیت ہاکی فٹ بال کرکٹ وغیرہ مردانہ کھیل ہیں گو بظاہر یہ کھیل معلوم ہوتے ہیں مگر فی الحقیقت بیک وقت شمہ دو کار نہایت فائدہ مند اور سبق آموز ہیں۔

الف۔ دن بھر کام کرنے سے جو بار دماغ پر پڑتا ہے وہ دور ہو کر پھر سے کام کرنے کی قوت زندہ دلی اور تازگی پیدا ہو جاتی ہے بقول غالب۔

زندگی زندہ دلی کا ہے نام　　مردہ دل خاک جیا کرتے ہیں

جب طلبہ گھروں سے باہر نکل جائیں تو تازہ ہوا میں تنفس کا عمل اور میدان کا سماں انکے دلوں میں کشادگی اور ایک خاص کیفیت پیدا کر دیتا ہے جو انہیں نئی زندگی اور توانائی بخشتا ہے انسان مثل درختوں کے زیادہ تر ہوا پر جیتے ہیں بڑی بستیوں کی ہوا صاف نہیں ہوتی اس لئے وہاں کے باشندوں کو یہ اصول مدنظر رکھنا چاہئے کہ جسقدر وقت گھروں کے باہر گذرے وہ ہرگز ضائع نہیں ہوتا بلکہ ہر لحاظ سے نفع بخش ہے۔ لارڈ ایبی کہتے ہیں طلبہ میں گیمس کا شوق فی الواقع ایک صحت بخش جذبہ ہے۔ اگرچہ ہمارے بعض مدارس میں ان پر بہت زیادہ وقت دیا جاتا ہے تاہم کرکٹ، ہاکی، فٹ بال، پیراکی اور کشتی رانی نہ صرف خوش ترین مشاغل ہیں بلکہ وہ طلبہ کے لئے بہترین دوا اور ان کے امراض کے علاج ہیں۔ چنانچہ بہ تقاضائے اہمیت محکمہ نظامت تعلیمات نے اس تحریک کو کامیاب بنانے کے لئے ایک علحدہ صیغہ ڈی حیدرآباد اتھلٹک ایسوسی ایشن قائم کی ہے نیز اس کی اہمیت اس امر سے بھی ظاہر ہوتی ہے کہ اکثر انگریزی اخبارات میں دی ورلڈ آف اسپورٹس یعنے اسپورٹس کی دنیا کے زیر عنوان اکثر ممالک کے گیمس اور اسپورٹس کے حالات درج کئے جاتے ہیں۔

ایضاً ان کے فوائد گھر کے باہر کے کھیلوں کے فوائد حسب ذیل ہیں۔

الف ان کھیلوں سے قوائے ذہنی کی خاطر خواہ تربیت ہوتی ہے۔ بدنما اور بھدے طلبا پھرتیلے اور مستعد اور وضعدار ہو جاتے ہیں۔

ب نیز ان سے سماجی (Social) اور اخلاقی بہت سے سبق حاصل ہوتے ہیں طلبہ آپس میں دوستی ملنساری اور رواداری سے پیش آنا سیکھتے ہیں اور تحمل مساوات وضبط کی تعلیم خاص طور پر عملی پیرایہ میں ذہن نشین ہوتی ہے۔

ج۔ طلبہ یہ سیکھتے ہیں کہ شکست خاموشی کے ساتھ کیونکر برداشت کریں کیونکہ جو شخص شکست کی حالت میں شرافت سے نہ پیش آئے تو گویا وہ شرافت سے کوسوں دور ہے نیز وہ یہ بھی سیکھتے ہیں کہ کامیابی صرف باتوں اور

The man who is not a gentle man in defeat is never a gehlle man.

د بزدل وشرمسار لڑکا موقع سے فائدہ اٹھانا سیکھتا ہے اور لڑاکا اپنی طبیعت پر قابو پاتا ہے۔

ہ گیمس کے قواعد کی پابندی کرنے سے طلبہ اخلاقی اور ملکی قواعد کے احساس کا سنگ بنیاد رکھتے ہیں۔

دیسی کھیل | ہمارے دیسی کھیل مثلاً ایک ہاتھ بلا جھاڑ پھاند گدگدا، کبڈی نون باٹ آنکھ مچولی بھی کم مفید نہیں کیونکہ وہ اتنے پرخرچ نہیں ہوتے جتنے انگریزی کھیل اس سے طلبہ بخوبی واقف ہوتے ہیں بالخصوص یہ کھیل ہمارے آب وہوا کے موافق بھی ہوتے ہیں کاش ہم انہیں حالت کس مپرسی سے نکالیں اور ضروری اصلاح وترمیم کے ساتھ انہیں نئی روح پھونک کر رواج دیں تو مناسب ہے۔ اس باب میں مولوی عبدالسلام صاحب ناظر مدارس بیدر قابل مبارکباد ہیں کہ موصوف نے ہماری کانفرنس کے اجلاسوں کے موقع پر عملی طور پر دیسی کھیل بتانے اور کھیلنے کی کوشش کی چنانچہ وہ اس تحریک میں کامیاب بھی ہوئے۔

انگریزی اور دیسی کھیلوں کا امتزاج | جس طرح ہم کسی جماعت میں صرف جماعتی یا صرف انفرادی سوالات کرکے سبق کامیاب نہیں بنا سکتے یا جسطرح صرف راست طریقۂ تعلیم سے یا صرف طریقہ ترجمہ سے انگریزی تعلیم کے کامیاب نتائج نہیں پیدا کرسکتے بلکہ ان دونوں طریقوں کا اختلاط وامتزاج ضروری ہے اسی طرح مدارس میں بھی دیسی اور انگریزی کھیلوں کا امتزاج واختلاط ضروری ہے اور بلحاظ عمر وتوانائی وتمول طلبہ کو ان کھیلوں سے مستفید کرایا جاسکتا ہے۔

ان سے ان معترضین کا اعتراض بھی دفع ہوجاتا ہے جو یہ کہتے ہیں کہ مفلس ہندوستانی روٹی اور چٹنی یا دال بھات کھاکر دشوار اور محنت طلب کھیلوں میں شرکت کے قابل نہیں رہتے دوسرا جواب یہ ہے کہ وہ جو کچھ کھایا کریں گے اس کے ذریعہ ہضم کامل حاصل کریں گے۔ علامہ اقبال کیا خوب فرماتے ہیں ؎

تیری راکھ میں ہے اگر شرر تو خیال فقر و غنی نہ کر کہ جہاں میں نان شعیر پر ہے مدار قوت حیدری

نتیجہ | ہمارے ملک کی اصلی کمزوری خرابی صحت ہے اس کا بہترین علاج ورزش جسمانی ہے جس سے نہ صرف قوی درست ہوکر صحت ہی درست ہوجاتی ہے۔ بلکہ شریفانہ خیالات پیدا ہوتے ہیں۔ جس کو انگریزی میں اسپورٹنگ اسپرٹ کہتے ہیں۔ ہر کھیل چاہئے وہ دیسی ہو یا ولایتی کامیابی میں انکسار اور شکست میں تحمل و بردباری کا عملی سبق سکھلاتا ہے پس ہمارا فرض ہے کہ ہم ورزش جسمانی پر پوری توجہ کرکے طلبہ میں کھیل کی اسپرٹ پیدا کریں تاکہ ہر شخص تنگ خیالی و رکیک عادات سے پاک رہ کر امن و آمان کی زندگی بسر کرے

از محمد عبدالسلام صاحب ذکی

مددگار مدرسہ وسطانیہ یادگیر

دارالاشاعت مکتبۂ ابراہیمیہ

کا

ماہوار علمی و ادبی مجلہ

مکتبہ

جو نہایت دلچسپ مضامین، محققانہ مقالات، دلکش منظومات، پسندیدہ افسانوں اور اعلیٰ تصاویر سے آراستہ نہایت آب و تاب کیساتھ مولوی عبدالقادر سروری ایم اے ایل ایل بی، مولوی سید محمد ایم اے اور مرزا یگانہ کی ادارت میں شائع ہوتا ہے۔ دکن اور شمالی ہند میں مقبولیت خاص رکھتا ہے سالانہ چندہ لعہ شش ماہی عہ۔ (منتظم مجلہ مکتبہ مکتبۂ ابراہیمیہ اسٹیشن روڈ حیدرآباد دکن)

شذرات

نوجوان لڑکیوں کی عملی تعلیم

میڈم روز تہال نے، جو پیرس کے سب سے بڑے موتیوں کے سوداگر کی بہن ہیں۔ ایک بے نظیر مدرسہ دریائے سین کے جنوبی طرف قائم کیا ہے جس کا مقصد صرف یہی ہے کہ نوجوان لڑکیوں کو خانہ داری کی تعلیم دی جائے تاکہ وہ شادی کے بعد سلیقہ شعار بیویاں اور مائیں بن سکیں۔

اس درس گاہ میں ۱۷ سال سے ۲۵ سال کی عمر تک لڑکیاں شریک کی جاتی ہیں۔ اس کے لئے نہ کوئی نصاب مقرر ہے اور نہ کسی قسم کی جماعت بندی بلکہ تمام لڑکیاں ایک ہی جگہ بیٹھتی ہیں۔ پہلے انہیں زبانی تعلیم دیجاتی ہے اور اس کے بعد عملی۔ اس درسگاہ کی لڑکیاں مختلف قسم کے پکوان سے واقف ہیں انھیں اس بات کا سلیقہ ہے کہ کم آمدنی میں کیسے گذر بسر کی جائے اور آمدنی کی تقسیم کس طرح پر ہو کہ تمام ضروریات پوری ہوسکیں۔ لڑکیاں اس سے بھی واقف ہیں کہ کم مصارف میں چھوٹے سے چھوٹا کمرہ کس طرح سجایا جائے کہ گنجایش کافی نکل آئے۔ وہ پرانے فرنیچر پر روغن کرنا جانتی ہیں۔ اور چھوٹے بچوں کی نگہداشت دودھ پلانے اور چھاننے کا طریقہ غرض کہ خانہ داری حفظان صحت اور سائنس کے کوئی اصول ایسے نہیں ہیں جن کو وہ نہ جانتی ہوں۔

جب کوئی نئی لڑکی داخل ہوتی ہے تو ایک ایسے فرضی گھر کا انتظام اس کے تفویض کیا جاتا ہے جس کی آمدنی بہت کم ہے۔ لڑکی کا کام ہے کہ کفایت شعاری سے کام لے۔ اور اس فرضی گھر کو کامیابی کے ساتھ چلائے۔ حال ہی میں اخبار کے ایک نمایندے نے میڈم روز تہال سے ملاقات کی وہ اس وقت اپنے شاگردوں کو کھانا پکانے کا سبق دے رہی تھیں اور چند نئی لڑکیوں سے سوال بھی کر رہی تھیں کہ اگر ڈیڑھ شلنگ تمہیں ملے اور کہا جائے کہ اپنے شوہر کے لئے دو وقت کھانا تیار کرو تو کیا کروگی۔ لڑکیاں جواب دیتی ہیں جنھیں بورڈ پر لکھ کر اصلاح خیال کے لئے بحث مباحثہ کیا جارہا تھا۔ نامہ نگار کا بیان ہے کہ نئی لڑکیوں کے بیانات سے اسے بے حد حیرت ہوی۔ لڑکیوں کو مطلق اس کا اندازہ نہ تھا کہ کتنی مقدار گوشت کی کافی ہوگی

اور نہ یہ معلوم تھا کہ اشیاء کی کیا قیمتیں ہیں اس سے اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ تعلیم خانہ داری خصوصاً عملی تعلیم کی کس قدر ضرورت ہے۔ ازدواجی زندگی کے دل خراش واقعات اور موجودہ کبیدہ اسباب ایک حد تک اسی عملی تعلیم کے فقدان کا نتیجہ ہیں۔ جب میڈم روز تہال کے مدرسے سے طاق ہو کر لڑکیاں نکلتی ہوں گی تو ان کی زندگی کیا ہی خوش گوار اور کامیاب ہوگی۔

نظام کالج کے اسپورٹس | ۳۰ آذر ۱۳۰۹ھ کو دن کے ۹ بجے سے نظام کالج کے اسپورٹس شروع ہوئے مہمانوں اور دیگر عمائدین سلطنت کے استقبال کی شاندار تیاریاں کی گئی تھیں حضور اقدس والا نے شرکت ہمایونی سے حاضرین کو مفتخر اور ممتاز فرمایا اور طلبہ کے کرتب پر شاہ مجاہ نے اظہار خوشنودی فرمایا بعد چار نوشی مراجعت عمل میں آئی۔

حضرت ولی عہد شہزادہ اعظم جاہ بہادر نے انعامات تقسیم فرمائے یہ شاندار اجتماع ہپ ہپ ہرے کی صداؤں کے ساتھ منتشر ہوا۔

ایرانی طلبہ اور رضا شاہ پہلوی | اواخر شہریور میں ایرانی طلبہ کی ایک جماعت کو بغرض تعلیم یورپ روانہ کرتے ہوئے اعلیحضرت رضا شاہ پہلوی نے طلبہ کو مخاطب کر کے ایک پُر مغز اور نصیحت آمیز تقریر کی۔ دوران تقریر میں ان کے لائحہ عمل کو سمجھاتے ہوئے شاہ کج کلاہ نے فرمایا کہ طلبا کو اپنے فرائض سے غافل نہ ہونا چاہئے۔ اور نہ تعلیم کے سوا ان کا کوئی اور مطمح نظر ہونا چاہئے۔ طالب علم ایک سپاہی کی مانند ہے۔ سپاہی کا اقتدار اس کے اسلحہ سے ہے اور طالب علم کا اقتدار اس کی تعلیم میں پوشیدہ ہے اگر طالب علم اپنے فرائض سے غفلت کرے اور تعلیم سے جی چرائے تو حقیقتہً وہ اس سپاہی کے مانند ہے جس نے اپنے ہتیار ڈال دئے ہوں۔ ہر خدمت گذار خواہ وہ سپاہی ہو یا طالب علم رنج و محنت برداشت کرے تاکہ وہ نیک بختی اور ترقی سے بہرہ مند ہو سکے تمہیں اس نکتہ کو اپنا نصب العین بنانا چاہئے۔ تم آرام و آسائش کے لئے یورپ نہیں جا رہے ہو۔ بلکہ تحصیل علم و ادب کے لئے۔ اب وقت آگیا ہے کہ علمی و اخلاقی سرمایہ سے مالا مال ہو کر اپنے ملک کی خدمت انجام دو۔

میں آرزومند ہوں اور اپنے خدا سے التجا کرتا ہوں کہ وہ مجھے اتنی عمر دے کہ تمہاری مراجعت کے بعد تمہاری تعلیم کے نتائج کو ملکی خدمات کی انجام دہی میں ملاحظہ کر سکوں۔

تقریر کے رامانجا چاری۔ بی۔ اے۔ ایل۔ ٹی تقریب جلسہ الوداعی | میں آپ حضرات کی اس عزت افزائی

جس کا اظہار اس تقریب کے ذریعہ فرمایا گیا ہے نہایت شکر گزار ہوں۔ آپ نے میرے کام اور قابلیت کی جو تعریف کی ہے اس کا میں ہرگز مستحق نہیں۔ میں ان ہستیوں میں سے ہوں جن کا قلب ہمیشہ تشنہ کام ہی رہا میں نہیں سمجھتا کہ میں اپنے پیشہ میں کامیاب رہا۔ جو کچھ کامیاب رہا۔ جو کچھ کامیابی حاصل ہوئی اس کا سہرا آپ ہی کے سر ہے اور محکمہ متعلقہ کی سرپرستی پر منحصر ہے میرا حصہ اسی قدر ہے کہ میں نے اپنے فرایض حتی الامکان اپنے اطمینان کی حد تک بجا لانے کی کوشش کی۔ زندگی کے معنے خوشی اور خوش نمائی کے نہیں ہیں۔ بلکہ زندگی حقیقت میں فرائض کی انجام دہی ہے جسے میں نے اپنی بساط کے مطابق بالحاظ حیلۂ سچائی اور آزادی کے ساتھ انجام دینے کی کوشش کی۔

میرے عزیز طلبہ! جن محبت آمیز الفاظ میں آپ نے میرے متعلق خیال ظاہر کیا ہے اس کا گہرا نقش میں اپنے دل پر لے جاؤں گا۔ میں نے اکثر آپ کے ساتھ سختی کی ہے مگر آپ نے اس کو محسوس کر لیا۔ کہ اس میں آپ ہی کی بہبودی ملحوظ تھی۔ طالب علم کو چاہیئے کہ وہ اخلاق پسندیدہ و محمودہ کا نمونہ بنے۔ اگر کوئی طالب علم اس معیار تک پہنچے تو سمجھ لینا چاہیئے کہ اس کی تعلیم محض تضیع وقت ہے۔ اخیر میں میں اساتذہ صاحبان سے خواہش کرونگا کہ وہ اعلیٰ مقاصد کے حصول کی خواہش کریں گے اور روحانی ترقی کو کبھی فراموش نہیں کریں گے استاد کو ایک صناع کی طرح بے جان اشیا سے سابقہ نہیں پڑتا ہے بلکہ اس کے ہاتھ میں جیتی جاگتی تصویریں ہوتی ہیں جس کی تعمیر کا سنوارنا یا بگاڑنا اس کے ہاتھ میں ہے۔

یوم الکشافہ | یہ سالانہ تقریب ۴ر اکتوبر ۱۹۲۹ء کو نظام کالج کے بازی گاہ پر منائی گئی مطلع صاف اور موسم خوش گوار تھا مستقل ناظم صاحب بائے اسکاؤٹ بھی جو ولایت سے کچھ دنوں پیشتر آچکے تھے، موجود تھے، موصوف نے اپنی خدمت کا جائزہ نہیں لیا تھا۔ اس لئے مضرم ناظم صاحب نے صدارت کی۔ اس اجتماع کی یہ نمایاں خصوصیت رہی ہے کہ سابقہ نظام العمل کی پابندی کی گئی وعدوں کی تجدید ہوئی مستقل ناظم صاحب کا استقبال کیا گیا، تقریریں ہوئیں اور خان فضل محمد خاں صاحب ایم اے ریجنلو ناظم تعلیمات کا پیام جو خاص اس تقریب کے سلسلہ میں وصول ہوا تھا پڑھ کر سنایا گیا اور چھپے ہوئے پرچے اضلاع پر بھیجے اور حاضرین میں تقسیم کئے گئے۔ افسوس ہے کہ جناب ناظم صاحب تعلیمات اس جلسہ میں شریک نہ ہو سکے مگر موصوف کے پیام سے جو ذیل میں درج کیا جاتا ہے اہل

سے ظاہر ہے کہ اس تحریک سے ممدوح کو کس درجہ دلچسپی ہے
شام میں کیمپ فائر اور فینسی ڈریس کے مظاہرے ہوئے اور جلسہ برخاست ہوا۔

جناب خان فضل محمد خان صاحب ایم اے (کینٹب)

ناظم تعلیمات سرکار عالی کا پیام

(سال آیندہ کے لئے جمیع کشافوں کے نام سلام و برکات)

کشافی (اسکاؤٹنگ) ایک عالم گیر تحریک ہے۔ ہر منفرد کشاف (اسکاؤٹ) کا نمونۂ نیک پڑے کشافی بہترین متحرکہ قوت ہے۔

(فضل محمد خاں)

مولوی سید علی اکبر صاحب منصرم ناظم ہائے اسکوٹ پیام بالا کے ارسال کیساتھ تحریر فرماتے ہیں کہ مذکورۂ بالا پیام مختصر مگر معنی خیز ہے کشاف کو یہ یاد رکھنا چاہئے کہ وہ ایک ایسی اخوت کا فرد ہے جو تمام دنیا میں بلا لحاظ قوم و ملت پھیلی ہوی ہے۔ اور جن میں ذات پات کا کوئی امتیاز نہیں ہے۔ قومی ارتباط اور رفاہیت کو ابھارنے کے لئے اس سے بہتر کوئی تحریک نہیں ہے۔ بچوں کی سیرت سازی میں یہ تحریک بے حد مفید ہے۔ اس لحاظ سے ہر کشاف کو اپنی ذمہ داری محسوس کرنا چاہئے اور روزمرہ زندگی میں قواعد اسکاوٹ کی پابندی کرکے اس تحریک کے نصب العین کی تائید و ترقی کی کوشش کرنی چاہئے۔

تقریر مس آمنہ پوپ بمقام جنیوا ۔ ذیل میں مس آمنہ پوپ پرنسپل زنانہ کالج نام پلی کے اس مضمون کا اقتباس درج ہے جس کو انہوں نے ورلڈ فیڈریشن آف ٹیچرس ایسوسی ایشن کے اجلاس میں بمقام جنیوا پڑھا تھا۔ "آل انڈیا فیڈریشن آف ٹیچرس اسوسی ایشن کی متفقہ قرارداد کہ ثانوی اور اعلیٰ تعلیم کا وسیلہ ہر صوبہ کی مروجہ زبان ہونی چاہئے اور گورنمنٹ پر لازم ہے کہ جہاں کہیں ضرورت ہو دارالترجمہ قائم کرے تاکہ سائنس اور ادب کی کتابوں کا ترجمہ ہو سکے۔" کا حوالہ دیتے ہوئے مس پوپ نے فرمایا: یہ بین فرق اس امر کی دلیل ہے کہ ماہرین تعلیم آزاد ہند ہیں کہ ہندوستان کا نظام تعلیم صحیح بنیاد پر قایم ہو پچھلے ساٹھ سال سے ہندوستانی طلبہ ایک

غیر زبان کے حاصل کرنے میں لگے ہوئے ہیں۔ مگر حل مشکلات اور لغات میں جو وقت ضائع ہو رہا ہے اس کا لحاظ کرتے ہمارے نتائج شاندار نہیں ہیں۔ ریاست حیدرآباد کے بادشاہ نے ابتدا ہی سے اس جانب توجہ مبذول فرمائی اور اس گوپالیا کہ خیالات جدید کی ترویج بسرعت اور بلا تضیع وقت و محنت اپنی ہی زبان میں بجائے کسی غیر زبان کے بآسانی ممکن ہے۔ لہذا ۱۹۱۷ء میں مسٹر اکبر حیدری کی تحریک پر عثمانیہ یونیورسٹی کے قیام کی منظوری بارگاہ خسروی سے صادر ہوئی اور اردو کو ذریعہ تعلیم قرار دیتے ہوئے انگریزی زبان لازمی کی گئی۔

یہ تحریک اپنی نوعیت کی اعتبار سے پہلی اور سب سے اہم تھی جس کی کامیابی قطعی طور پر اب تسلیم کیجا چکی ہے۔ اسی یونیورسٹی کے طلبہ نے آکسفورڈ اور کیمبرج میں شاندار کامیابی حاصل کی ہے اور اس قلیل مدت میں ایسے نتائج بیحد امید افزا ہیں۔ مگر افسوس ہے کہ یہ سب انتظام ذکور کے لئے ہے۔ ابھی اناث کی اعلیٰ تعلیم کا معقول انتظام نہیں کیا گیا۔ ہائی اسکول یا امتحان کیمبرج کامیاب طالبات کو اعلیٰ تعلیم کے لئے دوسری یونیورسٹیوں میں جانا پڑتا ہے کسی ملک کی عورتیں بالخصوص ملک ہندوستان کی مقدس روایات کی محافظ و پاسبان ہیں۔ مگر ہندوستانی عورتیں مغربی خیالات سے بالکل بے بہرہ ہوتی ہیں۔ ان کی جس قدر بھی معلومات ہے وہ مذہبی کتب اور دیسی زبان کے ادب پر مبنی ہوتی ہے اور مغربی روشنی کا اس پر کچھ اثر نہیں ہوتا۔ پس عورتوں کی خالص مشرقی تعلیم اور مردوں کی مغربی تعلیم کا نتیجہ یہ ہے کہ ہر دو صنف کے خیالات کی ہم آہنگی مفقود اور تعلیم و تمدنی مغائرت روبترقی ہے۔ سخت ضرورت ہے کہ لڑکیاں زیور علم سے آراستہ ہو کر اپنے شوہروں کی بہتر رفیق بنیں اور آپس کے تعلقات خوشگوار ہوں نہ صرف یہی بلکہ وہ ایسی مائیں بنیں، جن کے ہاتھوں لڑکوں اور لڑکیوں کی تربیت اسکول جانے کی عمر تک اچھے طریقہ پر انجام پائے۔

انگریزی زبان کے حاصل کرنے میں تضیع وقت کا جو لحاظ ذکور کے لئے کیا گیا وہ اناث کی تعلیم میں زیادہ قابل لحاظ ہے۔ کیونکہ لڑکیوں کی شادی مقابلۃً جلد ہو جاتی ہے۔ اس لئے ہر دو صنف کے معیار قابلیت کو برقرار رکھنے کے لئے ازبس ضروری تھا کہ اناث کے لئے بھی اردو کو ذریعہ تعلیم کیا جائے۔ اس مقصد کو پورا کرنے کے لئے زنانہ کالج نام پلی کا قیام

عمل میں آیا۔

موزوں اسٹاف کا سوال اہم تھا۔ مگر اسے یوں حل کیا گیا کہ اسی کالج کی دو مسلمان طالبات کو ولایت بھیجا گیا اور آئندہ بھی اور طالبات کو بھیجا جائے گا۔ جن کی واپسی پر یقین ہے کہ وہ مغربی علوم و فنون اصول حفظان صحت وغیرہ سے آراستہ ہو کر اپنی بہنوں کی ضروریات کو ملحوظ رکھتے ہوئے دقیانوسی رسم و رواج، قدیم توہمات اور سب سے زیادہ جہالت کے دور کرنے میں انتہائی کوشش سے کام لیں گی۔

اردو کے حروف ہجا کے متعلق ایک جدید تحقیق

سالنامہ ہمدرد کن بابتہ ۱۳۳۹ف صفحہ ۲۳ پر جو ایک طویل مضمون "اردو کے حروف ہجا" کے عنوان سے شایع ہوا ہے اس کے ملاحظہ سے ہمیں بیحد خوشی معلوم ہوا کہ ابوالمحاسن محسن خان صاحب متین جو ہمارے گروہ مدرسین میں سے ہیں اور اس وقت صوتیات کے محققانہ مطالعہ میں مصروف ہیں اردو کی ہجا کی نسبت تحقیق کر کے ثابت کر دیا ہے کہ اس زبان کی ہجا میں ۲۴۲ آوازیں ہیں چنانچہ اس اہم تحقیق کی اطلاع ہم ناظرین کی معلومات کے لئے انہی کے الفاظ میں نقل کرتے ہیں:

"یہ امر مسلمہ ہے کہ جو زبانیں متعدد السنہ سے مخلوط ہوتی ہیں وہی عالمگیر مقبولیت بھی حاصل کرتی ہے اس اعتبار سے تعجب نہیں کہ اردو ہجا بھی، بلحاظ کثرت حروف جس میں دنیا بھر کی زبانوں کے حروف کے ادائے مخارج کی قوت موجود ہے، اپنی وسعت و ہمہ گیری کا لوہا منوا دے۔

تعداد حروف کے اعتبار سے سنسکرت کا درجہ چینی حروف کے بعد مانا گیا ہے، لیکن اردو زبان کے حروف ہجا، جن کی تعداد ہمنے پچھلے اوراق میں بیان کر دی ہے، مولوی عبدالحق صاحب کے بیان کے مطابق پچاس (۵۰) ہے اور فتح محمد خان جالندھری کی تحریر کے بموجب ۵۱ ہے۔ اور مولف فرہنگ آصفیہ کی تحقیق کے لحاظ سے ۵۵ ہے۔ لیکن راقم الحروف کی نظر میں اردو کی ہجا میں حروف کی تعداد ۲۴۲ ہے جس طرح سنسکرت زبان بلحاظ تعداد حروف دنیا کی زبردست ترین زبانوں میں شمار کی جاتی ہے، اسی طرح ہمارا یہ دعوی ہے کہ اردو زبان بھی دنیا کی زبردست ترین زبانوں میں تصور کی جائے گی۔"

جلسۂ الوداعی مولوی احمد حسین خانصاحب بی اے صدر مدرسہ فوقانیہ دارالعلوم بلدہ

یہ شاندار تقریب تاریخ ۲۲ مہر ۱۳۳۸ف زیر صدارت مولوی سید علی اکبر صاحب ایم۔اے انسپکٹر صدر مہتمم تعلیمات بلدہ منعقد کی گئی۔ اس روز مدرسہ بیرقوں اور جھنڈیوں سے خوب آراستہ کیا گیا تھا۔ مدرسے کے پھاٹک کے پاس اساتذہ صاحبان استقبال کے لئے ایستادہ تھے اور اسکاوٹ گارڈ پھاٹک کے دونوں جانب صف بستہ موجود تھا۔

جلسہ کی ابتدا قاری فضل علی صاحب نے تلاوت سے کی، جس کے بعد مسٹر پرکاش راؤ اور مولوی عبداللطیف صاحب نے صدارت کی تحریک اور تائید کی عالیجناب صدر مہتمم صاحب بلدہ نے کرسی صدارت کو زینت بخشی۔

سب سے پہلے مولوی سعادت اللہ خاں صاحب مولوی کامل نے جامعیت اور خوش اسلوبی کے ساتھ مولوی احمد حسین خاں صاحب کی انتظامی قابلیت، تدبر، اشاف کے ساتھ مساوات کا سلوک اور طلبہ کے کام کا بروقت معائنہ وغیرہ مثالوں کے ذریعہ بیان کیا اس کے بعد مولوی تصدق حسین صاحب صدق جائسی نے اپنے دلچسپ مضمون اور دلکش نظم کے ذریعہ جو سچے اور مخلصانہ جذبات سے معمور تھی حاضرین کو محظوظ فرمایا۔ طلبہ نے بھی تقریریں کیں جن سے ان کے جذبات اور خیالات کا پورا پورا اظہار اور صدر صاحب موصوف کی قابل تقلید کارگزاری کا سچا اعتراف ہو رہا تھا۔ طلبا اور مقررین کی تقریروں کے بعد صدر صاحب موصوف نے اظہار تشکر اور اشاف کی کارگزاری کا اعتراف فرماتے ہوئے جو بیش بہا خیالات ظاہر فرمائے، ان کا ایک جز جو مقصد تعلیم سے متعلق ہے حرف بحرف درج ذیل کیا جاتا ہے۔ سب سے آخر میں صدر جلسہ نے پرمغز تقریر فرماتے ہوئے پرنسپل صاحب کی کارگزاری اور دارالعلوم کی قابل مبارکباد ترقی کا ذکر کیا نیز فرمایا کہ حین معائنہ میں نے مدرسے کے تمام کل پرزوں کو ہمیشہ مستعدی کے ساتھ سرگرم عمل پایا۔ صدر جلسہ کی تقریر کے بعد پھولوں کے ہار پہنائے گئے اور مع اشاف فوٹو لیا گیا۔ اس رسم کے بعد بادل پرنم مغز مہمان کو رخصت کیا گیا۔

تقریر مولوی احمد حسین خان صاحب

تعلیم کا مقصد صرف یہی نہیں ہے کہ لڑکے نوشت وخواند سے واقف ہو کر اپنا پیٹ

پالنا یکھ جائیں بلکہ مقصد تعلیم اس سے کہیں بالاتر ہے۔ قدما کا خیال تھا کہ مقصد تعلیم حصول علم ہے اگر طالب علم نے کسی علم و فن میں دستگاہ حاصل کرلی تو تعلیم کی غرض و غایت پوری ہوگئی مگر آج کل جس طرح کل علوم و فنون میں نئے نئے انکشافات ہوئے اور ہوتے جارہے ہیں اسیطرح فن تعلیم میں بھی حیرت انگیز ترقی ہوئی ہے اور اصول تعلیم کے متعلق نئے نئے نظریے معرض ظہور میں آرہے ہیں زمانۂ جدید کے ماہرین فن تعلیم جن میں اہل امریکہ کا حصہ غالب ہے تعلیم کو روز مرّہ زندگی اور طرز معاشرت کے مطابق بنانے میں کوشاں ہیں اُن کے خیال میں تعلیم کا مقصد نہ حصول علم نہیں بلکہ انسان کے قویٰ اور ذہنیت کی نشوونما ہے، ایسی نشوونما نہیں جو کسی بیرونی اثر کی کارگزاری ہو بلکہ وہ نشوونما جو انسان کی اندرونی اپج سے عمل میں آئی ہو اور جس میں بہ نسبت معلم کی کوششوں اور محنتوں کے فطرت کا ہاتھ زیادہ کام کررہا ہو۔ تعلیم کا مقصد زمانۂ جدید کے نظریوں کے مطابق یہ ہے کہ لڑکے کے لئے عملی زندگی میں حصہ لینے اور اپنے آپ کو ماحول کے مطابق بنانے کے ایسے مواقع پیدا کئے جائیں کہ اس کی اندرونی اپج اور قویٰ کی خودبخود نشوونما ہوتی رہے اور ماحول کے ہر ایک پہلو سے واقفیت حاصل کرکے وہ اپنے کو زندگی کے ہر شعبے میں کامیاب بنانے کے ذرائع خود ڈھونڈھ نکالے۔ انہیں ذرائع سے کام لے کر ان کو اپنی زندگی کے لئے مفید و کارآمد بنانا تعلیم کہلاتا ہے۔ لہٰذا موجودہ خیال کے مطابق کتابوں کی معلومات کو اپنے دماغ میں ٹھونس ٹھونس کر بھرنا دوسروں کے تجربات و مشاہدات کو بلا ذاتی تحقیق اور عملی کوشش کے اپنا رہنما بنانا، تعلیم کے مقاصد میں داخل نہیں ہے بلکہ عملی زندگی کے ہر ایک شعبے میں حصہ لینا، اخلاقی و معاشرتی ماحول سے مطابقت پیدا کرنا ہر ایک چیز کو اپنے ذاتی تجربات و مشاہدات کی مدد سے سمجھنا استقرائی اصول تعلیم کو استخراجی اصول پر ترجیح دینا، اکتساب معیشت کی بہ تمام و کمال اہلیت پیدا کرنا، فنون لطیفہ سے مَس حاصل کرنا، قدرت کی دلچسپیوں اور ادبیات کی خوبیوں سے لطف انگیز ہونے کی استعداد بہم پہونچانا تعلیم کی خصوصیات میں داخل ہیں۔ لہٰذا درس و تدریس کے علاوہ مدرس کا یہ بھی فرض ہے کہ وہ طلبا کو علم کو ان تمام صفات سے متصف کردے جو اوپر بیان ہوچکی ہیں۔ وہ مدرسہ جو بچوں کو محض کتابوں کے کیڑے بنادے سوسائٹی اور مکتب کے لئے ایک بارگراں ہے۔

ہارٹوگ کمیٹی کی رپورٹ سائمن کمیشن کی مقرر کردہ کمیٹی نے اپنی رپورٹ، جو ہندوستان کی تعلیمی ترقی سے متعلق ہے، حال ہی میں شائع کر دی۔ یہ کمیٹی کُل چھ افراد پر مشتمل اور اس کے صدر سر فلپ ہارٹوگ چانسلر ڈھاکہ یونیورسٹی تھے تعلیمی امور میں جملہ اراکین کمیٹی بجز راجہ زید نامی کے جنھوں نے مسلمانوں کی مذہبی تعلیم اور ان کے لیے مدارس میں نشستیں مختص کر دینے کے مسئلہ پر سخت اختلاف رائے ظاہر کیا ہے متفق ہیں۔

تعلیم عام کرنے کے مسئلہ کو خاص اہمیت دیتے ہوئے، کمیٹی نے اس کی ذمہ داری اور مختلف طبقات اور رقبوں میں اس کا انتظام، گورنمنٹ پر عائد کیا ہے۔ جو بالکلیہ مقامی عہدہ داروں کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑا جا سکتا۔ موجودہ نظام تعلیم کو نہایت شد و مد کے ساتھ غیر موثر اور تضیع وقت و محنت قرار دیتے ہوئے یہ سفارش کی گئی ہے کہ ان تمام ڈھائی کروڑ طلبہ اور طالبات میں سے جو زیر تعلیم نہیں ہیں، ۲۰ فی صدی استثنائی صورتوں کو ٹال کر بقیہ (اسّی فی صدی کو ساڑھے انیس کروڑ روپیہ کے مزید مصارف سے زیر تعلیم لایا جا سکتا ہے۔ اس طرح کمیٹی کی رائے میں تعلیم عام کر کے جہالت کو دور کیا جا سکتا ہے۔ سفارشات کمیٹی کے نمایاں خطوط حال یہ ہیں۔

تحتانی مدارس میں داخلہ کی کثرت سے یہ پتہ چل رہا ہے کہ تعلیم سے جو قدیم الایام کی بے تعلقی اور منافرت چلی آ رہی تھی۔ بتدریج دور ہو رہی ہے۔ عورتوں میں سیاسی اور سماجی امور سے دلچسپی پیدا ہو گئی ہے اور ان کی طرف سے مطالبات بھی ہو رہے ہیں۔ مسلمانوں کی تعداد زیر تعلیم میں معتد بہ اضافہ ہوا ہے۔ ادنیٰ طبقہ کی اصلاح کی بہت کچھ کوشش کی گئی ہے اور اب ان میں حصول علم کا شوق اور احساس نمایاں ہے۔ ہر طرف قائدین اور اہل الرائے مسائل تعلیمی کے حل کرنے میں لگے ہوئے ہیں۔ رقمی مطالبات اور مزید اخراجات کی تحریکات برابر پیش ہو رہی ہیں اور ان کی منظوری کونسلوں سے دی جا رہی ہیں۔ مگر یہ تصویر کا ایک رخ ہے، پورے نظام تعلیم کے کل پرزے کچھ ایسے بگڑے ہوئے ہیں کہ تعلیمی فائدہ رسانی کم اور تضیع وقت و محنت زیادہ ہے۔ پرائمری مدارس کی تعداد میں اب تک جو کثیر اضافہ ہوا ہے اس کے مطابق جہالت میں کمی نہیں ہوئی۔ موثر تعلیم کا مسئلہ ذات پات کے جھگڑوں، باہمی مناقشوں اور زبان

کے اختلاف کے باعث نازک ضرور ہے۔ مگر تحتانی تعلیم کا یہ نصب العین کہ جہالت دور ہو اور پبلک تعلیم یافتہ ہو کر اپنے فہم و ادراک کے مطابق کونسلوں میں رائے دے، سرے سے مفقود ہے۔ بڑی وجہ یہ ہے کہ صغیر جماعتوں میں طلبہ کی جتنی کثرت ہے اتنی جماعت سوم تک باقی نہیں رہتی۔ ایک صوبہ میں جہاں تحتانیہ مدارس بہت ہیں، تعداد طلبہ زاید اور اخراجات بڑھے ہوئے ہیں یہ حال ہے کہ جماعت سوم کی تعداد ۱۹۲۷ء میں دس سال پیشتر کی تعداد سے دس ہزار کم پائی گئی یہ یاد رکھنا چاہئے کہ موجودہ دیہی حالات کے تحت جب کہ دیسی زبان کا ادب نہ ہونے کے برابر ہے، طلبہ کو مطلق موقع نہیں ملتا کہ مدرسہ چھوڑ کر نوشت و خواند جاری رکھ سکے اور آگے چل کر اس کا شمار خواندہ اشخاص میں ہو۔ حقیقت یہ ہے کہ خواندہ طلبہ بھی مدرسہ چھوڑنے کے بعد تھوڑی ہی عرصہ میں جاہل بن رہے ہیں۔ اس قسم کی رجعت ذکور تک محدود نہیں بلکہ اناث میں شدت کے ساتھ ہے۔ نتیجہ یہ ہے کہ عورتوں اور مردوں میں اختلاف تعلیم اور علمیت بجائے دور ہونے کے اور بڑھ رہا ہے۔ گو اناث کی تعلیم میں روز افزوں ترقی ہو رہی ہے مگر طریق چارہ گری ناکافی ہیں۔ یہ یاد رہے کہ اناث کی تعلیم میں لڑکی کی تعلیم ہی نہیں۔ بلکہ ماں کی تعلیم مضمر ہے۔ لہٰذا ہندوستان کی ترقی کے مدنظر ہماری قطعی رائے ہے کہ ہر توسیع کی اسکیم میں طالبات کی تعلیم کو فوقیت اور ترجیح دی جائے۔ غرضکہ پڑھ لکھکر طلبہ و طالبات کچھ ہی عرصہ میں جاہل بن رہی ہیں۔ خانگی مدارس اور مکتب خانوں کے طالب علم جن میں صرف ایک ہی استاد کام کرتا ہے اسطرح جہالت کا شکار ہو رہے ہیں بعض گواہوں نے اپنی شہادت میں یہ بیان کیا کہ اس کا فوری انسداد جبری تعلیم کے نفاذ سے ممکن ہے۔ اس کو ضروری تصور کرتے ہوئے ساتھ ہی یہ اندیشہ بھی لگا ہوا ہے کہ جبری اسکیم کے نفاذ سے بعض حصوں میں ناقابل برداشت مالی مشکلات پیش آئیں گی ایسی حالت میں کمیٹی کی رائے یہ ہے کہ صحیح اصول پر دیسی زبانوں میں قومی تعلیم کو رواج دیا جائے۔ پرائمری تعلیم کی اصلاح کے لئے ٹرینڈ اساتذہ کافی تعداد میں مہیا کئے جائیں اور ان کی تنخواہیں معقول ہوں جماعت صغیر کے لئے بہتر سے بہتر مدرس کا انتظام ضروری ہے تعلیمی نگرانی کے لئے انسپکٹروں کی تعداد میں معقول اضافہ ہونا چاہئے۔ اضلاع کے

مدرسین ہو رو ہونے کے علاوہ مقامی حالات سے بھی بخوبی واقف ہوں۔ ان اصلاحات کے ساتھ ساتھ نصاب میں ایسی ترمیم اور تبدیلی کی جائے جو دیہی ماحول کے عین مطابق ہو۔

ثانوی تعلیم میں بلحاظ تعلیم و تدریس چند حیثیتوں سے ترقی ہوئی ہے اور مدارس کے سرگرمیوں اور دلچسپیوں کو خاصی وسعت دیگئی ہے مگر سارے نظام میں صرف ایک نصب العین اب بھی کام کر رہا ہے وہ نصب العین کامیابی امتحان ہے۔ اس کے علاوہ نصاب ادبی نوعیت کا ہے جو جامعاتی تعلیم کے حصول میں طلبہ کا مدد گر بجائے خود ان طلبہ کے لئے ناکافی اور غیر مفید ہے، جو درمیان ہی میں تعلیم کو خیرباد کہتے ہیں۔ لہٰذا نصاب ایسا ہو جو مضامین کے اعتبار سے مختلف النوع اور طلبہ کو مختلف مضامین اور فنون کا چسکا دے سکے۔ زراعتی تعلیم بجائے مدارس تحتانیہ کے مدارس وسطانیہ میں دی جائے اسی طرح فنی تعلیم کا انتظام بھی اضلاع کے مڈل اسکولوں میں ہونا چاہئے نہ کہ تحتانیہ میں غرضکہ جملہ طالب علم جن کا مقصد زندگی کچھ ہی کیوں نہ ہو سب پہلے عام تعلیم یعنی لکھنا پڑھنا اور حساب کتاب سیکھیں مگر بعد کے مدارج میں ایسا انتظام ہو کہ طلبہ مدارس صنعت و حرفت یا فنی تعلیم کے مدرسوں میں شریک ہو سکیں اور ان کے حاصل کرنے میں سہولتیں ہوں اکثر جامعات اور کالجوں میں بلحاظ تعلیم و تحقیقات و اکتشافات نمایاں ترقی ہوی ہے اور بعض میں اجتماعی زندگی کی عملی تعلیم پہلے کے مقابلہ میں بہتر ہے مگر یہ نظریہ کہ یونیورسٹی کا قیام اس لئے ہے کہ طلبہ کو امتحانات میں پاس کرائے اب بھی عام ہے۔ نیز طلبہ کی کثرت سے بعض مقامات پر کام میں خلل واقع ہو رہا ہے اور ایسے لڑکوں کا اجتماع موجود ہے جو جامعاتی تعلیم کی صلاحیت نہیں رکھتے ہیں اگر انہیں کسی دوسرے شعبہ کی تعلیم دیجاتی تو کامیاب رہتے۔ اب وہ وقت آگیا ہے کہ ہندوستانی جامعات، طلبہ میں رواداری اور وسعت نظر کی تربیت نیز ان کو مفید شہری بنانا اپنا مقصد خاص سمجھیں۔

تعلیمی امور میں گورنمنٹ کی بے توجہی افسوسناک ہے اور اس کو قومی خدمت سمجھتے ہوئے ہم سفارش کرتے ہیں کہ گورنمنٹ کی حیثیت ایک مرکزی "بیرو" کی ہونا چاہئے جو مختلف صوبوں کے علمی تجربوں کو مرتبط کرنیکا ذریعہ ہو۔ گورنمنٹ کے فرائض اس سے بھی زیادہ ہیں۔ ہم اس نقطۂ نظر کو ماننے کے لئے تیار نہیں کہ گورنمنٹ کو تعلیم عام کرنے کی ذمہ داری سے بالکلیہ سبکدوش کیا جائے۔

تنقیدیں

سالنامہ مہر دکن | مولوی سید احمد محی الدین صاحب کا مرتبہ ہے۔ موصوف آج کئی سال سے ہر سال فصلی کے آغاز میں انگریزی روزناموں کی طرح اعلیٰ پیمانہ پر سالنامہ نکال رہے ہیں۔ یہ سالنامہ ۱۳۳۹ف کا ہے۔ بلحاظ اپنے ظاہری اور باطنی اوصاف کے اردو صحافت میں لاجواب ہے۔ اس میں جو مقالے شائع کئے گئے ہیں وہ مختلف علمی تعلیمی۔ ادبی عنوانوں پر قلمبند کئے گئے ہیں تحقیقی مقالوں میں "اردو کے حروف ہجا" اور "دیوان خاکی" قابل ذکر ہیں۔ تصاویر بھی کافی تعداد میں شائع کی گئی ہیں جن میں اعلیٰ حضرت سلطان العلوم خلد اللہ ملکہ کا ایک کئی رنگی فوٹو، سلاطین آصفیہ قطب شاہیہ کی قلمی تصویریں اور قدیم منہد و مناظر کے فوٹو، نظام ساگر کے دلچسپ مناظر سالنامہ کی شان کو دوبالا کر رہے ہیں۔

عظیم الدین بلاک ساز کی پیش کردہ تصویروں میں سے اگرچہ بعض غیر ضروری معلوم ہوتی ہیں تاہم اس سے سالنامہ کی خوبی و سنجیدگی پر کوئی اثر مترتب نہیں ہوتا۔ غالباً اس کو بلاک ساز صاحب نے اشتہار کی نیت سے دیا ہوگا۔

سالنامہ بحیثیت مجموعی اچھا ہے۔ اس باب میں اس کے لائق مؤسس و مدیر قابل مبارکباد ہیں۔ کتابت و طباعت بھی بری نہیں ضخامت (۱۰۰) صفحے ہے۔ پونیہ تقطیع قیمت عہ سید یوسف الدین صاحب منیجر مہر دکن افضل گنج حیدرآباد دکن سے طلب کیجئے۔

ایک جدید نمونہ کا کرۂ ارض | مشتاق احمد صاحب مدرس سررشتہ تعلیم سرکار عالی نے ایک جدید وضع کا گلوب تیار کیا ہے جس سے دن رات کا وقوع اُن کی درازی و کوتاہی اور اقطاع عالم کے اوقات وغیرہ آسانی سے تبلائے جاسکتے ہیں اس گلوب سے موجودہ کروں کی بہ نسبت جغرافیہ ریاضی کے اہم مسائل کی تفہیم نہایت خوبی کے ساتھ کی جاتی ہے۔ اگر ہمارے مدارس میں اس کا رواج ہو جائے تو یقین ہے کہ اس سے طلبہ کا بہت زیادہ فائدہ ہوگا اور ایک حد تک اس کے موجد و مخترع کی دل افزائی ہی نہ ہوگی بلکہ عملی طور پر مدرسین میں آلات تعلیمی وغیرہ کے تیار کرنے کا شوق پیدا ہوگا۔

صحت نامہ

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۱۱	۴	ضرورت	فوائد
۱۱	۱۸	اورکتب خانوں	تقاریراورکتبخانوں
۱۲	۹	وہ	نہ وہ
۱۳	۱۴ وہ	سینما اورطلسمی فانوس	تعلیم لقمان کیلئے لالکی سینما اور طلسمی فانوس
۱۴	۲۱	ددگار	مددگار
۱۵	۲۲	نوشت وخواند	نوشت وخواند اور
۱۶	۷	پنجاب	پنجاب میں
۱۶	۸	تقریر	تقرر
۲۰	۱۷	کو	طلبہ کو۔
۲۱	۶	ناخواندہ	ناخواندہ یا
۲۳	۸	دوسری	دوسرا
۲۴	۳	تم	تمام
۲۵	۲	اورلباڑوں	اورلباڑوں
۲۵	۹	دن بھر	دن بھر کی
۲۹	۶	تبلایا	تبلانا
۲۹	۶	اپنے کو	اپنے آپ کو
۳۰	۱۹	مرہٹواری	مرہٹواڑی اور
۳۱	۱۶	طلب	طلبہ
۳۵	۷	سکھتا	سیکھتا
۳۵	۸	اوریہاں	یہاں اور
۴۰	۲۰	ایرانی	ایرانی مان
۴۱	۸	بڑائی	بُرائی
۴۴	۹	ہوی	ہوتی
۴۴	۱۴	نہیں	بنیں
۴۴	۲۳	بھی	بھی وہی
۴۴	۲۱	موقع	مقولہ
۴۵	۱	سوما	سورما
۴۵	۴	آمیری	آبری
۴۶	۴	اصلی	انہی
۴۶	۷	کارروانی	کاردانی
۴۶	۱۶	فطرت حرکات	فطری حرکات
۴۶	۱۸	بنیاد سینے	بنیاد رکھنے
۴۸	۸	صرف باتوں اور	صرف باتوں اور لن ترانیوں سے حاصل ہوتی ہے
۵۲	۷	حیلہ	صلہ
۴۵	۱۶	تعلیم	تعلیمی

ہم خرما و ہم ثواب

ملک میں علم و ادب کی خدمت اور ملک والوں کے فائدہ کے لئے ملک ہی کے مشترکہ سرمایہ سے بڑے پیمانہ پر تجارتی کاروبار چلانے کی غرض سے انجمن امداد باہمی مکتبہ ابراہیمیہ محدود کی بنیاد ڈالی گئی اور انجمن ہٰذا امداد باہمی ملک سرکار عالی کے تحت رجسٹری ہو چکی ہے انجمن کے کاروبار تین شعبوں پر منقسم ہیں:-

(۱) شعبۂ تجارت (۲) شعبۂ اشاعت (۳) شعبۂ طباعت۔ اس انجمن کو اتحادی طور پر کام کرتے ہوئے چوتھا سال ہے تین سال سے اپنے حصہ داروں کو سالانہ (۱۰) فیصدی نفع علاوہ زکوٰۃ کے تقسیم کر رہی ہے۔ انجمن کا مجوزہ سرمایہ ایک لاکھ روپیے کے (۱۰۰۰) حصوں پر مشتمل ہے۔ ہر ایک حصہ کی قیمت ایک سو روپیے ہے اور ہر حصہ کی ادائی (۲۰) اقساط میں کی جائے گی اجرا شدہ سرمایہ (۵۰۰) پچاس ہزار قیمت فروخت شدہ حصص تیس ہزار روپیہ شرکت فارم اور قواعد و ضوابط کیلئے نیچے کے پتہ پر درخواستیں آنی چاہئیں:-

منتظم انجمن امداد باہمی مکتبہ ابراہیمیہ محدود اسٹیشن روڈ حیدرآباد دکن

نبد گانعالی متعالی مدظلہ العالی

رعایتی اعلان تقریباً سالگرہ مبارک علامت العصر

سیرۃ امام ربانی حضرت مجدد الف ثانی الشیخ احمد سرہندی فاروقی قدس اسامی مقدس ستی تعارف سے مستغنی ہے یہ کتاب ایسے سوانح زندگی محمدود ذات کمالات کیفیت مکتوبات کا صحیح اور مفصل مرقع ہے بزبان اردو قیمت ہدیہ سکہ ع

سیرت حضرت غوث اعظم یعنے محبوب سبحانی غوث صمدانی حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حالات اور مستند حالات بزبان اردو قیمت ہدیہ سکہ ع

حکمت اسلامیہ تصنیف منیف حضرت محترم الحاج مولنا مولوی محمد عبدالقدیر صاحب صدیقی القادری مدظلہ صدر شعبہ دینیات کلیہ جامعہ عثمانیہ۔ (اس کتاب کی حالات زمانہ کے مدنظر سخت ضرورت ہے کہ ناواقف لوگ عالم سے خبردار ہوجائیں اور جہل مرکب سے محفوظ رہیں ایسی دقیق اور معرکتہ الآرا مسائل مختصر تقریر میں اس خوبی سے واضح ہوئے ہیں کہ گویا پہاڑ مٹھی میں آگیا اور دریا کوزہ میں بند ہوگیا ہے قیمت صرف ۱۰ر

پیغمبری دعائیں جن میں صحاح ستہ کے منتخبہ دعا جو حضور سرکار دوعالم نے اپنی زندگی میں زبان مبارک سے ارشاد فرمائیں۔ لکھائی چھپائی بہترین قیمت ۸ر

قرآنی دعائیں یعنے ہر مراد کی کنجی ہر ایک مسلمان کو اپنی زندگی میں ضرورت ہوتی ہے قیمت ۸ر

عملیات باقی حضرت خواجہ باقی باللہ نقشبندی رض کے مستند اعمال اوراد و ذی لف اور جن کے عامل کیلئے کامیابی یقینی ہے قیمت ۸ر

سیر باقی یعنے حضرت خواجہ باقی باللہ عرف خواجہ غریب النواز اویسی کے حالات زندگی اور مجرب اعمال واشغال اور وظایف قیمت ۱۲ر

عطائے قدسی فی تفسیر اعمال آیۃ الکرسی یا اعمال تفسیر ایۃ الکرسی کی مستند کتاب قیمت ۸ر

روح المعانی یعنے تفسیر سورہ فاتحہ لکھائی چھپائی بہترین قیمت ۸ر

درس معاشرت اسلم باسمی (نومسلمان گجرات) کی صحیح حالت دکھائی گئی ہے قیمت ۸ر

اندلس کی شہزادی ادرتائید غیبی مصنفہ مولنا علامہ راشد الخیری صاحب مدظلہ العالی قیمت ۸ر

آہ مظلوم یعنے فسانہ سعید مصنفہ مصور غم علامہ راشد الخیری صاحب قیمت ۸ر

پتہ ملنے کا سید عبدالقادر تاجر کتب و مالک اعظم سٹیم پریس گورنمنٹ ایجوکیشنل پرنٹر چاراکمینار حیدرآباد دکن

tions. In regard to the suggestion for commencing English earlier than in Standard III, he has advanced cogent arguments to prove that the step, if taken, would be retrograde. As reported already in the last issue of the *Hyderabad Teacher* the opinion of the Conference itself was divided on this question. We await the decision of the Committee of experts which the Director of Public Instruction has promised to appoint for considering the whole report.

The Direct method does not exclude translation and grammar. We believe it is the intention of the writer of the article to stress the need for translation and grammar in existing circumstances, where the Direct Method is employed under certain handicaps. When even in England there is a return to grammar, "Why not", he asks "in Indian Schools"? We should like to point out that the Committee has not overlooked the fact that grammar is often neglected and more frequently unsatisfactorily taught in our schools. We would refer the writer to the recommendations of the Sub-Committee on the teaching of translation and grammar.

The system of teaching English is really not so responsible for defective teaching as the teacher. Some of the teachers employed for teaching English are incapable of appreciating and working even a satisfactory system. Very often middle trained teachers are called upon to teach English in the primary classes. Small wonder then that the performance is disappointing. Therefore the Sub-Committee remark: "The teacher is the key to the position and unless there is an improvement here, we are moving in a vicious circle, and will get nowhere". It is not sufficient that the teacher should be a trained teacher, as the writer has shown quoting Madras; but he must be trained well, and the Sub-Committee have offered certain pertinent suggestions.

provinces in British India to maintain contact with one another on these matters.

We shall deal at some future date with the remaining portions of the Report dealing with the education of the Depressed Classes and other matters.

Sir William Barton.

We have published elsewhere the instructive address delivered by Sir William Barton, Resident at Hyderabad, on the occasion of the prize distribution of the Mahboob College. We are sorry that Sir Willam will shortly be leaving us. As we said in our issue of March 1927, Sir William takes a keen interest in education and has deep sympathies with the teaching profession. On more than one occasion he has given utterance to his ideas on the dignity of the teacher's occupation and pleaded for a better remuneration for his services. He has given practical proof of his interest in education by sanctioning liberal grants for the various schools in the Administered Area to enable them to improve their buildings, equipment and teaching staffs. He has also taken the initiative in supplying the long-felt need for a provident fund for teachers in aided schools. As a result of Sir William's sympathetic and liberal policy, education has made much progress in the Administered Area during his term of office. We are sure that the managers and teachers of schools in this area will long remember the valuable services rendered to the cause of education by Sir William Barton.

The Teaching of English.

Elsewhere appears under the above title an article containing certain observations on some of the recommendations made by the Sub-Committee on the Teaching of English to the Annual Confernce. The writer joins issue with the Sub-Committee on certain of their recommenda-

and commercial careers at the end of the middle stage. They also suggest that in the rural middle schools the curriculum should be adapted to rural requirements, while in other schools alternative courses should be provided preparatory to special instruction in technical and industrial schools. In view of the increasing unemployment among young men in India who have received a purely literary education and in view of the waste of energy involved in such boys receiving higher education as are not fit for it, it is to be hoped that early steps will be taken not only in British India, but also in our own State, to give effect to the above-mentioned proposals.

The questions which the Committee have raised in regard to university education also deserve serious attention. These questions are: "whether the recent expansion in the provision of university education has not made an educational system which was already top-heavy still more top-heavy; whether in the interests of university education itself and still more in the interests of the lower educational institutions which feed the universities and of the classes from which university students are drawn, the time has not come when all efforts should be concentrated on improving university work, on confining the university to its proper function of giving good advanced education to students who are fit to receive it, and, in fact, to making the university a more fruitful and less disappointing agency in the life of the community."

Finally, the Committee have suggested that the Government of India should serve as a centre of educational information for the whole of India and as a means of co-ordinating the educational experience of the different provinces. We hope that means will be found to include the Indian States in this useful scheme, for it is as necessary for the Indian States to be kept in touch with the experience and progress of other parts of India as it is for the different

Dealing with the curriculum of village primary schools, the Committee welcome the attempts which are being generally made in India to bring the courses of study and the methods of teaching into greater harmony with the needs and conditions of village schools. "The aim of every village school", says the Report, "should include not merely, the attainment of literacy but the larger objective, namely, the raising of the standard of village life in all its aspects". The Committee also recommend that "village teachers should be recruited from amongst persons who possess and are likely to retain a sympathetic understanding of rural conditions".

The importance of adult education as a means of removing illiteracy has not been sufficiently recognised in the Report. The example of the Punjab shows how quickly the percentage of literates can be increased by opening adult schools. Even if compulsory education is introduced immediately all over India, it will take at least half-a-century before India is freed from the reproach of widespread illiteracy. Government should therefore do its best not only to promote the education of boys and girls but also of illiterate adults.

With reference to the education of girls, while we agree with the Hartog Committee that "in the interests of the advance of Indian education as a whole, priority should now be given to the claims of girls' education in every scheme of expansion", we wish to point out that unfortunately owing to the lack of qualified women teachers, it is not possible at present to ensure that rapid progress in girls' education which the Report has in view.

The present system of secondary education in India has been rightly condemned by the Committee. As they have pointed out, this system is "still dominated by the ideal that every boy who enters a secondary school should prepare himself for the university". They recommend the retention in the middle schools of the boys intended for rural pursuits and the diversion of more boys to industrial

under compulsion. The Committee have laid down an important principle, the acceptance of which, in our opinion, is absolutely necessary for a speedy and widespread application of compulsion. This principle is that "the responsibility for mass education rests primarily with the State". But though the Hartog Committee fully recognise the need for compulsory education, they consider that financial difficulties do not make the immediate and universal application of compulsion possible. We are of opinion that the question of funds will not present the difficulty which it does at present if, as has been recommended by the Committee, the State takes upon itself the responsibility for primary education. Once the financial question is solved, not only will the introduction of compulsion be facilitated, but the danger of sacrifice of quality to quantity, which has led the Committee to propose that improvement should go in advance of expansion, will also be eliminated. Many of the defects pointed out by the Committee exist because the funds required for removing them are not available. These defects are unsuitable buildings, insufficient equipment, paucity of trained teachers, low salaries of teachers and inadequacy of the inspecting staff. There are two other defects to which the Committee have called special attention, *viz.* 'Wastage' and 'Stagnation'. The premature withdrawal of children from school cannot be stopped without compulsion, and therefore improvement in this respect cannot precede compulsion. As for stagnation, inasmuch as this evil is to be found chiefly in the lowest class of a primary school, the Committee recommends, in the first place, that the best teacher (and not the worst, as is the common practice in India) should be put in charge of this class, and secondly, that the school admission should be confined to a single month of the year. With the first recommendation every one will agree, but we fear that it will be difficult to carry out in practice the second recommendation, especially in regard to the Infant class.

Two other suggestions of a practical nature are offered: that universities should evolve on residential and tutorial lines: that they may play their part in the building of character; that Government should no longer insist on a university degree as a pass-port to service except for higher appointments, so that the pressure on colleges and universities may be relieved. The universities were exhorted to rouse and educate public opinion to realize the value of reform; else the reform will be short-lived.

It is hardly possible to convey in brief the meaning of a speech so pregnant with wise thought; it should be studied in full and it will well repay study as coming from so sincere and eminent a friend of India.

The Hartog Committee's Report.

One can scarcely overrate the importance and value of the report on the growth of education in India prepared by the Hartog Committee. Though they have dealt mainly with the educational problems of British India, many of their recommendations are equally applicable to Indian States, the social and economic conditions of which are not really very different from those of British India.

The most important problem which educationists and politicians alike have to face in India is the enormous volume of illiteracy in the country. The need for introducing compulsory education for removing illiteracy is now recognised everywhere in India. Nearly all the provinces have accepted the principle of compulsion, but owing to the inaction of the local bodies to whom the various legislative enactments have left the option of adopting compulsion, so far only 119 municipal and urban areas and 1571 District Board and rural areas in British India have been brought

of the land"? And for the solution of such problems, "there are few more important things in these days than universities".

Addressing himself to the function of a university, he says: "*The function of a university is to create and maintain standards*". First, the standard of learning and research which universities as the homes of scholarship owe it to themselves to preserve .... They must be human enough to fit into and join up with the various categories of man's activity". Secondly, the right standard of judgment "a knowledge of how much, for all his store of learning, there is yet for him to learn, and some instinctive sense of the mystery of the universe and the mystery of man's place in it. Nor need we fear that such breadth of mind and judgment as I should desire the universities to inculcate would result in a type of man halting in decision or uncertain of opinion. That is never likely to spring from foundations of thought and reflection securely laid. Rather, perhaps, will it teach a wide tolerance ... .". "And third, the standard of conduct ....The time has come for him to put to the test the discipline he has learnt, and on his response to this demand will largely depend the success or otherwise with which he fills the position to which his education should entitle him".

These are inspiring ideals for a university to create and maintain. The speech also contains a polite criticism of the confusion that exists in many minds between the functions of a university and of educational institutions of a lower order, and in this connection he observes: "If a university must of necessity be concerned to prepare those it trains for work different in quality from that which falls to the bulk of the population, it follows that a university is bound to exercise selection not indeed on any class grounds but on grounds of ability and capacity to profit by its teaching, among those who may apply to be enrolled upon its books".

Khan, Director of Public Instruction and President of the Athletic Association, on the occasion of the final of the Shawcross Football Tournament, which was witnessed by nearly 5000 students on 23rd October, 1929. We have published in our Urdu section the full text of the instructive speech on the value of games which he delivered on the occasion. We hope that the students of the various schools in Hyderabad will take the Director of Public Instruction's advice to heart and that they will not only realise the importance of playing games but also of cultivating the spirit of true sportsmanship.

Editorial Notes.

The Viceroy's speech to the Inter-Universities Conference.

The grave issues of political and constitutional considerations on which His Excellency the Viceroy addressd the people of India after his return from India have tended to obscure from public attention the significant speech which he delivered at Delhi in opening the Inter-Universities Conference held in the last week of October. To the educationist and all those interested in the problems of Indian education, the Viceroy's speech contains as inspiring a message as any. In his words: "Her (India's) problem is nothing less than the adaptation, without too violent jar or stress, of an ancient and organic structure of society to the dynamic forces of evolution that are driving the modern world. New forces are moving, letting loose new energies, kindling the imaginations and hopes of millions of the future citizens of India at their most impressionable age. Can this ardour of youth, this coursing of blood through the young veins of India, be utilised and and directed to constructive ends, or will it become an explosive force charged with incalculable danger to the future

young men from all parts of the Dominions, of whom 28 were teachers. Lectures were delivered on "Health, Efficiency and Happiness" by Mr. F. Weber, "Principles of of Scouting" by Professor Turner, "Citizenship" by Professor Hanmanth Rao and "Character Formation" and "Public Service" by Mr. Ali Akbar, Acting Director of Boy Scouts. Other features of the camp were a hike to Gundipet on foot, a vist to the Golconda Fort, a Fire Brigade demonstration organised by Mr. Rajwade and instruction in swimming, life saving and boxing by Mr. Weber. The Boy Scout Head-Quarters not only provided free boarding and lodging for all the campers, but also paid the travelling expenses of teachers from the district schools. The investiture ceremony, which was held on the last day of the Camp, was presided over by Mr. Khan Fazl Mohamed Khan, M. A., Director of Public Instruction. After distributing the badges, Mr. Khan Fazl Mohamed Khan made a neat little speech. He said that character was the most important thing in scouting. He thought that the fact that the members of the various patrols were cheerful in spite of the inconvenience caused to them by bad weather during the period of the camp was an indication of the efficient training which they had received. In the end, he expressed the hope that on returning to their respective schools the campers would start troops and endeavour to produce real scouts who would work in order to increase the happiness of this State.

The Scout Day.

The Scout Day was celebrated on the 4th October, 1929. The Acting Director of Boy Scouts as well as the permanent Director addressed the gathering. The former also read out the message sent by Mr. Khan Fazl Mohamed Khan, Director of Public Instruction, who could not attend the function owing to his absence from the station. The message ran as follows:—

To ALL SCOUTS Greetings and Good Wishes for the next year. Scouting is a world movement. The example set by each individual scout is the motive power behind it".

The camp fire which was held after the renewal of scout promise and award of warrants and charters was a great success.

H. E. H. the Nizam and the Princes Azam Jah and Moazum Jah witnessed the annual sports of the Nizam College on 4th October. Prince Azam Jah Bahadur gave away the prizes.

The Hyderabad Athletic Association.

We congratulate the Chaderghat High School on its carrying away this year trophies for all the inter-school foot-ball tournaments except that for Middle B. The Inter-Collegiate Football Tournament and the Inter-school Cricket Tournament were won by the Osmania College and Madrasae Aliya respectively. The prizes for the various events were distributed by Mr, Khan Fazl Mohamed

Again, "The ink of the scholar is more holy than the blood of the martyr." "Seek education even unto China."

Then, "A virtuous wife is a man's best treasure."

And lastly, "Heaven lies at the feet of mothers." And thus she is enveloped in a spirit of Wisdom, devotion to duty and Love.

گذشتہ سال کانفرنس کی نمایاں خصوصیت یہ تھی کہ اس کے جلسوں میں پانچ کمیٹیوں کی رپورٹیں پڑھی گئیں، جو بے حد مقبول ہوئیں۔ کمیٹیوں کی تحقیق اور تدقیق کی بنا پر جو سفارشیں مختلف مضامین کی تعلیم کے متعلق کی گئی تھیں، انہوں نے نہ صرف اساتذۂ کرام کی توجہ اپنے اپنے مضامین کی طرف منعطف کرادی ہے، بلکہ جدید تحقیقات سے جمہور معلمین کو آگاہ کردیا ہے۔ ان سفارشوں پر عمل کرنے سے جو عمدہ نتائج برآمد ہوئے ہیں ان کو مدنظر رکھکر یہ طے کیا گیا کہ اس سال بھی تعلیم حفظانیہ و تاریخ اور ریاضی کی تعلیم سے متعلق غور و خوض کرنے کے لئے مشاق اور تجربہ کار مدرسین کی کمیٹیاں مقرر کی گئی ہیں اس سال کمیٹیوں کو نسبتہً زیادہ وقت ملا ہے۔ بنظر بران جو رپورٹیں آئندہ کانفرنس میں پیش ہوں گی وہ اراکین انجمن کے کامل غور و خوض کا نتیجہ ہوں گی اور مضامین زیر بحث کی تعلیم کے متعلق مدارس اور مدرسین کی حقیقی معنوں میں ترجمان ہوں گی۔ اراکین کمیٹی کی تشکیل میں بھی بے حد احتیاط اور تامل سے کام لیا گیا ہے اور پوری انجمن سے چن چن کر ایسے قابل اساتذہ کو منتخب کیا گیا ہے جو اپنے اپنے مضامین کے متعلق کافی غور و خوض کرچکے ہیں اور ان مضامین کی خامیوں، کوتاہیوں ضرورتوں اور اصلاح

طلب شعبوں سے کما حقہ واقف ہیں ہمیں یقین ہے کہ یہ رپورٹیں فن تعلیم میں بیش بہا اضافہ اور ضروری اصلاحوں کی طرف رہنمائی کریں گی۔

ایک محب قوم کی وفات

پچھلے دنوں صاحبزادہ آفتاب احمد خاں صاحب بی۔ اے کنٹب بیرسٹرایٹ لا کے انتقال کی خبر سنکر ہم کو بیحد ملال ہوا۔ مرحوم مدرسۃ العلوم علی گڈھ کے ممتاز اور سربرآوردہ طالب علم تھے۔ طالب علمی کے زمانہ ہی میں آپ نے کالج کی سرگرمیوں اور مختلف انجمنوں میں دلچسپی لے کر ادبی ذوق اور قومی ایثار کا ثبوت دیا ولایت کی تعلیم سے الفراغ حاصل کرنے کے بعد ایک عرصہ تک محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس کی مقتدی کے فرائض انتہائی دلچسپی اور ایثار کے ساتھ انجام دیتے رہے مسلمانوں کے تعلیمی امور اور مدرسۃ العلوم کالج کی خدمت کی انجام دہی میں، جو حصہ مرحوم نے لیا، وہ کسی طرح فراموش کرنے کے قابل نہیں۔ کچھ عرصہ وزیر ہند کی کونسل کے رکن رہنے کے بعد ہندوستان واپس ہوئے تو مسلم یونیورسٹی کو کامیاب بنانے میں ہمہ تن مصروف و منہمک ہو گئے۔ مرحوم ظاہر داری اور تصنع سے ہمیشہ متنفر رہے اور اس کی کوشش کی کہ حقیقی کام ہو اور مسلم یونیورسٹی کے طلبہ ہر طرح زیور علم سے آراستہ ہو کر میدان عمل میں ترقی یافتہ قوموں کے دوش بدوش رہیں اصلاحات کا ایک زبردست اسکیم مرحوم کے پیش نظر تھا اور وہ دلی آرزومند تھے کہ یونیورسٹی کے ہر شعبہ کو انتہائی کمال اور معراج پر دیکھیں۔ مگر افسوس ہے کہ نامساعدت زمانہ اور خرابی صحت نے اتنی مہلت نہ دی کہ وہ اپنے منصوبوں کو عملی جامہ پہنا سکیں۔ چنانچہ مرحوم کو بہت جلد یونیورسٹی کی خدمت وائس چانسلری سے مستعفی ہونا پڑا اور ان کی علٰحدگی کے بعد یونیورسٹی کے انتظام میں جو خرابیاں پیدا ہو گئی تھیں انھیں وہ بسر حالات سے بھی نہ دیکھ سکے؛ چنانچہ صاحب موصوف نے حکومت ہند کو توجہ دلا کر ایک کمیشن مقرر کرا دیا اور لائق ہاتھوں میں یونیورسٹی کی باگ دیکر چین و اطمینان کے ساتھ اس دار فانی سے رخصت ہوئے۔

اس جان کاہ حادثہ اور قومی ماتم میں ہم بھی سوگوار اور مرحوم کے پسماندگان سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہیں!

خطبہ صدارت +

(از)

مسٹر پی۔ ایس سیواسوامی ایئر، کے۔ سی۔ ایس۔ آئی، سی۔ آئی۔ ای۔
بی۔ اے، بی ایل

حضرات

میری تمنا تھی کہ اس اجلاس کی صدارت کے لئے رائٹ آنریبل وی۔ ایس۔ سرینواس شاستری کی خدمات کا حاصل کرنا آپ کے فیڈریشن کے لئے ممکن ہوتا جن پر آپ کے نظر انتخاب پہلے پہل پڑی بھی تھی وہ کئی سال تک آپ کے ہم پیشہ رہے ہیں۔ گو انہوں نے گوناگوں سرگرمیوں کے ایک وسیع تر دائرہ میں کام کرنے کے لئے آپ کے حلقہ سے کنارہ کشی اختیار کی ہے مگر اب بھی تعلیم سے انہیں خاصی دلچسپی ہے۔ اگر آپ اس کا تازہ ترین ثبوت چاہتے ہیں تو جنوبی افریقہ کے شاستری کالج کی قابل یادگار بنیاد کو لیجئے۔ تعلیمی مسائل اور مدرس کی زندگی کے حالات ذاتی تجربہ سے حاصل کردہ معلومات اُن کی وسیع نظر جو مختلف ممالک میں سفر کرنے اور مختلف اشخاص سے ملنے کی وجہ سے حاصل ہوئی ہے۔ اُن کی قوت فیصلہ اور سب سے زیادہ اُن کی قوت گویائی یہ سب چیزیں اُن کے خطبہ کو مستند اور قابل تسلیم بنا دیتیں۔ میں صرف معمولی آدمی ہوں جس نے کئی سال تک تعلیم کے مضمون سے گہری دلچسپی لی ہے میں نے آپ کی دعوت صدارت اس لئے قبول نہیں کی کہ تعلیمی معاملات میں میں اپنے آپ کو مستند سمجھتا ہوں بلکہ اس وجہ سے کہ مجھے اس امر کا احساس ہے کہ معمولی انسان بھی تعلیمی پالیسی اور مقاصد کے متعین کرنے میں کوئی مفید خدمت انجام دے سکتا ہے۔ اور ایک کامل ماہر تعلیم کے لئے ضروری و لازمی ہے کہ معمولی انسان کے نقطہ نظر کی بھی قدر کرے محض آپ کے پیشہ کے افراد کو

+ یہ خطبہ آل انڈیا فیڈریشن آف ٹیچرس اسوسی ایشنس کے پانچویں سالانہ اجلاس منعقدہ مدراس میں گوش گذار حاضرین کیا گیا تھا۔

ترقی دینا آپ کے فڈریشن کا مقصد نہیں ہے۔ بلکہ عام طور پر مقصد تعلیم کو ہر ممکنہ نقطۂ خیال سے وسعت دینا ہے۔ مضمونِ تعلیم انسانی سرگرمیوں اور سماجی بہبود کے تقریباً ہر شعبہ سے متعلق اور ایک وسیع میدان عمل پر محیط ہے فی الوقت جن مختلف مسائل سے آپ کو دلچسپی ہے اُن سب سے بحث کرنے کی کوشش میرے امکان سے باہر ہے۔ اور نہ میرا یہ خیال ہے کہ مجھ سے ایسی توقع کی جاتی ہے۔ اگر میں چند خاص عنوانوں اور مباحث پر روشنی ڈالوں تو اس کے یہ معنے ہوں گے کہ میں اُن پر زور دینا چاہتا ہوں نہ یہ کہ جن دوسرے مسائل سے آپ کو دلچسپی ہے ان کی اہمیت سے میں واقف نہیں ہوں۔

ہندوستان کے دستوری کمیشن (انڈین سٹاچوری کمیشن) کی جانب سے مقرر شدہ ذیلی کمیٹی کی رپورٹ جو ۱۹۲۷ء کی ختم ہونے والی دہ سالہ مدت سے متعلق ہے اِس سال کی ایک نمایاں اہمیت ہے۔ ہارٹوگ کمیٹی کی رپورٹ باوجود یکہ لحاظ اغراض و مقاصد اس کی تحقیقات محدود نوعیت کی ہے، ایک نہایت ہی قابل قدر دستاویز ہے جو انصاف و ہمدردی کی فضا میں لکھی گئی کمیٹی کے کسی نتیجہ سے اختلاف کرنے کی مجھے کوئی وجہ نظر نہیں آتی ہمارے بعض ہموطنوں نے یہ خدشہ ظاہر کیا ہے۔ کہ جہاں تک یہ نتائج نقائص کا اظہار کرتے ہیں۔ اُس حد تک اُن کو ہندوستان کے دستوری اصلاحات کے مخالفین استعمال کریں گے۔ انگلستان کے متعدد اخباروں میں اس رپورٹ پر جو رائے ظاہر کی گئی ہے۔ اُس سے اس میں شک نہیں کہ یہ خدشہ حق بجانب معلوم ہوتا ہے۔ میں اُن اخبارات کی آرا کو محض ہٹ دھرمی اور خود غرضی سے منسوب کر سکتا ہوں کوئی معقول شخص جو عام تعلیم کی تاریخ، یا ہندوستان کی طرز حکومت کی تاریخ سے واقف ہو، اِس رپورٹ سے کوئی ایسا نتیجہ جو ہماری سیاسی خواہشات کے منافی ہو۔ آخذ کرنے میں حق بجانب ہو کلیدہ کونسے حقائق ہیں جن کو ہارٹوگ کمیٹی نے دریافت کیا ہے؟ اُن کا بیان ہے کہ ۱۹۱۷ء سے ۱۹۲۷ء تک کی دہ سالہ مدت میں درسگاہوں اور طلبہ کی تعداد کا لحاظ کرتے تعلیم کی رفتار میں سریع ترقی ہوئی اور ملک روز افزوں حد تک تعلیم کے مقصد کے لئے قربانی کرنے کو تیار ہے نیز قانونی مجالس اور مقامی حکام تعلیم پر زائد اخراجات کی منظوری دینے کے لئے تیار اور راضی ہیں

نہ صرف یہی بلکہ طلبہ کی تعداد کا اضافہ تمام قومیتوں اور خاص طور پر مسلمانوں اور نیچ قوموں میں ہوا ہے۔ اس کے علاوہ تعلیم کی اشاعت میں جو رکاوٹیں تھیں بتدریج دور ہو رہی ہیں تمام طبقوں اور تمام قومیتوں میں طلب علم کی خواہش قابل تعریف حد تک پیدا ہو گئی ہے۔ اور یہ کہ تعلیم کی بہتری اور وہ حالات جو درسگاہوں کی کامیابی کا راز ہیں ان دونوں میں ترقی کی ضرورت کا احساس پیدا ہو چلا ہے۔ بالآخر اراکین کمیٹی نے نتیجہ کیا نکالا ہے؟ وہ کہتے ہیں کہ قومی تعلیم کے نظام کے بنانے کے لئے جس چیز کی ضرورت ہے۔ اس پر غور کرنے کی خواہش گو عام گو نہیں ہے مگر پھیلی ہوئی ضرور ہے۔ اور اگر یہ خواہش قائم رہے اور عملی صورت اختیار کرے تو امید افزا مستقبل سامنے ہے یہ یاد رکھنا چاہیئے کہ اس دہ سالہ مدت میں جن ہر دلعزیز وزراء کے قبضہ میں تعلیم کا شعبہ دیا گیا تھا۔ وہ ۱۹۲۱ء سے صرف چھ سال کے لئے کارفرما رہے ہیں تعلیم کی ترقی کے لئے ایک طرف وزراء اور مجالس قانونی ذمہ دار ہیں۔ تو دوسری طرف جس دل خواہ سیل پر ترقی ہوئی ہے وہ اکثر اصلاحات سے پیشتر کے خود مختار حکام کی ڈالی ہوئی تھی یہ ایک حقیقت ہے کہ سابقہ نظام تعلیمی کے نقائص موجودہ ترقی کی تیز رفتاری کے باعث مبالغہ آمیز صورت میں نظر آرہی ہیں۔ کامیابی متواتر تجربوں، غلطیوں سے متنبہ ہونے، اور اصلاحات کے اختیار کرنے ہی پر منحصر ہے دنیا کا کونسا ملک ہے جو اس بات کا دعویٰ کر سکتا ہے کہ اس نے مسلسل تجربوں اور بار بار کی ناکامیوں کے بغیر کامل یا بہتر نظام تعلیم قائم کر لیا ہو۔؟

کمیٹی کے دریافت کردہ حقائق کا اثر ہماری سیاسی ترقی کی قابلیتوں پر کیا ہوا ہے؟ نظام تعلیم پر دستوری حکومت کے مطالبات یہ ہیں کہ وہ ایک ایسا قابل حلقۂ رائے دہندگاں پیدا کرے جو مناسب نمائندگاں کا انتخاب کرنے اور سیاسی جماعتوں کے متضاد لائحۂ عمل کے سمجھنے اور فیصلہ کرنے کے قابل ہو ایک مناسب حلقۂ رائے دہندگاں کے پیدا کرنے کے لئے کس معیار اور کس قسم کی تعلیم کی ضرورت ہے؟ اگر یہ رائے دیجائے کہ ایک آدمی کو حق رائے دہی کا استعمال کرنے کے قابل بنانے کے لئے ایک صحیح اور لبرل تعلیم کا نصاب ضروری ہے۔ تو بمشکل کوئی ملک ہی ایسا ہوگا جس کی نسبت یہ کہا جا سکے

کہ سب رائے دہندگاں ایسے اشخاص ہیں جو لبرل تعلیم سے مستفید ہو چکے ہوں خود انگلستان اور مغرب کے دیگر جمہوری ممالک میں سیاسی مدبریں ان تمام نقائص پر اعتراض کرتے رہتے ہیں جو ایک رائے دہندہ کی رائے پر غیر متعلقہ خیالات اور ناقص و ناقابل عمل وعدوں اور لائحۂ عمل کے زیر اثر پیدا ہوتے ہیں یہ خیال نہ کر لیا جائے کہ میں حق رائے دہی کے لئے تعلیمی یا اور کوئی معیار مقرر کرنے کے خلاف کوئی رائے پیش کر رہا ہوں خود سلڈاکین کمیٹی نے اس امر کے فرض کر لینے کے خلاف ہدایت کی ہے کہ وہ حق رائے دہی کے لئے خواندہ ہونے کو ضروری تصور کرتے ہیں وہ بیان کرتے ہیں کہ خواندہ ہونا تعلیم نہیں ہے بلکہ صرف تعلیم کا ایک ذریعہ ہے۔ اور یہ کہ بعض صورتوں میں پایا جاتا ہے کہ بعض افراد اس قابل ہوتے ہیں کہ سمجھ بوجھ کر رائے دیں ہمارے موجودہ نظام تعلیم کے نقائص کے اظہار میں مجھے مطلق تامل نہیں ہے۔ بلکہ اس کے برخلاف میں اسے اپنے نظام تعلیم کی ترقی کے لئے ایک ناگزیر ابتدائی منزل سمجھتا اور اس کا استقبال کرتا ہوں۔

اب میں ہارٹوگ کمیٹی کے سیاسی رُخ سے اس کے خالص تعلیمی پہلو کی طرف متوجہ ہوتا ہوں ۱۹۲۱ء کی اصلاحات کے بعد سے ملک کی عنان توجہ جس شعبۂ تعلیم کی طرف پلٹی ہے وہ عوام کی تعلیم ہے جمہوری آئین کی ضروریات کے علاوہ بھی ابتدائی تعلیم کی اشاعت کی ضرورت کو تمام طبقوں نے محسوس کیا ہے کمیٹی کی رائے میں تعلیم کی ابتدائی منزل میں طلبہ کی تعداد اور ابتدائی مدارس کے اخراجات دونوں میں بے حد ترقی ہوئی ہے ۲۲-۱۹۲۷ء کی پنجسالہ مدت میں (۴۰، ۵۰، ۲۳) کی بیشی تلامذہ کی تعداد میں ہوئی اور اخراجات میں ایک کروڑ چھیاسی لاکھ کا اضافہ ہو گیا ۱۹۲۷ء کے اعداد کا ۱۹۱۷ء کے اعداد کے ساتھ مقابلہ کیا جائے۔ تو معلوم ہوگا کہ ابتدائی تعلیم پر اخراجات ۲ کروڑ ۹۳ لاکھ سے ۶ کروڑ ۹۵ لاکھ ہو گئے ہیں۔ اس میں شک نہیں کہ یہ ایک معقول سوال ہے کہ آیا اس خرچ کے معاوضہ میں ملک نے کوئی معتدبہ فائدہ حاصل کیا ہے اور تعلیم میں اسی تناسب سے ترقی ہوئی ہے؟ اراکین کمیٹی نے یہ فرض کر لیا ہے کہ کوئی بچہ مستقل طور پر خواندہ نہیں بن سکتا جب تک کہ وہ کم سے کم چار سال کا نصاب پورا نہ کرے۔ کمیٹی کا خیال ہے کہ ابتدائی مدارس میں بے حد وقت

ضائع ہو رہا ہے اور طلبہ تعلیم ترک کر رہے ہیں۔ اکثر ابتدائی نصاب کے پورا کرنے سے پیشتر ہی مدرسہ چھوڑ دیتے ہیں یا تحتانی جماعتوں میں ایک سال سے زیادہ روک لئے جاتے ہیں۔ کمیٹی نے اس امر کا پتہ چلایا ہے کہ کل برطانوی ہند میں اُن طلبہ میں سے جو ۱۹۲۲-۲۳ء میں سب سے نیچی کی جماعت میں شریک ہوئے، ۱۹۲۵-۲۶ء میں صرف (۱۸) فی صدی خواندہ کہلائے جانے کے مستحق نکلے۔ یہ قیاس تخمیناً ہے۔ مگر جو تعداد مستقل طور پر خواندہ کہلانے کے مستحق بن رہی ہے اُس کا صحیح اندازہ لگانا ناممکن ہے۔ لیکن اس میں شک نہیں کہ تمام غلطیوں کا لحاظ کرنے کے بعد محنت اور روپیہ کے ضائع ہونے کا جو اندازہ کمیٹی نے کیا ہے اُس میں وہ حق بجانب ہے کمیٹی نے اس اسراف اور خرابی کے اسباب (جو زیادہ تر دیہاتی علاقوں میں ہے) والدین کے مفلسی، اُن کی ناقابلیت، ایک ہی مدرس کے مدارس کا لازمی ناکارہ پن، نصاب تعلیم اور دیہی زندگی کے ماحول کی عدم مطابقت، اساتذہ کی کم علمی اور معائنہ کرنے والے عہدہ داروں کی کمی، قرار دئے ہیں میں نہیں سمجھتا کہ خرچ اور تضیع محنت کے متعلق کمیٹی کی رائے سے مخالفت کرنے یا اُن کی رائے کی صحت میں شک و شبہ کرنے کا امکان ہے جن اسباب کی طرف اشارہ کیا گیا ہے، وہی اسباب معالجے کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ ابتدائی مدارس میں جو اہم ترین اصلاحات مطلوب ہیں، اُن میں سے ایک یہ ہے کہ نصاب تعلیم دیہی زندگی کے مطابق ہو اور اساتذہ کو دیہی زندگی سے رغبت دلانے والی تعلیم دی جائے اگر ایک جانب معائنہ کرنے والے عہدہ داروں کی کمی کو مان لیا جائے، تو دوسری جانب یہ بات بھی یاد رکھنی ہے کہ ان عہدہ داروں کی قابلیتوں میں بھی ترقی کی ضرورت ہے۔ اس امر میں کہ خود عہدہ دار مقامی ماحول کی ضروریات کے مطابق مؤثر تعلیم دینے کے قابل ہیں شک کی گنجائش ہے۔ مدرس کے کام پر تنقید و تقریض کرنا آسان ہے، لیکن خود تعلیم کے کام کو بہتر طریقہ پر انجام دینا اس قدر آسان نہیں۔ موجودہ قابلیتوں سے زیادہ قابلیت کے عہدہ داروں کی خدمات حاصل کی جاسکتی ہیں۔ جو سوال مُلک کے سامنے ہے وہ اخراجات کا سوال ہے یہ ظاہر ہے کہ سرمایہ محدود ہے۔ لہٰذا اس سرمایہ کو زیادہ گہری دلچسپی اور انہماک کے ساتھ لگایا

جائے تاکہ حقیقی خواندہ اشخاص کی تعداد میں اضافہ ہو۔ یا موجودہ طریقہ پر مدارس کی تعداد بڑھانے میں صرف ہو۔ میں یہ خیال کرنے سے باز نہیں رہ سکتا کہ زیادہ گہری کوشش اور انہماک کے ساتھ کام کرنے کے متعلق کمیٹی نے جو دلائل پیش کئے ہیں نہایت ہی وقیع ہیں۔ اس میں شک نہیں کہ قابلیت میں ترقی دینا اور ساتھ ہی ساتھ مدارس کی تعداد میں اضافہ کرنا ممکن ہے بشرطیکہ ہم ہر دو مقاصد کے لئے کافی سرمایہ سے تیار ہوں پنجاب میں مڈل ورناکیولر مدارس کے فارغ التحصیل اساتذہ کو جو دیہی زندگی سے میلان رکھتے ہیں دیہی مدارس میں مقرر کیا گیا ہے۔ اس انتظام کو اراکین کمیٹی نے پسندیدگی کی نظر سے دیکھا ہے۔ دیگر صوبجات میں بھی اس کی آزمائش کی جانی چاہئے۔ دیہی مدرسہ کا مطمح نظر نہ صرف خواندگی کا حصول بلکہ دیہی زندگی کے تمام پہلوؤں کے معیار میں اضافہ اور ترقی ہونا چاہئے جس کے حامی جدید ترین تعلیمی نظریے بھی ہیں لہذا یہ نصب العین درست اور اس قابل ہے کہ اس کے حصول کی سعی کی جائے۔

اگر میرا حافظہ درست ہے تو مدراس کے محکمہ تعلیمات نے چند سال قبل ایسے ابتدائی مدارس کے تنظیم کی کوشش کی تھی۔ جس میں انگریزی کو نصاب سے بالکل خارج کر دیا گیا اور کئی سال تک تعلیم صرف ملکی زبانوں میں دی جاتی تھی۔ مگر جو طلبہ ان مدارس میں اضاب ختم کر کے اینگلو ورناکیولر مدارس کی جماعتوں میں شریک ہونا چاہتے تھے اُن کی راہ میں چند مشکلات حائل ہوتی تھیں۔ میرا خیال ہے کہ یہ تجربہ کامیاب ثابت نہیں ہوا۔ بہرنوع اس صوبہ کے چند دیہی علاقوں میں والدین کی یہ خواہش ہے کہ اُن کے بچوں کو انگریزی سیکھنے کے مواقع بہم پہنچائے جائیں، تاکہ وہ زیادہ آسانی کے ساتھ تعلیم کی ثانوی منزل میں قدم رکھ سکیں۔ ابتدائی تعلیم کے مبحث کو ختم کرنے سے قبل میں یہ ظاہر کر دینا چاہتا ہوں کہ ہمارے تحتانی تعلیم کے نظام میں کمیٹی نے جس خرابی اور اسراف کو پایا ہے وہ اس ملک کے لئے مخصوص نہیں ہے۔ میں نے انگلستان میں بھی اسی نوعیت کی شکایتوں کا ذکر کتابوں اور اخباروں میں پڑھا ہے۔ حال کے ایک مصنف نے لندن کے اعداد و شمار ۱۹۲۳-۲۶ء سے لے کر یہ بتایا ہے کہ اگرچہ والدین نے اپنے بچوں کو سولہ سال کی عمر تک مدرسہ میں رکھنے کا ذمہ لیا تھا

مگر بارہ یا تیرہ سال کی عمر سے سولہ سال کی عمر تک تعدادِ طلبہ میں برابر کمی ہوتی رہی اور سولہ سال کی عمر تک صرف ایک ثلث تعداد باقی رہ گئی۔ ان میں سے دو ثلث طلبہ یا تو نصاب مدرسہ کی تکمیل کرنے یا کامیابی کے معیار تک پہنچنے میں ناکام رہے۔ غرض کہ دوسرے ممالک کے حالات کا بالمقابل مطالعہ ہمارے اپنے نقائص پر غور کرنے میں ہمیں تسلی بخشتا ہے۔

ثانوی تعلیم کے نظام کے متعلق کمیٹی کی رائے ہے کہ باوجود صریحی نقائص اور مشکلات کے صحیح ترقی کے امید افزا آثار موجود ہیں۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ ثانوی تعلیم کا نظام عموماً جامعہ کے نصاب کی تیاری کا زینہ سمجھا جاتا ہے۔ اور زیادہ تر جامعہ کی ضروریات کے ماتحت ہوتا ہے۔ کئی سال قبل حکومت مدراس نے اس امر کو ممکن تصور کیا تھا کہ سرکاری ملازمت کے لئے امتحان میٹرک کے معیار قابلیت کو ترک کیا جائے اور اس طرح جو طلبہ جامعات کے قابل نہ ہوں اُن کے رجحان کو دوسری طرف پلٹ دیا جائے۔ کچھ تو اس غرض سے اور کچھ ثانوی مدارس میں کل مدت تعلیم کے دوران میں طلبہ کی ترقی اور تحصیل کا ریکارڈ حاصل کرنے کی غرض سے سکول فائنل لیونگ سرٹیفکیٹ کا طریقہ جاری کیا گیا تھا۔ صوبہ ہذا میں سکول فائنل سسٹم کو ناکام سمجھنا چاہیئے۔ جامعاتی تعلیم سے ناقابل طلبہ کو ہٹا دینے میں یہ طریقہ کچھ زیادہ کامیاب نہیں رہا۔ اکثر والدین اس بات کے متمنی ہیں کہ ان کے بچے علمی پیشوں یا سرکاری ملازمت میں داخل ہو جائیں۔ یہی خواہش خود انگلستان میں مزدور پیشہ اشخاص کی ہے۔ کہ اپنے بچوں کو تربیت یافتہ جسمانی محنت سے بچا کر اُن کے لئے کوئی سرکاری ملازمت حاصل کی جائے۔ جامعاتی تعلیم سے طلبہ کی روگردانی محض اُن کی ناکامی اور اقتصادی کشمکش کے تجربہ کی بنا پر ہو سکتی ہے۔ اسکول فائنل کا طریقہ کوئی اطمینان بخش ابتدائی نصاب فراہم کر کے طلبہ کو کسی پیشہ کے قابل بنانے میں بھی کامیاب نہیں رہا۔ امتحان سکول فائنل جو ثانوی مدارس میں طلبہ کے تحصیل علم اور ترقی کی آزمائش کی غرض سے صوبہ بھر میں لیا جاتا ہے۔ ایک نہایت ہی اہم معاملہ ہے۔ ان امتحانوں میں شریک ہونے والے طلبہ کی تعداد قدیم امتحان میٹرک کے امیدواروں سے بہت زیادہ ہے۔ قلیل التعداد مستحنوں کا اس قدر کثیر تعداد طلبہ کا امتحان لینا لحاظ نتایج لازمی طور پر ناقابل تشفی ہے۔ امتحان کی تمام برائیاں مقررکردہ ممتحنیں

اور امتحان دینے والے اُمیدواروں کی تعداد کے تناسب سے اور بھی اہم معلوم ہو رہی ہیں۔ یہ امر قابل غور ہے کہ آیا صوبہ کو پانچ یا چھ علاقوں میں تقسیم کر کے ہر ایک علاقہ کا امتحان علٰحدہ علٰحدہ لینے سے امتحان کی بُرائیاں کم ہو سکتی ہیں یا نہیں۔ صوبۂ ہذا میں امتحان سکول فائنل کے حاصل کردہ نشانات سے جامعہ میں داخلہ کا استحقاق پیدا ہوتا ہے۔ یہ امر مشتبہ ہے کہ آیا امتحان سکول فائنل کی بُرائیوں میں ہر رشتہ کے اختیار کردہ طریقہ "ماڈریشن" سے کمی ہو رہی ہے یا اضافہ۔ نصاب جامعہ کے زمانہ میں طلبہ کا ایک ایک جماعت میں کئی کئی سال تک پڑا رہنا یا تو نظام تعلیم ثانوی کے غیر مؤثر ہونے کا ثبوت ہے؛ یا جو طلبہ کلیہ کی تعلیم کی غرض سے ثانوی نصاب کی تکمیل کرتے ہیں، اُن میں سے اکثر کی ناقابلیت کی دلیل ہے۔ جو طلبہ جامعہ کے نصاب کی تکمیل کامیابی کے ساتھ کرتے (یعنے سند حاصل کر لیتے) ہیں، افسوس ہے کہ وہ بھی کئی لحاظ سے ناقص ہیں۔ ایک اوسط درجے کے طیلسانی کے انگریزی کی معلومات میں نہ صرف نمایاں کمی ہوتی ہے؛ بلکہ لبرل ایجوکیشنل کے ضروری اجزا میں قابل افسوس نقص پایا جاتا ہے۔ انھیں کائنات کی عام اشیاء سے دلچسپی کم ہوتی ہے۔ اور تعلیمی جدت آفرینی اور ذوق مطالعہ بھی نہیں ہوتا اُن کا مطالعہ مقامی اخباروں یا چند ایک ناولوں سے شاذ و نادر ہی آگے بڑھتا ہے۔ املا اور صرف و نحو کی غلطیوں سے پاک ہونا طیلسانین کے لئے کوئی عمدہ صفت نہیں ہے۔ اگر مضامین تعلیم کے وسیع کرنے یا معیار امتحان کے بڑھانے کی کوشش کی جاتی ہے۔ تو فوراً ہی اخبارات میں اور خود جامعہ کی مجلس اعلیٰ میں احتجاج کا طوفان برپا ہو جاتا ہے۔ ماہرین کی رائے اس نقطۂ نظر کی طرف مائل نظر آتی ہے کہ قصور کلیہ کے طریقۂ تعلیم کا نہیں ہے۔ بلکہ ثانوی تعلیم کا ہے۔ لہٰذا یہ سوال کہ ثانوی تعلیم کے نظام کو کس طرح ترقی دی جائے۔ اُن اہم ترین مسائل میں سے ہے، جن پر آپ کو غور کرنا ہے۔ ثانوی تعلیم کے نظام کی ایک خرابی جو تقریباً آج تک باقی ہے وہ یہ ہے کہ طلبہ ایسی عمر میں انتخاب مضمون کے لئے مجبور ہوتے ہیں جب کہ ان میں عقل سلیم نہیں ہوتی۔ اور خود فیصلہ نہیں کر سکتے کہ وہ کون مضمون اختیار کریں۔ اپنے زمانۂ تعلیم کے ایسے ابتدائی دور میں طالب علم جو انتخاب کرتا ہے، اُس سے زیادہ تر کلیۂ کی تعلیم کے مضامین

اختیاری کا انتخاب قبل از وقت ہو جاتا ہے۔

اس میں بہت کچھ اعتراض کی گنجایش ہے کہ آیا مضامین کے انتخاب کے مسئلہ کو بہت زیادہ اہمیت دی گئی ہے یا نہیں۔ اور کیا یہ قرین مصلحت نہیں ہے کہ ایک اوسط درجہ کا طیلسانی کسی ایک مضمون میں خاص معلومات حاصل کرنے اور دیگر تمام مضامین سے نابلد رہنے کے عوض ان تمام مضامین کی عام معلومات ایک مقررہ حد تک حاصل کرے جو لبرل ایجوکیشن کے نصاب کے لئے ضروری ہیں۔ حال میں جامعۂ مدراس اور سکنڈری سکول لیونگ سرٹیفکٹ بورڈ نے ان نقائص کو دور کرنے کی کوشش کی ہے۔

فنِ تعلیم کے ماہرین کے نزدیک شاید سب سے اہم مسئلہ یہ ہوگا کہ کس طرح تعلیم اور روزگار میں ربط و تعلق پیدا کیا جائے۔ تعلیم یافتہ طبقوں میں بے روزگاری کا سوال نہایت سخت ہے۔ ہندوستانی جامعات سے ہر سال جو سینکڑوں طیلسانین تیار ہو کر نکلتے ہیں، اُن کی کھپت تو سرکاری ملازمت ہی میں ہو سکتی ہے اور نہ دیگر علمی پیشوں میں۔ بیشتر اُن نوجوانوں کی راہ میں حایل نہیں ہے جنہیں اچھے ذرایع حاصل ہیں۔ یا خود اُن میں خداداد جوہر قابل موجود ہے۔ ساری مصیبت اوسط درجے کے طیلسانی کے لئے ہے جو بہت دیر کے بعد معلوم کرتا ہے کہ اُس کی کلیہ کی تعلیم پر وقت اور روپیہ بیکار صرف ہوا۔ گو سرکاری ملازمت اور علمی پیشے اب بھی جاذب توجہ ہیں۔ اوسط درجے کا طیلسانی اس پر بھی راضی ہے کہ کوئی ایسا پیشہ اختیار کرے جو کافی ذریعۂ معاش بہم پہنچانے میں مدد ہو۔ لیکن بسا اوقات وہ زندگی کے مختلف شعبوں کے لئے موزوں ثابت نہیں ہوتا۔ کیونکہ اب تک دوسرے ہی پیشوں کے دلادیزی اُن میں کام کرتی رہی۔ ہمارے نوجوانوں کی کثرت اور ملک کی فلاح و بہبود کی خاطر یہ ضروری ہے کہ ان کو صنعتی۔ تجارتی یا زراعتی زندگی کی طرف متوجہ کیا جائے اور انہی مقاصد کی تعلیم دی جائے۔ اِن اغراض کے لئے ثانوی تعلیم کا درست نصاب شاید کافی اور ضروری سمجھا جائے گا۔ ثانوی تعلیم کے نظام کی اصلاح اور پیشہ ورانہ تعلیم کے لئے مختلف شعبوں کا قیام دورِ موجودہ کی اہم ترین ضرورت معلوم ہوتی ہے۔ اسی سے متعلق میں اپنے نظام تعلیم کے ایک زبردست اور اہم نقص کی طرف اشارہ کرنا چاہتا ہوں

قطع نظر اُن صورتوں کے جب کہ کوئی نوجوان اپنا آبائی پیشہ اختیار کرتا ہے، وہ اس کا فیصلہ نہیں کرسکتا کہ وُہ کس پیشہ کا انتخاب کرے اور اُس کی تربیت پائے۔ ایک وسط درجہ کا لڑکا اتنا شعور ہی نہیں رکھتا کہ وہ اپنے طبیعت کے میلان کو معلوم کرے بلکہ وُہ یہ محسوس کرتا ہے کہ کسی پیشہ میں وُہ بھلا یا بُرا کام کرسکتا ہے۔ یہی حال اُن کے والدین کا ہے۔ وُہ بھی اپنے بچّوں کے میلانِ طبع کے دریافت کرنے کے قابل نہیں ہوتے اگر کوئی شخص ایسا ہوسکتا ہے جو اپنی اولاد کو کسی فیصلہ پر پہنچنے میں مدد دے تو وہ مُدرس ہی ہوسکتا ہے ساتھ ہی یہ بھی بآسانی کہا جاسکتا ہے کہ اکثر مدرسین بھی کوئی مفید مشورہ پیش کرنے کے قابل نہیں ہوتے۔ نفسیاتی آزمائشوں یا دیگر ذرائع سے طلبہ کے رجحانات کو دریافت کرنے کا مسئلہ امریکہ کے ماہرین تعلیم کو متوجہ کئے ہوئے ہے اور میں یقین کرتا ہوں کہ انگلستان کے تعلیمی حلقوں میں بھی یہ مسئلہ جاذبِ توجہ بن رہا ہے۔ مجھے یہ ثانوی مدرسہ کے مُدرّس کی اہم ترین ذمّہ داری معلوم ہوتی ہے مگر یہ ایسی ذمّہ داری ہے جس کے انجام دینے کی اُس کو تعلیم نہیں دی گئی۔ یہ ہماری سررشتہ ہائے تعلیمات کا کام ہے کہ شخصی رجحانات کے مطالعہ کے لئے یا تو ماہرین کو باہر سے بُلائے یا مُدرسین کو اُن ممالک میں جہاں ایسی تعلیم دیجاتی ہے بھیجنے کا انتظام کرے۔

اگر ثانوی تعلیم اُس عام تعلیم کی حد تک ہونے والی ہے جس کو اکثر نوجوان پانے کے خواہش مند ہیں تو یہ ضروری ہے کہ ایسی تعلیم مضبوط بنیادوں پر قائم کی جائے اور اس طرح اُستوار بنائی جائے کہ جو ضروریات لبرل ایجوکیشن کی ہیں پوری ہوسکیں۔ یعنے طلبہ کے ماحول میں دلچسپی پیدا کی جائے؛ اُن کے علمی تحقیق اور تجسس کو اُبھارے؛ اُن کے قوائے دماغی کو وسعت دے اور اُنہیں مفید شہری بنائے۔ اِن مقاصد کے حصُول کے لئے ضرورت ہے کہ ثانوی نصاب تعلیم کو وسعت دی جائے اور چند لازمی مضامین شامل کئے جائیں۔ بہرحال کسی صورت میں بھی نظام تعلیم کی اصلاح ہونی چاہئے۔

تعلیمی تجسس اور تحقیق کی سپرٹ کے اُبھارنے کا ایک نہایت قیمتی ذریعہ نیچر اسٹڈی اور سائنس کی تعلیم ہے۔ ثانوی مدارس میں سائنس کے ماتحت جو مضامین سکھائے جاتے

ہیں وہ طبعیات اور کیمیا ہیں۔ مدارس کے معملوں میں کسی قدر عملی کام کیا جاتا ہے۔ میرے ہائی اسکول میں سائنس کے نتائج سے بھی یہ معلوم ہوتا ہے کہ کامیابی نہیں ہوئی کیونکہ طلبہ میں اتنی صلاحیت پیدا نہیں ہوئی کہ بطور خود مشاہدہ اور مطالعہ قدرت کر سکیں گو میرے مدرسہ میں سامان کی کمی نہیں ہے اور نہ سائنس کے مدرسین اوسط سے کم درجہ کے ہیں ناکامی کے اسباب مجھے کچھ تو طریقۂ تعلیم میں۔ کچھ مضامین مشمولہ کی نوعیت میں اور کچھ خود مدرسین کی ناکافی تعلیم و تیاری میں نظر آتے ہیں۔ میں اس قدر خوش نصیب نہیں رہا کہ کسی ایسے مدرسہ کو دیکھتا جہاں نیچر اسٹڈی کا مضمون کامیابی کے ساتھ پڑھایا جاتا ہو۔ یا خود مدرس نے نیچر اسٹڈی سے نمایاں طور پر رغبت ظاہر کی ہو۔ میری تمنا ہے کہ سائنس کی تعلیم جان براؤن صاحب کی کتاب موسومہ "مدارس میں سائنس کی تعلیم" میں جس طریقہ پر بتائی گئی ہے ہمارے مدارس میں بھی دی جائے۔ سکنڈری سکول لیونگ سرٹیفکیٹ بورڈ نے ابتدائی سائنس کا جو نیا نصاب تیار کیا ہے۔ اُس میں طبعیات اور کیمیا کے وہ مضامین شامل ہیں جو نباتات، حیوانات، تشریح بدن اور حیاتیات سے متعلق ہیں نیچر اسٹڈی کی کامیاب تعلیم کی طرف پہلا قدم خود مدرسین کی تربیت ہے اگر نتائج کے لحاظ سے ٹیچرس کالج کو دیکھا جائے تو اس امر میں بڑے شک و شبہ کی گنجائش ہے کہ آیا ٹیچرس کالج اپنا کام خوبی کے ساتھ انجام دے رہا ہے۔ یہاں مجھے یہ کہنے کی اجازت ملنی چاہئے کہ میں نے یہ شکائتیں سُنی ہیں کہ طبعیات اور کیمیا کا نظر ثانی کیا ہوا نصاب نہایت سخت اور اصطلاحی ہے۔ اور مجھے اندیشہ ہے کہ یہ شکایات بے بنیاد نہیں ہیں۔

ہارٹوگ کمیٹی نے معائنہ کرنے والے عہدہ داروں کی تعداد میں اضافہ کی ضرورت پر زور دیا ہے اگر مدارس میں تعلیم پر مناسب نگرانی رکھنی ہے۔ تو ہر مدرسہ کے معائنہ کے لئے اب سے زیادہ وقت دینے کی ضرورت ہے بہر حال نہ صرف معائنہ کرنے والے عہدہ داروں کی تعداد میں زیادتی کی ضرورت ہے بلکہ ان کی قابلیتوں میں بھی معقول اصلاح ضروری ہے۔ میں ایسے انسپکٹروں کو جانتا ہوں جو مدرسہ کے مضامین میں سے کسی ایک کے خصوصی ماہر تھے۔ اور اسی لئے اس مضمون کی تعلیم میں انہیں زیادہ دلچسپی تھی۔ معائنہ

کرسیوائے افسروں کی رپورٹوں سے پتہ چل سکتا ہے کہ کم و بیش وہ لکیر کے فقیر ہیں اور اُن کی رپورٹیں دقیانوسی اس کی اُمید نہیں کیجاتی ہے کہ کسی ناظم تعلیمات یا یونیورسٹی کمیشن کے لئے یہ ممکن ہوگا کہ تعلیم گاہوں کی نسبت ظاہری حالت کے علاوہ جو عمارت مکانیت۔ کتب خانوں اور معملوں وغیرہ سے متعلق ہے اور کسی ذرائع آزمائش سے کام لے کر کوئی رائے قائم کرسکے۔ اگر معائنہ کے حقیقی کام کو مؤثر اور کارآمد بنانا ہے۔ تو ایسے اشخاص کے تفویض کیا جائے۔ جو مدارس ثانویہ کے نصاب میں "ہر فن مولا" کہلانے کے مستحق ہوں۔ اور جو خود نمونہ کے اسباق اور اُمور مدرسہ میں مشورہ دے سکتے ہوں۔

مدرسوں اور کالجوں دونوں کے معیار کی اصلاح میں ایک بڑی رکاوٹ یہ ہے کہ مدارس ثانویہ میں طلبہ ایک ایک جماعت میں کئی کئی سال تک پڑے رہتے ہیں جس کا اصلی سبب یہی ہے کہ ناقابل طلبہ کو غاید کسی حد تک والدین کے مجبور کرنے اور بڑی حد تک طلبہ کی فیس اور آمدنی کی خاطر شرکت کا موقع دیا جارہا ہے۔ چند ہی امدادی مدارس ایسے ہوں گے، جو ناقابل طلبہ کو سختی سے روک کر تحصیل علم کے اعلیٰ معیار کو برقرار رکھنے میں اس ذریعۂ آمدنی کو نظر انداز کرسکتے ہیں۔ ہماری جامعات کو بھی اپنی زندگی کے لئے امتحان کی فیس پر بھروسہ کرنا پڑتا ہے۔ ایک دوسری چیز جو مجھے مدارس کے مفید ہونے پر ردِ عمل کرتی ہوئی دکھائی دیتی ہے۔ وہ ترغیب و تحریص ہے جس کے باعث طلبہ مختلف سماجی اور سیاسی مشغلوں میں مصروف نظر آتے ہیں میں یہاں غلط فہمی سے بچنا چاہتا ہوں۔ بیشک یہ ضروری ہے کہ مدرسہ کی تعلیم طالب علم میں سماجی خدمت اور شہری ذمہ داری کوٹ کوٹ کر بھر دے اس مقصد کے پورا کرنے کے لئے تحریک کشافی قابل تعریف طریقہ پر اختیار کی گئی ہے سماجی بہبود کے لئے کسی قسم کے کام میں طلبہ کا دلچسپی لینا مجھے قابل اعتراض نہیں معلوم ہوتا بشرطیکہ یہ سب کام مدرسین کے زیر ہدایت ہو اور طلبہ کو تعلیم سے منحرف اور برگشتہ نہ ہونے دے۔ مجھے اس سے رنج ہے کہ طلبہ قیمتی وقت کو قابل افسوس طریقہ پر برباد کرتے ہیں۔ اور گہرے مطالعہ کی عادت ڈالنے، کسب کمال و کسب علم اور ضبطِ نفس کے موقع سے جو مدارس اور کالجوں میں فراہم کئے جاتے ہیں غفلت برت رہے ہیں۔ شاید میرا

بیان غلط ہو، یا دقیانوسی خیال کیا جائے۔ لیکن میں نے متعدد مدرسین اور پروفیسروں کو آج کل کے طلبہ کی زندگی کی خصوصیات کے متعلق یہی رائے ظاہر کرتے ہوئے سنا ہے

میں نے اپنے بیان کو متوسط قوائے دماغی رکھنے والے طلبہ کی تعلیم کے چند پہلوؤں تک محدود رکھا ہے۔ جو مجھے سوسائٹی کے لئے بمقابلہ اندھوں۔ بہروں۔ جرائم پیشہ اور ناقص القویٰ طلبہ کی تعلیم کے بہت زیادہ اہم معلوم ہوتا ہے۔ اب مجھے ایسے مضامین پر روشنی ڈالنا چنداں ضروری نہیں معلوم ہوتا۔ جیسے لڑکیوں کی خصوصی تعلیم۔ غیر فرقہ وارانہ مذہبی تعلیم کے طریقہ کا قابل عمل ہونا اور اس کی تفصیل۔ غیر اوقات مدرسہ میں مدرسین کی مصروفیتیں۔ یا تعلیم بالغاں وغیرہ۔ حرفتی تعلیم کے متعلق میں صرف ایک بات کہوں گا۔ اور وہ یہ کہ صنعتی کارخانوں اور حرفتی تعلیم گاہوں کے منتظمین میں اتحاد عمل پیدا کرنا ضروری ہے۔ تاکہ عملی تعلیم اور آئندہ روزگار کے لئے سہولتیں حاصل ہوں۔

اس میں مجھے کوئی شک نہیں ہے۔ کہ آپ کا فنڈریشن تعلیم کے ان مسائل پر اور ان کے علاوہ اور دوسرے بہت سارے مسائل پر توجہ کرے گا۔ مجھے امید ہے کہ آپ کا فنڈریشن اپنے پیش نظر انہیں نمونوں اور اسی لائحہ عمل کو رکھے گا جیسا کہ امریکہ کی تعلیمی کونسل کا ہے۔ امریکہ کی تعلیمی کونسل اپنی چند سالہ زندگی میں بہترین کام کرتی رہی ہے۔ میں نے تعلیم کے ان پہلوؤں پر بحث نہیں کی ہے۔ جو پیشۂ معلمی کے حقوق کی حفاظت اور ترقی سے متعلق ہیں۔ قابل طلبا میں کو پیشۂ معلمی کی طرف راغب کرنے کے لئے ان کو معقول مشاہرہ دینا۔ اور ان کے لئے زندگی میں معقول میدانِ عمل پیدا کرنا ضروری ہے لیکن آپ کو یہ یاد رکھنا چاہیے کہ مدرس کی مقابلتہً کم تنخواہ اس ملک ہندوستان کی کوئی خصوصیت نہیں ہے۔ بلکہ انگلستان۔ یورپ اور امریکہ میں بھی یہی دیکھا جاتا ہے ۱۹۲۶ء میں امریکہ کی تعلیمی کونسل کے سالانہ اجلاس میں بیان کیا گیا تھا کہ نہ صرف ثانوی مدارس بلکہ کالجوں میں بھی جو تنخواہیں مدرسین کو دی جاتی ہیں، وہ نہایت ہی قلیل ہیں۔ مدرس کی حیثیت کو ترقی دینے کے لئے جو کچھ کوشش آپ کریں۔ ان میں ایک خطرہ لگا ہوا ہے۔ جس کا انسداد کرنا ضروری ہے۔ میرا اشارہ تجارت اور تجارتی اتحاد کی اسپرٹ کے داخل کرنے کے خطرہ کی طرف ہے۔ اپنے اراکین

کے حقوق کی حفاظت کرنے کی خواہش میں تجارتی اتحاد اپنی حفاظت میں نہ صرف قابل افراد کو لیتا ہے۔ بلکہ ناقابل افراد کو بھی شریک کر لیتا ہے۔ رکنیت کے لئے آپ جو کچھ بھی معیار مقرر کریں۔ اس کا اندازہ صرف خارجی آزمایشوں سے ہی ہو سکتا ہے۔ لہذا آپ کی مجالس کے اراکین میں اکثر چند ناقابل افراد شامل پائے جائیں گے۔ جیسا کہ دوسری تمام جماعتوں میں ہوتا ہے۔ اس ملک میں پیشۂ معلمی ہمیشہ بڑی عزت سے دیکھا گیا ہے۔ سوسائٹی میں ان کا رتبہ اُن کی تنخواہوں پر منحصر تھا۔ اور نہ ہونا چاہئے۔ لہذا مدرسین کو کوئی کام ایسا نہ کرنا چاہیئے جس کو دنیا کے اس شریف ترین پیشہ کے نمونوں اور روایتوں کے منافی اور باعث ذلت خیال کیا جائے۔

تعلیم دستکاری

از مولوی اللہ بخش صاحب بی۔ اے، بی۔ ٹی

وسیع معنوں میں دستکاری سے یہ مراد ہے کہ ہمارا دماغ جن باتوں کی ہدایت کرتا ہے اُن کو ہم اپنے ہاتھ کے ذریعہ سے بہ تمام و کمال عملی صورت میں پیش کریں اور یہ اصطلاح ہاتھ کے ہر ایک باقاعدہ استعمال پر صادق آتی ہے چاہے وہ خطاطی ہو یا اور کسی قسم کی صنعت اصطلاح عام میں دستکاری عموماً انہیں چیزوں تک محدود ہے جو مختلف مادی اشیاء کے ہاتھ کے ذریعہ بنائی جاتی ہیں۔ مختصر یہ کہ دستکاری بچوں کو اُن چیزوں کے بنانے میں مدد دیتی ہے جن کو وہ بنانا چاہتے ہیں اور اسی کی وساطت سے اُن کی دستی کاریگری نمو پاتی ہے اور اُن میں ایک قسم کی دماغی صلاحیت پیدا ہوتی ہے جو کسی اور چیز سے پیدا نہیں ہو سکتی۔ اس سے نہ صرف ان کی صنعتی حس ترقی پاتی ہے بلکہ مادی اشیاء کو برتنے کی مہارت اور اچھی اور بری صنعت میں تمیز کرنے کا مادہ بھی پیدا ہوتا ہے وہ رفتہ رفتہ اس امر کو محسوس کر لیتے ہیں کہ دستکاری ایک نہایت ہی منفعت بخش ہنر ہے۔

مدرسہ میں دستکاری کی اہمیت مدرسہ میں دستکاری کی اور بھی اہمیت ہے۔ بہت سے

لڑکوں میں ذہنی تصور کا مادّہ مفقود ہوتا ہے اور صرف وہ مادّی اشیاء کی مدد سے تعلیم پا سکتے ہیں خصوصاً بچوں کے لئے تقریباً نصاب تعلیم کے ہر ایک مضمون میں جب تک دستکاری کی سے کام نہ لیا جائے اُس مضمون کی اصلیت اُن کے ذہن نشین نہیں ہو سکتی اس طرح سے علم ریاضی میں دستکاری کے ذریعہ سے بچوں کے دماغ میں اعداد۔ طول و عرض موٹائی۔ خواص اور تناسب کا صحیح اور اصلی تصور قائم ہو سکتا ہے۔ یہی وہ چیز ہے جس کی مدد سے بچے اُن حسابی طریقوں کی معقولیت کو جنہیں وہ مسائل کے حل کرنے میں استعمال کرتے ہیں تسلی بخش طور پر سمجھ جاتے ہیں۔ اور یہی چیز اُن کے ذہن کو نئے نئے مسائل کی جانب منتقل کرتی اور اُن کے لئے آگے راستہ صاف کر دیتی ہے۔ عموماً ہر ایک مضمون میں اشیاء کی جو تصویریں لڑکوں کے دماغ میں ہوتی ہیں وہ دستکاری کی مدد سے اس طرح صاف واضح اور ذہن نشین ہو جاتی ہیں کہ پھر وہ اُن کو عمر بھر نہیں بھول سکتے۔ خصوصاً دستکاری خود اعتمادی کی قوت کو بڑھانے اور مستقل مزاجی سے کام کرنے کی عادت پیدا کرنے میں نہایت ہی مفید ہے۔ یہی خاصیتیں ہیں جن سے ہر ایک کام کا خاطر خواہ نتیجہ برآمد ہو سکتا ہے اور وہ انسان کو لائق داد و قابل ستایش بناتی ہیں۔ دستکاری سے انسان کو اپنی طبیعت کے جوہر دکھانے کے عمدہ مواقع ہاتھ آتے ہیں اُس میں اپنے ماحول سے مطابقت پیدا کرنے کی صلاحیت پیدا ہو جاتی ہے اور اس کی قوت ارادی میں بے انتہا ترقی ہوتی ہے۔ دست کاری کی یہ بھی ایک خوبی ہے کہ وہ کام میں صحت و درستی کی اہمیت کو بچوں کے ذہن نشین کرا دیتی ہے کیونکہ ٹھوس اشیاء میں جو اسقام رہ جاتے ہیں وہ آسانی سے پہچان لئے جاتے ہیں۔

دستکاری کا تعلق مصوری کے ساتھ دست کاری اور مصوری کا چولی دامن کا ساتھ ہے یہ اُن مصورانہ خیالات کو جو لڑکوں کے دماغ میں اسباق یا نقشہ کشی کے دوران میں پیدا ہوتے ہیں ٹھوس اشکال میں ڈھالنے کے لئے بے شمار مواقع بہم پہونچاتی ہے۔ ابتداہی سے ان کو دستکاری اور مصوری کے ذریعہ سے ایسی تعلیم دینی چاہیئے کہ ان میں رنگ اور شکل کی خوبصورتی کو سمجھنے اور جس مصالحہ سے اشیاء بنائی جاتی ہیں اس کو جانچنے اور ہنرمندی کے ساتھ استعمال کرنے کا صحیح مذاق پیدا ہو جائے اور وہ خود بخود اس امر کا احساس کرنے لگیں کہ ایک عمدگی

سے بنی ہوئی چیز جو اُس غرض و غایت کو جس کے لئے وہ بنائی گئی ہے پورا کر سکتی ہے بصرف یہی بلکہ یہ بھی محسوس کریں کہ جو چیز شکل و صورت اور تناسب کے لحاظ سے بے نقص ہو بجائے خود ایک ایسی خوبصورتی سے متصف ہے کہ اس کو اور کسی ظاہری آرائش کی ضرورت نہیں ہے

نہیں حاجت تصنع کی اُسے جو خود مکمل ہے کہ دیکھو خوشنما لگتا ہے کیسا چاند بن گہنے

تعلیم دستکاری کے مدارج | انگلستان اور امریکہ میں یہ امر متفقہ طور پر طے ہو چکا ہے کہ دستکاری کی تعلیم لڑکوں کو الیمنٹری اسکول کا زمانہ ختم ہونے تک برابر اور مسلسل دی جائے۔ اس تسلسل کو قائم رکھنے کی غرض سے تمام مدرسہ کا نصاب دستکاری ہر ایک مُدرس کے پاس رہنا چاہیئے کیونکہ ہر ایک مدرس کو صرف یہی معلوم ہونا کافی نہیں ہے کہ اس کو اپنی جماعت میں کیا سکھانا چاہیئے بلکہ اس کو اس سے بھی بخوبی واقف رہنا چاہیئے کہ نیچے کی جماعتوں میں بچوں سے کیا کام کروایا گیا ہے۔ اور اوپر کی جماعتوں میں وہ کیا کام کریں گے نصاب دستکاری دو درجوں میں منقسم کیا جا سکتا ہے ایک گیارہ سے لے کر بارہ سال کی عمر تک کے بچوں کے لئے اس وقت تک جب کہ وہ ابتدائی مدرسے سے دوسرے مدرسے میں داخل ہوتے ہیں۔ دوسرا درجہ اُس کل مدت کے لئے جب کہ وہ مدرسے کی تعلیم سے فراغت حاصل کر لیں۔ ابتدائی یا تحتانیہ درجے میں لڑکا پہلے پہلے کھیل یا عملی تجربہ کے ذریعہ سے بہت سی کارآمد مادی اشیاء کی ماہیت و خواص سے واقف ہو جاتا اور اس امر کا پتہ لگا لیتا ہے کہ وہ مادی اشیاء کن چیزوں کی ساخت میں استعمال کی جا سکتی ہیں۔ اسی درجے کے آخری حصہ میں ہاتھ کے استعمال کے ساتھ ساتھ آلات و اوزار سے بھی کام لینے کی ابتدا کر دینی چاہیئے ناپ اور پیمائش کی صحت و درستی پر اس زمانے میں چندان زور دینے کی ضرورت نہیں رفتہ رفتہ خود لڑکوں میں اس کو سمجھنے کی صلاحیت پیدا ہو جائے گی زیادہ عرصے تک صرف یہی امر مرکوز خاطر رہے کہ لڑکے جس غرض کے لئے جو چیز بناتے ہیں اس سے وہ غرض کہاں تک پوری ہو سکتی ہے۔ درجۂ فوقانیہ میں ایسی مادی اشیاء سے کام لینا چاہیئے جن کو دست کاری میں استعمال کرنے کی مہارت حاصل کرنے کے لئے زیادہ قوت اور محنت کی ضرورت ہو اور ہر چیز میں صحت و درستی اور ساخت کی خوبی اور عمدگی کا بہ تمام و کمال لحاظ رکھا جائے۔ کسی چیز کے بنانے میں لڑکے جو کوشش کرتے

ہیں اُن کی یہ کوشش صرف اسی حد تک محدود رہے کہ جو مصالحہ دستیاب ہو سکتا ہے اُس سے اُس چیز کو تشفی بخش طریقہ پر بنالیں۔ لڑکوں کو ساخت اشیاء میں اسی حد تک جدت و اختراع سے کام لینے کی ہدایت دی جائے کہ جس خاص مقصد کے لئے جو چیز بنائی جاتی ہے اُس سے وہ غرض بطریق احسن پوری ہو سکے۔ تحتانیہ درجہ میں لڑکوں اور لڑکیوں کے کام میں سوائے اس کے کہ لڑکیوں کو سوئی کا کام سکھایا جائے اور کوئی فرق نہیں کرنا چاہیئے۔ اوپر کے درجوں میں لڑکوں اور لڑکیوں کے کام میں عموماً فرق ہونا چاہیئے اور لڑکیوں کی ضروریات کو مدنظر رکھ کر بجائے ان دستکاریوں کے جو لڑکوں کے لئے رکھی گئی ہیں لڑکیاں امور خانہ داری سے متعلق دستکاری اور سوزن کاری سیکھیں طبقہ فوقانیہ کو خاص ساز و سامان اور آلات و اوزار کی ضرورت ہے اور عموماً اس کے لئے خاص عمارتیں ہونی چاہئیں جہاں لڑکے باری باری سے اپنے اپنے اوقات میں مدارس سے جا کر کام کریں اس کے یہ معنی نہیں لینے چاہئیں کہ دستکاری اُن کے درسی نصاب کا جزو لاینفک نہیں ہے دستکاری کے بہتریں نتائج اُسی وقت رُونما ہوں گے جب کہ مدرسہ کے عام نصاب میں اور اس میں چولی دامن کا ساتھ رہے۔ دستکاری کا مرکز جہاں تک ممکن ہو مدرسہ سے قریب رہے اس وقت بھی جب دستکاری کی تعلیم مدرسہ سے کسی قدر دور مرکز میں دی جائے ایسی تدابیر اختیار کی جائیں کہ ہمیشہ مدرسہ اور دستکاری کے مرکز میں اتحاد عمل قائم رہے۔ اس کی ذمہ داری ایک جانب تو صدر مدرس پر اور دوسری جانب عملہ مدرسین پر عائد ہونی چاہیئے۔ یہ لوگ اس کو مدرسہ ہی کے کام کا ایک شعبہ تصور کریں اور وقت بوقت جب لڑکے مصروف بکار ہوں ان کے کام کا معائنہ کرنے کی غرض سے مرکز دستکاری کو جایا کریں اور معلم دستکاری کا بھی یہ فریضہ ہونا چاہیئے کہ وہ مدرسہ میں جا کر لڑکوں کی دیکھ بھال کیا کرے اگر اس طریقہ پر کام کیا جائے تو مدرسہ اور مرکز دستکاری دونوں میں قوی اتحاد عمل پیدا ہو سکتا ہے۔

طبقۂ تحتانیہ

سالہائے ابتدائی | جماعت صغیر کی دستکاریوں کے متعلق بہت کچھ معلومات ہم پہنچائی

گئی ہیں جس سے غالباً مدرسین کا ایک بڑا طبقہ واقفیت رکھتا ہے یہاں صرف امور ذیل کی جانب توجہ دلانے کی ضرورت ہے۔

(الف) اس زمانے میں بچہ خصوصاً اپنے تجربہ اور عملی تجربات سے معلومات حاصل کرتا ہے۔ اپنی عمر کے بالکل ابتدائی زمانے ہی سے وہ اپنے ماحول کی چیزوں کی ماہیت وحقیقت کو دریافت کرنے کی غرض سے اپنے ہاتھ کو کام میں لاتا ہے۔ مادی چیزوں کو برتنے سے اس کو اپنی قوتوں کا احساس ہوتا ہے اور اس کو اس امر کی واقفیت حاصل ہوتی ہے کہ وہ اُن سے کیا کر سکتا ہے اور کیا نہیں کر سکتا اور اس طریقہ پر مادی اشیاء کے اُس علم کی بنیاد قائم ہوتی ہے جو آئندہ چل کر اس کی جبلی خصوصیات میں داخل ہو جاتا ہے۔ یہ مدرس کا کام ہے کہ مناسب اور موزوں وقت نئے نئے اشیاء اس کے سامنے پیش کر کے اس کے تجربہ کو وسیع کرے۔ اس سے پہلے ہی بچے کے دل میں یہ خواہش پیدا ہو جاتی ہے کہ وہ اس خصوص میں اپنی معلومات کو استعمال کرے کہ مادی اشیا سے کونسی چیزیں بنائی جا سکتی ہیں جن سے اس کی خیالی دُنیا اصلی صورت میں پیش ہو جائے اور معلم کا یہ کام ہے کہ بچوں کی فطرتی اُپج اور آزادی میں مداخلت نہ کرے بلکہ اُن کو اپنے خیالات کو عملی صورت میں ظاہر کرنے کے بہتر طریقے بتلائے پھر کچھ عرصہ کے بعد معلم بچوں کو اشیاء کے متعلق جو کچھ وہ بنا سکیں نئے نئے خیالات کا مشورہ دے کر اُن کے تجربات کے دائرہ کو وسیع کر سکتا ہے۔

(ب) کل صنعتی کام میں بچے کو اس قسم کی آزادی دینی چاہیئے کہ وہ نہایت موزوں مصالحہ اپنے لئے انتخاب کرے یہ عقلمندی سے بعید ہوگا کہ دستکاری کو ان خاص خاص شعبوں میں تقسیم کر کے محدود کر دیا جائے جو استعمال شدہ مصالحہ پر منحصر ہوں مثلاً کاغذ کا موڑنا اور مٹی کے نمونے بنانا۔

(ج) پہلے اسباق بموجب فطرت وہ ہونے چاہئیں جن میں بچے خاص اپنے خیالات کو عملی صورت میں لانے کی کوشش کریں اگرچہ بچے کو اس امر کی اجازت دیدی جائے کہ وہ اپنے طریقہ پر کسی چیز کو بنالے لیکن اُس کی کوشش کے ایسے نتیجہ کو جس میں کسی قسم کی مدد نہ کی گئی ہو مکمل سمجھ لینا بڑی غلطی ہے اس میں شک نہیں کہ لڑکے کو ترقی کے

راستہ پر لگانے کا بہترین طریقہ یہی ہے کہ اس کو اپنی ذات سے عملی تجربہ کرنے کا موقع دیا جائے لیکن جب دورانِ تعلیم میں اس کو اپنے استقام سے آگاہ نہ کیا جائے تو اس قسم کے جس قدر موقعے دئے جائیں گے اور جس قدر وقت اس کی تعلیم میں صرف ہوگا وہ سب بے کار ثابت ہوگا۔ اس کے کام کا مقابلہ اس کے معلم یا اس کے ہم جماعتوں کے کام سے کیا جائے اور ہم جماعتوں سے اس کے کام کی تنقید کروائی جائے تاکہ وہ اپنی ذاتی کوشش کی اصلاح کر سکے آزادانہ طریقۂ اظہار (FREE EXPRESSION) کے ہمیشہ یہ معنے نہیں ہیں کہ بچوں کو اجازت دیدی جائے کہ وہ بغیر رہنمائی اور مشورہ کے جو چاہیں بنالیں۔

(ح) اس کے بعد کے درجے میں ایسے اسباق ہوں گے جن کے ذریعہ سے معلم جماعت کو بہ حیثیت مجموعی باقاعدہ اور معینہ تعلیم دیگا لیکن یہ صریح غلطی ہوگی کہ بچے کی تعلیم کو صرف اسی حد تک محدود کر دیا جائے کہ وہ مشقوں کی کاپی نقل کیا جائے اور معلم جو کرتا ہے خود بھی وہی کرے بلکہ چھوٹے بچوں کو اکثر اس بات کا موقع دینا چاہیئے کہ وہ چیزوں کو بنانے میں اپنے ذہن اور دماغ سے بھی کام لیں۔

(س) آخر میں ایسے اسباق دئے جائیں کہ بچے فرداً فرداً دی ہوئی ہدایات پر عمل پیرا ہونے کی کوشش کریں۔

(س) دستکاری میں بچوں کے گروہ یا ٹیم بنا کر کام لینا خاص طور پر مفید ثابت ہوا ہے اس طرح سے بچوں کے چھوٹے چھوٹے گروہ بنالئے جائیں اور ہر ایک گروہ اپنے بہترین معلموں کے زیر ہدایت کام کرے۔

زمانہ اواخر جس وقت بچہ انفنٹ اسکول کو چھوڑتا ہے تو ضروری ہے کہ اس میں اپنی ذاتی دستکاریوں کو نظر تنقید سے دیکھنے اور بھدی چیزوں سے تنفر ظاہر کرنے کا مادہ پیدا ہو جائے۔ اس لئے اس میں صحیح اور درست پیمائش اور ساخت اشیاء کی جانچ اور اس امر کے پتہ چلانے کی قوت پیدا کر دی جائے کہ جو چیزیں دوسرے لوگ تیار کرتے ہیں وہ کہاں تک ٹھیک اور درست ہیں۔ اس زمانے میں دستکاری کو دو نوعیتوں پر

تقسیم کرنا چاہیئے پہلی نوعیت یہ ہے کہ ایک تو وہ اسباق سے مدد لے کر اپنے خیالات کا اظہار کر سکے دوسرے اپنے ذہن و تخیل سے چیزیں تیار کرے۔ دوسری نوعیت یہ ہے کہ چیزوں کو نمونہ یا ہدایات کے مطابق تیار کرے۔ عموماً نوعیت اول میں بچہ ان خیالات کو جو کسی سبق یا کہانی یا کسی ذاتی تجربہ کی وجہ سے اس کے دماغ میں پیدا ہو گئے ہیں ظاہر کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ اس مقصد کے لئے عموماً دینے اور پچکنے والے مصالحہ سے کام لیا جاتا ہے کیونکہ اس کو جس صورت میں چاہو آسانی کے ساتھ ڈھالا جا سکتا ہے اور اس میں پائداری کا لحاظ رکھنے کی کوئی ضرورت نہیں سمجھی جاتی۔ اس قسم کا کام بعض وقت الیمنٹری اسکول کے تحتانیہ درجوں میں کمال درجہ عمدگی و نفاست سے ہوتا ہے لیکن نقص یہ ہے کہ معلمین صحت و درستی کے بارے میں اکثر ایک ادنیٰ معیار پر قناعت کر جاتے ہیں۔ اس عمر کے بچے بغیر کسی غیر معمولی کوشش کے نہایت صفائی کے ساتھ مٹی یا دیگر دبنے اور پچکنے والے مصالحہ سے جو ان کے کام کے لئے موزوں ہو ایک پھل یا ایک برگدار ٹہنی یا اسی قبیل کی سیدھی سادی بنی ہوئی چیز کی کل تفصیلات کو دکھا سکتے ہیں۔ ہمیشہ معلمین کی یہ کوشش ہونی چاہیئے کہ پہلے ہی کام میں بچے ترقی کے راستے پر لگ جائیں۔ بہت سے مدارس میں نوعیت اول کی دستکاری سے ان نمونوں کے بنانے میں کام لیا جاتا ہے جو تاریخ و جغرافیہ کے اسباق سے متعلق ہوں۔ مثلاً مقوے کا بنا ہوا قلعہ یا کسی ملک کا طبعی نقشہ جو کسی قسم کے کاغذی گودے سے تیار کیا گیا ہو۔ بہ نسبت ان اشیاء کے جن کا ذکر پہلے ہو چکا ہے مثلاً پھل یا ٹہنی وغیرہ یہ چیزیں علمی حیثیت سے زیادہ مفید و کارآمد ہیں۔

نوعیت دوم کی دستکاری میں بچوں کو اشیاء کے نقشے یا خاکے تیار کرنے کا موقع دیا جاتا ہے مثلاً بچوں سے کہا جاتا ہے کہ وہ جس چیز کو بنانا چاہتے ہیں اس کا ایک سرسری خاکہ بنا لیں اور نیز ان سے ختم شدہ نمونے کے نقشے اور اس کی پیمائش کھنچوائی جاتی ہے اور اس طریقہ سے اسکیل ڈرائنگ کے آسان اصول ذہن نشین کرائے جاتے ہیں یا کسی چیز کو بنانے سے پہلے کاغذ پر اس کا نقشہ قائم کر لینے کی بہت اچھی تمہید اور طبقۂ فوقانیہ کے کام کا ایک ضروری جزء ہے۔

بعض مشکلات | اس زمانہ میں جو تین عام مشکلات رونما ہوتی ہیں وہ حسب ذیل ہیں۔

پہلی مشکل جماعتوں کی تقسیم سے متعلق ہے اور وہ یہ ہے کہ جب اسکول کے فوقانیہ طبقہ میں معمولی درسی جماعتیں اگر دستکاری کے لئے دو حصوں میں تقسیم کی جائیں اُس وقت طبقۂ وسطانیہ میں بڑی اور غیر منقسم جماعتیں ویسی ہی رہینگی اس مشکل کے حل کرنے کی ایک صورت یہ ہوسکتی ہے کہ قبل از قبل جیسا کہ اوپر ذکر ہو چکا ہے لڑکوں کے گروہ پائیمین بنالی جائیں دوسری مشکل سرمایۂ سامان کی ہے یہ مشکل زیادہ طبقۂ تحتانیہ میں محسوس ہوتی ہے کیونکہ ان چیزوں کے بنانے میں جن کی کوئی قیمت وصول نہیں ہوتی بہت سا سامان صرف ہوجاتا ہے سامان کی بحث اور کفایت کے متعلق مندرجۂ ذیل مشورے پیش کئے جاتے ہیں جو شاید مفید تصور کئے جائیں۔

(الف) حتی الوسع ردّی سامان مثلاً پرانے مقوّے دیوار کے کاغذ دھاتی پتر۔ تار اور لکڑی کی تختیوں کے ٹکڑے شیشوں کے ڈاٹ اور دھاگے کی چرخیاں استعمال کی جاسکتی ہیں۔

(ب) اس زمانے میں بھی ممکن ہو سکے تو حقیقت میں کارآمد اشیا مثلاً ٹوکریوں کی نبت کا کام۔ جالی دار شیار اور پورے اور نمدے کے سلیپر جن کے تلے سن کی نبت کے ہوں مقوّے کے ڈبے (دستانے اور کالر وغیرہ رکھنے کے لئے) روپئے پیسوں کی تھیلیاں اور پاکٹیں بنائی جانی چاہئیں۔

(ج) سادہ جلد سازی بھی اس زمانے میں سکھائی جاسکتی ہے جس سے لڑکوں کو کاغذ اور مقوّے کے استعمال کا معقول طریقہ معلوم ہوسکتا ہے۔

(ج) لکڑی کا ہلکا کام جس میں چھت سے نکلی ہوئی لکڑی کی پٹیاں آسانی کے ساتھ کام میں لائی جاسکتی ہیں یہ کام دس یا بارہ سال کی عمر کے بچوں کے لئے نہایت موزوں ثابت ہوسکتا ہے۔

تیسری دقت کلاس کے ساز و سامان کے متعلق پیش آتی ہے وہ یہ ہے کہ عموماً معمولی میزوں سے کام لینا پڑتا ہے حالانکہ اس کے لئے خاص اور آسانی سے ایک جگہ سے

دوسری جگہ منتقل کی جانے والی میزوں کی ضرورت ہے یہ وقت اس وقت رفع ہوسکتی ہے جب کام کرنے کا کمرہ مخصوص کر لیا جائے چھوٹے مدرسوں میں طبقۂ فوقانیہ اور تحتانیہ دونوں کے لئے ایک ہی کمرہ سے کام لیا جاسکتا ہے اور یہی کمرہ ضرورت کے وقت کلاس کے معمولی اغراض کے کام میں بھی آسکتا ہے۔ ایک بڑی شہری مدرسے میں یہ ممکن ہے کہ ایک خاص کمرہ طبقۂ تحتانیہ کے لئے بھی رکھا جائے اور یہ کمرہ ایسا ہونا چاہئیے جہاں متعدد میزیں اور کرسیاں یا اسٹول یا بڑے سطح ڈسک موجود ہوں۔ لیکن اگر یہ سامان نہ ہو تو ایسے میز کے تختوں سے بھی کام نکل سکتا ہے جو وقت ضرورت ایک معمولی ڈسک پر سے نکال کر دوسری ڈسک پر جمائے جاسکتے ہوں۔ اس کے علاوہ دیوار میں سامان رکھنے کے چند تابدان بنا لئے جائیں ایک یا دو بن سنی مشعلیں اور ایک کلے (کھریا) کا ڈبہ مہیا کر لیا جائے تو کافی ہے۔

نتائج حاصل شدنی بعد اختتام درجہ تحتانیہ اگر اس درجہ کے دوران میں تعلیم مکمل اور باقاعدہ ہوئی ہو تو درجۂ مذکور کے ختم ہونے تک لڑکے میں اس قدر قابلیت پیدا ہو جانی چاہئیے کہ وہ ہر ایک چیز کا نقشہ بنانے اور اسکی پیمائش کرنے میں نہایت صحت و درستی کے ساتھ کام لے سکے۔ اور اس میں ایک مجوزہ نقشے اور ارتفاع کو سمجھنے کی پوری پوری اہلیت پیدا ہو جائے اس غرض سے کام کی ابتدا اس طرح کروائی جانی چاہیئے کہ نہ صرف لڑکے وہی چیزیں اور نقشے تیار کر لیں جن کو وہ بنانا چاہتے ہیں بلکہ قبل از قبل وہ یہ بھی سوچ لیا کریں کہ وہ ان چیزوں کی ساخت کے لئے کیا طریقہ اختیار کرنے والے ہیں اور نیز خاکوں یا نقشوں کے ذریعہ سے جو کہ اسکیل کے مطابق کھینچے گئے ہوں ان چیزوں کے ڈیزائن بھی بنا کر تیار کریں۔ مسلسل طور پر کام کر کے ہاتھ پر پوری طور پر قابو حاصل کر لینے کی وجہ سے ان میں اس قدر استعداد پیدا ہونی چاہیئے کہ وہ زیادہ پائدار مصالحہ استعمال کر سکیں اور مختلف اوزاروں سے کام لے سکیں صرف یہی نہیں بلکہ نہایت صحت و درستی کے ساتھ کام کرنے کے قابل ہو جائیں۔ نیز لڑکے میں اس قسم کی چیزیں تیار کرنے کا شوق اور صبر و استقلال سے کام کرنے کی عادت پیدا ہو جائے۔ (باقی آئندہ)

انسداد غیر حاضری

(از)

مولوی سید غلام محمود صاحب
صدر مدرس مدرسہ سلطانیہ شاہگنج

خوشی کی بات ہے کہ مولوی سید غلام محمود صاحب نے ان دلچسپ مباحث پر قلم اٹھایا ہے جو اُن کے دیرینہ تجربہ اور مشاہدات ذاتی پر مبنی ہیں اور جن سے ہر مدرس اور صدر مدرس کو آئے دن سابقہ پڑتا رہتا ہے۔ یہ سلسلہ یقین ہے کہ ناظرین کے لئے دلچسپی سے خالی نہ ہوگا۔

غیر حاضری کا انسداد اس میں شک نہیں کہ صدر مدرسین کے لئے اہم اور صبر آزما مسئلہ ہے۔ کیونکہ جب تک مقامی اور مدرسہ کا ماحول ارتقائے مدارج کے لئے نہ کرے اس کا بالکلیہ انسداد ہوتا نظر نہیں آتا۔ لائق مضمون نگار نے جس تفصیل کے ساتھ انسداد کی تمام صورتیں پیش کی ہیں اُن پر عمل پیرا ہونے سے حاضری جیسی چاہیے ویسی تو نہیں مگر تشفی بخش ضرور ہو جائیگی۔ مگر طلبہ کے سرپرست اور اولیاء کا کیا علاج! جو معمولی تقریب یا کام کاج کے موقعوں پر یا خانگی ضروریات کے سلسلہ میں بچوں کو گھر پر بٹھا رکھنا معمولی بات سمجھتے ہیں اور لطف یہ کہ اگر صدر مدرس اس معاملہ میں سخت ہے تو رخصت کے منظور کرانے میں ذاتی پیروی سے بھی دریغ نہیں فرماتے۔

دوسری اہم چیز مدرس کی شخصیت اور بچوں کی نبض شناسی ہے جو محض نفسیات کے مطالعہ یا ٹریننگ سے حاصل نہیں ہوتی بلکہ بڑی حد تک طبعی میلان پر منحصر ہے۔ اَن پڑھ مائیں اصول نفسیات سے بالکل عاری مگر پڑھے لکھے مردوں سے زیادہ بچوں کی مزاج شناس ہوتی ہیں۔ سوال یہ ہے کہ ایسے مدرسین کہاں سے لائے جائیں جو مشفقانہ برتاؤ اور فرائض شناسی کے ساتھ ساتھ ہر وقت اس ٹوہ میں

لگے رہیں کہ طلبہ کے طبائع اور غیر حاضری کے حقیقی اسباب کا پتہ چلائیں بہترین دل و دماغ کی کھپت تو اور سرشتوں میں ہو رہی ہے، رہے سہے تشنہ کام پیشۂ مدرسی کو جو اہم ترین پیشہ ہے اختیار کرنے پر مجبور ہیں۔ یہی غیر حاضری کے اسباب معالجہ کی جانب اشارہ کر رہے ہیں۔ مولوی محمد حسین صاحب جعفری نائب ناظم تعلیمات نے ڈنمارک کی تعلیم کا ذکر فرماتے ہوئے (حیدرآباد ٹیچر کی کسی پچھلی اشاعت میں) وہاں کے محکمہ تعلیمات کے تقررات کا خاص طور پر ذکر کیا ہے۔ جدید تقرر کے بعد کچھ عرصہ تک امیدوار کے کام کی خاص نگرانی کر کے اس کا پتہ چلا لیا جاتا ہے کہ اس پیشہ کے لئے وہ اہل ثابت ہو سکتا ہے یا نہیں۔ بصورت ثانی امیدوار کو قطعی طور پر جواب دیدیا جاتا ہے۔ جہاں اس قسم کا انتظام ہو تو ظاہر ہے کہ تعلیمی حالت کیسی ہوگی۔ غرض کہ جہاں اور دشواریاں صدر مدرس کی راہ میں حائل ہیں وہاں ان صبر آزما حقائق سے بھی صدر مدرس کو دو چار ہونا پڑ رہا ہے۔

(شریک)

طلبہ کی غیر حاضری کا مسئلہ دن بدن غیر معمولی اہمیت اختیار کر رہا ہے۔ اور شاید ہی کوئی خوش قسمت مدرسہ ایسا ہو کہ جہاں اسکی شکایت نہ ہو۔ ورنہ عام طور پر ہر مدرسہ اس کا شاکی نظر آتا ہے۔ اس کے وجوہ بظاہر دو ہیں۔ ایک تو یہ کہ مجموعی تعداد کے ایک چوتھائی سے زیادہ طلبہ ہر مدرسے میں غیر حاضر ہوا کرتے ہیں۔ اور بعض مدارس میں تو اس سے بھی اونچی تعداد غیر حاضر رہا کرتی ہے۔ دوسرے یہ کہ باوجود انسدادی تدابیر اختیار کرنے کے اصلاحِ حال کی کوئی تشفی بخش صورت پیدا نہیں ہوتی بلکہ اکثر اوقات اکثا اثر یک نہ شد دو شد کی صورت میں ظاہر ہوتا ہے۔ یعنے جو نسخہ دفع مرض کے لئے تجویز کیا جائے۔ وہی اشتداد مرض کا موجب ہوتا ہے۔ کیونکہ جس طرح ایک ہی مرض کی مختلف علتیں ہوا کرتی ہیں۔ اور بلحاظ علل نسخوں میں اختلاف کا ہونا لازمی ہوتا ہے۔ اسی طرح غیر حاضری کے اسباب بھی مختلف و متعدد ہوتے ہیں۔ جب تک مرض کی تشخیص کی طرح غیر حاضری کے سبب کی دریافت

عمل میں نہیں آئیگی۔ کوئی تدبیر کارگر نہیں ہوگی۔ اکثر مدارس میں اصلاح کی فوری و موثر تدبیر جسمانی سزا دہی سمجھی جاتی ہے اور زیادہ تر اسی پر عمل ہوا کرتا ہے حالانکہ تجربہ شاہد ہے کہ اس طریقۂ عمل سے وہ نتائج مترتب نہیں ہوتے جن کی توقع کی جاتی ہے۔ اور ہوں بھی تو کیونکر مثلاً اس واقعہ کو لیا جائے کہ ایک مدرس صاحب ایک طالب علم کو غیر حاضری کی علت میں صدر مدرس صاحب کے پاس بغرض سزا دہی بھیجتے ہیں۔ جو محض ان ہی استاد صاحب کے آئے دن کی ناجائز سختی کے سبب غیر حاضر رہا کرتا ہے۔ اب اگر صدر مدرس صاحب رسمی طور پر اسباب غیر حاضری دریافت کرنے پر اکتفا کریں تو اس نادان طالب علم سے جو استاد کی سختی کے سبب اپنے جاہل رہنے کو ترجیح دیتا ہو کیونکر توقع کی جا سکتی ہے کہ وہ صدر مدرس صاحب کے سامنے جو قبل از قبل ہاتھ میں بید لئے تیور بدل کر بیٹھا ہوا استاد کی ناجائز سختی کو ظاہر کرنے کی جرأت کر سکے گا۔ نتیجہ یہی ہوتا ہے کہ صدر مدرس بید کی سزا دیتا ہے۔ اور اس پر طرہ یہ کہ آئندہ اس سے بھی زیادہ سخت سزا دینے کی پریشان کن دھمکی دی جاتی ہے۔ گویا امرت کی بجائے زہر کو بھی ناکافی سمجھ کر سم قاتل کے جز کو اس نسخے کا جزو لاینفک اور ازالۂ مرض کا علاج واحد سمجھا جاتا ہے۔ اب ذرا اس واقعہ کے دوسرے پہلو کو بھی دیکھا جائے کہ اگر طالب علم جرأت کر کے صدر صاحب کے سامنے استاد صاحب کی ناجائز سختی کو دبے الفاظ میں بھی ظاہر کرتا ہے تو اس کے ساتھ کس قسم کا سلوک کیا جاتا ہے۔ ظاہر ہے کہ صدر صاحب ہی فیصلہ کریں گے کہ تم نے اپنے شفیق استاد کی بیجا شکایت کی۔ جس کے سبب تم کو سخت سزا ملنی چاہیے۔ آج استاد کی شکایت کی کل میری شکایت کرو گے۔ اس کے سوا تم سے اور کیا توقع ہو سکتی ہے۔ اگر غیر حاضری کی خطا معاف بھی کر دیجائے تو شکایت کا قصور معاف نہیں ہو سکتا۔ چلو ہاتھ بڑھاؤ اور سزا پاؤ۔ اگرچہ میں نے اس آخری جز کو امکان کی صورت میں ظاہر کیا ہے۔ مگر مجھ کو اس کے وقوع پذیر ہونے کا یقین اس لئے بھی ہے کہ بعض چشم دید واقعات اس کی تائید کرتے ہیں۔ اب یہاں خود بخود یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ کیا اس طریقۂ عمل سے غیر حاضری کا انسداد تو بالائے طاق۔ مزید خرابیاں یہ پیدا ہوئیں کہ کم پہلے بچہ مدرس صاحب سے ڈر کر مدرسہ

نہیں آتا تھا تو اب صدر صاحب کے خوف نے اس کو اور بھی گریز پا کر دیا اور کوئی عجب نہیں کہ اِن ہی صدر صاحب کو جنہوں نے اپنی دانست میں غیر حاضری کا کافی انسداد کر دیا تھا۔ چند ہی روز بعد غیر حاضری کی علت میں اِسی طالب علم کا نام خارج کرنا پڑے۔ اور جب بچے کو اُستاد صاحب کی جائز طور پر شکایت کرنے کے سبب ناجائز سزا ملی تو اُس سے اِس کے اظہار حق کا قابل قدر جذبہ بلاوجہ پائمال ہو گیا۔ اور اس کی بجائے اُس میں بزدلی اور دروغ گوئی کی مذموم تحریک پیدا ہوئی۔ نیز مبنی بر انصاف فیصلہ صادر نہ ہونے سے نہ صرف انصاف کی بے وقعتی ہوئی بلکہ بزرگوں سے نفرت و عداوت کرنے کا بیج بھی بویا گیا۔ اس موقع پر ہونا تو یہ چاہیئے تھا کہ نہایت نرمی و ہمدردی سے غیر حاضری کی اصل وجہ اس طرح دریافت کی جاتی کہ طالب علم بلا تامل خود بخود اُستاد کی ناجائز سختی کو ظاہر کر دیتا جس کے بعد اُسے محبت سے سمجھایا جاتا کہ دراصل غیر حاضری اُستاد کی نفع رساں سختی کا باعث ہے نہ کہ اُستاد کی سختی غیر حاضری کا موجب ہے۔ اور ثبوت کے طور پر اُسے اس امر کا یقین دلایا جاتا کہ تم خود حاضر باشی سے اس حقیقت کا تجربہ کر لو۔ نیز جب تک کہ تمہیں منع نہ کیا جائے آغاز و اختتام مدرسہ پر اپنی حاضری کا علم کرانے کے لئے مجھ سے ملا کرو۔ پھر مدرس صاحب کو الگ طلب کر کے اُنہیں بخوبی سمجھا دیا جاتا کہ جب جائز تشدد سے غیر حاضری کا انسداد نہیں ہو رہا ہے تو انسب یہ ہے کہ اب غیر معمولی نرمی و شفقت کا برتاؤ کیا جائے اور طالب علم کی عملی مشکلات کو حقیقی ہمدردی و حوصلہ افزا دلجوئی سے آسان تر کرنے کی امکانی کوشش خاص طور پر کی جائے۔ نیز مناسب ہوگا کہ طالب علم کا شاکی ہونا اُستاد صاحب پر ظاہر نہ کیا جائے ورنہ بہت ممکن ہے کہ حسب ہدایت نرمی کا سلوک کرنے میں سختی کی جھلک نمایاں ہو جائے۔ اور خاطر خواہ اصلاح حال نہ ہو سکے۔ کم از کم میں اپنے ذاتی تجربہ کی بنا پر بلاشک یہ لکھ سکتا ہوں کہ صورت واقعہ کے لحاظ سے آخری تدبیر ہی مفید و مجرب ترین عمل ہے۔ جن کو نظر انداز کرنا سخت غلطی اور گوناگوں مصائب و نقائص کا موجب ہوگا۔

بعض وقت یہ دیکھا گیا کہ طالب علم اپنی واجبی ضرورت کے سبب ایک آدھ گھنٹے کی رعایت کا قبل از قبل طالب ہوتا ہے۔ مگر استاد صاحب محض اپنی خام خیالی کی وجہ سے

جو اُن کی دانست میں عین ہمدردی ہوتی ہے۔ استفادہ کی اجازت نہیں دیتے۔ بالآخر طالب علم مجبوراً پورا دن غیر حاضر ہو کر عدول حکمی کا مرتکب بھی ہوتا ہے جس کی ذمہ داری صرف اُستاد صاحب پر عاید ہوتی ہے کیونکہ یہ اُن ہی کی نادانی کا نتیجہ ہے۔

مدرسہ کے اوقات کی تبدیلی بھی غیر حاضری کی محرک ہوا کرتی ہے۔ چنانچہ جب کسی ضرورت سے مدرسہ صبح کا ہوتا ہے تو عموماً دیکھا جاتا ہے کہ اس روز کی اوسط حاضری نسبتاً کم ہوتی ہے۔ اس کا سبب یہ ہے کہ خصوصاً مسلمان طلبہ علی الصباح بیدار ہونے کے عادی نہیں ہوتے۔ اور جو وقت اُن کے بستر سے اُٹھنے کا ہوتا ہے وہی مدرسے میں حاضر رہنے کا ہوتا ہے۔ چنانچہ ضروریات سے فارغ ہو کر مدرسہ حاضر ہونے میں لازماً تاخیر ہونے کے سبب غیر حاضری گوارا کر لیتے ہیں۔ اور دوسرے دن معقول و نامعقول کوئی نہ کوئی عذر گھڑ دیتے ہیں۔

کبھی ہوم ورک کی مقررہ مقدار آرام پسند طلبہ کے امکان سے متجاوز ہو جاتی ہے۔ اگر وہ جُوں توں کر کے اُس کی تکمیل بھی کر لیتے ہیں تو اسباق بے دیکھے رہ جاتے ہیں۔ اور اگر اسباق کی تیاری کی جاتی ہے تو ہوم ورک مکمل نہیں ہوتا۔ ایسی صورت میں ان کے ذہن میں اس مشکل کو آسان کرنے کی یہی ایک تدبیر ہوتی ہے کہ وہ مدرسے سے غیر حاضر ہو جائیں۔ اور اس طرح تعلیم کے بارِ گراں سے سبکدوشی حاصل کریں۔

اکثر مدارس میں طلبہ کی انجمنیں قائم ہیں جن میں کم از کم مہینے میں ایک دفعہ تقاریر وغیرہ ہوا کرتی ہیں جو فی الحقیقت فائدہ مند ہیں۔ مگر جس روز انجمن کا جلسہ مقرر ہوتا ہے۔ اس دن کی اوسط حاضری اپنی کمی کو نمایاں طور پر ظاہر کرتی ہے۔ اور کبھی اس کے برعکس بھی ہوتا ہے اس اختلاف پر غور کرنے کے بعد پتہ چلا کہ طلبہ کے از خود آمادہ نہ ہونے پر جب انہیں اپنی مرضی کے خلاف تقریر و نظم خوانی کے لئے نامزد کیا گیا۔ تو عدم تیاری کی خفت کو گوارا نہ کر کے غیر حاضری کی آڑ میں پناہ لینی پڑی۔

عموماً اجرتِ تعلیم وصول کرنے کے زمانے میں غیر حاضر طلبہ کی تعداد میں اضافہ ہو جاتا ہے جس کے چند اسباب یہ ہیں کہ اجرت تعلیم کی معافی کے عدم گنجائش کے سبب

غیر مستطیع طلبہ کو بھی فیس دینی پڑتی ہے اور جس کا فراہم کرنا اُن کے لئے ناگزیر ہوتا ہے۔ جب ایسی نوبت آپہنچتی ہے تو وہ مدرسے میں غیر حاضر ہو کر فیس کی فراہمی میں تگ و دو کرتے ہیں۔ اکثر مدارس میں ہر مہینے کے دوسرے یا تیسرے ہفتے میں فیس وصول کی جاتی ہے۔ اور یہ زمانہ فیس کی وصولی کے لئے اس وجہ سے ناموزوں ہوتا ہے کہ غریب و اوسط طبقے کی قلیل آمدنی وسطِ ماہ سے قبل ہی ناگزیر ضروریات کی نذر ہو جاتی ہے۔ اور اواخر ماہ میں عموماً تنگ دستی کا سامنا ہوتا ہے۔ ایسے زمانے میں جب بچے فیس کے طالب ہوتے ہیں اور ان کو بروقت فیس نہیں ملتی ہے تو عدم ادائی کی شرمندگی یا تقاضے کے تشدد یا والدین کی آجکل سے تنگ آ کر گھر بیٹھ رہتے ہیں۔ اور اگر اوائل ماہ میں فیس وصول کی جاتی ہے تو اس میں یہ مشکل آن پڑتی ہے کہ داخلۂ فیس کے وقت وصول کنندہ مدرسین کی جیبیں خالی ہوتی ہیں۔ مجبوراً اس مہینے کی فیس تقسیم تنخواہ کے بعد دوسرے مہینے میں جمع کر کے خزانہ کو بھیجی جاتی ہے۔ اس دوطرفہ خامی کو رفع کرنے کی آسان صورت یہی ہے کہ اجرت تعلیم اوائل ماہ میں وصول اور داخلِ خزانہ کی جائے۔ نیز اگر غیر مستطیع طالب علم وظیفہ یاب ہوں تو اُن کی رقم وظیفہ میں سے کافی مدت کی فیس یکمشت وضع کر کے بدِ امانت میں رکھی جائے اور وظیفہ یاب نہ ہونے کی صورت میں اُن کی فیس پوور فنڈ یا کسی دوسری مد سے مستعار ادا کر کے بہ سہولت وصول کر لی جائے۔ جس کے بعد انھیں۔ اس کی فراہمی کے سبب مدرسے سے غیر حاضر رہنے کی ضرورت نہیں ہوگی۔

جو طلبہ کسی مضمون میں کمزور ہوتے ہیں۔ اور مدرسے کی تفہیم بھی بوجہ کمزوری ذہن نشین نہیں ہوتی۔ نیز ان سے ہوم ورک کی کما ینبغی تکمیل نہیں ہو سکتی۔ اگر اُستاد صاحب ایسے طلبہ پر ہمدردی کے ساتھ توجہ خاص نہ کریں تو وہ چند روز میں لازماً بددل ہو جاتے ہیں۔ اور اکثر اس مضمون کی ساعتِ تعلیم میں غائب رہتے ہیں۔ جس کی وجہ سے کم از کم نصف یوم کی غیر حاضری کا عمل ہوتا ہے۔

بغور مشاہدہ کرنے سے بعض مدارس میں یہ بھی دیکھا گیا کہ خصوصاً اونچی جماعتوں کے فیشن پسند طلبہ ڈرل کرنے سے عار کرتے ہیں۔ اور بروقت کچھ نہ کچھ عذر کر کے بچ جاتے ہیں

جب ڈرل سے مستثنیٰ ہونے کی کوئی تدبیر کارگر نہیں ہوتی تو والدین اور ڈاکٹروں سے تحریرات حاصل کر کے پیش کرتے ہیں۔ اس پر اگر وہ ہمیشہ کے لئے مستثنیٰ نہ کر دئے جائیں تو غیر حاضر رہنے کے عادی بن جاتے ہیں۔

جب طلبہ چند منٹ دیر سے مدرسہ آیا کرتے ہیں۔ اور اُستاد صاحب بھی ہر وقت مختلف قسم کی سزا دہی مثلاً گھڑا کرنے باجماعت میں داخل ہونے سے باز رکھنے اور شرم وغیرت دلانے کے خوگر ہو جاتے ہیں۔ تو ایسے موقع پر بھی طلبہ غیر حاضری کو ترجیح دیا کرتے ہیں۔

کم شوق طلبہ کے لئے سب مدرسے میں کوئی خاص دلچسپی اور کشش موجود نہیں ہوتی ہے تو وہ عموماً بیرونی مدرسہ کی دلچسپیوں کا شکار ہو جایا کرتے ہیں۔ مثلاً طالب علم کے مکان میں کوئی مہمان آجائے یا مکان والے باہر جائیں یا خود اُن کو مدرسہ آتے ہوئے راستے میں کوئی دلچسپ کھیل تماشہ نظر آجائے غرض اسی قسم کے اور مواقع بھی کم شوق طلبہ کو مدرسہ آنے سے روک دیا کرتے ہیں۔

بعض وقت ایسا بھی ہوتا ہے کہ مدرسین اپنی خانگی فرمائشات کی تکمیل طلبہ کے سر لگاتے ہیں اور جب ان سے بروقت تکمیل نہیں ہو سکتی تو وہ اس وجہ سے بھی کہ اُستاد صاحب کا کام کرنے میں غیر حاضری بھی ہو جائے تو سزا یا خفگی کا موجب نہیں ہوگا تکمیل کار کی خاطر غیر حاضر ہو جایا کرتے ہیں۔

جو طلبہ اشرار مدرسہ یا باہر کی بُری صحبتوں میں اُٹھتے بیٹھتے ہیں۔ اُن کی مصروفیت دن بدن بڑھنے لگتی ہے۔ اور اس کے ساتھ مدرسہ کی دلچسپی کم ہوتی جاتی ہے۔ جب مزاج میں اس قسم کا تغیر پیدا ہو جاتا ہے۔ وہ بات بات پر غیر حاضر ہونے کو گوارا کر لیتے ہیں۔

کبھی کبھی طلبہ کو مدرسہ آنے سے قبل کھانا نہیں ملتا۔ اس پر بھی وہ مدرسہ آتے ہیں مگر جب دوبارہ مکان جا کر کھانا کھانے کی اجازت بروقت نہیں ملتی ہے تو وہ دوسرے موقع پر مجبوراً غیر حاضر رہتے ہیں کیونکہ غیر حاضری کے مقابلے میں بھوک ناقابل برداشت ہوتی ہے۔

عموماً موسم کی تبدیلی کے زمانے میں جبکہ بھلے چنگے مزاجوں میں بھی ناگوار سا تغیر

پیدا ہو جاتا ہے۔ کھانے پینے اور کھیل کود میں بے احتیاطی کرنے کے سبب بیماری گھیرتی ہے جس کا نتیجہ مدرسے کی غیر حاضری ہوا کرتا ہے۔

جو طلبہ زیادہ تر خانگی کاروبار کے سرانجام میں گھرے رہتے ہیں وہ نہ اوقات کی نگہداشت کر سکتے ہیں نہ حاضری ہی کے پابند رہ سکتے ہیں۔ اور جب ان کی مصروفیت کے بدنظر ان کے ساتھ ہمدردانہ رعایت نہیں کی جاتی ہے تو یہ گنڈے دار حاضری اور بھی ابتر ہو جاتی ہے۔

رنگین مزاج طلبہ عرس و جاترا اور میلے ٹھیلے کے موقع پر باوجود مقررہ تعطیل سے استفادہ کرنے کے ایک آدھ دن اور بھی غیر حاضر رہتے ہیں۔ اور بعض تو دو ایک دن ہی غائب ہو جاتے ہیں جنکی عین وقت پر روک تھام کرنی اس وجہ سے بھی بے سود ہوتی ہے کہ اُن کا پُرشوق ارادہ عزم بالجزم ہو جاتا ہے۔ اس موقع پر یہ بھی دیکھنے میں آیا ہے کہ ایسے طلبہ ترغیب و تحریص سے دوسروں کو بھی اپنے ساتھ شریک کر لیتے ہیں۔

سینما اور ناٹک کے دل دادہ طالب علموں کو زیادہ رات تک جاگنا پڑتا ہے اور صبح اُٹھنے میں دیر ہو جاتی ہے۔ اس پر بھی طبیعت کسلمند رہتی ہے جو مدرسہ جانے سے روکتی ہے اگر اس کو نظر انداز کر کے طالب علم مدرسہ جانے کے لئے آمادہ بھی ہو جاتا ہے تو اسباق اور ہوم ورک کا نامکمل ہونا اُس کو اپنا متزلزل ارادہ فسخ کر دینے پر مجبور کرتا ہے اور وہ بالآخر غیر حاضر ہو جاتا ہے۔ اکثر دیکھا جاتا ہے کہ وسیع تعطیلات کے بعد چند روز تک اوسط حاضری گری رہتی ہے کیونکہ تعطیلات میں طلبہ جس غیر درسی مشغلے کو اختیار کرتے ہیں۔ اس کو عین وقت پر دفعتاً ترک کرنا چاہتے ہیں جو بعض اوقات فوری ترک نہیں ہو سکتا اور مجبوراً غیر حاضر رہنے کی نوبت آتی ہے۔

جب کوئی طالب علم کسی جرم کا مرتکب یا نقصان رسانی کا موجب ہوتا ہے اور اس کو سزا پانے کا اندیشہ بھی رہتا ہے تو وہ سزایابی کی مصیبت کو اپنے سر سے ٹالنے کے لئے غیر حاضری کی آڑ میں اس لئے پناہ لیتا ہے کہ شاید دو چار دن گذر جانے کے بعد سزا کا اشتداد کم ہو جائے یا کوئی دوسری صورت جس میں سزایابی کا احتمال ہی نہ ہو پیدا ہو جائے بہرکیف مطمئن ہونے تک مدرسہ سے روپوش رہنا ضروری سمجھتا ہے۔

بعض وقت چند یا دو طالب علموں میں کسی وجہ سے باہمی عداوت پیدا ہو کر کئے دن نوک جھونک رہا کرتی ہے۔ بالآخر ایک غالب اور دوسرا مغلوب ہوتا ہے غالب ضرر رسانی کے نئے نئے اسباب فراہم کر کے مغلوب کا ناک میں دم کر دیتا ہے۔ اگر استاد صاحب کو اس کا علم ہوا اور انہوں نے اس کا کافی انسداد کر دیا تو خیر گزری اور معاملہ رفع دفع ہو گیا ورنہ مغلوب اس مقام سے عارضی طور پر ہی سہی دور رہنے کی کوشش کرتا ہے۔ جہاں خلش و رنجش کے نت نئے سامان موجود ہوتے ہیں۔

خصوصاً چھوٹی جماعتوں کے کم سن بچے جو اپنے ماں باپ کے غیر معمولی لاڈ پیار میں پرورش پاتے ہیں "مدرسے کی ذرا سی ناگواری اور ہتھوڑی سی سختی کو بھی جو اُن کے لئے بلحاظ حالات و انتداد مزاج زیادہ ہوتی ہے" برداشت نہیں کر سکتے۔ اور جب ایسی نوبت آتی ہے تو گھر بیٹھ جاتے ہیں۔ جن کو ماں باپ بھی اس حالت میں مدرسہ جانے کے لئے مجبور کرنا گوارا نہیں کرتے۔ حقیقت میں "علم النفس" کے نقطۂ نظر سے کم سن طلبہ کے لئے مدرسہ مدرسہ نہیں بلکہ گوناگوں دلچسپیوں اور طرح طرح کے مسرت افزا نظاروں کا گھر ہونا چاہیئے تاکہ اُس کی روز افزوں کشش طلبہ کو منحرف نہ ہونے دے۔ ؎

درس ادب اگر بود زمزمۂ شادیہا　　جمع بہ مکتب آور دطفل گریزپائے را

مسئلہ تعلیم سے گہری دلچسپی اور عملی ہمدردی رکھنے والے باریک بین حضرات کی خدمت میں انسداد اسباب غیر حاضری کے متعلق چند موٹی موٹی باتیں بیان کرنے کے بعد اس مزید گزارش کی جرأت بھی کی جاتی ہے کہ ازراہ کرم مذکرہ بالا امور پر کم از کم امتحاناً عمل فرمانے کی زحمت گوارا فرمائیں۔ اگر کسی مدرسے کے جملہ مدرسین مسئلہ غیر حاضری پر ہمہ تن متوجہ ہو جائیں اور صدر مدرس صاحب بھی بے کم و کاست دلچسپی لیں تو مجھے یقین کامل ہے کہ چند روز میں اُس مدرسے کی اوسط حاضری نمایاں طور پر ترقی پذیر ہو جائے گی۔

خطبۂ نواب سر نظام جنگ بہادر

بتقریب

جلسۂ تقسیم اسناد جامعہ عثمانیہ۔

ذیل میں ہم نواب صاحب ممدوح کے فاضلانہ خطبہ کا ضروری اقتباس جو "حیدرآباد ٹیچر" کے مقاصد کے تحت آسکتا تھا، درج کرتے ہیں۔ اس مختصر مگر جامع خطبہ میں جس عالمانہ انداز سے مقصد تعلیم اور مقصد حیات پر دل نشین پیرایہ میں روشنی ڈالی گئی ہے، وہ قارئین "ٹیچر" کے لئے فائدہ سے خالی نہ ہوگی۔

(شریک)

جامعہ عثمانیہ کے طالب علم ایسی حالت میں ہیں کہ زندگی کو ایک جلیل القدر مہم تصور کریں جسے وہ اپنی کوششوں سے اور زیادہ باعظمت اور شاندار بنا سکتے ہیں اسی خیال سے انہیں کام کرنا چاہیئے اور اسی کے یاد دلانے کے لئے آج میں یہاں آیا ہوں۔ میں آپ لوگوں کو کوئی وعظ سنانا نہیں چاہتا بلکہ سیدھی سادی زبان میں ایسی باتیں کرنا چاہتا ہوں جن سے آپ کو دلچسپی ہو اور جس سے اس وقت اور آیندہ چل کر آپ کو کچھ فایدہ پہونچ سکے۔

مقصد تعلیم کی نسبت صاف اور صریح الفاظ میں سوال یہ ہے کہ انسان کو تعلیم سے کیا فائدہ ہے اور یونیورسٹیوں کے قیام کا کیا مقصد ہے؟ پہلے اس سوال کے دوسرے جزو کی طرف توجہ کی جاتی ہے یونیورسٹی (یا جامعہ) کیا ہے اور اس سے کیا مقصد حاصل ہوتا ہے؟

اس کے جواب میں ہمیں کسی تعریف کی کوشش کرنے کی ضرورت نہیں ہے اگر اس کا صحیح مفہوم ہمارے ذہن میں آجائے اس لئے اسی قدر کہہ دینا کافی ہے کہ یونیورسٹی یا جامعہ نوجوانوں کی ایک انجمن ہے، اور اس کا مقصد ایک طرف ایسے علم کا حصول ہے جو زندگی کے کارخانے میں انہیں اچھا کاریگر ثابت کرے اور دوسری طرف انہیں صداقت اور نیکی کے اعلیٰ مدارج کی طرف لے جائے اور یہی وہ دو اجزا ہیں جن سے علمی حسن اخلاق مرکب ہے، اور علم کی تمام بالائی عمارت کی اصل بنیاد اسی پر قائم ہے۔ ہم سب اس سے واقف ہیں کہ وہ نوجوان

جو بلند خیالات، اور پاکیزہ احساسات کے پرسکوں فضا، اور اپنے سے زیادہ پختہ مغز اصحاب کے زیر ہدایت رہتے اور باہم مل کر کام کرتے ہیں وہ ظاہر ہے کہ زندگی کے مختلف فرایض ان لوگوں سے بہتر طریقہ پر انجام دینے کے قابل ہوں گے جنھیں ایسے مواقع نہیں ملتے اس سے یونیورسٹی یا جامعہ کی ضرورت اور اس کے مفید ہونے کا ثبوت ملتا ہے۔ آپ لوگوں کو چاہیئے کہ صرف یونیورسٹی میں رہنے تک نہیں بلکہ دنیا کی بڑی کاروباری یونیورسٹی میں داخل ہو کر بھی اس امر کو یاد رکھیں، کیونکہ وہاں آپ سے ہر موقع پر یہ توقع کی جائے گی کہ آپ اپنے ذاتی جوہر دکھائیں تاکہ معلوم ہو سکے کہ آپ کی دماغی ساخت میں صحیح علم کی خالص دھات یا غیر صحیح علم کے کھوٹ کا جز غالب ہے اور آیا آپ کی فطرت ایسی پاک وصاف ہو گئی ہے کہ وہ ہمیشہ زندگی کے برتریں نظریات کی طرف بڑھتی ہے، یا آپ کے محصلہ سطحی علم نے آپ میں یہ ادنیٰ خواہش پیدا کر دی ہے کہ آپ اس سے صرف حصول اُجرت کا کام لیں مجھے یہ کہنے کی ضرورت نہیں معلوم ہوتی کہ جو شخص علم محض اسی غرض سے حاصل کرتا ہے کہ وہ اسے بڑی سی بڑی قیمت پر فروخت کر سکے وہ نہ فطرت اور نہ یونیورسٹی کی تخلیق کا بہترین نمونہ سمجھا جا سکتا ہے۔ تعلیم یافتہ اشخاص کا عمدہ نمونہ وہ ہے جو اپنے علم اور قابلیت کو اپنے ابنائے جنس کے فایدے کے لئے ایک امانت تصور کرتا ہے۔ اور خود راہ راست پر چلنے کے لئے اس کو اپنا ہادی اور رہنما بناتا ہے خواہ ایسا شخص کسی حالت میں ہو، امیر ہو یا غریب۔

تعلیم اور کلچر میرے نزدیک تعلیم سے مراد انسان کی وہ روحانی ترقی اور شائستگی ہے جو اکتساب علم کے ذریعہ سے حاصل ہوتی ہے جب اس پر اس طور سے نظر ڈالی جاتی ہے تو معلوم ہوتا ہے کہ تعلیم ہماری زندگی کے مشکل ترین مسائل میں سب سے اہم مسئلہ ہے اور ہمیں چاہیئے کہ جس طرح ممکن ہو اس کو اپنے لئے حل کریں۔ اس کا کیا سبب ہے کہ اہل مغرب صدیوں کی بکار آمد ترقی کے بعد اس وقت اس کی روحانی کمی کو محسوس کرنے لگے ہیں؟ کیا ہم اس سے متنبہ ہو کر اپنے نظام تعلیم کے لئے ایسے طریقے نہیں اختیار کر سکتے جو ہمیں ان غلطیوں سے محفوظ رہنے میں مدد دیں جو دوسرے لوگ کر چکے ہیں؟ اگر ہم نے ایسا نہ کیا تو مجھے یہ اندیشہ ہے کہ ہمارے مدرسے کالج اور یونیورسٹیاں سب، ممالک غیر کے نقلی اور ادنیٰ قسم کے سامان مہیا کرنے کے

گراں خرچ کارخانے ثابت ہوں گے۔ اور ایک غیر مطمئن اور مضطرب فضا پیدا کردیں گے جیسا کہ دوسرے مقامات پر ہو رہا ہے میں ذاتی طور سے مغربی تہذیب کی بہترین چیزوں کا مدّاح اور پسند کرنے والا ہوں کیونکہ مجھے خود انگلستان کی ایک قدیم یونیورسٹی سے تعلق رہا ہے مگر میں ابھی تک یہ باور نہیں کرسکا ہوں کہ ہمارے ہندوستانی ادارات جو تربیت انسانی دل و دماغ کے لئے مہیا کر رہے ہیں وہ بہترین قسم کی تربیت ہے۔

تربیت کے لفظ سے میرا خیال اس طرف جاتا ہے کہ یہ وہ لفظ ہے جو ہماری زبان پر بار بار آتا ہے مگر باوجود اس کے ہم اس کے حصول کے لئے بہت کم کوشش کرتے ہیں بدقسمتی سے یہ لفظ کثیر مطالعہ اور وسیع علم کا مترادف ہوگیا ہے۔ دماغ کو جدید اور قدیم واقعات سے معمور اور مملو کرلینا ممکن ہے کہ اسے عجائب خانہ یا ذخیرہ علوم بنادے، لیکن اس سے لازمی طور پر وہ عمدہ صفت نہیں پیدا ہوتی جس کا مفہوم لفظ تربیت سے پیدا ہوتا ہے، یعنے وہ صفت جو فطرت اور انسانی افعال کی عمدگی، حسن، اور شان و شوکت کے اشارات اور کنایات کو سمجھتی اور اُن پر کاربند ہوتی ہے اور انسان کے دل کو ایسا ذی حس آلہ بنادیتی ہے کہ وہ عمدہ جذبات سے متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا۔

صداقت، حسن، اور نیکی کی قوتیں ہم میں اور ہمارے گرد و پیش ہمیشہ موجود رہتی ہیں اور ہم ان کے اختلاط سے اپنے آپ کو شاد و خرم رکھ سکتے ہیں، اور یہ صحیح تربیت ہی سے ہم کو حاصل ہوسکتا ہے، مگر ہم اکثر ان مادی دُنیوی فوائد کے پیچھے پڑ کر جنھیں ہم تنہا تعلیم کا معاوضہ تصور کرتے ہیں، اس حقیقت کو یاد نہیں رکھتے ہماری اعلیٰ فطرت کا تقاضا اور سخت تقاضا ہے کہ ہم اپنی زندگیوں کو خوشنما، عمدہ، اور صادق، بنائیں۔ یہ درحقیقت قدرت کا ایک قانون ہے، پھر صحیح تعلیم سے ہمارے لئے ایک ایسی فضا پیدا ہونی چاہیئے جس سے ہمارے اعلیٰ دماغی قویٰ روشنی اور غذا حاصل کرتے ہیں، اور خود غرضی اور حرص و ہوا اور دوسری بلاؤں سے جو ان سے پیدا ہوتی ہیں بالکل محفوظ اور مصئون ہوجائیں۔ یاد رکھئے کہ تعلیم کا شریف ترین مقصد اپنے بہترین معنوں میں تربیت ہے اور سب سے بڑا معلم فطرت ہے نہ کہ کتابیں۔ کتابیں جو کچھ کرتی ہیں وہ یہی ہے کہ وہ فطرت کے کارناموں کو ضبط تحریر میں لے آتی ہیں، اور

کتابوں میں بہتر کتابیں وہ ہیں جو فطرت کے کارناموں کو اس طرح ضبط تحریر میں لاتی ہیں کہ وہ ہمیں خود فطرت کے سامنے لے جاکر حاضر کر دیتی ہیں جب کتابیں ہماری یہ خدمت کرنے لگتی ہیں، اور جب ہمارا دل فطرت یا انسانی افعال کے کسی ایسے واقعہ سے جو عمدہ، خوش نما، مناسب یا رفیع، اور عظیم الشان ہو پوری طرح متاثر ہو کر خاص جذبات محسوس کرنے لگتا ہے، صرف اسی وقت یہ کہا جا سکتا ہے کہ ہم میں تعلیم نے شائستگی اور تربیت پیدا کر دی ہے۔ ساتھ ہی آپ لوگوں کو اتنی اصلاح ضرور دوں گا کہ آپ لوگ اپنے پڑھنے کی کتابوں میں محتاط رہیں، کیونکہ کتابیں مثل دوستوں کے اچھی بری دونوں طرح کی ہو سکتی ہیں۔ ان کے جانچنے کا علی معیار یہ ہے کہ اچھی کتابیں وہ ہیں جو آپ کے دل میں اچھے خیالات پیدا کرتی ہیں اور آپ کو اچھا بنانے میں موید ہوتی ہیں جب آپ لوگ کوئی کتاب پڑھیں تو اس کے حسن و قبح کے جانچنے میں اس معیار کو بھول نہ جائیں اور اس کا ہمیشہ خیال رکھیں کہ کتابوں کے مطالعہ میں ایک نقص یہ بھی ہے کہ انسان دوسرے لوگوں کے خیالات کے اتباع کا خوگر ہو جاتا ہے اور آخر میں ان خیالات کو اپنے خیالات سمجھنے لگتا ہے اس سے ہمیشہ اپنے آپ کو بچانا چاہیئے اور اپنے ذہن میں ایسے اکتسابی علم کو ہمیشہ اکتسابی علم ہی کے نام سے موسوم رکھنے کی کوشش کرنا چاہیئے۔

پڑھتے وقت اپنے دماغ کو بیدار رکھنا، اور جو خیالات مطالعہ سے پیدا ہوں ان پر غور کرنا، اور ان کی نسبت اپنی رائے قائم کرنا، اور ان سے نتائج نکالنا اور اس طور سے خود اپنی کوشش سے حقیقت تک پہونچنا اور اسے بخوبی سمجھ لینا بھی ضرور ہے علاوہ بریں اس کی بھی ضرورت ہے کہ جو کچھ آپ لوگ پڑھیں اُسے کامل طور سے سمجھیں اور اس کے امتحان اور تصدیق کے لئے خود ان اشیاء کی اندرونی اور بیرونی فطرت کی تلاش کر لیں تاکہ آپ کے دل مطمئن ہو جائیں۔ مطالعہ سے تخیل کی قوت میں اضافہ ہونا چاہیئے مطالعہ تخیل کا قائم مقام نہیں ہو سکتا۔

میں اس جملہ معترضہ کی معافی چاہ کر پھر تعلیم کے مضمون کی طرف متوجہ ہوتا ہوں مجھے آپ لوگوں کو یہ بتانا ہے کہ میرے خیال میں موجودہ نظام تعلیم عام طور سے کس جگہ ناکامیاب ثابت ہوتا ہے، اگر میں اپنا خیال ان الفاظ میں ظاہر کر سکتا ہوں تو میں یہ کہوں گا کہ اس نظام میں انفرادی یعنے ہر ایک شخص کی روح کو پوری طور سے شائستہ بنانے کی طرف بہت کم توجہ

کی جاتی ہے اور نہ انسانی عقل کو ایسی تربیت دی جاتی ہے کہ وہ حقیقی اور عارضی قدر و قیمت، اور لازمی اور ضمنی ضروریات میں تمیز اور فرق کر سکے۔ ہم میں سے کتنے ایسے لوگ ہیں جو اعلیٰ تعلیمی اسناد حاصل کرنے کے بعد بے غرضانہ، خلوص، دل، صداقت، اخلاص، ہمدردی، فیاضی، اعتدال، اخلاقی جرأت، تصورِ عزت، اور صحیح خودداری میں ان لوگوں سے بہتر ہیں جو جہلا کے نام سے موسوم کئے جاتے ہیں؟ یہ خیال تکلیف دہ ضرور ہے مگر ساتھ ہی اس کے بالکل صحیح ہے قدیم وضع کے لوگوں کی ضرور یہ کوشش تھی کہ وہ بعض خیالات مثلاً خدا اور انسانی روح کی ذمہ داریوں کو ہمیشہ پیش نظر رکھیں، جس سے ہمارا موجودہ نظام تعلیم بالکل خالی ہے۔ اور اسی وجہ سے ہم سے نہ صرف تمام شائستگی اور شرافت پیدا کرنے والے خیالات بلکہ اپنے سے بالا تر کی عظمت بھی مفقود ہو گئی ہے اور موجودہ زمانہ کی اکثر برائیاں اور آفتیں اسی سے پیدا ہوتی ہیں۔ اسی قسم کے تصورات ہمارے خیال کو اس طرف مائل کر دیتے ہیں کہ بہترین تعلیم وہ ہے جو نہ صرف ہماری عقلوں کو آراستہ کرے بلکہ ہمارے احساسات کو صحیح راستہ پر لگا دے خود ہمارے قلب میں ایک شمع ہدایت روشن ہے اور ہماری رہنمائی کے لئے گذشتہ صدیوں کی دانش کا ذخیرہ بھی موجود ہے، تعلیم کا یہ کام ہے کہ وہ اس شمع کی دیکھ بھال کرتی رہے اور اسے روشن رکھے تاکہ ہم اپنے اسلاف کی مجتمعہ دانشمندی سے پوری طرح مستفید ہو سکیں۔ زندگی اور اس طور سے تعلیم کا حقیقی مسئلہ یہ ہے کہ ایک پاک و صاف، صحیح، اور سادہ، مفید اور کارآمد زندگی کس طرح بسر کی جا سکتی ہے؟ یہ ایک قابل لحاظ واقعہ ہے کہ دنیا کے بڑے اور بہتر اشخاص نے بہ نسبت اپنے خیالات کے اتباع کے زیادہ تر اپنے جذبات کے اتباع میں کام کیا ہے، کیونکہ ان لوگوں میں خیالات ہمیشہ کسی بڑے عمدہ اور فیاض جذبہ کے ماتحت رہتے تھے۔ ہمیں تعلیم ہی کے ذریعہ سے اس منزل تک پہونچنا ہے، اس لئے ہمیں محض خیالات کی اس بھول بھلیاں میں نہ پڑنا چاہیئے جو ہماری موجودہ تہذیب نے تعمیر کی ہے، ہماری کوشش یہی ہونی چاہیئے کہ ہم صحیح تعلیم کی رہنمائی سے پھر انہی پاک قلبی جذبات کی طرف رجوع ہو سکیں۔

تعلیم کے اخلاقی پہلو پر اس قدر کہنے کے بعد مجھے یہ بیان کرنا چاہیئے کہ میرا خیال

اور یقین اس تعلق کی نسبت کیا ہے جو تعلیم اور انسان کے مذہبی اور مخصوص اس احساس میں پایا جاتا ہے جو فتوت یا مروت کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے۔

مجھے اس کے بیان کرنے میں مطلق تردد نہیں ہے کہ وہ تعلیم جس پر حقیقی طور سے تعلیم کا اطلاق ہو سکتا ہے وہ ان دونوں احساسات کو اپنا سچا معین اور مددگار سمجھتی ہے، وہ اپنے آپ کو پاک و صاف رکھنے کے لئے ان سے استمداد کرتی ہے اور خود انھیں غلط فہمیوں کے رفع کرنے میں مدد دیتی ہے۔ انسانی فطرت کے تمام اخلاق حسنہ انھیں دو متفقہ احساسات خیالات، اور جذبات کے زیر اثر ہوتے ہیں جو علی الترتیب مذہب اور فتوت یا مروت کے نام سے پکارے جاتے ہیں ان میں ایک پاکیزہ اور شرف افزا تکریم و تعظیم کی روح حرکت کرتی ہوئی پائی جاتی ہے جو عمل میں آکر افعال حسنہ کی صورت اختیار کر لیتی ہے، کیونکہ ان دونوں کا تعلق ان اعلیٰ خیالات سے ہے جنھیں مذہب ابھارتا اور معرض عمل میں لاتا ہے۔ یہی دونوں احساس اخلاق کی روح رواں ہیں اور یہی اس میں شریفانہ پرجوش آرزوؤں کے محرک ہوتے، اور مردانہ ایثار کی حیرت انگیز قابلیت پیدا کر دیتے ہیں۔ اگرچہ یہ ظاہری صورت میں دو رذلت ہیں، اور اسی حیثیت سے ان سے بحث کی جاتی ہے۔ مگر ان کا اصلی منبع انسان کا قلب ہے۔ وہ اس وقت بھی انسانی اعمال کے بہترین ہادی اور رہنما اصول ہیں اور اس بنا پر بلا عظیم خطرہ کے ان سے چشم پوشی نہیں کی جا سکتی۔ ان کی شکلیں زمانہ کی تبدیلی کے ساتھ بدلتی رہتی ہیں۔ مگر ان کا جوہر کسی وقت بھی نہیں بدلتا۔ انسان کے دل میں ہمیشہ ان کی جگہ رہے گی اور ہمیشہ یہی اصول اسے اعلیٰ مدارج کی طرف لے جانے کی کوشش کریں گے صحیح تعلیم پر لازم ہے کہ وہ اس واقعہ کو تسلیم کرے، اور اگر اسے اپنے آپ کو اخلاقی مذلت سے بچانا ہے تو ان مددگاروں سے استمداد کرتی رہے۔

تعلیم اور مسابقت | مجھے تعلیم کے ایک دوسرے پہلو پر بھی نظر ڈالنا ضرور ہے۔ یہ ایک فطرتی چیز ہے کہ تعلیم سے دل میں سبقت کی خواہش پیدا ہو۔ لیکن سوال یہ ہے کہ ہمیں اپنے ساتھیوں سے کس طرح اور کن امور میں سبقت لے جانا چاہیئے۔ یہ ایسا سوال ہے جس پر ہم بہت کم غور کرتے ہیں۔ یہ مسلم ہے کہ ہم کبھی اس خواہش سے بری نہیں ہو سکتے کہ اپنے ہمچشموں

سے اگر سب امور میں نہیں تو کم از کم بعض امور میں سبقت لے جائیں؟ مگر ہم دیکھتے ہیں کہ اکثر صورتوں میں یہ خواہش صرف بعض ان دنیاوی فوائد کی حد تک محدود رہتی ہے جو ہمارے دلوں کو بے قرار رکھتے ہیں مثلاً عزت، عہدہ، حیثیت، دولت، وغیرہ اور عام طور سے اسے اخلاقی اور دماغی سبقت سے کوئی تعلق نہیں ہوتا۔ اب اس پر غور کرنا چاہیئے کہ ان دنیاوی فوائد کا حاصل کر لینا اور دولت مند ہو جانا کیا ہمیشہ ہمارے امکان میں ہے؟ اس کا انحصار حالات پر اور ایک بڑے درجہ تک دوسروں کی اعانت اور مدد پر ہوتا ہے، جسے ہم ہمیشہ طلب اور حاصل نہیں کر سکتے کیا ایسی حالت میں یہ اس سے بہتر نہ ہوگا کہ ہم اپنا مقصد ان امور کو قرار دیں جن کا حصول کلیتہً ہمارے ہی اختیار میں ہو؟ کیا ہم اپنی اخلاقی طبیعت کو قوی کر کے قوت حاصل نہیں کر سکتے اور ان اعلیٰ مدارج تک نہیں پہونچ سکتے جو ہمیں بہتر اور زیادہ تر مستقل عظمت کا مستحق قرار دے سکتے ہیں؟ اس میں کیا امر مانع ہے کہ ہم میں سے مفلس سے مفلس شخص بھی ایماندار، مخلص، صادق، انصاف پسند، بامروت جری اور قوی دل ہو جائے اور اپنی ان صفتوں سے ملک اور قوم کو فایدہ پہونچائے اور ہم بھی اپنے بہت سے مشاہیر سلف کی طرح ان دنیاوی فواید کو جو کہ خود بین اور کوتاہ دل لوگوں کا مرکز آرزو ہوتے ہیں، حقارت کی نظر سے کیوں نہ دیکھیں اور اپنی ان عمدہ اور عظیم الشان روحانی قوتوں کو کیوں نہ پرورش کریں اور بڑھائیں جو ہمیں قوی دل بنا سکتی ہیں؟ یونان مذہب و فلسفہ کے حالات کو معاینہ کیجیے اور خود اپنے دل سے سوال کیجیے کہ آیا وہ عزت دولت یا عہدہ تھا جس نے ان کی عظمت قایم کی۔ خود ہمارے رسول کریم اس سے بہت پہلے سے کہ وہ دنیا کے سامنے اپنی تبلیغ لے کر آئیں "امین" کے خطاب سے مخاطب کیے جاتے تھے۔ اس کی کیا وجہ تھی؟ اس کی وجہ یہی تھی کہ ان میں صداقت، خلوص، اور دیانت تھی۔ یہ وہ گوہر شب چراغ تھے جو ان کے موٹے جھوٹے لباس سے چمکتے اور دمکتے نظر آتے تھے یہی وہ اوصاف تھے جس کی بنا پر خداوند تعالےٰ نے انھیں ان کے تمام معاصرین پر سبقت اور ترجیح عطا فرمائی اور انھیں اوصاف کی بدولت ایک تاریک ماحول میں وہ روشنی پھیلی جو ایک نئی دنیا اور ایک نیا تمدن پیدا کرنے والی تھی، اور جس نے ایک

قوم کو تمام ناپاکیوں سے پاک کر کے انسان کی عمر طبعی کی نصف مدت میں ایک عظیم الشان قوم بنا دیا۔ اعلیٰ درجہ کے لوگ اسی طریقہ سے اپنے معاصرین سے سبقت لے جاتے ہیں وہ اپنی روحانی قوتوں کو دنیاوی فواید کے حصول میں ضائع نہیں ہونے دیتے۔ آپ لوگوں کو چاہیئے کہ تعلیم سے یہ کام لیں کہ وہ آپ کو سیدھا راستہ بتائے نہ کہ غلط راستہ پر ڈال دے۔

صنعت اور حرفت کی تعلیم اب میں صنعت و حرفت کی تعلیم کے اہم مضمون کو لیتا ہوں اور آپ کو بتاتا ہوں کہ کام مختلف قسم کے ہوتے ہیں، بعض دماغ اور بعض ہاتھ کے لئے موزوں ہیں۔ انسان کو اس زندگی میں یہ دونو کام کرنے پڑتے ہیں۔ جس حالت میں آپ لوگوں کا دماغ خیال کے اعلیٰ مراتب کے طے کرنے میں لگا ہو آپ اپنے ہاتھوں کو مفید اشیا کے بنانے میں مشغول رکھئے تاکہ زندگی زیادہ تر آرام دہ اور اس کی ظاہری صورت زیادہ تر خوشنما ہو جائے اسی میں قوموں کی بڑائی کا راز چھپا ہوا ہے اور اسی ذریعہ سے مغربی قوموں نے اپنے آپ کو دولت مند اور قوی بنا لیا ہے اور اسی دولت اور قوت کے ذریعہ سے بالآخر تمام دنیا پر حکمران ہو گئی ہیں۔ یہ انہوں نے دنیا کی یونیورسٹی میں سیکھا ہے، علمی یونیورسٹیوں پر واجب ہے کہ وہ اس واقعہ پر ان کے تمام عملی پہلوؤں کے ساتھ غور، بحث، اور فکر کریں تاکہ ان کے خیالات موجودہ زندگی کے اس مرکزی واقعہ کی طرف متوجہ ہو سکیں ترقی پزیر دنیا کا اب یہ خیال نہیں ہے کہ یونیورسٹیاں خالی الفاظ کی تخم ریزی کی کیاریاں، یا نمایش کے لئے ڈگریوں کے نشو و نما کے چمن ہیں ڈگری کے معنی کسی قسم کی قابلیت کے ہیں یا سمجھے جاتے ہیں اور قابلیت کے معنی دنیا کے عملی کاموں کی انجام دہی کی استعداد ہے۔ اس سے جو کچھ نتیجہ نکلتا ہے وہ یہ ہے کہ صاحب ڈگری کو اس قابل ہونا لازم ہے کہ وہ اس عملی دنیا میں کوئی عمل اپنے ہاتھ سے کر سکے تاکہ وہ اپنی روزی پیدا کرنے کے قابل ہو جائے، اور اپنی جماعت کا ایک کارآمد اور مفید رکن ثابت ہو، مگر ہندوستان کے اکثر ڈگری یافتہ اس حقیقت سے ابھی تک پوری طرح واقف نہیں ہوئے ہیں۔ وہ اقتصادی دنیا میں اپنے نشان امتیاز کو بڑے عہدوں اور حقوق کے دعویٰ کے لئے کافی سمجھتے ہیں اور ان کا مطمح نظر صرف سرکاری ملازمت

ہوتی ہے۔ اس کا کیا نتیجہ ہے؟ اس کا نتیجہ یہ ہے کہ دورِ زندگی اس جماعت کو غیر مطمئن پیچھے چھوڑ کر آگے بڑھتا چلا جاتا ہے۔ برٹش انڈیا کی مثال ہمارے آنکھوں کے سامنے ہے اور اگر ہم میں امتیاز اور سمجھ کی کوئی قوت باقی رہ گئی ہے تو ہمیں اس سے انتباہ حاصل کرنا چاہیئے۔ میں آپ سب لوگوں کو نہ صرف مشورہ دوں گا، بلکہ التجا کروں گا کہ آپ اس معاملہ پر اچھی طرح غور کریں اور بروقت اپنے آپ کو زندگی کے میدان کارزار کے لئے تیار کرلیں جس میں آپ کو بجائے الفاظ کے افعال اور بجائے زبان کے ہاتھوں سے کام لینا پڑے گا۔ آپ کو اپنا مطمح نظر بدل دینا اور ڈگری کو زندگی کے عملی کام کرنے کی تیاری کا صرف ایک پروانہ تصور کرنا چاہیئے نہ یہ کہ آپ تھوڑا سا علم حاصل کر لینے کی وجہ سے اس اہم اور ضروری کام کرنے سے شرمانے لگیں جو ایک تربیت یافتہ دماغ کی زیر ہدایت صرف ہاتھوں سے انجام پا سکتا ہے۔ یہ خوشی کی بات ہے کہ ہماری حکومت نے آخر کار صنعت اور حرفت کی تعلیم کے متعلق اپنے فرض کو محسوس کر کے اس کے حصول کے ذرائع مہیا کر دیے ہیں اور میں اس خوش قسمت دن کا منتظر ہوں جس دن عثمانیہ یونیورسٹی اس جدید ادارہ کے ساتھ ہو کر فی الحقیقت برادرانہ محبت اور برتاؤ سے کام کرنے لگے گی۔

آخر میں میں آپ لوگوں کو فرقہ واری اختلاف کے خطرات سے بھی چند الفاظ میں متنبہ کر دینا ضروری سمجھتا ہوں۔ ایسے صریح مضمون پر تفصیل سے بحث کرنا بے کار محض ہے، صرف اتنا کہہ دینا کافی ہے کہ اس زمانہ میں سوائے کم سمجھ اور بد طینت لوگوں کے کوئی شخص اختلاف مذہب کی بناء پر لڑتا جھگڑتا نہیں۔ حیدرآباد کا دامن ہمیشہ اس داغ سے پاک رہا ہے اور مجھے امید ہے کہ ہمیشہ رہے گا۔ لیکن مستقبل کے دروازہ کی پاسبانی آپ طالب علموں کا کام ہے فقط

خطبۂ صدارت

از

ڈاکٹر عبدالستار صدیقی ایم اے پی ایچ ڈی
پروفیسر الہ آباد یونیورسٹی

ڈاکٹر صاحب موصوف کا وہ پُر مغز اور جامع خطبۂ صدارت درج ذیل کیا جارہا ہے جو انھوں نے صوبہ متحدہ کی مسلم ٹیچرس کانفرنس کے سالانہ اجلاس میں بمقام الہ آباد پڑھا تھا۔

اس میں شک وشبہ کی مطلق گنجائش نہیں کہ جدید طریقہ تعلیم نے ہندوستان کی قدیم شائستگی اور تمدن کی بنیادوں کو کھوکھلا کر دیا ہے اور اب جو مغائرت مدرسے اور گھر کے درمیان ہے وہ کسی زمانے میں بھی نہ تھی۔ ان مباحث اور قدیم زبانوں کی ترویج اور ضرورت پر جس سلاست اور خوبی کے ساتھ بہ چپے تُلے الفاظ میں بحث کی گئی ہے، وہ السنۂ مشرقیہ کے مخالفین کے لئے شمع ہدایت کا کام دے گی۔

(شریک)

حضرات،

مسلم تعلیمی کانفرنس کے شعبۂ معلّمین کا صدر منتخب کر کے مجھے جو عزت آپ نے بخشی اُس کا شکریہ اگر ادا نہ کروں تو احسان فراموشی ہوگی اور کفرانِ نعمت۔ اس عنایت اور مرحمت کا شکریہ بہ دل سے ادا کرتا ہوں مگر شکر کے ساتھ ایک شکایت بھی ہے کہ ایسی بڑی عزت اور ایسی اہم خدمت آپ صاحبوں نے مجھ نااہل کو عطا فرمادی اور وہ بھی اس طرح کہ عذر یا انکار کی مجال نہ تھی، بلکہ میرا حال اُس بچے کا سا ہوا کہ "بہ مکتب نمی رود و دلے برندش"۔ آپ حضرات اس کا یہی جواب دیں گے کہ ہمارے مکتبوں کا تو قدیم سے یہی دستور چلا آتا ہے،

اور اس جبری تعلیم کے زمانے میں یہ طرزِ عمل اور بھی ناگزیر ہے۔ اس کی شکایت یعنی چہ؟

بات پر بات یاد آئی۔ قدیم زمانے میں مسلمانوں کے گھرانوں میں عام طور پر یہی دستور تھا کہ ماں باپ اپنے بچوں کی تعلیم کا انتظام آپ کرتے اور لازماً کرتے۔ بسم اللہ کے بعد جب اُستاد کا انتخاب کرتے تو اکثر اِس کا بھی لحاظ رکھتے کہ آدمی ایسا ہو جس کا رعب بچے پر پڑے، اکثر گوش مالی کرتا رہے اور کبھی کبھی چشم نمائی اور گوش مالی کی حد سے آگے بڑھ کر ایسی سزائیں بھی دے دیا کرے جنھیں وہ یاد رکھے۔ تماشا یہ تھا کہ بچے اُسی گُرو اُستاد کے ایسے گرویدہ ہوتے تھے کہ بڑے ہو کر عمر بھر اُس کا احسان مانتے مگر آج مسلمان بچے عام طور پر تعلیم سے بھاگتے ہیں اور اُن کے ماں باپ کو مطلق پروا نہیں۔ اِس عظیم تفاوت کا سبب حقیقت میں یہ ہے کہ اُس زمانے میں تعلیم کا مقصد اور تھا، اِس زمانے میں اور۔ وہاں تہذیبِ اخلاق اور تادیبِ نفس اور حصولِ کمال مقصود تھا اور یہاں امتحان میں کامیاب ہونا، سند حاصل کر لینا اور بالآخر روٹی کمانا مطلوب ہے۔

پُرانے زمانے میں مسلمانوں کی تعلیم کی یہ صورت تھی کہ ابتدا مکتب سے کی جاتی تھی جس میں پڑھنے لکھنے کی تعلیم شروع ہوتی اور جوں ہی بچہ پڑھنے لکھنے کے قابل ہو جاتا ماں باپ کوشش کرتے کہ وہ شہر کے اچھے سے اچھے منشی سے فارسی کی تعلیم پائے۔ تھوڑے ہی دنوں بعد فکر کی جاتی کہ عربی کی تعلیم کی ابتدا ہو اور اُس کے لئے بھی شہر کا بہترین عالم تجویز کیا جاتا۔ بچے کے باپ چچا بھی جوں کہ اسی قسم کی تعلیم پا چکے تھے اس لئے یہ قابلیت رکھتے تھے کہ گھر پر اُس کی تعلیمی ترقی کی رفتار کو دیکھتے اور وقتاً فوقتاً اصلاح کرتے رہیں جب بچے کی عمر زیادہ ہو جاتی تو اگر اس کے دل میں تحصیل کا ذوق پختہ ہو جاتا تو وہ خود ہی اپنے لئے اُستاد تلاش کر لیتا۔ اِس میں مقامات کی دوری کا مطلق خیال نہ کرتا بلکہ کامل اُستاد کی شاگردی کے شوق میں بہت ہی دُور دراز مقامات کا سفر ایسی مسرت کے ساتھ اختیار کرتا جیسے کوئی شخص خوش نما شہروں اور خوش فضا منظروں کی سیر حظ اور تفریح کے لئے کرتا ہو۔ اِس دوران میں ایک لمحے کے لئے بھی اس کے دل میں یہ خیال نہ آتا تھا کہ میں تحصیلِ علم کے بعد کسی بڑی خدمت کو حاصل کروں گا یا اپنے علم کو اِس طرح پر استعمال کروں گا کہ اُس

سے ثروت اور حکومت نصیب ہو۔

افسوس ہے گزشتہ صدی میں جب انگریزی تعلیم کا چرچا ہوا اور نئے مدرسوں کی بنیاد پڑی تو اس بات کی مطلق کوئی کوشش نہ کی گئی کہ پرانے طرز تعلیم میں جو چیزیں مفید تھیں اُن کو قائم رکھ کر نئی چیزیں اضافہ کی جاتیں بلکہ تعلیم کے پرانے نظام کی ہر چیز فرسودہ اور معیوب خیال کی جانے لگی اور سب سے زیادہ نقصان اس طرح سے ہوا کہ جو تعلق پرانے زمانے میں مدرسے اور گھر کے درمیان قائم تھا وہ ٹوٹ گیا۔ نئی تعلیم کی ضروریات اور اُس کے طرز عمل سے ماں باپ بالکل ناواقف تھے اُنھوں نے بچے کو اسکول میں داخل کرادیا اور بے فکر ہو گئے۔ کسی قسم کی مدد یا اصلاح اُن سے کوسوں دور ہو گئی، اس لئے کہ انگریزی زبان نہ صرف بحیثیت تعلیم کے ایک مضمون کے حائل تھی بلکہ اُس کے علاوہ بھی جو کچھ پڑھایا جاتا تھا وہ بھی ایک اجنبی زبان کے واسطے سے۔ اس سے کتابی تعلیم اور اُس کے نتائج ہی کو نقصان نہیں پہنچا بلکہ تعلیم کا سب سے اہم مقصد بھی فوت ہو گیا یعنی ذہنی اور دماغی قوتوں کی تربیت اور ترقی۔ نئی تعلیم نے اگر پرانے نظام کی جگہ کوئی ایسا نظام قائم کر دیا ہوتا جو اُس پرانی چیز کا بدل صحیح معنی میں ہوتا تو یقیناً ہم اس نقصان سے محفوظ رہتے مگر یہ ایک امر محال ہے کہ ایک بیرونی چیز خواہ وہ اپنے اثر میں کیسی ہی قوی ہو اُس چیز کا بدل ہو سکے جو سالہا سال بلکہ صدیوں کی ذاتی اور قومی کوشش اور ذوق اور شوق کا نتیجہ ہو۔

خلاصہ یہ کہ تعلیم کو داخلی ہونا چاہیئے نہ کہ خارجی، اور خارجی بھی وہ جسے غیر قوم نے اگر اپنی ضروریات کے لئے جاری کیا ہو۔ اس سے میرا مقصد یہ ہرگز نہیں کہ مغربی تعلیم نے ہمیں کوئی فائدہ نہیں پہنچایا۔ یقیناً بہت فائدہ پہنچایا جس کا ہمیں شکر گزار ہونا چاہیئے، مگر اس سے بھی انکار نہیں ہو سکتا کہ ہماری قدیم تہذیب اور شائستگی کی بنیاد جو مسلمانوں کے لئے عربی اور فارسی تھی اور اب تک ہے اور ہندوؤں کے لئے سنسکرت اور ایک حد تک فارسی اُسے اس نئی تعلیم نے متزلزل کر دیا۔ خود یورپی قوموں کی تہذیب کی بنیاد لاطینی اور یونانی زبانیں ہیں اور کوئی یورپی قوم اس بات پر ہرگز تیار نہ ہوگی کہ ان قدیم زبانوں کی تعلیم اُس کے نصاب سے مطلقاً خارج کر دی جائے اس لئے کہ اُن کی تہذیب و تمدن کی بلند پایہ عمارت

اِسی بنیاد پر کھڑی ہے۔ اُنھوں نے اگر لاتینی اور یونانی تصانیف اور دونوں زبانوں کی تعلیم سے قطع نظر کیا ہے تو صرف سائنس اور عملی فنون کی تعلیم میں۔ اِن کے علاوہ جتنے علوم یورپ میں متداول ہیں اُن کے لئے لاتینی اور یونانی زبانوں کا جاننا اور اُن کی اہم تصانیف سے واقف ہونا تحصیل علوم کی پہلی شرط ہے۔ ہمارے لئے انگریزی تو ایک لابدی مضمون قرار دے دی گئی ہے لیکن یورپ کی قدیم زبانیں اگر لازم بھی کر دی جائیں تو بھی وہ کسی طرح ہماری تہذیب کی بنیاد کا کام نہیں دے سکتیں۔ یورپ کی تمام اعلیٰ اور ادنیٰ درس گاہوں میں ان زبانوں کی جو تعلیم ہوتی ہے وہ ویسی ہی مکمل اور پختہ ہوتی ہے جیسی اب سے سو پچاس برس پہلے ہمارے شرفا کے گھرانوں میں عربی اور فارسی کی تعلیم ہوا کرتی تھی۔ پُرانے زمانے میں ہمارے ہاں قدیم زبانیں دماغوں کو جلا دینے کا سب سے بہتر ذریعہ سمجھی جاتی تھیں اور یورپ کے ماہران تعلیم نے یہ خیال متواتر اور نہایت تاکید کے ساتھ ظاہر کیا ہے کہ اگر قدیم زبانوں اور ذہنی علوم کی تعلیم بند کر دی جائے تو اُس کے ساتھ اُن کی دماغی ترقی بھی مسدود ہو جائے گی اور محض عملی علوم اُن کو اِس تہلکے سے نہ بچا سکیں گے۔

لیکن، حضرات، آپ ضرور یہ اعتراض کریں گے کہ دوسری قومیں، جو ہمارے ساتھ اس وسیع ملک میں بستی ہیں، انگریزی کے ذریعے سے مختلف علوم میں اعلیٰ ترقی حاصل کر رہی ہیں، بلاشبہ۔ مگر اس سے اُس کی نفی لازم نہیں آتی جو میں ابھی عرض کر چکا ہوں۔ ہمارے ہندو ہم وطنوں نے مغربی تعلیم کی طرف بہت جلد توجہ کی مگر انھوں نے اس کے ساتھ ہی یہ بھی تہیہ کر لیا تھا کہ وہ اپنی قدیم علمی زبان سنسکرت کو اور اپنی دیسی زبان کو ہرگز نہ بھولیں گے پس سنسکرت کی تعلیم کو کمیت اور کیفیت دونوں کے لحاظ سے تقویت پہنچ رہی ہے۔ اس خصوص میں مسلمانوں کے پیچھے رہ جانے کے اسباب اور ہیں۔ ایک بڑی وجہ یہ ہے کہ انگریزی مدرسوں میں مسلمان اساتذہ کی تعداد نہایت ہی کم ہے اور فارسی عربی کے مدرسوں سے قطع نظر کیجئے تو اکثر اور بیشتر مدرسوں میں ایک مسلمان مدرس بھی نہ ملے گا۔ اس سے میرا مطلب یہ ہرگز نہیں کہ اور مذہب والے مدرسوں کے وجود سے مسلمان بچوں کو کوئی نقصان پہونچتا ہے بلکہ یہ عرض کرنا ہے کہ مسلمان معلموں کے مطلق نہ ہونے یا بہت کم تعداد میں ہونے سے

مسلمان بچّوں کے خیالات پر یقیناً یہ اثر پڑتا ہے کہ ہماری قوم کے لوگ اکثر علوم کے حاصل کرنے سے عاری ہیں۔ دوسرا نقصان یہ ہوتا ہے کہ غیر مذہب والے مدرس، مسلمان بچّوں کے اُن غلط خیالات کی کوئی اصلاح نہیں کر سکتے جن خیالات میں کچھ نہ کچھ مذہب کا لگاؤ ہوتا ہے۔ میں اپنے ذاتی علم سے کہہ سکتا ہوں کہ بعض ہندو مدرس، اسلام کے اُصول اور دیگر مذہبی امور سے ایسی اچھی واقفیت رکھتے ہیں کہ وہ بلا مبالغہ مسلمان بچّوں کو اُن کے مذہب کی بھی تعلیم دے سکتے ہیں، لیکن غلط فہمیوں کے خوف سے وہ ہمیشہ ایسی بحثوں سے احتراز کرتے ہیں اور یہ اُن کی محض نیک نیتی ہے۔

اِس بیان سے میں صرف اس امر پر زور دینا چاہتا ہوں کہ مسلمان نوجوانوں کو زیادہ تعداد میں تعلیم و تعلّم کو اپنا پیشہ بنانا چاہیئے۔ "تعلیم" کے ساتھ "تعلّم" کا لفظ میں نے عمداً اضافہ کیا ہے۔ اس لئے کہ ہم میں سے جو صاحب اس پیشے کو اختیار کریں وہ صرف یہی کہہ کے بری الذمہ نہ ہو جائیں کہ ہم نے شاگرد کو عبارت پڑھا دی اور اُس کے معنے بتا دیئے، ہمارا کام ختم ہو گیا بلکہ اُن کو چاہیئے کہ خود بھی مطالعہ جاری رکھیں اور علم اور تعلیم کے تمام امور میں گہری دلچسپی پیدا کریں ویسی ہی گہری دلچسپی جیسی کہ ایک کبوتر باز کو کبوتر بازی کے تمام چھوٹے اور بڑے معاملات سے ہوتی ہے۔ اُن کے لئے یہ بھی نہایت ضروری ہے کہ اپنے کم عمر شاگردوں کو علم کے مختلف مدارج طے کرنے کی طرف جن ترکیبوں سے بھی ہو سکے، رغبت دلائیں اور جو بچے جس کسی خاص مضمون کی طرف مائل ہوں، اُن کو اُسی شعبے میں ترقی کرنے میں مدد دیں جو طلبہ اسکول کے اعلیٰ مدارج طے کر چکیں اُن کو نہ صرف اُن کے اُستاد بلکہ اُن کے اعزا و اقربا بھی تعلیمی پیشہ اختیار کرنے پر آمادہ کریں۔

جہاں میں نے پُرانی تعلیم کو بہت کچھ سراہا ہے وہاں میں یہ بھی جانتا ہوں کہ وہ پُرانی تعلیم، اسی پُرانے ڈھنگ پر، موجودہ زمانے میں ہمارے درد کی دوا نہیں ہو سکتی مسلمانوں کے علمی عروج سے لے کر اِس وقت تک اتنے نئے علوم ظہور میں آئے ہیں اور پُرانے علوم میں ایسی توسیع ہو گئی ہے کہ اُن سے بے اعتنائی نہ صرف مضر

ہوگی بلکہ اچھا خاصا دیوانہ پن۔ نہ صرف قدیم علوم کے لئے بلکہ قدیم اور جدید زبانوں کی تعلیم کے لئے بھی اِس بات کی شدید ضرورت ہے کہ نئے طرز تحقیق اور نقد و تبصرہ کے اصول کی مدد سے ہم پرانے علوم و فنون کو تازگی اور شگفتگی بخشیں۔ ظاہر ہے کہ اس قسم کا علمی کام یونیورسٹیوں سے متعلق ہے۔ مگر حضرات، یونیورسٹیاں اپنے اِس فرض کو ہرگز پورا نہیں کر سکتیں، جب تک کہ اسکول اور کالج اپنے طالب علموں میں اوّل روز سے اس اہم کام کی بنیاد نہ رکھیں اور اُن کے دماغوں کو اِس کام کے لئے پوری طرح تیار کر کے یونیورسٹیوں تک نہ پہنچائیں۔ مُسلمان طالب علموں کی حالت تو یہ ہے کہ جب وہ اسکول کے نصاب کو طے بھی کر لیتے ہیں تو یونیورسٹی میں آکر اُن کی ہمتیں بالکل پست پائی جاتی ہیں۔ ریاضی اور سائنس کے جملہ مضامین سے وہ خائف ہوتے ہیں اور اپنی تعلیم کے لئے ایک ایسا نصاب تلاش کر لیتے ہیں جس میں وہ کم سے کم محنت کر کے امتحان کے پھندے سے نکل جائیں اور اُس کے بعد پھر کسی علمی کتاب کو ہاتھ لگانے کی تکلیف اُنہیں نہ کرنی پڑے۔ اور تو اور فارسی اور عربی کے بارے میں اُن کے خیالات یہ ہیں کہ عربی نہایت مشکل زبان ہے اس لئے اُس کے حاصل کرنے کی کوشش کرنا تحصیل حاصل ہے، فارسی نسبتہً آسان ہے صرف امتحان میں آسانی کی غرض سے اُسے اختیار کرنا مصلحت ہے۔ اِس بے دلی اور بے دماغی کا جو نتیجہ آج ہم دیکھ رہے ہیں اُسے بیان کرنے کی ضرورت نہیں

حضرات! آپ بُرا نہ مانیں اِس خرابی کے ذمہ دار یا تو اسکولوں کے فارسی اور عربی پڑھانے والے ہیں یا طالب علموں کے سرپرست جو اِس دھوکے میں پڑے ہوئے ہیں کہ اب عربی فارسی کا زمانہ ختم ہو گیا مُسلمانوں میں جو گروہ تعلیم یافتہ کہلاتا ہے اُس کو بھی عموماً تعلیم سے دلچسپی اُسی قدر ہے جس قدر اُس کی ضرورت امتحانوں میں کامیابی کے لئے ہے، وہ اپنی اولاد کو جب تک بالکل مجبور نہیں ہو جاتے، سررشتۂ تعلیم کی ملازمت نہیں کرنے دیتے۔ جو قوم اِس شریف ترین پیشے سے اِس درجہ بیزار ہو اُس کا مستقبل حضرات! میں نے قوم کی ناگفتہ بہ حالت اور تعلیم سے اُس کی بے اعتنائی کی وجہ

سُنا کر یقیناً آپ کی طبیعتوں کو مکدّر اور دلوں کو مایوس کر دیا ہے جو میرا ہرگز مقصود نہ تھا مُسلمانوں کو لَا تَقْنَطُوا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰہِ کو کبھی نہ بھولنا چاہیئے۔ ضرورت صرف اِس بات کی ہے کہ ہمت کی کمر باندھ کر ہم سب کام کرنے کے لئے تیار ہو جائیں۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ ہم معلّموں کا یہ کمزور گروہ بھی اگر کام کرنے کے لئے تیار ہو جائے تو زیادہ زمانہ نہ گزریگا کہ ہم لوگ اپنے گروہ کی کھوئی ہوئی قوّت اور وقعت کو باوجود تمام مشکلات کے ایک بار پھر حاصل کر لیں گے۔

آپ حضرات جو اِس وقت جمع ہوئے ہیں یقیناً ایسی تجویزیں پیش کرنے کو ہیں جن سے، خدا چاہے گا، ہماری ساری مشکلیں حل ہو جائیں گی۔ بشرطیکہ ہم اُن کے مطابق عمل پیرا ہونے سے کسی طرح پہلوتہی نہ کریں۔ میرے ذہن میں جو چند تجویزیں ہیں اُن کو آپ صاحبوں کے غور کے لئے پیش کرتا ہوں۔

۱۔ سب سے بڑی ضرورت یہ ہے کہ ہر قسم کی درس گاہوں میں ایسے مُسلمان اُستادوں کی تعداد بڑھائی جائے، جنھوں نے مجبوری سے نہیں بلکہ اپنے شوق سے معلّمی کا پیشہ اختیار کیا ہو اور علاوہ اور علوم و فنون کے تعلیم کے نظری اور عملی اُصول کا مطالعہ اور تجربہ بھی کیا ہو۔ جب ہر مضمون کے پڑھانے والے مُسلمان اُستادوں کی ایک قرار واقعی تعداد رفتہ رفتہ موجود ہو جائے گی تو تھوڑے ہی دنوں میں یونیورسٹیوں میں بھی مُسلمان طلبہ ہر شعبے میں نمایاں ہوں گے۔ اُستادوں سے میری مراد صرف مرد اُستاد نہیں بلکہ اُستانیاں بھی ہیں۔ قومی تعلیم کے لئے نہایت ضروری ہے کہ شریف گھرانوں کی بیویاں تعلیم یا کر مدرّسی کے کام کو اختیار کریں خصوصاً چھوٹے بچّوں کی تعلیم کو عورتیں مردوں سے بدرجہا بہتر انجام دے سکتی ہیں۔ شاید بہت سے لوگ نہیں جانتے کہ ڈاکٹر مونٹی سوری، جن کا طریقہ تعلیم چھوٹے بچّوں کے لئے اس وقت سب سے بہتر مانا جاتا ہے، وہ مرد نہیں بلکہ آسٹریا کی ایک خاتون ہیں۔

۲۔ دوسری ضروری بات یہ ہے کہ عربی اور فارسی پڑھانے والے مدرسوں کے لئے بھی ٹریننگ کالجوں میں خاص طور سے ٹریننگ کا انتظام کرنے کی تجویزیں عمل میں

لائی جائیں۔

۳۔عربی اور فارسی کے تمام امتحانوں کا نصاب اور معیار ایسا ہو کہ اُس سے گزر کر جو طالب علم آگے بڑھے اُسے اِن زبانوں میں پختہ اور کافی استعداد ہو۔

۴۔عربی اور فارسی سے پہلے اُردو کی معقول تعلیم تقریباً تین سال تک ہونا لازم ہے اور اِسی دوران میں حسابِ جغرافیہ، حفظانِ صحت اور بعض اور مضمونوں کی تعلیم بھی شروع ہو جانی چاہیئے۔ آگے چل کر اُردو کے ساتھ ساتھ ہندی کو بھی نصاب میں شامل کرنا چاہیئے اس لئے کہ خصوصاً بھاشا نظم ہمارے ادب کا ایک لاینفک جزو ہے۔ اب سے تیس چالیس برس پہلے تک مُسلمانوں میں ہندی نظم کے قدرشناس کثرت سے موجود تھے اور ہندی کے مُسلمان شاعر بھی خاصی تعداد میں موجود تھے۔ ایک چھوٹے سے قصبے بلگرام میں بہت سے مُسلمان شاعر گزرے ہیں جن کا ہندی کلام قدر کی نگاہوں سے دیکھا جاتا ہے۔ اِسی سلسلے میں یہ بھی عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہم میں جو طالب علم سنسکرت کی طرف مائل ہوں اُن کو خاص طور پر مدد دینا چاہیئے اِس لئے کہ اپنے وطن کی پُرانی علمی زبان کا جاننا مُسلمانوں کے لئے بھی ہر حیثیت سے مفید ہوگا۔

ممکن ہے کہ بعض صاحبوں کو یہ اعتراض ہو کہ زبانوں کی اتنی طول طویل فہرست کا بارِ گراں ہمارے بچّوں سے نہ اُٹھ سکے گا۔ اِس کے جواب میں، میں یہ عرض کروں گا کہ یہ خوف بالکل بے بنیاد ہے۔ جرمانیہ اور یورپ کے اور بہت سے ملکوں میں اسکولوں کی آخری چھ جماعتوں میں کم سے کم پانچ زبانوں کی تعلیم لازمی ہے اور اُن کے علاوہ کئی اور زبانوں کی تعلیم کا انتظام تقریباً ہر مدرسے میں ہوتا ہے جن کو بعضے طالب علم، اُن پانچ لازمی زبانوں کے علاوہ، اپنے شوق سے اختیار بھی کرتے ہیں۔ البتہ اُن مدرسوں میں جو عملی مضمونوں اور سائنس کی تعلیم کے لئے مخصوص ہیں تین ہی زبانیں لازماً پڑھنی پڑتی ہیں اس لئے کہ اُن طالب علموں کو لاتینی اور یونانی کی چنداں ضرورت نہیں ہوتی۔ یہ ماننے کے لئے میں کسی طرح تیار نہیں کہ یورپ کے بچّوں کے دماغ ہمارے صوبے کے بچّوں کے دماغوں سے زیادہ قوی ہیں۔ اُن کی برتری اگر ہے تو اسی میں کہ اُن کی قوموں میں

صدیوں سے اجتماعی زندگی ترقی کرتی رہی ہے اور اس لئے اُن کی عادتوں اور رسم و رواج نے حصولِ علم کو اُن کے لئے آسان بنا دیا ہے۔ زبانوں کے متعلق تو میرا یہ خیال ہے کہ اُن کے سیکھنے اور کمال کے ساتھ سیکھنے کی جو قابلیت اُردو بولنے والی قوم میں ہے اُس کا مقابلہ سوا روسیوں (اور پولوں) کے کوئی اور قوم نہیں کر سکتی۔ ہمارے بچوں کے لئے ضرورت صرف اس بات کی ہے کہ تعلیم دینے کے طریقہ میں اصلاح کی جائے اور وہ بغیر اچھی کتابوں اور خاص تربیت پائے ہوئے معلموں کے ممکن نہیں۔

۵۔ ثانوی تعلیم (یعنی سکندری اور انٹرمیڈیٹ ایجوکیشن) کے دوران میں جو مختلف مضمون ایک طالب علم اختیار کر سکتا ہے اُن کے متعلق یہ کوشش کی جائے کہ ہر مضمون میں مسلمان طلبہ کی ایک معقول تعداد داخل ہو۔ لیکن یہ جب ہی ممکن ہوگا کہ ابتدائی مدرسوں میں قابل مسلمان مدرسوں کی تعداد کافی ہو اور اُن کی کوشش اور اثر سے مسلمان بچے اپنی عمر کی مناسبت سے مختلف مضمونوں میں پختہ کار ہو کر ثانوی مدرسوں میں جائیں اسی طرح ثانوی مدرسوں میں بھی مسلمان اُستادوں کی ایسی کافی تعداد ضروری ہے جو اپنی مثال سے ان بچوں کے اندر یادِ شوق کا باعث ہوں اور یوں اُن کی ہمتیں بڑھا کر اُن کی علمی اُمنگوں کو ترقی دیں۔ اس میرے بیان سے ظاہر ہو گیا ہوگا کہ تربیت یافتہ معلموں (یعنی ٹرینڈ ٹیچرس) کی مسلمان بچوں کی تعلیم کے لئے کیسی شدید ضرورت ہے اور ٹرینڈ بھی وہ جو اپنے شوق سے بلکہ ایک ثوابِ عظیم کا کام سمجھ کر مدرسوں کے زمرے میں شامل ہوئے ہوں۔ ہم میں سے ہر ایک شخص کو یہ اپنا فرض سمجھنا چاہیئے کہ وہ اپنے نوجوان بیٹوں، بیٹیوں اور رشتہ داروں کو جو اچھے دماغ اور اچھے اخلاق رکھتے ہوں معلمی کی طرف راغب کرے اور جتنی زیادہ تعداد میں ممکن ہو اپنے اثر سے مسلمان نوجوانوں کو مدارس کی ملازمت میں داخل کرے، عام اس سے کہ وہ مدارس چھوٹے ہوں یا بڑے۔ اگر اس تدبیر پر عمل کیا گیا تو دس ہی بارہ برس میں آپ دیکھ لیں گے کہ مسلمان کہیں سے کہیں پہنچ گئے۔

آخر میں پھر میں اس غلط فہمی کو رفع کرنا چاہتا ہوں کہ یہ تجویزیں، جو میں نے پیش کی ہیں، خدانخواستہ اس وجہ سے ہیں کہ میں مسلمانوں کے تعصب کو اکسانا چاہتا ہوں یا شا

ایسا نہیں بلکہ میں تعصب کو بدترین خصائل تصور کرتا ہوں۔ ساتھ ہی اس کے میرا عقیدہ یہ ہے کہ ہندوستان کے ہر مدرسے میں چاہیے وہ سرکاری ہو یا قومی، ہندو اور مسلمان دونوں مذہبوں کے ماننے والے اُستادوں کا ہونا ہماری قومی تعلیم کے لئے نہایت ضروری ہے اس لئے کہ اگر ہم دونوں کو اپنے وطن میں رہنا اور عزت کے ساتھ رہنا ہے تو ایک کو دوسرے کے خیالات و حالات اور رسم و رواج اور سب سے زیادہ علمی اور ذہنی اور روحانی اُمنگوں سے بچپن ہی سے واقف ہونا چاہیئے۔

آخر میں میں آپ حضرات کی عنایت کا شکریہ پھر ایک بار ادا کرتا ہوں کہ آپ نے اس جلسے کی صدارت کا اعزاز مجھے عطا کیا اور میری اس تقریر کو نہایت صبر کے ساتھ سُن کر مجھ پر کرم پر کرم فرمایا۔

جغرافیہ اور اُس کا طریقۂ تعلیم

مولوی غلام دستگیر صاحب فاروقی مددگار مدرسۂ وسطانیہ جنچل گوڑہ

تاریخ تاریخ سے ظاہر ہے کہ تقریباً نصف صدی پہلے مضمون جغرافیہ کو وہ اہمیت حاصل نہ تھی، جو آج اس کو حاصل ہے۔ اہمیت کس طرح حاصل ہوتی! یہ تو علم ہیئت کا ایک جُز تھا۔ اس میں صرف پہاڑ، دریا، شہروں کے نام اور پیداوار کا ذکر ہوتا تھا جس سے اس مضمون میں کوئی ایسا مقناطیسی اثر نہیں تھا، جو مطالعہ کرنے والوں کی طبیعت کو اپنی طرف مائل کرتا۔ اس لئے یہ مضمون بہت خشک ہو گیا تھا۔ اس کے مطالعہ سے معلّم اور متعلّم ہر دو کو کوئی دلچسپی نہیں ہوتی تھی۔ جہاں یہ مضمون خشک تھا، وہاں اس کا طریقۂ تعلیم بھی غیر موثر اور دلچسپی سے خالی تھا، جس سے طلبہ کا زیادہ وقت پہاڑ، دریا اور شہروں کے نام رٹنے میں صرف ہوتا تھا۔ ظاہر ہے کہ اس قسم کی تعلیم سے قوت متخیلہ، قوت استدلال اور قوت فیصلہ کی تربیت نہیں ہو سکتی تھی۔ مگر یہ مسلّم ہے کہ مضمون جغرافیہ کی تعلیم اس نہج سے ہو کہ ان قوا کی تربیت اور اُن کا نشوونما ساتھ ساتھ ہوتا رہے۔

وسعت | دورِ جدید مسئلہ ارتقا کا علم بردار ہے۔ اس مسئلہ کے تحت دُنیا کے دیگر علوم وفنون کی ترقی کے ساتھ مضمون جغرافیہ کا بھی ترقی کرنا ضروری تھا۔ چنانچہ ماہرانِ علم جغرافیہ نے دُنیا کے نامعلوم اور دُور دراز قطعات ارض کو دریافت کر کے اس فن میں علم ہیئت، طبقات الارض، طبعیات، معاشیات، حیاتیات اور تاریخ وغیرہ جیسے اہم فنون شامل کر کے اس کو بھی ایک علیحدہ فن اور سائنس کے درجہ تک پہنچا دیا۔ یہ انہیں کی اَن تھک کوششوں کا نتیجہ ہے کہ دوسرے علوم وفنون کے طرح مضمون جغرافیہ بھی کالج کی اعلیٰ ترین جماعتوں میں پڑھایا جاتا ہے اور آج ہم کو اس کے بھی ایم۔ اے ہمدست ہوتے ہیں۔

فوائد | یہ مسلّمہ امر ہے کہ دُنیا میں ہر کام اس کے فوائد کے لحاظ سے کیا جاتا ہے۔ اور انسان انہیں علوم وفنون کو زیادہ حاصل کرتا ہے جس کے فائدے زیادہ ہوں۔ اس کلیہ کے تحت یہ امر دریافت طلب ہے کہ مضمون جغرافیہ سے وہ کونسے فوائد حاصل ہوتے ہیں جن سے انسان بہرہ اندوز ہو سکتا ہے۔

اگر ہم گہری نظر سے دیکھیں تو ہم کو معلوم ہوگا کہ زندگی کا ایسا کوئی پیشہ نہیں ہے جس میں جغرافیہ کی ضرورت نہ پڑتی ہو۔ انسانی جماعت کے سب سے اہم اور مہتم بالشان پیشہ زراعت کو لیجئے تو ظاہر ہوگا کہ ایک باُصول کاشتکار کو جغرافی معلومات نہایت ضروری ہیں اس حقیقت کے مدنظر کہ کابل جاکے آم کا پودا کبھی پروان چڑھ نہیں سکتا اس کے لئے یہ ضروری ہے کہ زمین کی نوعیت معلوم کی جائے کہ آیا اس میں تری کی کاشت ہو سکتی ہے یا خشکی کی ساتھ ساتھ موسموں کے تغیرات کا جاننا بھی اس کے لئے لازم ہے اور یہ ظاہر ہے کہ پیداوار کا دارومدار زیادہ تر زمین کی نوعیت اور موسموں کے اثرات پر ہے۔ آبپاشی، کھاد، کاشت کی نگہداشت اور اس کی منتقلی کے اُصول سے واقف ہونا بھی اس کے فرائض میں داخل ہے ورنہ وہ ایک کامیاب کاشتکار کہلانے کا مستحق نہیں ہو سکتا۔ غرض کہ جغرافی حالات ہی کا نتیجہ ہے کہ بمبئی میں روئی کی گرنیوں کی کثرت، بنگال میں سن کے کارخانوں کی زیادتی اور رنگون میں چاول صاف کرنے کی مشینوں کی بہتات ہے۔ مانچسٹر کے سوتی کپڑے شفیلڈ کا فولادی سامان اور پورٹس موتھ کی جہاز سازی بھی جغرافی حالات ہی کی مرہون منت ہے۔

اگر صنّاع ان تمامی حالات سے واقف نہ ہوں تو آج یہ صنعتیں ایک ایک کر کے دُنیا سے اُٹھ جائیں۔

یورپ اور امریکہ کی اقوام کو آج جو چار چاند لگے ہیں اس کا راز ان کی تجارت میں مضمر ہے۔ یہ تجارت کی برکت تھی جس کی بدولت پرتگیزی۔ ولندیزی۔ فرانسیسی اور انگریز یکے بعد دیگرے ہندوستان کے مالک بن گئے۔ کیا حقیقت ہیں لگاہوں سے یہ امر پوشیدہ ہے کہ ہندوستان کے بحری راستہ کی دریافت محض تجارت کی غرض سے نہیں ہوئی؟ اور کیا یہ دریافت بغیر جغرافی علم کے ظہور میں آئی؟ یہ جغرافی معلومات ہی تھے جنہوں نے کولمبس کو امریکہ کا) واسکوڈی گاما کو سواحل ہند کا اور کک کو آسٹریلیا کا مالک بنا دیا۔ واقف کارانِ حقیقت اچھی طرح سے یہ جانتے ہیں کہ ایک کامیاب تاجر کے لئے یہ امر ناگزیر ہے کہ وہ سامان کے حمل ونقل کے مختلف ذرائع سے پوری طرح واقف ہو۔ اس کو یہ بھی معلوم ہو کہ فلاں چیز کہاں کثیر مقدار میں ہمدست ہوتی ہے اور کہاں ارزاں اور یہ کہ اس کی نکاسی کس جگہ منفعت بخش اور آسان طریقہ سے ہوسکتی ہے۔ یہ ظاہر ہے کہ ان امور اور مضمون جغرافیہ میں چولی دامن کا ساتھ ہے۔

فن جغرافیہ مدبرین سلطنت کا ایک اچھا رہنما ہے جس کی مدد سے وہ زمین کی نوعیت کے لحاظ سے مالگذاری قائم کرسکتے ہیں۔ آبپاشی کے ذرائع جاری کرسکتے ہیں ملک میں آمد و رفت کے وسائل اختیار کرسکتے ہیں۔ چنانچہ یہ مدبرین سلطنت ہند کے جغرافی معلومات ہی کا نتیجہ ہے کہ پنجاب میں نہروں کا جال بچھا ہوا ہے۔ اور مدراس میں تالابوں کی بہتات ہے۔ جنگ عظیم کے دوران میں مدبرین اور ماہرین فن جنگ کا اس امر پر اجماع تھا کہ جغرافی نقطۂ نظر سے جرمنی کا محل وقوع اس قابل نہیں ہے کہ وہ ایک ایسی عظیم الشان جنگ کی ذمہ داری کا بوجھ اپنے کندھوں پر لے۔ چنانچہ اپنے ملک کی جغرافی حالات کو نظر انداز کرنے سے جرمنی کو جو کچھ نقصان اُٹھانا پڑا اس سے ہر شخص واقف ہے۔

اہمیت | آج وہی قوم مہذب اور ترقی یافتہ سمجھی جاتی ہے، جو اپنا ایک

خاص تمدن رکھتی ہو اور یہ بلا خوف تردید کہا جا سکتا ہے کہ تمدن کی عمارت کی بنیاد جغرافی حالات پر منحصر ہے۔ اگر یہ حالات کسی ملک یا قوم کی ترقی کے ممد و معاون نہ ہوں تو وہ ملک یا قوم اپنا تمدن قائم کر ہی نہیں سکتی۔ عالمان تاریخ نے مصر اور ہند کے تمدن کو نہایت قدیم مانا ہے۔ ان دونوں کی بنیادوں پر نظر ڈالنے سے معلوم ہوگا کہ جہاں مصر کا تمدن دریائے نیل کا رہین منت ہے وہاں ہمالہ کی بدولت ہندی تمدن نے جنم لیا۔ اگر ہندوستان کے شمال میں ہمالہ نہ ہوتا تو ہند میں پانی کا کال ہوتا۔ اس کی زمین زرخیز ہونے کی بجائے بنجر ہوتی۔ یہاں آئے دن حملوں کا خوف لگا رہتا۔ جس کی وجہ سے باشندگان ہند نہ شہری زندگی بسر کرتے اور نہ وہ چار دانگ عالم میں صنعت سازی کے موجد ہوتے جس کا یورپ مدتوں گاہک رہا ہے۔

منگولیا کے سردار اعظم چنگیز خان اور اُس کے جانشینوں نے ایشیا میں ایک عظیم الشان سلطنت قائم کی مگر منگولیا کے لق و دق صحرا، آب و ہوا اور دیگر جغرافی حالات نے اُن پر ہیبت فاتحوں کو اس بات کا موقع ہی نہیں دیا کہ وہ اپنے وطن مالوف میں کم از کم تمدن کی داغ بیل ڈالتے۔ اور یہ بیچارے داغ بیل ڈالتے ہی کس طرح جب کہ عام باشندے بارش اور اناج کی قلت سے خانہ بدوش زندگی بسر کرنے پر مجبور تھے اور ہیل جس سے تمدن کی بیل کبھی منڈھے نہیں چڑھ سکتی۔ زمانہ ماضی کی راگنیوں کو آلاپنے کی بجائے اگر ہم موجودہ زمانہ ہی کے حالات کا مطالعہ کریں تو معلوم ہوگا کہ یورپ کی ترقی کا راز بھی جغرافی حالات ہی میں مضمر ہے۔ یورپ کا وسط دنیا میں واقع ہونا جس کی وجہ سے اہل فرنگ کا دنیا کے ہر حصہ میں بسہولت آنا جانا، اُس کے پہاڑوں کا رُخ جس سے براعظم کے بہت بڑے حصہ میں کافی بارش کا ہونا، اُس کے جہاز رانی کے قابل دریا، اُس کے ساحل کا زیادہ کٹا پھٹا ہونا، اُس کی صحت افزا و توانا کرنے والی آب و ہوا، زرعی اور معدنی پیداوار کی فراوانی یہ ایسے جغرافی حالات ہیں جنہوں نے باشندگان براعظم کو شہری زندگی کا موقع دیا۔ اس موقع سے فائدہ اُٹھا کر اُنہوں نے علوم و فنون کے دریا بہا دئے ایک طرف اُن دریاؤں کے سیلاب نے قدیم تمدنوں کی بنیادوں کو کھوکھلا کر دیا تو

دوسری طرف اُنہیں کی آبیاری نے اہل فرنگ کی تہذیب کی کھیتی کو سرسبز و شاداب کر دیا، جس سے تمام اقوام عالم مستفیض ہو رہی ہیں۔

اس سے یہ واضح ہے کہ جغرافیہ کا راست تعلق انسانی زندگی سے ہے۔ لہٰذا اس مضمون کی تعلیم کے وقت حتی الامکان اس بات کی کوشش ہونی چاہیئے کہ جغرافیہ کی ہر بات انسانی زندگی کے کسی ایک پہلو سے وابستہ ہو۔ اب نیچے کی سطروں میں اس اُصول کو عملاً پیش کرنے کی کوشش کی جائے گی۔

طریقۂ تعلیم جماعت دوم ایک چیز فی نفسہ بہت عمدہ اور مفید ہوتی ہے مگر اس کے بے اصولی استعمال سے اس سے بجائے فائدہ کے نقصان ہوتا ہے۔ مثال کے طور پر ناول بینی کو لیجئے کہ اس سے زبان اور سیرت ہر دو کی درستی ہوتی ہے مگر بہت سے ایسے لوگ ہیں جو اس کے غلط استعمال سے گمراہ ہو جاتے ہیں تو ظاہر ہے کہ یہ اچھے ناول کا قصور نہیں بلکہ اُس کے مطالعہ کرنے والوں کا ہے۔ اسی طرح بعض مفید مضامین نصاب بے اصولی تعلیم کی وجہ سے طلبہ کے بار خاطر ہوتے ہیں اور وہ ابتدا ہی سے اُن سے متنفر ہو جاتے ہیں اس قسم کے مضامین میں جغرافیہ بھی داخل ہے، جس کی تعلیم کی ابتدا ہی ایسے طریقہ سے ہوتی ہے جو کم عمر طلبہ کے لئے نہ مفید ہی ہوتی ہے اور نہ دلچسپ۔ حالانکہ اس مضمون کی ابتدائی تعلیم بے حد مفید اور دلچسپ ہے۔ ہمیں اس وقت اس سے بحث نہیں کہ مضمون جغرافیہ کس جماعت سے شروع ہو اور یہ کہ اس جماعت میں کیا پڑھایا جائے بلکہ اپنے ناچیز تجربہ کی بنا پر ہم کو اس موقع پر یہ بتانا مقصود ہے کہ جو نصاب جماعت واری اس وقت مقرر ہے اُس کو کس طرح پڑھایا جائے۔ یہ ظاہر ہے کہ مضمون جغرافیہ کی تعلیم جماعت دوم سے شروع ہوتی ہے۔ اور اس میں اصطلاحات جغرافیہ کی تعلیم داخل نصاب ہے اصطلاحات کو محض رٹا دینے سے نہ اُن کے صحیح تصورات طلبہ کے ذہن نشین ہو سکتے ہیں اور نہ ان سے کوئی لگاؤ پیدا ہوتا ہے۔ اس لئے اس امر کی ضرورت ہے کہ اصطلاحات کی تعلیم بالکلیہ مشاہدہ کے ذریعہ دی جائے اور اُن کی تعریفات جہاں تک ممکن ہو بذریعہ سوالات اُنہیں سے اخذ کرائی جائیں اور اس کے لئے آسانی سے

حسب ذیل طریقے اختیار کئے جا سکتے ہیں۔

(۱) کم عمر طلبہ کھلے مقام کی تعلیم کو جب کہ انہیں کھیل کا بھی موقع ملے بیحد پسند کرتے ہیں۔ پس احاطۂ مدرسہ میں کسی ایک نمایاں جگہ تمام اصطلاحات کا لیف میپ تیار کیا جائے اور تعلیم کے وقت طلبہ کو اس نقشہ کے اطراف جمع کیا جائے۔ ان میں سے چند کو اس نقشے کی مختلف اشکال میں پانی ڈالنے کے لئے کہا جائے۔ ظاہر ہے کہ پانی پڑنے کے بعد مختلف اصطلاحات کی شکلیں اور نمونے تیار ہو جائیں گے۔ مدرس اب کوئی ایک اصطلاح مثلاً جزیرہ کو لے اور سابقہ معلومات کی بنا پر طلبہ سے دریافت کرے کہ وہ اس خشکی کے حصہ کے اطراف کیا دیکھتے ہیں اور یہ کہ اس کے کتنے طرف پانی ہے۔ یہ تصور اچھی طرح طلبہ کے ذہن نشین کرایا جائے کہ یہ خشکی کا ایک حصہ ہے جس کے چاروں طرف پانی ہے۔ پھر ان کو اس کا نام بتایا جائے اور اس کے بعد ہی دریافت کیا جائے کہ جزیرہ کس کو کہتے ہیں۔ اگر طلبہ اس کی تعریف کرنے سے قاصر رہیں تو از سر نو خشکی کے حصہ کو بتا کر دریافت کیا جائے کہ یہ کیا ہے؟ جواب ملے گا کہ یہ خشکی کا حصہ ہے پھر یہ دریافت کیا جائے کہ اس کے چاروں طرف کیا ہے؟ جواب دیا جائے گا کہ پانی ہے۔ مگر جواب مکمل لیا جائے یہ کہ اس کے چاروں طرف پانی ہے اب یہ پوچھا جائے کہ کس حصہ کے چاروں طرف پانی ہے؟ اخیر میں اس کا نام دریافت کیا جائے۔ اس کے بعد ہی اس کی تعریف پوچھی جائے طلبہ اگر اب بھی تعریف نہ کر سکیں تو ان کے دئے ہوئے مختلف جوابوں کو ایک جگہ جمع کر کے انہیں کے الفاظ میں تختہ سیاہ پر لکھا جائے مثلاً خشکی کے اس حصہ کو جس کے چاروں طرف پانی ہو جزیرہ کہتے ہیں اور یہ تحریر ان سے پڑھوائی جائے اس عبارت کی مشق کے بعد اس کو مٹا دیا جائے اور ان سے مکرر جزیرہ کی تعریف پوچھی جائے۔ اس طرح جزیرہ کا تصور اور اس کی تعریف اچھی طرح طلبہ کے ذہن نشین کی جائے۔

عام طور پر یہ دیکھا گیا ہے کہ دو متضاد چیزوں کے مقابلے سے ان کا صحیح تصور ذہن نشین ہو جاتا ہے مثلاً نرم اور سخت اشیاء طلبہ کے سامنے پیش کی جائیں تو نرمی اور سختی کا صحیح تصور ان کے ذہن نشین ہو جائے گا۔ اسی اصول کے تحت اگر دو متضاد اصطلاحیں یکے بعد

دیگرے بتائی جائیں تو بہت مفید ہوگا۔ پس جزیرے کے بعد تالاب سے جھیل کا تصور دلاکر اس کی تعریف نکلوانا فائدہ سے خالی نہیں۔ اب طلبہ کو جھیل بتا کر (مگر پہلے ہی نام نہ بتایا جائے) اس قبیل کے سوالات کئے جائیں۔ یہ کسی چیز کا حصہ ہے؟ (جھیل پر ہاتھ رکھکر) جواب ملے گا کہ تری یا پانی کا حصہ ہے۔ اس تری کے حصے کے چاروں طرف کیا ہے؟ جواب دیا جائے گا کہ اس کے چاروں طرف خشکی ہے۔ اس کے بعد نام بتایا جائے اور اخیر میں مثل جزیرہ کے تعریف نکلوائی جائے۔ پھر جزیرہ اور جھیل کا مقابلہ کرایا جائے۔ مثلاً جزیرہ خشکی کا حصہ ہے اور جھیل تری کا۔ جزیرہ کے چاروں طرف تری ہے، مگر جھیل کے چاروں طرف خشکی ہے۔ اسی سلسلہ میں تالاب اور جھیل میں جو فرق ہے وہ بھی بتا دینا بے محل نہ ہوگا۔

A word may be added, in conclusion, against the tendency to regard physical exercises and games as a cure-all. Recent investigations by Dr. Brae Hanson, Chief Inspector of Physical Education for Danish schools, have led him to the conclusion that there is a distinct type of boy who is not naturally inclined for robust exercise. Such a type remains healthy and alert mentally, and may actually be adversely affected by compulsary games. A pupil in whom there is a rheumatic or a pre-rheumatic tendency, or a boy suffering from lack of proper food, may be further retarded by injudicious application of exercises.

Physical exercise has its proper place in the teacher's duties; it must be part of his equipment and training that he may know its manifold benefits and distinct limitations. When the various problems of education are visualised, the point which assumes ever-increasing prominence is the need for a supply of the very best men as teachers, who shall receive adequate, scientific, and practical training, to equip them for their task of moulding the next generation. But there seems little hope of such an ideal at present, when the educational service seems the Cinderella of the services in most countries. Still we may work for the day which was foreshadowed by Carlyle, " when the Hodman is discharged,

special " retards' class " might be formed in many schools, under a specially qualified teacher. This should not be looked upon as a permanent class, but as a convalescent room, where a child who has fallen behind mentally may be cured and restored to his proper class. Here a child who is mentally incapable of proceeding at the pace of his brighter brothers may be allowed to proceed at his own pace.

School medical clinics have long since proved their usefulness. I may quote one typical case of a class of twenty four boys, in form III of an Indian High School, and, I may mention, a long way from Hyderabad State. The report of the form-master classified thirteen boys as dull and backward, and incapable of making progress. An examination of the boys in question yielded the following results :

(1) Two cases of slight deafness, which the teacher had not suspected. This was due to the presence of adenoids and enlarged tonsils. After the neeessary operation, both boys improved greatly in school work and general health.

(2) One distinct case of of defective eyesight. For months the boy had actually been unable to read what was written on the blackboard, but did not like to say so. An immediate improvement was effected by giving him a seat in front of the class, and ultimately, after the provision of glasses, he rose to second place in the examination.

(3) Two distinct cases of malnutrition, due to iusufficient food in poor homes. Provision of a mid-day meal at school yielded exceedingly beneficial results.

(4) Four boys who were manifestly not getting enongh sleep. They came from families of good position, but were attending cinemas, late dinners, and social functions. They were in a condition of chronic fatigue. On this being pointed out to their parents, an immediate improvement was brought about by extra sleep.

Under the heading of Psychological cases must be considered slow mental developement, undue suppression—often misnamed discipline, misunderstanding on the part of the teacher or parent, and fear. The teaching profession is sometimes to blame in the matter of causing many children to become backward. Lack of understanding, faulty methods, and poor teaching ability may be direct causes of backward children. It is dangerously easy to create an "inferiority complex" in a nervous child, and exceedingly difficult, when once that has been done, to restore the lost self-respect. Hence it is very important that students in training, who do not show a real aptitude for teaching, should be discouraged at the onset.

The methods of preventing all those conditions are, as a rule, fairly obvious. Social reforms in home and school will eliminate many, though not all, types of backwardness. But, in the first place, it is necessary that the individual characteristics and ability of each child should be understood and noted, and a useful step towards this end would be the application of an intelligence test before admittance to the infant school. The greatest and most beneficial movement in England during recent years has been the establishment of nursery schools, for the education of children between the ages of three and five years. Apart from the benefit which many children derive by being removed from unsatisfactory home influences, such schools give the infant the chance to make a good start by reaching normal developement at the age of five years. In the case of a child whose *mental* age is less than five years, he may remain in the nursery school for a year longer. There is little to be gained by forming a class of children on a chronological five year basis, when several of them are young mentally, and have been "retards" ever since the days of babyhood. Smaller classes in infant and junior departments would help to prevent the creation of such "retards" in school, by making individual attention possible, while a

In his visits to schools for teaching practice, the conduct of a class in physical exercises is included, and all students are compelled to pass a final practical examination as teachers of physical exercises, showing that they are competent to undertake the physical, as well as the scholastic and moral education of their pupils. It is now universally admitted that this is the teacher's duty, almost his most important duty, and must not be left to any "drill instructor" or visiting specialist, very often in the past a person of inferior education and status, with very little knowledge of boys. Education is not divided into water-tight compartments, and the teacher who is not familiar with the games and physical exercises of his boys will never fully gain their confidence and respect, or get the best results in class-room work.

In all schools, the pressing problem, whether recognised or not, is that of the backward child. The average teacher works on a misleading estimate, recognising in his form only two types: boys who are clever and boys who are stupid, or those who are good workers and others who are not. Many are quite ignorant of the elementary fact that educational backwardness is usually traceable to some distinct cause, sometimes physical, and sometimes mental. Miss Muir, of the Educational Institute of Scotland, divides children into three classess of backwardness: (1) Sociological (2) Psychological (3) Physiological. The first category is usually due to bad housing conditions, a low standard of home life, and malnutrition. In this connection, too, the school buildings are not always what they might be. Dark and stuffy class- rooms have a depressing effect on children, and an adverse effect on education. The capable teacher will continually be on the look-out for physical defects in children who appear slow. It is seldom that a medical officer, even where inspection does exist, is able to make a complete examination. He must be guided in his diagnosis by the observations of the teacher, with regards to physical defects.

succeed with one class of pupil will be hopelessly ineffective with another. Visits are frequently paid to special schools for defective and backward children, medical clinics where physical defects are treated, welfare centres for the special care of infants and the education of the expectant mother. Side by side with this, a steady course of practical teaching is going on. During his first two years, the student is paying at least one visit weekly to a school where he conducts a carefully prepared lesson with a class of about thirty children. This lesson is supervised by a member of the College staff, who gives helpful suggestions and criticisms afterwards, and indicates any necessary improvements in method or manner. Three periods, each of one month, are given up entirely to practical teaching, during the student's college course. For a month he is in daily attendance at a public primary or secondary school, where he takes two lessons daily. He is visited daily by his College tutor, who compiles a record of the student's progress as a practical teacher. The final period of teaching practice is near the end of the training course, and the student is now visited by an Inspector of the Board of Education, as well as his College Tutor. They grade all students as A, B, C, or D, divisions which correspond generally to Excellent; Very Good; Average; Poor. The student then faces his written examination, and, if successful in all branches, receives his Teacher's Certificate, and is free to apply for employment in a Primary School. The intending secondary school-master should wait for another year to complete his degree, though most primary teachers also do this.

Throughout a student's career, he is trained in practical and manual work, physical training, and hygiene. His course includes two study periods weekly on the laws of health, and the general physical condition of school children. He also attends each week three practical periods of physical exercises under the college Tutor in that subject, and a lecture on the principles and methods of physical training.

one year to a Primary School of good standing, and attached for instruction to an experienced form-master. For some two or three months, the student will do no more than observe the various lessons which are taken by the form-master, and will have important points dealing with method and results illustrated in a simple and non-technical manner. Then his first practical steps will probably consist of the organisation and supervision of simple playground games, designed to give him the necessary feeling of confidence. Gradually he will work up to his first handling of a class-room lesson, in the preparation of which he will be helped by the form-master, who will indicate stages and methods which the lesson should take, and give helpful suggestions afterwards. Towards the end of this probationary year, the student will be taking two lessons daily, and, when his course is finished, the Headmaster and form-master will submit a report to the Education Authority as to whether the student is likely to develope into an efficient teacher. Should this report be satisfactory, he will be sent to a Training College to *commence* his professional training.

The following is a brief sketch of the training course at St. Mary's College, Middlesex. Before admission, the student is interviewed personally by the Principal, and must again submit to a searching medical examination. The course covers three years for the majority of students, for practically all must now take a degree, in addition to training. The student will take Inter B. A. or Inter B Sc. in his first year, and complete his final degree in the next two years. Meanwhile lectures are delivered daily on the theory and principles of education, and every branch of Pedagogy is dealt with in the class room. At the same time, visits are paid weekly to schools and institutions of every description, and the methods of the best teachers are shown by special demonstration lessons. Every step is taken to make the student familiar with different types of children, and to bring home to him the fact that methods which may

The Teacher, and his Equipment.

BY

W. TURNER, M. A., F. I. H., D. P. E.,

Professor of English, Nizam College.

GREAT as has been the advance in the science of education during the present century, it is still no more than fifty years since it was first realised in Europe that the education of the young calls for highly specialised knowledge, and an assiduous apprenticeship on the part of the teacher. The owner of a large factory or mill would shudder at the idea of placing an inexperienced man in charge of one of his engines or looms; the young horse is never given over for training to any except an experienced horsebreaker; yet in the field of education it seems possible for anyone who has passed such an elementary standard of scholastic attainments as Inter or B. A. to enter the profession boldly as a fully-fledged teacher. He may at once take charge of machinery more delicate and intricate than any in the factory, and proceed to mould a complex living organism which is more sensitive and susceptible to lasting impressions than the thoroughbred colt.

It may be of interest to give a sketch of the training which is insisted upon by the English Board of Education, for all who desire to enter the teaching service of the state, in Primary or Secondary School. On attaining the age of seventeen, and passing the equivalent of London Matriculation, a boy may be selected by his local Education Authority for a year's service as "Student-teacher." He must also pass a strict medical examination, and show that he has taken an active part in the games and out-of-door activities of his secondary school. He will then be sent for

ADVERTISEMENT RATES.						
Space.	Whole year.		Six months.		Per issue.	
	B. G.		B. G.		B. G.	
	Rs.	As	Rs.	As.	Rs.	As.
Full page ...	10	0	5	0	3	0
Half page ...	5	0	2	12	1	8
Quarter page .	2	8	1	6	0	12
Per line ...	0	10	0	8	0	6

SUBSCRIPTION RATES.

For the Nizam's Dominions O. S. Rs. 3 annually, including postage).
For British India B. G. Rs. 3 a year (including postage)
Single copy O. S. As. 12 for H. E. H. the Nizam's Dominions.
Single copy B G. As. 12 for British India.

The Urdu Section is published separately also. Subscription Re. 1-14 As. a year.

S. M. KHAIRATH ALI, MANAGER,

Hyderabad Teacher,

Gun Foundry, Hyderabad-Deccan.

LIST OF BOOKS PURCHASED FOR THE LIBRARY OF THE HYDERABAD TEACHERS' ASSOCIATION.

(Continued from the previous issue.)

1. Principles of Education by Raymond.
2. Indian School Organisation by Wren.
3. A Cyclopaedia of Education by Paul Monroe Vols. I, II and III,
4. Principles and Methods of Teaching by Welton.
5. Manual of Teachers by Richey.
6. First Book of Rural Science by Green.
7. The Psychology of Education by Welton.
8. Text Book of Experimental Psychology Vols. I and II.
9. Essays on Education by Herbert Spencer.
10. The Nation's Schools by H. Bompas Smith.
11. The Herbartaian Psychology by John Adams.
12. Education by Edward L. Thorndike.
13. Sanderson of Oundle.
14. Bedales: A Poineer School by D. H. Badley.
15. The Education of Man by Friedrich Froebel.
16. The Remaking of Village India by Brayne.
17. The British Empire by Basil Williams.
18. Educate your Child by H. McKay.
19. Language in Education by Michael West.
20. Rural Education by Arthur W. Ashby and Byles.
21. On the Writing of English by George Townsend Warner.
22. The Proceedings of The All-India Federation of Teachers Associations by M. R. Paranjpe.

CONTENTS.

	PAGE.
THE TEACHER AND HIS EQUIPMENT BY W. TURNER, M.A., F.I.H., D.P.E.	112
IMPORTANCE OF MULTIPLICATION TABLE IN ARITHMETIC BY D. C. BHOGLE, B.T.	119
TRAINING THE CRITICAL FACULTY BY REV. L. SIMPSON, M.A.	125
THE FIFTH CONFERENCE OF THE ALL-INDIA FEDERATION OF TEACHERS' ASSOCIATIONS BY MESSRS. G. A. CHANDAWARKAR, M.A.	129
AND	
SYED ZAHOOR ALI, B.A., B.T.	135
THE P. N. E. U. AND CHARLOTTE MASON'S PHILOSOPHY OF EDUCATION BY MRS. J. H. PARKER.	146
FOURTH ALL-INDIA WOMEN'S CONFERENCE BY MRS. HUSAIN ALI KHAN.	155
NOTES AND NEWS	160
EDITORIAL	161

OXFORD BOOKS

Rural Education

By A. W. Ashby and P. G. Byles. 227 Pages. Re. 1-12.

A report of an inquiry into rural education in Oxfordshire. It deals with such questions as control of schools, school buildings and equipment, school staff, curricula, physical training, etc., and is a very valuable study of an interesting subject.

The Country School

By M. K. Ashby, 276 Pages. Rs. 4-2.

The author, who has had six years' experience of teaching work in rural schools, aims at giving an intimate and realistic picture of the schools as they are at present, and at stating the educational problems that await solution.

The Remaking of Village India

By F. L. Brayne, I. C. S. 262 Pages. Rs. 2.

A second edition of 'Village Uplift in India' by this book, by the late Deputy Commissioner of Gurgaon District (Punjab) has created a stir throughout India. There is an important chapter on rural education.

Socrates in an Indian Village

By F. L. Brayne, I. C. S. 130 Pages. Rs. 4.

This has an important Foreword by His Excellency the Viceroy. It is an amusing as well as an instructive book, and throws a strong light on Indian village customs, rural education, etc.

The Teaching of English in the Far East

By L. Faucett. 220 Pages. Rs. 4-2.

This book is an attempt to show the major problems of teaching English ; it faces squarely the situation that English must be taught as a foreign language. Chapters on General Principles, English Speech Sounds, Spelling, Grammar, The Direct Method, The Oral Method, Oral Reading, Silent Reading, Composition, Vocabulary, Instrumental Phonetics, and Association, are included, and there is a Bibliography.

The Teaching of English in India

By H. G. Wyatt. 200 Pages. Rs. 2-4.

Contents: The Teaching of English in India; Some Cardinal Principles of Method; The Early or Mainly Oral Stage; The Direct Method; Procedure in the Early Stage; The Middle Stage and the Reader; The Teaching of Grammar; The Cursory Reader; The Vernacular in the Teaching of English (including translation); The High Stage; The Teaching of Literature; Spelling and Handwriting; English as a medium of Instruction; Examinations in English; The Preparation of the Teacher; Stammering; Suggestions.

From Locke to Montessori

By W. Boyd. 272 Pages. Rs. 3-7.

A critical account of the Montessori point of view. In two sections: Historical, which has chapters on John Locke, Etienne Bonnet de Condillac, Jacob Rodriquez Pereira, Jean Jacques Rousseau, Jean Marc Gaspard Itard, Edouard Sequin and Maria Montessori; and Critical, with Chapters on Montessori Point of View, Individuality, Freedom, The Education of the Senses, The Omission of the Humanistic Subjects, and the Children's House.

OXFORD UNIVERSITY PRESS

KARDYL BUILDINGS, MOUNT ROAD,

MADRAS.

REGISTERED ASAFIA [illegible].14

Vol. IV. January, 1930 A. D. / Isfandar, 1339 F. No. 3.

Under the Patronage of

Khan Fazl Mohamed Khan, Esq., M. A.,

Director of Public Instruction.

THE HYDERABAD TEACHER

Quarterly Magazine of The Teachers' Association, Hyderabad-Deccan.

Editorial Staff.

S. ALI AKBAR, M. A., (Cantab.)

F. C. PHILIP, M. A.

P. V. R. SEBASTIAN, B. A.

SECUNDERABAD-DECCAN

PRINTED AT THE EXCELSIOR PRESS, SECUNDERABAD.

1930.

Single Copy Annas 12. (Postage Extra.)

رجسٹر شدہ ٹپہ سرکار عالی نمبر ۴۷

جلد (۴) شمارہ (۴)

زیر سرپرستی جناب خان بہادر فضل محمد خان صاحب ایم اے نائب ناظم تعلیمات سرکار عالی

حیدرآباد ٹیچر

انجمن اساتذہ حیدرآباد دکن کا ماہی رسالہ

دائرہ ادارت :-

سید علی اکبر ایم اے (کنٹب) مدیر مسئول

سید فخر الحسن ملا بی اے۔ بی ٹی (علیگ) مدیر

محمد عبد النور صدیقی بی اے۔ بی ٹی (علیگ) شریک مدیر

اعظم اسٹیم پریس چاپنا حیدرآباد دکن میں طبع ہو کر دفتر انجمن اساتذہ واقع صدر مہتمی تعلیمات بلدہ سے شائع ہوا

غایات

(۱) طبقہ اساتذہ کے احساس معلمی کو پیدا کرنا۔
(۲) طبقہ اساتذہ کے مخصوص انفرادی تجربات معلمی کو شائع کرنا۔
(۳) فن معلمی پر نقد و نظر۔
(۴) انجمن اساتذہ کے مفید مضامین کی اشاعت۔
(۵) انجمن اساتذہ کے مقاصد و اغراض کو ملک کے طول و عرض میں مکمل طور پر پھیلانا۔

اصول

(ا) رسالہ کا نام حیدرآباد ٹیچر ہوگا اور ہر سہ ماہی پر صدر دفتر انجمن اساتذہ بلدہ سے شائع ہوگا
(ب) رسالہ کی سالانہ قیمت بہ تفصیل ذیل ہوگی۔
۱۔ اندرون و بیرون ممالک محروسہ سرکار عالی تین روپیہ مع محصول ڈاک سالانہ (سکہ رائج)
صرف اردو حصہ (۲؍۸) فی پرچہ اردو انگریزی (۱۲؍) صرف اردو (۸؍)
(ج) رسالہ نصف انگریزی و نصف اردو ہوگا جس میں حسب صوابدید تغیر بھی ہو سکے گا۔
(د) صرف وہی مضامین درج ہو سکیں گے جو تعلیم سے متعلق ہوں۔
(ر) جملہ مضامین و مراسلت دفتر کے پتہ سے ہونی چاہئے۔
(س) اشتہارات کا نرخ حسب تفصیل اشاعت ہذا رہے گا

نرخ اشتہارات حیدرآباد ٹیچر حسب ذیل ہے

مقدار	سال بھر	۶ ماہ	فی اشاعت
پورا صفحہ	۱۵	۸؍	۳
نصف صفحہ	۸؍	۱۲؍	۸؍
ربع صفحہ	۸؍	۶؍	۱۵؍
فی سطر	۱۰؍	۸؍	۶؍

حیدرآباد ٹیچر

بابتہ خورداد ۱۳۳۹ف م اپریل ۱۹۳۰ء

فہرست

جلد ۴ — شمارہ ۴

نمبر سلسلہ	مضمون	مضمون نگار	صفحہ
۱	افتتاحیہ		۱
۲	علم کیا ہے ؟	جناب مولوی سید علی محمد صاحب اجلال مولوی عالم مدرس مدرسہ وسطانیہ چنچل گوڑہ	۲
۳	جسمانی نشو ونما (۱)	جناب مولوی سید محمد ہادی صاحب ایم۔اے صدر مہتمم ورزش جسمانی	۵
۴	تعلیم مطالعۂ قدرت	جناب مولوی محمد اکبر صاحب مدرس مدرسہ تحتانیہ کمان ساجدہ بیگم	۱۱
۸	جغرافیہ اور اس کا طریقۂ تعلیم (۲)	جناب مولوی غلام دستگیر صاحب فاروقی بی۔اے۔سی ٹی۔	۲۰
۶	تربیت دماغ اور ورزش جسمانی	مترجمہ جناب مرزا محسن خانصاحب متین مدرس فارسی مدرسہ وسطانیہ دارالشفاء	۳۰
۷	مدارس تحتانیہ میں تعلیم حساب	جناب ڈی سی بھوگلے صاحب بی اے بی ٹی مددگار عثمانیہ ٹریننگ کالج بلدہ	۴۵
۸	تعلیم تاریخ	سید فخر الحسن	۵۷
۹	تنقید و تبصرہ		۶۵
۱۰	شذرات		۶۷

انجمن اساتذہ مستقر بلدہ حیدرآباد دکن

کی

چوتھی سالانہ کانفرنس کا نظام العمل

پنجشنبہ ۲۸ امرداد ۱۳۳۹ف مطابق ۳ جولائی ۱۹۳۰ء

پہلا اجلاس ۹ بجے صبح سے ۱۲ بجے دوپہر تک

(۱) افتتاح نمائش	۲۰ منٹ
(۲) قرأت و پر آرتھنا	۵ منٹ
(۳) خطبۂ استقبالیہ	جناب مولوی سید ظہور علی صاحب بی اے بی ٹی صدر دارالعلوم و صدر استقبالیہ کمیٹی ۲۰ منٹ
(۴) رپورٹ انجمن	سید محمد شریف صاحب مشہدی ناظر مدارس بلدہ معتمد عمومی ۱۰ منٹ
(۵) تحریک اظہار افسوس بر انتقال پر ملال جناب۔ کے بی شاستری صاحب بی اے ایل ٹی صدر مدرس مدرسۂ مفید الانام و جناب احمد الدین صاحب بی اے بی ٹی ایل ایل بی صدر مدرس مدرسہ وسطانیہ کاچی گوڑہ	عالیجناب صدر کانفرنس ۵ منٹ
(۶) خطبۂ صدارت	عالیجناب نواب اکبر یار جنگ بہادر معتمد سرکار عالیہ و ناظم امور عامہ ۴۰ منٹ
(۷) تقریر انگریزی بعنوان "شخصی حفظان صحت"	جناب ڈاکٹر لطیف سید صاحب ایم بی سی ایچ بی (لندن)

(۸) تحریک کانفرنس ہذا سفارش کرتی ہے کہ سائنس کو بشمول حفظان صحت طبقہ وسطانیہ کی تعلیم کے لئے لازمی مضمون قرار دیا جائے اور ہر مدرسہ وسطانیہ میں ایک مستند سائنس ٹیچر کے تقرر کے علاوہ ایک مکمل معمل مہیا کرنے کا فوری انتظامی فرمایا جائے"۔

محرک:۔ جناب مسٹر ہیوز ڈن صاحب گرامر اسکول۔

موید:۔ جناب سردار رضا صاحب بی اے۔ بی ٹی مدرگار مدرسہ دارالعلوم بلدہ۔

دوسرا اجلاس

بعد دوپہر ۲ بجے سے ساڑھے چار بجے تک

(۱) رپورٹ سب کمیٹی متعلقہ تعلیم جغرافیہ — معتمد صاحب کمیٹی ذکور ۳۰ منٹ

(۲) ؍؍ ؍؍ ؍؍ تاریخ — ؍؍ ؍؍ ۳۰ منٹ

(۳) تحریک "یہ کانفرنس سفارش کرتی ہے کہ السنہ مشرقیہ کی تعلیم کو بہتر اور مفید بنانے کے لئے علوم مشرقیہ کی اسناد رکھنے والے ان مدرسین کی تعلیم کے لئے جو اس وقت سررشتہ میں ملازم ہیں عثمانیہ ٹریننگ کالج میں تعلیم کا انتظام فرمایا جائے"۔

محرک :- جناب سید فخر الحسن صاحب ملا۔ بی اے۔ بی ٹی صدر مدرس مدرسہ وسطانیہ چنچل گوڑہ۔

موید :- جناب مولوی عبد المجید صاحب مددگار مدرسہ دار العلوم۔

جمعہ ۲۹ امرداد ۱۳۳۹ف م ۴ جولائی ۱۹۳۰ء

پہلا اجلاس صبح سوا نو بجے سے ساڑھے گیارہ بجے تک ۱۵ منٹ

(۱) تحریک "اس کانفرنس کی رائے میں اب وقت آگیا ہے کہ ناقص القوی اطفال کی تعلیم کے لئے مستقر بلدہ میں ایک مدرسہ معہ ایک دار الاقامہ کے قائم کیا جائے"۔

محرک :- جناب دی وی ہارڈیکر صاحب صدر مدرس مدرسہ دیویک در دہنی گولی گوڑہ۔

موید :- مولوی غلام دستگیر صاحب بی اے۔ اول مدد گار مدرسہ وسطانیہ چنچل گوڑہ۔

(۲) تقریر بزبان اردو :- بعنوان "مدرسہ کی جماعت میں حکومت خود اختیاری" ۳۰ منٹ

جناب سید فخر الحسن صاحب ملا۔ بی اے۔ بی ٹی صدر مدرس مدرسہ وسطانیہ چنچل گوڑہ

(۳) تحریک :- "ملک سرکار عالی میں ناخواندہ اشخاص کی کثیر تعداد کے لحاظ سے کانفرنس ہذا تحریک کرتی ہے کہ مستقر بلدہ اور اضلاع میں بھی تعلیم بالغان کی ترویج و توسیع کے لئے پُر زور تدابیر اختیار کی جائیں"۔ ۱۵ منٹ

محرک :- جناب سید ظہور علی صاحب بی اے۔ بی ٹی صدر دار العلوم بلدہ۔

موید:- جناب مولوی معین الدین صاحب قریشی ایم اے صدر مدرس مدرسہ فوقانیہ آصفیہ ملک پیٹھ۔

(۴) رپورٹ سب کمیٹی متعلقہ عملی ریاضی۔ معتمد صاحب کمیٹی مذکور ۶۰ منٹ

(۵) تحریک:- "یہ کانفرنس سفارش کرتی ہے کہ تعلیم تجارت (کامرس) کو امتحان ہائی اسکول لیونگ سرٹیفکٹ کی طرح عثمانیہ میٹرک کے امتحان میں بھی بطور اختیاری مضمون شریک فرمایا جائے"۔ ۱۰ منٹ

محرک:- جناب باقر محی الدین صاحب سٹی کالج

موید:- جناب سید غلام محمود صاحب صدر مدرس مدرسہ وسطانیہ شاہ گنج۔

دوسرا اجلاس

بعد دوپہر ۲ بجکر تیس منٹ سے پانچ بجے تک

(۱) تحریک:- "جملہ مدارس میں پیشوں کی تعلیم جاری کرنے کے خیال سے یہ کانفرنس سفارش کرتی ہے تاوقتیکہ پیشوں کی تعلیم دینے والے مدرسین کی تعلیم کا انتظام اندرون ملک نہ ہو۔ ان مدرسین کے لئے جو اس مضمون سے خاص دلچسپی رکھتے ہوں برٹش انڈیا میں تعلیم حاصل کرنے کے لئے وظائف کی کافی تعداد منظور فرمائی جائے"۔

محرک:- جناب سید مجتبیٰ حسن صاحب نقوی بی اے۔ بی ٹی صدر مدرس مدرسہ فوقانیہ نامپلی۔

موید:- جناب نظیر حسین شریف صاحب ناظر مدارس بلدہ

(۲) تجدید تحریکات سابقہ ۱۰ منٹ

(۳) اعلان مضامین منتخب کردہ مرکزی انتظامی کمیٹی برائے کانفرنس آئندہ ۳۰ منٹ

سائنس اخلاقیات ڈرائنگ

(۴) تقریر انگریزی بعنوان "تعلیم اور شہریت"، جناب ڈبلوٹرنر صاحب ایم اے منصرم ۴۰ منٹ
پرنسپل نظام کالج

(۵) تقسیم انعامات نمائش ۲۰ منٹ

(۶) عالیجناب صدر نشین صاحب جلسہ کی آخری تقریر۔

(۷) شکریہ۔

افتتاحیہ

کچھ اپنے متعلق | اس شمارہ سے حیدرآباد ٹیچر کی زندگی کے چار سال پورے ہو جاتے ہیں۔ خدا کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ جن اغراض و مقاصد کی تکمیل کا بیڑا اُس نے اُٹھایا تھا اس میں بڑی حد تک کامیابی ہوئی۔ اور سررشتہ تعلیم و معلمین کی خدمت کا حق جس طرح چاہیئے ادا ہوا۔ اس طویل عرصہ میں ہم نے طباعت و کتابت اور مضامین کا معیار بلند کرنے میں کوئی کسر نہیں اُٹھا رکھی اور ہر ممکنہ طریقہ سے رسالہ کو مفید و بہتر بنانے کی پوری کوشش کرتے رہے۔ اور پانی کی طرح روپیہ اس توقع پر بہاتے رہے کہ آج نہیں تو کل رسالہ کی تعلیمی خدمات کی قدر ہوگی۔ لیکن جس سرپرستی، ہمدردی اور دستگیری کا آسرا لگائے بیٹھے تھے وہ نصیب نہ ہوئی اور آج بھی ہم انجمن اساتذہ بلدہ کے دست فیض کے رہین منت ہیں۔ ہم ان عہدہ داران تعلیمات سرکار عالی کے بیحد شکر گزار ہیں جنھوں نے اپنے اپنے علاقوں میں رسالہ کو جاری فرما کر اپنی تعلیمی دلچسپی و معارف نوازی کا ثبوت دیا ہے۔ لیکن اس طور پر رسالہ کی جتنی اشاعت ہوتی ہے اس سے مصارف کی بابجائی ممکن نہیں۔ ہماری نہ صرف یہ تمنا ہے کہ "ٹیچر" انجمن اساتذہ کی منت کشی سے بے نیاز ہو جائے۔ بلکہ ہم چاہتے ہیں کہ اسکی خوبیوں میں ترقی ہو اور فائدہ رسانی و سودمندی میں حیدرآباد ٹیچر یورپ و امریکہ کے تعلیمی رسالوں کا ہم پلہ ہو جائے۔ یہ اسی وقت ہوسکتا ہے جبکہ جمہور اساتذہ ہمارا ہاتھ بٹائیں صدر مہتمم صاحبان اسمات و مہتمم صاحبان اضلاع و صدر مدرسین ثانویہ اپنے ماتحت مدارس کے لئے مستقل خریداری منظوری فرمائیں۔ اور مدرسین ذاتی طور پر رسالہ کے خود بھی خریدار بنیں اور اپنے دوستوں کو رسالہ کی معاونت کی ترغیب دیں۔

مسٹر کے پی شاستری سرگباس بی۔ اے۔ ایل۔ ٹی۔ | تعلیمی سال کا آخری حصہ ہمارے لئے بے حد منحوس ثابت ہوا اور ہماری انجمن کے دو نوجوان رکن مذراجل ہو گئے۔ پہلے مسٹر کے پی شاستری صاحب گئے۔ یہ سرگرم اور جوشیلے نوجوان

مدرسۂ فوقانیہ مفید الانام کے صدر مدرس تھے اور انجمن اساتذہ کے صدر انتظامی کمیٹی کے رکن خصوصی تھے سال حال تعلیم جغرافیہ پر غور کرنے کے لئے جو کمیٹی مقرر ہوئی تھی۔ آپ اس کے معتمد منتخب ہوئے تھے۔ کمیٹی مذکور کے اجلاس ہو ہی رہے تھے کہ آپ مبتلائے نمونیہ ہو کر دیکھتے ہی دیکھتے چل بسے۔

مولوی احمد الدین مرحوم بی۔ اے۔ بی۔ ٹی۔ ایل ال بی

مسٹر شاستری کی بے وقت جوانمرگی پر اظہار غم کرنے کے لئے تجویز پیش ہونے والی ہی تھی کہ مولوی احمد الدین صدر مدرس مدرسہ وسطانیہ کاچی گوڑہ نے ہمارے زخم خوردہ دل کو نیا داغ دیا۔ مرنے سے چند روز قبل مرحوم بورڈ کے اجلاس میں مدارس وسطانیہ اور ان کے طلبہ کے حقوق کے لئے جی توڑ کر لڑے۔ آہ ابھی ان کی دلکش آواز ان کا شگفتہ چہرہ۔ ان کی دلاویز مسکراہٹ آنکھوں کے سامنے کھیل رہی ہے۔ دفعتہً درد معدہ و امعاء میں مبتلا ہو گئے اور قبل اس کے کہ ڈاکٹر و حکیم مرض کی تشخیص کریں ہنستے بولتے راہی عدم ہو گئے۔ کہا جاتا ہے کہ مرنے والے کو موت نظر آتی ہے۔ کم از کم مرحوم کو تو یقیناً معلوم ہو گیا تھا کہ وہ اب دنیا کو الوداع کہنے والے ہیں۔ مرنے سے کچھ دیر قبل اپنے بعض دوستوں سے کہنے لگے "اچھا خدا حافظ اب میرا وقت آگیا ہے" جب لوگوں نے ڈھارس دینے کو کہا "گھبراؤ نہیں۔ اللہ جلد شفا دیگا"، تو ہنس کے کہا "اچھا بھئی نہ مانو کل صبح تک معلوم ہو جائے گا"، تھوڑی ہی دیر بعد ایک ہچکی آئی اور خاتمہ بالخیر ہو گیا۔

مرحوم بڑے ملنسار، پرخلوص اور مرنجان مرنج تھے۔ ان کی ہر دلعزیزی قابل رشک تھی۔ فرض شناسی اور تعلیمی شغف کا اندازہ اس واقعہ سے ہو سکتا ہے کہ مرنے سے کچھ پیشتر بھی مدرسہ اور امتحان کا ذکر کر رہے تھے۔

مرحوم نے صرف ۳۵ سال کی عمر پائی۔ اور اپنے عزادروں میں بیوہ تین صغیر سن بچے اور احباب کی کثیر تعداد چھوڑ گئے۔

"خدا بخشے بہت سی خوبیاں تھیں مرنے والے میں"

علم کیا ہے؟

از

جناب مولوی سید علی محمد صاحب اجلال

(مدرس مدرسۂ وسطانیہ چنچل گوڑہ)

یہ بلند پایہ نظم حضرت اجلال نے مدرسہ وسطانیہ چنچل گوڑہ کے جلسۂ تقسیم اسناد کے موقع پر پڑھی تھی ہم مولانا کے بے حد شکر گزار ہیں کہ آپنے یہ نظم حیدرآباد ٹیچر کے لئے ہمیں عنایت فرمائی۔

مدیر

علم کیا اک بحر ہے اور بحر ناپیدا کنار — جس کی ہر ہر موج ہے راز بقا کی پردہ دار
جس کے دامن میں حقائق کے ہیں گوہر بیشمار — مستتر ہیں جس کے ہر قطرہ میں درشا ہوار

دیدۂ عرفان ہر اک گرداب کا آغوش ہے
جس کے ہر طوفاں میں اک روحانیت کا جوش ہے

علم کیا ہے درحقیقت ایک اعلیٰ نور ہے — جو حجاب قدس میں گنجینۂ مستور ہے
جو فضائے عالم تجرید میں محصور ہے — جس کی منزل عرش کی منزل سے بھی کچھ دور ہے

ماہو ہے مبداء فیاض عالی کا وہی
ہے سبب تکوین آثار جلالی کا وہی

عقل اول کیا ہے پہلی علم کی تصویر ہے — صورت لوح و قلم کیا اُس کی اک تحریر ہے
عرش کیا ہے علم کی اک معنوی تعبیر ہے — عالم ارواح و انفس اُس کی اک جاگیر ہے

کوکب و افلاک و انجم میں اُسی کی ہے چمک
آب و باد و خاک و آتش میں اُسی کی ہے جھلک

انتظام عالم علوی و سفلی دیکھئے — جوہر و اعراض کی شیرازہ بندی دیکھئے
اجتماعی منتظر باقی و فانی دیکھئے — نفس کے آغوش میں اور جسم خاکی دیکھئے

ہیں یہ سب علم الٰہی کی کرشمہ سازیاں
جس نے حرف کن سے پیدا کر دیا سارا جہاں

میرے دل سُن بات کہتا ہوں میں تجھ سے دور کی — مظہر علم و عمل ہوگا اگر منظور کی
چاہتا ہے گر پڑیں تجھ پر شعائیں نور کی — کان میں آنے لگیں تیرے صدائیں طور کی

کر ریاضت نفس کی اخلاق کی تصویر بن
بہر تحصیل معارف قلب پُر تنویر بن۔

اعلان

انجمن اساتذہ بلدہ کی سالانہ کانفرنس میں جو حضرات شریک ہونا چاہتے ہوں وہ براہِ کرم فیس رکنیت انجمن اساتذہ مبلغ للعہ میرے پاس وسط امرداد ۳۹ فصلی تک روانہ فرما دیں۔ اس رقم میں رسالہ ٹیچر کا ایک سال کا چندہ بھی شامل ہوگا۔ فقط

سید محمد شریف مشہدی

معتمد عمومی انجمن اساتذہ

حیدرآباد دکن

جسمانی نشوونما

(از)

مولوی سید محمد ہادی صاحب ایم۔ اے (کنٹب)
صدر مہتمم ورزش جسمانی و ناظم بوائے اسکوٹ ممالک محروسہ سرکار عالی

اگرچہ کہ ہر انسان کے ڈھانچے کی وضع اور اُس کی قامت ابتدا ہی سے مقررہ ہوتی ہے لیکن وہ اپنی حد مقررہ کو اس وقت تک نہیں پہنچ سکتا جب تک کہ انسان اُن اُصول پر کاربند نہ ہو جو ترقی جسم کے لئے بنائے گئے ہیں۔

جب بچہ پیدا ہوتا ہے اُس کے اعضا عمدگی سے ترتیب دئے ہوئے ہوتے ہیں بعد میں ضرورت صرف اس امر کی ہوتی ہے کہ اُن کو اس حد تک ترقی دی جائے جس حد تک وہ ترقی پا سکتے ہیں۔ ہم کو اس کا تو علم نہیں کہ قدرت ان کو کن اصول پر اور کس طرح ترتیب دیتی ہے لیکن اُن اصول سے رفتہ رفتہ واقف ہو چلے ہیں کہ ان کو کس طرح ترقی دی جانی چاہیئے۔

یوں تو جسم کی نشوونما کے لئے بہت سے ذرائع ہیں لیکن تعلیمی نقطۂ نظر سے ورزش[1] سے بہتر کوئی ذریعہ نہیں۔ لہذا تعلیم ورزش جسمانی پر جو مضمون لکھا جائے اس میں ورزش کو نہایت اہم جگہ دینا ضروری ہے۔ ہوا۔ غذا اور لباس کی اہمیت سے سب آگاہ ہیں اور جو واقف بھی نہ ہوں تو بہت جلد واقفیت حاصل کر لیتے ہیں۔ مثلاً ایک شخص شہر میں زندگی بسر کرتا ہے جہاں مکانات قریب قریب ہیں اور ہوا صاف نہیں ہے اس کو اس بات کا احساس رہتا ہے کہ ہوا کی گندگی اس کی صحت کو خراب کر دے گی لیکن وہ اپنے پیشہ اور دیگر ضروریات کے سبب اسی جگہ زندگی بسر کرنے پر مجبور رہتا ہے۔ یا ایک شخص ہے کہ وہ عمدہ۔ کافی اور صاف غذا نہیں کھاتا ہے کیونکہ

---

[1] Exercise

افلاس کے سبب اس میں قدرت نہیں کہ اتنی غذا ہر وقت مہیا کر سکے کہ اس کا پیٹ بھر جائے لیکن ساتھ ہی ساتھ اُسے یہ معلوم رہتا ہے کہ جس قسم کی غذا وہ کھا رہا ہے اس سے نقصان ہوگا اور اس کی صحت خراب ہو گی۔ لیکن مجبور رہتا ہے ورزش کی نسبت وہی بات نہیں کہی جا سکتی۔ اس کی نسبت اکثر غلط فہمی واقع ہوتی ہے۔ اگرچہ کہ اس کے اُصول پر پابند نہ ہونے سے وہی سزا ملتی ہے جو صحت کے اُصول توڑنے پر ملتی ہے تاہم اس کی سزا کا اثر دیر میں محسوس ہوتا ہے اور بعض اوقات مجرم اُس کی بھی جانچ نہیں کر سکتا ہے کہ جو سزا اُسے مل رہی ہے وہ کس جرم کے ارتکاب میں ہے۔ مختلف اشخاص کی جسمانی حالت مختلف ہوتی ہے۔ ایک ورزش کو بعض اشخاص بہت دیر تک کر سکتے ہیں اور تکان محسوس نہیں کرتے۔ اسی کو دوسرے اشخاص تھوڑی دیر کرنے کے بعد تھک جاتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ سب یہ تو جانتے ہیں کہ ورزش ضروری چیز ہے لیکن اس کا علم نہیں رکھتے ہیں کہ وہ کس وقت کس طریقہ پر اور کس حد تک کی جانی چاہیئے بدقسمتی سے بہت لوگ ایسے بھی موجود ہیں جنہیں ورزش سے فطرۃً نفرت ہوتی ہے اور اگر وہ ابتدا ہی سے اِس نفرت کو دُور کرنے کی تدبیر نہ کریں تو آگے چل کر انہیں بڑی بڑی تکالیف جھیلنی ہوتی ہیں۔ اِن ہی وجوہات سے اور اس وجہ سے بھی کہ آج کل انسان کو دماغی کام بہت کرنے ہوتے ہیں ورزش کو موکلان صحت میں ممتاز درجہ دیا جاتا ہے

سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کسرت کس کو کہتے ہیں۔ اس کا کیا کام ہے اور وہ اس کام کو کیوں کر کرتی ہے؟

ورزش کی تعریف یوں ہو سکتی ہے کہ وہ پٹھوں کی ایک حرکت ہے جو پٹھوں کو سکیڑنے سے پیدا ہوتی ہے اور جس کی بدولت جسم کے تمام زندہ اعضا پوری طرح جنبش کھاتے ہیں۔

پٹھوں کی ترتیب کو دو اقسام پر تقسیم کیا گیا ہے۔ ایک تو وہ پٹھے ہیں جو اختیاری ہیں اور دوسرے وہ جو غیر اختیاری ہیں۔ اختیاری پٹھے وہ ہیں جو انسان کے مرضی کے مطیع ہیں اور جو انسان کے ہڈیوں والے حصّے پر ہوتے ہیں۔ اِن کا کام یہ ہوتا ہے

کہ جس حصّہ سے وہ وابستہ ہیں اس کو حرکت دیں۔ غیر اختیاری پٹھے وہ ہیں جن پر انسان کا قابو نہیں بلکہ وہ کسی اور قوت تحریک پر کام کرتے ہیں۔ یہ جسم کے جوفوں (غاروں) میں پائے جاتے ہیں اور دورانِ خون اور ہاضمہ کو درست رکھنے میں مدد دیتے ہیں۔ ہمارا مطلب اختیاری پٹھوں سے ہے لہذا ہم ان ہی کا ذکر کریں گے۔

آگے ہم نے بیان کیا ہے کہ کسرت سے مراد پٹھوں کی حرکت ہے لیکن یہ حرکت اس قدر زور کی ہونی چاہیئے کہ جتنے پٹھوں سے کام لیا جاتا ہے وہ سب سکڑ جائیں۔

ہمارے جسم کا ڈھانچہ مختلف ذروں سے بنا ہوا ہے اور ہر ایک ذرہ پیدا ہوتا ہے زندہ رہتا ہے اور پھر مر بھی جاتا ہے ہر ذرہ ایک معینہ مدت تک اپنی قوت قائم رکھتا ہے اور پھر اس نس سے علیحدہ کیا جاتا ہے جس کا وہ ایک حصّہ ہوتا ہے اور بے عضو ہو جانے کے بعد اجابت کے ذریعہ جسم سے باہر نکل جاتا ہے اور یہ سب عمل جسمانی حرکت پر منحصر ہوتا ہے۔

جب یہ بتایا جا چکا کہ جسم میں جو ذرے ہوتے ہیں وہ اس طرح جسم کی حرکت سے باہر پھینک دئے جاتے ہیں تو یہ معلوم کرنا ضروری ہو گیا کہ ان ذروں کے بجائے دوسرے ذرے کس طرح پیدا کئے جاتے ہیں وہ نظام جس کے ذریعہ جسم کو غذا پہنچتی ہے اور جس کے عضو اس غذا کو خون میں تبدیل کرتے ہیں وہی ان مردہ ذروں کے عوض زندہ ذرے بھی پیدا کرتے ہیں۔ جس طرح انسان اپنی پوری قوت کو پہنچتا جاتا ہے بہ نسبت مردہ ذروں کے تازہ ذروں کی تعداد زیادہ ہوتی جاتی ہے اور جسم میں توانائی پیدا ہوتی ہے۔

پس ورزش نہ صرف خراب ذروں کو برباد کرنے کا اہم ذریعہ ہے بلکہ تازہ ذروں کو پیدا کرنے والا کارکن ہے کیوں کہ دوراں خون کی رفتار بڑھاتی ہے جس کی بدولت تمام جسم کو غذا ملتی ہے۔

ورزش نہ صرف پٹھوں کو حرکت دیتی ہے بلکہ اس میں اور ایک صفت ہے

جس کو قوت برداشت[1] کہہ سکتے ہیں۔ انسان دنیا میں محنت مشقت کرنے کے لئے پیدا کیا گیا ہے۔ بہت ساری چیزیں وہ اپنے ہاتھوں سے بناتا ہے اور اُس کے لئے وہ اپنے اختیاری پٹھوں کو کام میں لاتا ہے لیکن اس کے ساتھ ساتھ اس کو اپنی تیار کردہ چیزوں کے وزن کو اٹھانے کی بھی ضرورت پڑتی ہے۔ لہٰذا ورزش کے ذریعہ یہ قوت ترقی پاسکتی ہے۔

ورزش کا اصلی تعلق جو اختیاری پٹھوں سے ہے وہ تو معلوم ہو چکا لیکن حقیقی ورزش کا یہ بھی ایک مقصد ہے کہ پٹھوں کی جو حرکت ہو وہ اس قدر زور کی ہو کہ تنفس میں تیزی پیدا ہو یا یوں کہہ سکتے ہیں کہ غیر اختیاری پٹھے جو جسم میں خون دوڑاتے ہیں ان کے کام میں تیزی پیدا کرے۔ ورزش کے وقت تنفس بہت بڑھ جاتا ہے۔ ہر سانس کے ساتھ خراب مادّہ جو خون میں ہوتا ہے کاربانک ایسڈ[2] کی صورت میں خارج ہوتا ہے اور اُس کے بجائے آکسیجن (Oxygen) جو ہوا میں ہوتا ہے جسم میں لیا جاتا ہے۔ پس ورزش خراب ذروں[3] کو تباہ کرتی ہے اور ان اجزا کو مارتی ہے جن پر اس کا اثر چل سکتا ہے۔ خراب ذروں کو جسم کے باہر کرتی ہے اور ان کی جگہ نئے اور تازہ ذرے پیدا کرتی ہے۔ وہ اختیاری پٹھوں کی طاقت کو بڑھاتی ہے غیر اختیاری پٹھوں کی قوتِ کار میں اضافہ کرتی ہے اور تمام جسم کی صحت اور طاقت کو دوران خون کے بڑھانے سے درست رکھتی ہے۔

سب سے پہلے جو مواد تعلیم جسمانی کی نسبت ہمیں ملتا ہے وہ ان ورزشوں سے ملتا ہے جن کو یونانیوں اور رومیوں نے اختراع کیا تھا۔ ان کا طریقہ اُن نتائج پر منحصر ہے جن پر اُنھوں نے غور و خوض کیا۔ اُن کا مقصد ایسے طریقے کے اختراع سے تھا۔ جو انفرادی قوت کو بڑھائے انفرادی جسمانی خوبی پیدا کرے شخصی جرأت کو ترقی دے جس میں شخصی کوشش و زور کی انتہائی ضرورت ہو اور جس کے ذریعہ شخصی شہرت حاصل ہو۔

---

1 Resistence 2 Carbonic Acid 3 Tissues

اسی سبب سے اس زمانے میں کشتی۔ پیدل کی دوڑ اور سواری یہ چیزیں نہایت اہمیت رکھتی ہیں۔ اس تعلیم کا عین مقصد یہ تھا کہ یونان اور روما کے بچے عہد طفلی ہی سے جنگ کے لئے تیار کئے جائیں۔ دوسرے مقاصد کی جانب اُنہوں نے غور ہی نہیں کیا۔

یہ ضروری ہے کہ موجودہ زمانہ کی طرح اس زمانے میں بھی ایسے اشخاص موجود ہوں گے جو فطرتی امراض کے سبب یا کسی حادثہ کے سبب بعض جسمانی نقائص میں مبتلا ہوں گے ایسے اشخاص کے لئے اُنہوں نے کوئی طریقہ ایجاد نہیں کیا بلکہ انہیں از کار رفتہ سمجھ کر اپنی حالت پر چھوڑ دیا۔ انہوں نے صرف ایسے کھیل ایجاد کئے جو ہونہار بہادر اور چست و چالاک نوجوانوں اور بچوں کے لئے موزوں تھے۔

لیکن یہ انصاف سے بعید ہے کہ توانا اور چالاک بچے ہی کسی ورزش سے فائدہ اُٹھائیں اور ناتواں و بیمار اس نعمت سے محروم رہیں۔ لہٰذا زمانہ حال میں جو ورزشیں ایجاد کی گئی ہیں اُن کا مقصد یہ ہے کہ ہر کوئی اُن سے بہرہ مند ہو اور خاص کر ایسے اشخاص جو ناتواں ہوں اور جن میں کوئی نقص ہو کیونکہ ایسے ہی لوگ مستحق بھی ہوتے ہیں جس طرح زمانۂ گزشتہ میں تندرست اور توانا اشخاص کی ضرورت اس غرض سے محسوس ہوتی تھی کہ جنگ کے موقعہ پر یہ لوگ کام آسکیں اسی طرح آج کل زندگی کی جدوجہد کے لئے تندرستی لازمی ہے۔ روزی کمانے کے لئے دماغی محنت بجد کرنی پڑتی ہے اور حافظہ پر بار ڈالنا ہوتا ہے۔ اگر انسان تندرست نہ ہو تو اس محنت اور بار کا متحمل نہیں ہوسکتا۔ ابتدا سے انتہا تک آج کل روزی کمانے اور پیٹ پالنے کے لئے مقابلے کرنے پڑتے ہیں اور دماغ پاشی کرنی ہوتی ہے اگر اس دماغی محنت کے ساتھ جسمانی ورزش نہ کی جائے اور کچھ وقفہ کے لئے دماغ کو آرام نہ دیا جائے تو انسان چند ہی سال میں اس بار سے جاں بحق ہو جاتا ہے اور اگر زندہ بھی رہا تو اُس کی زندگی بے سود ہوتی ہے۔ پس ضرورت اس بات کی ہے کہ ہم اپنے ملک میں ایسے افراد پیدا کریں جن کی صحت درست ہو تاکہ وہ اپنے مفوضہ کاموں کو بخوبی انجام دیں اور

ملک و قوم کے لئے مفید ثابت ہوں۔

دیکھنا یہ چاہیئے کہ جب زندگی کی جدوجہد کے لئے تندرستی ضروری ہے تو پھر کیا وجہ ہے کہ لوگ جسمانی ورزش کی طرف خاطر خواہ توجہ نہیں کرتے ہیں؟ حقیقت یہ ہے کہ لوگ دماغی تعلیم کو اس قدر اہمیت دیتے ہیں کہ جتنا بھی وقت ملتا ہے وہ اسی میں صرف کیا جاتا ہے اور اگر کوئی شخص اپنا تھوڑا سا وقت ورزش و کھیل میں صرف کرتا ہے۔ تو وہ ناکارہ سمجھا جاتا ہے۔ کیا یہ ممکن نہیں کہ تندرست و توانا جسم میں پرزور اور روشن دماغ بھی پیدا ہو؟ ضرور ممکن ہے۔ سائنس اور تجربہ نے ثابت کر دکھایا ہے کہ جسم اور دماغ میں بہت بڑا تعلق ہی نہیں بلکہ یہ دونوں ایک دوسرے کے مددگار اور معاون ہیں۔ دماغ اس وقت تک ترقی نہیں کر سکتا جب تک کہ جسم بھی ترقی نہ کرے اور اگر کسی شخص نے اعلیٰ دماغ فطرتی طور پر پایا ہے تو وہ اس سے ہرگز بہرہ مند نہیں ہو سکتا اگر اس کی صحت درست نہ ہو اسی طرح جسم بھی اسی وقت عمدہ حالت میں رہ سکتا ہے جب کہ انسان ورزش کے ساتھ دماغی کام بھی انجام دیا کرتا ہو۔ جس طرح جسم کے اعضا اگر اُن سے کام نہ لیا جائے کمزور اور ناکارہ ہو جاتے ہیں اسی طرح اگر دماغ سے بھی ایک مدت تک کام نہ لیا جائے تو وہ بیکار ہو جاتا ہے۔

اگر والدین سے یہ سوال کیا جائے کہ بچوں کو تعلیم دینے سے ان کا کیا مقصد ہے تو یہی جواب ملے گا کہ بچے اعلیٰ اور عمدہ تعلیم پائیں۔ اگر ان کی یہی مراد ہے تو ان کو سب سے پہلے اس بات کا خیال رکھنا چاہیئے کہ ان کے لڑکے کا جسم تندرست و توانا رہے کیوں کہ جسم کے ساتھ بچے کا دماغ بھی ترقی پائے گا اور اس قابل بن جائے گا کہ اُس پر جو بار عائد ہو اُس کا متحمل ہو سکے۔ یہ خیال غلط ہے کہ صرف اُن ہی اشخاص کو ورزش سیکھنا چاہیئے جو فوجی پیشہ اختیار کرنا چاہتے ہوں کیوں کہ ان دنوں ایک ڈاکٹر یا ایک بیرسٹر کو بھی بعض اوقات اتنی ہی جسمانی محنت کرنی پڑتی ہے جتنی کہ ایک سپاہی کو اور اکثر دیکھا گیا ہے کہ جو نہار بیرسٹر اور ڈاکٹر کو بعد میں پچھتانا پڑا ہے کہ کاش انہوں نے بچپن میں ورزش کی ہوتی تو اپنے پیشے کو بہتر انجام دے سکتے۔

بارہا تجربہ ہوا ہے کہ والدین اپنی اولاد کی دماغی قوت کو قبل از وقت ترقی دینے کی کوشش کرتے ہیں اور بچوں کو مجبور کرتے ہیں کہ ان کو جو کچھ بھی وقت جسمانی ترقی کے لئے ملتا ہے اس کو دماغی تعلیم میں صرف کریں۔ ان کی یہ کوشش کہ بچوں کی دماغی قابلیت قبل از وقت ترقی کرے بچوں کے حق میں مضر ثابت ہوتی ہے کیوں کہ آئندہ چل کر بچوں کا دماغ زیادہ بار کے سبب نہ صرف کاہل ہو جاتا ہے بلکہ ان میں خود ستائی اور شہرت پسندی جیسی بُری عادتیں پیدا ہوتی ہیں۔ اس سے یہ مراد ہرگز نہیں کہ بچوں کو دماغی قابلیت حاصل کرنے کی ترغیب نہ دی جائے بلکہ یہ مقصد ہے کہ والدین کو چاہیئے کہ دماغی اور جسمانی تعلیم کو جدا نہ سمجھیں اور دونوں کو برابر اہمیت دیں کیوں کہ ان دونوں تعلیم کا انحصار ایک دوسرے پر ہے۔ (باقی دارد)

تعلیم مُطالعۂ قدرت

(۲)

یہ ایک عمل تجسّس ہے جس کی وساطت سے مناظر قدرت اور دیگر قدرتی اشیاء کی پوری پوری حقیقت اور ماہیت نفع نقصان اور طریقۂ استعمال معلوم ہوتا ہے اس کے جاننے کے لئے آلات یا وسائل کی ضرورت ہے۔

پہلے وسائل جو ہم کو حاصل ہیں وہ جسمانی اوزار ہیں جو جسم انسانی پر پانچ مختلف اعضاء میں صورت پذیر ہیں۔

قدرت نے اِن حواس ظاہری کے علاوہ حواس باطنی بھی عنایت کئے ہیں جنہیں حس مشترک۔ خیال۔ حافظہ۔ واہمہ۔ متصرفہ۔ کہا جاتا ہے یہ قوتیں دراصل کسی گزشتہ واقعہ کو پیش نظر کرنے یا مناسب تدابیر اختیار کرنے کے کام آتے ہیں۔ مگر حصول علم کا زیادہ حصّہ حواس ظاہری کی باقاعدہ تربیت پر موقوف ہے کیوں کہ جب حواس ظاہری کمزور ہوتے ہیں یا زیادہ تربیت یافتہ نہیں ہوتے تو لامحالہ حواس باطنی بھی ضعیف ہو جاتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ دنیا میں مختلف العقل آدمی نظر آتے ہیں۔

اس کو یوں سمجھ لیجئے کہ ایک آدمی ہے جس نے ولادت کے زمانہ سے گاؤں میں ہی نشو و نما پائی اور دوسرے گاؤں کی کبھی صورت بھی نہیں دیکھی بلکہ بدقسمتی سے اپنے گاؤں میں ہی رہ کر تعلیم و تربیت پاتا رہا۔

ایک دوسرا شخص ہے جس نے بچپن کا زمانہ ایک گاؤں میں لڑکپن دوسرے گاؤں میں جوانی ایک شہر میں گزاری اگر دونوں سے کسی چیز کی حقیقت و ماہیت دریافت کی جائے تو ظاہر ہے کہ دوسرے آدمی کی رائے پہلے سے زیادہ آگاہی اور تجربہ پر ہوگی اس کا سبب یہی ہے کہ پہلے آدمی کے حواس ظاہری نے اس قدر چیزوں کا احساس کرنے نہیں پایا جس قدر دوسرے کے حواس ظاہری نے چیزوں کی حقیقت کا ادراک کیا ہے۔ اس لئے پہلا جو کلیہ بناتا یا جن نتائج کا استخراج کرتا ہے وہ ناواقفیت پر دال ہوتے ہیں برخلاف اس کے دوسرے کی رائے بہت صائب ہوتی ہے۔ اس کے قطع نظر یہ ایک کھلی ہوئی حقیقت ہے کہ مقدمات مشاہدات پر قائم کئے جاتے ہیں اور نتائج کا استنباط حواس باطنی پر موقوف ہے جب تک حواس ظاہری کی باقاعدہ تربیت نہ کی جائے نتائج کے استنباط کی اُمید رکھنا جس کا تمام تر تعلق حواس باطنی سے ہو سعی لاحاصل ہے۔

ماہرین نفسیات نے حواس ظاہری کی باقاعدہ تربیت کا بہترین ذریعہ تعلیم مطالعہ قدرت کو گردانا ہے۔ اگرچہ مطالعہ قدرت کسی خاص مضمون کی تعلیم نہیں ہے پھر بھی دوسرے مضامین کے پڑھنے اور سمجھنے کے لئے ایک سنگ بنیاد ہے۔ بہت سے ماہرین سائنس اس پر متفق ہیں کہ (۱۵) سال سے کم عمر طلبہ کو سائنس کے کسی خاص شعبہ میں تعلیم دینے سے کامیابی حاصل نہیں کی جا سکتی اُن کا خیال ہے کہ "سائنس کے عوض مطالعہ قدرت کی تعلیم دیجائے چوں کہ اس مضمون کی تعلیم سے بچوں میں صحیح مشاہدہ کرنے۔ بیان کرنے اور نتائج اخذ کرنے کی عادت پڑ جاتی ہے اور آئندہ سائنس کے کسی خاص شعبہ میں تعلیم کے موزوں بن جاتے ہیں"

بدقسمتی سے ہمارے مدارس میں اس مضمون کی تعلیم کتاب کے ذریعہ اسباق

اشیاء کے نام سے دیجاتی ہے جو مطالعہ قدرت سے بالکل علٰحدہ چیز ہے۔ کیوں کہ اسباق اشیاء میں دوسروں کے تجربات وشاہدات بیان کئے جاتے ہیں۔

اور مطالعہ قدرت کی تعلیم میں بچے بغیر کسی کتاب کے اصل شئے کی نسبت اپنی ذاتی سعی اور تحقیقات سے نتائج اخذ کرتے ہیں اس ذریعہ سے بچوں میں اپنے گرد و نواح سے دلچسپی پیدا ہوتی ہے۔ بغور مشاہدہ کرنے کی عادت کو ترغیب ہوتی ہے۔ قدرتی اشیاء کا اپنی ذات سے تعلق معلوم کرتے ہیں۔ مل جل کر صفائی سے کام کرنے کی عادت پڑجاتی ہے۔ اپنی ذات پر بھروسہ کرنا سیکھتے ہیں۔ ذاتی سعی (جو ہمارے بچوں میں مفقود ہے) ترقی پاتی ہے۔ شروع ہی سے ہوشیاری کی عادت اور صحیح استدلال کی قوت نشوونما پاتی ہے۔ اپنے ملک کے ادب کو سمجھنے لگتے ہیں۔ اظہار خیال میں سہولت اور ادائی بیان میں صحت پیش نظر ہوتی ہے۔

غرض بچہ تھوڑے ہی عرصہ میں یہ محسوس کرنے لگتا ہے کہ آج تک میں نے جو کچھ سیکھا وہ میری اپنی کوشش کا ثمرہ ہے۔ بچوں میں ایسے خیال کی پیدائش نفسی نقطۂ نظر سے جو قدر و قیمت رکھتی ہے وہ ظاہر ہے۔ اس لئے "مشتے نمونہ از خروارے" طریقۂ تعلیم مطالعہ قدرت کے چند وسائل حوالۂ قلم کئے جاتے ہیں۔

طریقۂ تعلیم جو جماعت میں استعمال کیا جائے

عموماً ہر ایک سبق کے شروع میں کچھ نہ کچھ تمہید ہوتی ہے اس اصول کی بنا پر یہ سوال پیدا ہو سکتا ہے کہ مطالعہ قدرت کے سبق کو کس طرح شروع کیا جائے:-

(۱) مطالعہ قدرت کے سبق میں مصنوعی تمہید کی ضرورت نہیں جس چیز پر سبق پڑھانا ہو اصل شئے طلبہ کے سامنے پیش کی جائے اور بچوں کو مشاہدہ کرنے کی تاکید کے ساتھ ساتھ کافی وقت دیا جائے۔

(۲) سبق ہمیشہ ایسی چیزوں سے شروع کیا جائے جو بچوں کی عمر استعداد کے موزوں اور اُن کے گرد و پیش میں آسانی سے فراہم ہونے والی ہوں۔

(۳) جس چیز پر سبق پڑھانا ہو بچوں کو دکھلائے اور صاف طور سے کہدے

کہ مشاہدہ کرنے میں اُس چیز کو کچھ نقصان نہ پہنچائیں۔

(۴) جب ابتدائی مشاہدے سے بچوں میں دلچسپی پیدا ہو جائے تو بچّوں کو اپنی طرف متوجہ کرے اور چند موزوں سوالات کے ذریعہ مشاہدہ کی ہوئی باتیں دریافت کرے اور جن باتوں سے وہ غافل رہے ہیں اُن کے مشاہدے کی طرف رہنمائی کرے

(۵) سادہ اور آسان سوالات بلحاظ (جانور) اُن کے عادات اُن کے نشو و نما پانے کے طریقہ اُن کے اعضا اور کام وغیرہ پر ہونے چاہئیں۔

(۶) ہر بات پر کافی مباحثہ کے بعد زیادہ باتیں بچّوں ہی سے نکلوائی جائیں۔

(۷) اختتام سبق پر یہ دیکھنے کے لئے کہ استاد کی تعلیم سے طلباء کہاں تک مستفید ہوئے ہیں سبق کو دہرانا ضروری ہے۔

(۸) خلاصۂ سبق تختۂ سیاہ پر لکھنا ضروری نہیں بلحاظ ضرورت اُس کا استعمال کیا جاسکتا ہے مگر خلاصۂ تختۂ سیاہ طلبہ کی مدد سے تیار کریں البتہ لفظی غلطیاں مدرس درست کر دے جہاں تک ممکن ہو اصطلاحات نہ استعمال کی جائیں۔

(۹) اشیاء کے خاکے اور ماڈل بنوائے جائیں۔

(۱۰) تصویر کھینچوائی جائے مگر مشاہدہ کے بعد۔

(۱۱) جس چیز کا مشاہدہ کرنا ہے اگر وہ چھوٹی یا بہت بڑی ہو تو اُس کی ایسی تصویر یا ماڈل پیش کیا جائے جس میں وہ باتیں نمایاں ہوں جن کا بتلانا مطلوب ہے۔

(۱۲) لڑکوں کو موقعہ دیا جائے کہ سوالات پوچھکر اپنی غلطیاں درست کرلیں لیکن اس قسم کی اجازت اثنائے سبق میں نہ دی جائے ورنہ سبق کا تسلسل ٹوٹ جائے گا البتہ سبق کے اختتام پر یا سبق کے بعض خاص مواقع پر اُن کے فطری ولولہ کی تشفی کے لئے سوالات کا موقع دیا جائے کیوں کہ ایسے سوالات سے بچّوں کے دلی جوش کا پتہ چلتا ہے اور اُستاد کو معلوم ہو جاتا ہے کہ بچّوں کے ذہن کی کہاں تک پہونچ ہے۔

خاکہ۔ تصویر۔ ماڈل کا استعمال۔ (۱) اگر بچّوں میں نمونہ تقسیم کر دیا گیا ہو یا اُن کے سامنے بڑی شئے پیش ہو تو خاکہ بنانے کی ضرورت نہیں۔

(۲) ایسی تصاویر یا خاکے بچّوں کے سامنے پیش نہ کئے جائیں جن میں صرف اُن چیزوں کا مشاہدہ ہو سکے جو اصل شئے سے بھی ممکن ہے۔

(۳) بچّوں کو اصل شئے کے کسی خاص حصّہ پر متوجہ کرنے کے لئے خاکہ کی ضرورت ہوتی ہے یہی کیفیت ماڈل کی ہے۔

(۴) خاکہ۔ تصویر۔ ماڈل کا استعمال حتی الامکان بہت کم ہو اُن کا استعمال صرف اُس وقت جائز ہو سکتا ہے جب کہ اصل شئے بچّوں کے سامنے پیش نہ کی جا سکے۔

(۵) یہ چیزیں (خاکہ۔ تصویر۔ ماڈل) صرف اس وقت تک جماعت میں موجود رہیں جب تک کہ اُن کا مشاہدہ ہوتا رہے بعد ازاں فوراً ہٹا لینی چاہیئے۔

استعمال تختۂ سیاہ تختۂ سیاہ کا استعمال یا تو مدرس کی مدد کے لئے ہو سکتا ہے یا بچّوں کے لئے۔

(۱) اگر اس کا مقصد مدرس کی رہنمائی ہے تو سبق کے خاص خاص عنوان تختۂ سیاہ پر لکھنے میں مضائقہ نہیں مگر ضرورت اس امر کی ہے کہ مدرس خود اپنا سبق ایسا تیار کرے کہ تختۂ سیاہ کے مدد کی ضرورت نہ پڑے۔

(۲) اگر اس کی ضرورت بچّوں کے لئے متصور ہو تو تختۂ سیاہ کی ضرورت بعض خاص حالتوں کے سوا زیادہ ضروری نہیں اس لئے کہ چھوٹی جماعتوں میں مطالعہ قدرت کے سبق میں مثل زبان دانی کے اسباق کے مشکل الفاظ کا استعمال ناجائز اور اصطلاحات کا بتلانا ناموزوں ہے صرف بڑی جماعتوں میں اختتام سبق پر بچّوں کی مدد سے خلاصہ تختۂ سیاہ لکھا جا سکتا ہے۔

اعادہ عام دستور ہے کہ ہر حصّہ سبق پر اعادہ کی ضرورت ہے اور اس پر اس قدر زور دیا جاتا ہے کہ مدرسین کے اسباق جب تک اُن میں اعادہ کی صراحت نہ ہو نامکمل سمجھے جاتے ہیں لیکن مطالعہ قدرت کے اسباق میں سوائے اختتام سبق کے اعادہ اس قدر ضروری نہیں کیونکہ جن اسباق میں استاد بچّوں کے معلومات کی غرض سے خود بیان کرتا ہے اُن میں اعادہ کی ضرورت ہے لیکن مطالعہ قدرت کا منشاء معلومات میں اضافہ کرنا

نہیں بلکہ بغور مشاہدہ کی عادت کو ترغیب دینا اور اُن کے تحقیقاتی نتائج میں اُن کی مدد کرنا ہے اس لئے اثنائے سبق میں صرف مشاہدات اور تحقیقات کئے جائیں اہتمام پر اعادہ کیا جاسکتا ہے۔

مطالعہ قدرت کا دیگر مضامین سے ارتباط

پڑھنا (زباندانی) | مطالعہ قدرت کا ایک مقصد بچّوں کی قوت بیان کو تربیت دینا ہے۔ ہم کو دیکھنا چاہیئے کہ اس مضمون سے بچوں کی قوت بیان کی تربیت کس طرح کرسکتے ہیں۔

(۱) جب بچّے مشاہدہ کرتے ہیں تو اُنہیں اپنے مشاہدہ کو بیان کرنے کی ضرورت ہوتی ہے جن سے زبان دانی اور پڑھنے میں مدد مل سکتی ہے۔

(۲) وہ زبان دانی کی کتابیں جن میں مطالعہ قدرت سے مواد فراہم ہو زباندانی کی مؤید ہیں۔

(۳) مشہور نیچرلسٹ (Naturalists) کی کتابیں دیکھنا۔

(۴) اُستاد کا اپنے تحقیقات اور تجربات و مشاہدات کا طلبہ سے بیان کرنا۔

لکھنا | مشاہدہ کی ہوئی چیزوں کے رنگ، شکل۔ خاصیت کی بابت جو کچھ بچّوں نے نتائج کا استخراج کیا ہے مضمون نگاری سے ارتباط پیدا کرایا جاسکتا ہے۔

حساب | اس تعلق کی تمام تر ذمہ داری استاد کی ہے اگر استاد اپنی دانشمندی سے پھولوں کے مشاہدہ کے وقت بچّوں سے یہ دریافت کرے کہ مرکب پتیوں میں کتنے برگچے ہیں۔ ان کی ترتیب شاخوں پر کیا ہے۔ ہر ایک پھول میں کتنی پنکھڑیاں اور سوئیاں ہیں نیز مدرسہ کے باغ میں بیج گن کر بوئے جائیں اور اُن کے اوگنے کے زمانہ سے بڑھنے ضائع ہونے پھلنے پھولنے کی کیفیت کا پیمائشی چارٹ تیار کرایا جائے اور ترکاریوں اور پھولوں کو تول کر وزن کا تصور دلایا جاسکتا ہے۔

جغرافیہ | دراصل مطالعہ قدرت کی ایک شاخ ہے ابتدائی جماعتوں میں تو مطالعہ قدرت اور جغرافیہ کے مضامین میں امتیاز کرنا نہایت مشکل ہے اس کو دوسرے الفاظ

میں یوں کہہ سکتے ہیں کہ مطالعہ قدرت اور جغرافیہ کے مضامین ایک ہی ہیں یہ اُستاد کا فرض ہے کہ ایسے قدرتی مناظر جنگلی جانور اور درختوں کی نسبت جن کو بچّوں نے کبھی دیکھا ہے اور نہ دیکھنے کا امکان ہے تصاویر کے ذریعہ جغرافیہ کے ضمن میں پڑھائے۔

مطالعہ قدرت کے مضامین حسب سہولت نباتات۔ حیوانات۔ جمادات مناظر قدرت سے منتخب کئے جاسکتے ہیں البتہ انتخاب مضمون کی صورت میں جغرافیہ کے مدرس سے مشورت ضروری ہے اگر جغرافیہ کا مدرس مناظر قدرت کا مشاہدہ جغرافیہ کے ضمن میں کرائے تو نباتات حیوانات کے متعلق مشاہدہ مطالعہ قدرت کے ضمن میں کیا جائے

ڈرائنگ مطالعہ قدرت اور ڈرائنگ کا کام ساتھ ساتھ ہونا چاہیئے۔

(۲) یہ لازمی نہیں کہ ایک ہی گھنٹہ میں دونوں کام ہوں۔

(۳) ڈرائنگ کا کام مطالعہ قدرت کے پہلے یا بعد بھی کیا جاسکتا ہے۔

(۴) ڈرائنگ کا کام پہلے کیا جائے تو مطالعہ قدرت کے سبق میں تیزی ہوگی کیونکہ مشاہدہ کا بہت کچھ حصّہ ڈرائنگ کرتے وقت ہی کیا جاسکتا ہے۔

(۵) ڈرائنگ کا کام مطالعہ قدرت کے بعد ہو تو ڈرائنگ زیادہ صحیح ہوگی اور یہی طریقہ بہتر معلوم ہوتا ہے۔

مطالعۂ قدرت کی تعلیم کو امداد

عجائب گھر بعض نمونہ ایسے ہوتے ہیں جو ہمیشہ دستیاب نہیں ہو سکتے اگر وہ عجائب گھر میں موجود ہوں تو بوقت ضرورت مطالعہ قدرت کے اسباق اُن پر دئے جاسکتے ہیں۔

عجائب گھر کے لئے چیزوں کا جمع رکھنا۔ چھوٹے بچّوں کا طبعی میلان ہوتا ہے کہ وہ نئی چیزوں کو جمع کریں اس طبعی میلان کی نشوونما کے لئے مدرس کو چاہیئے کہ بچّوں کے ذریعہ لائی ہوئی چیزوں میں سے کارآمد چیزوں کا انتخاب کرے پھر بچّوں سے اُن چیزوں کو باقاعدہ رکھوائے اُس کے بعد اُن کی ترتیب خود مدرس کرے۔

سیر کرنا عمدہ تعلیم کے لئے دوراں سیر کی تعداد گاؤں میں مہینے میں ایک دو دفعہ اور شہر کے مدارس میں سال میں چھ مرتبہ حسب ذیل موقعوں پر مفید ہے۔

(۱) ٹھیک اُس وقت جب کہ موسم برسات کا آغاز ہوتا ہے تاکہ آس پاس کی زمین۔ پودے۔ جانور۔ اور کرۂ باد وغیرہ کا مشاہدہ کیا جائے جو سب پانی کا انتظار کر رہے ہیں۔

(۲) عین برسات میں جب کہ مینھ کی جھڑیاں لگی ہوں تاکہ بارش کا اثر زمین۔ پودوں، درختوں پر ظاہر ہو سکے۔

(۳) فصل کاٹنے کے ذرا پہلے تاکہ غلّہ جب خوشہ میں ہوتا ہے تو اُس کی کیا حالت ہوتی ہے اور کس طرح چڑیاں۔ کیڑے۔ مکوڑے زراعت کو نقصان پہنچاتے ہیں۔

(۴) آغاز موسم سرما یا آخر میں تاکہ درختوں کھیتوں چشموں وغیرہ کا مشاہدہ کیا جاسکے خاص طور پر موسم سرما کی نیرنگیوں کی دیکھ بھال۔

(۵) موسم بہار کے شروع میں تاکہ پودوں جانوروں اور قدرت کی ہر شکل میں نئے آثار زندگی مشاہدہ کئے جاسکیں۔

(۶) موسم گرما میں تاکہ آب وہوا کی خاص حالت معلوم ہو جائے (ایسے دورہ تعطیلات میں کئے جائیں تاکہ کم از کم دو چار گھنٹہ صرف کئے جاسکیں)

سیر کا طریقہ ایک دن پہلے اُستاد جماعت میں کہدے کہ فلاں چیز کے مشاہدے کے لئے تم کو فلاں جگہ چلنا ہوگا اُس کو صاف طور سے کہنا ہوگا کہ اُس چیز کے خاص حصّہ کو بغور دیکھنا ہے گو مدرس اور باتیں بتائے مگر اصل شئے کے مشاہدہ کا منشا جس کے لئے مدرس اور بچے جارہے ہیں فوت نہ ہونے دے جہاں تک ممکن ہو طلبہ کے شوق مشاہدہ کو اُبھارے۔

(۲) دورہ پر چلنے کے پہلے ہر لڑکے کے پاس ایک پنسل اور کاپی ہونی چاہیئے تاکہ جو کچھ وہ دیکھیں اُس کو درج کرتے جائیں۔

(۳) مدرس کے پاس ایک چھوٹا صندوقچہ بھی رہے جس میں مختلف چیزوں کے نمونہ اکٹھا کئے جائیں جس کا باقاعدہ مشاہدہ بعد کو ہوگا۔

تعلیم مطالعہ قدرت کی سہ منزلہ تقسیم

پہلی منزل۔ ۵ سے ۷ برس کے طلبہ کی تعلیم کا انتظام کیا جاتا ہے۔
دوسری منزل۔ ۸ " ۱۱ " " " " "
تیسری منزل ۱۱ " اوپر " " " " "

پہلی منزل والے طلبہ کا مختصر نصاب۔ اس منزل میں طلبہ کی عمر سات برس سے کم ہوتی ہے اور تجسس کا طبعی میلان زیادہ ظہور میں آتا ہے لہذا طلبہ کی اس عمر میں جانوروں کی دیکھ بھال اور کرداریت میں زیادہ دلچسپی ہوتی ہے اس لئے انہیں مطالعہ قدرت کی تعلیم کھیل کود میں دی جائے مثلاً

باغ کی دیکھ بھال۔ زندہ جانوروں کا مشاہدہ اور اُن کے حرکات وغیرہ۔
نقشہ کشی (اور بہت سے کھیل ہو سکتے ہیں جو مُدرس موقع اور وقت کی مناسبت سے خود طلبہ کے لئے فراہم کر سکتا ہے بشرطیکہ مضمون سے دلی لگاؤ ہو)

دوسری منزل والے طلبہ کا مختصر نصاب تعلیم اِن بچوں کی تعلیم میں اِس بات کا خیال رہے کہ طرز استفسار سادہ اور جلد ہو۔

انڈے دینے والے جانور۔ مویشی۔ کیڑے۔ کوڑے۔ پودے۔ پھول۔ ترکاریاں۔ بیج وغیرہ۔

تیسری منزل والے طلبہ کا مختصر نصاب تعلیم بچے دینے والے جانور۔ درخت۔ موسمی میوہ جات۔ نبات الھوا نبات الماء۔ ایک دالیہ۔ دو دالیہ بیجوں کا امتحان۔ مٹی کی ترکیب مٹی کے اقسام۔ اقسام کے پھول۔ پتوں کے اقسام۔ نظام الاوراق۔ نظام العروق۔ بیج بونے کے طریقہ۔ جڑوں کا دباؤ۔ پودوں کا رطوبت خارج کرنا۔ قطب نما کا استعمال بجھیر بتگی بادل۔ بارش وغیرہ۔

محمد اکبر
مدرس مدرسہ تحتانیہ کمان ساجدہ بیگم

جغرافیہ اور اُس کا طریقہ تعلیم

از مولوی غلام دستگیر صاحب فاروقی بی۔ اے

(گذشتہ سے پیوستہ)

طریقہ تعلیم جماعت سوم جماعت سوم میں جس نصاب جغرافیہ کی سفارش کی گئی ہے اُس میں زمین کی گولائی، اُس کی جسامت، براعظم و بحر اعظم کے نام اور گھر کا جغرافیہ داخل ہیں۔

زمین کی گولائی کا تصور دلانے کے بہت سے طریقے مروجہ جغرافیہ کی کتابوں میں درج ہیں یہاں اُس کا ذکر تحصیل حاصل ہے۔ البتہ اتنا کہنا ضروری ہے کہ کتابوں میں تو بہت سے طریقے دئے گئے ہیں مگر مُدرس کو چاہیے کہ اُن میں سے صرف وہ مثالیں لے، جو طلبہ کی عمر اور استعداد سے بڑھ کر نہ ہوں۔

جماعت سوم کے طلبہ کوئی بڑی عمر کے نہیں ہوتے اور اس عُمر میں اُنہیں کسی چیز کی لمبائی اور چوڑائی کے بڑے بڑے فاصلوں کو پڑھنے اور یاد کرنے سے کوئی دلچسپی نہیں ہوتی لہذا زمین کی جسامت یعنے اُس کی لمبائی اور چوڑائی کو دلچسپ طریقہ سے ذہن نشین کرنے کے لئے کسی سیاح کے سفر کا ذکر کرنا سودبخش ہوگا۔ مثلاً یہ کہا جاسکتا ہے کہ ایک سیاح نے ایک ریل گاڑی میں جس کی رفتار فی گھنٹہ ۴۰ میل تھی زمین کے اطراف (۶۲۵) گھنٹوں میں سفر کیا۔ اب تم خود بتا سکتے ہو کہ اس کی لمبائی کیا ہے اور اگر جاہو تو تم بھی ریل اور دیگر ذرائع آمد و رفت کے ذریعہ دنیا کے اطراف سفر کر سکتے ہو۔ اس ضمن میں یہ بھی کہا جاسکتا ہے کہ بعض سیاحوں نے ہوائی جہاز۔ موٹر حتیٰ کہ سیکل پر بھی زمین کے اطراف سفر کیا ہے۔ لوگ ان کی اس ہمت اور بہادری کو بڑی عزت کی نگاہوں سے دیکھتے ہیں۔

غالباً تجربہ کار مدرسین اس حقیقت سے ناواقف نہوں گے کہ براعظم و بحر اعظم کے محض نام کا ذکر طلبہ کی توجہ کا جاذب نہیں ہوتا۔ اس لئے اس امر کی ضرورت ہے کہ نفسیاتی اُصول کی بناء پر پہلے۔ براعظم یا بحر اعظم کی چند خصوصیات کا ذکر ہو اور بعد میں نام

بتایا جائے۔ یہ نام بتانا ایسا ہی ہوگا جیسا کہ انلوبھی میں نک بھلانا۔ مثلاً براعظم ایشیا کا نام بتانا مقصود ہو تو پہلے یہ کہا جائے کہ ہماری ریاست ہندوستان میں ہے اور یہ ایک ایسے براعظم میں ہے جو تمام براعظموں میں بڑا ہے۔ اس میں دنیا کے اونچے اونچے پہاڑ۔ بڑے بڑے میدان اور دریا کھارے اور میٹھے پانی کی بڑی بڑی جھیلیں ہیں۔ اس ایک براعظم میں جتنے لوگ آباد ہیں اتنے لوگ دوسرے دو براعظموں میں نہیں پائے جاتے۔ اس کے بعد نام بتایا جائے۔ افریقہ کے متعلق طلبہ سے کہا جاسکتا ہے کہ دیکھو ایک دوسرا براعظم ہے جو بڑائی کے لحاظ سے براعظم ایشیا کے بعد ہے۔ غالباً تم نے حبشیوں کو ضرور دیکھا ہوگا جو اسی براعظم میں پائے جاتے ہیں۔ اس براعظم میں ایک جانور ہوتا ہے جس کا نام تو تم نے سُنا ہوگا اور تم میں سے بعض نے اس کو دیکھا بھی ہوگا۔ اس کو شُتر مرغ کہتے ہیں۔ یہاں اس کے غول کے غول پائے جاتے ہیں۔ اس جانور کے پر بڑے ہی خوبصورت ہوتے ہیں چنانچہ ایک سیر پر کی قیمت دو ہزار روپے ہوتی ہے۔ دوسرے براعظموں کی بھی چند دلچسپ خصوصیات بیان کرکے ان کا نام بتایا جائے۔

براعظموں کے نام بتانے کے وقت بھی یہی طریقہ ملحوظ رکھا جائے مثال کے طور پر ہم صرف ایک کی خصوصیات کے بیان پر اکتفا کرتے ہیں اور وہ یہ ہے

نقشہ میں بحر اوقیانوس بنا کر یہ کہے کہ گو یہ بحر اعظم سب سے بڑا نہیں ہے مگر اس میں جہاز اس کثرت سے چلتے ہیں کہ دنیا کے کسی دوسرے بحر میں اتنے جہاز نہیں چلتے۔ انہیں جہازوں کے ذریعے موٹریں۔ سیکلیں۔ کتابیں قسم قسم کا سامان قمیص اور شیروانی کے خوبصورت کپڑے ہمارے ملک میں آتے ہیں۔ اور یہاں سے روئی اور غلہ دوسرے ملکوں کو جاتا ہے۔

اس جماعت سے گھر کا جغرافیہ شروع ہوتا ہے۔ نصاب کے متعلق ہم یہاں صرف اس قدر کہنے کی جرأت کرتے ہیں کہ موجودہ نصاب بلحاظ جماعت بہت زیادہ ہے

بانا چاہیئے جس میں وہ رہتے ہیں۔ چونکہ جماعت چہارم میں بھی ھر ہی کا جغرافیہ پڑھایا
باتا ہے اس لئے باقی کے اضلاع یہاں پڑھائے جا سکتے ہیں۔

یوں تو عام طور پر جغرافیہ کی ہر بات کو عملی بنانے کی کوشش کی جائے مگر
س جماعت میں اس امر کا خاص طور پر لحاظ ہونا ضروری ہے تاکہ ابتدا ہی سے طلبہ کو
گھر کے جغرافیہ سے ایک گونہ لگاؤ پیدا ہو۔ اور وہ اس کی ہر چھوٹی بڑی بات کو عمدگی سے
بجھ جائیں اس لئے کہ انہیں معلومات کی بنا پر بدیسی جغرافیہ کی عمارت تیار کی جاتی ہے
لاوہ ازیں تمام جغرافی امور اس طرح بیان کئے جائیں کہ وہ سب ایک زنجیر کی کڑیاں
علوم ہوں جو ایک قدرتی رشتہ میں منسلک ہوں۔

غالباً تجربہ کار مدرسین اس بات سے واقف ہوں گے کہ جب کسی ملک یا براعظم
ا جغرافیہ پڑھایا جاتا ہے تو حسب ذیل امور علی الترتیب بیان کئے جاتے ہیں:-

(۱) تاریخ (۲) محل وقوع (۳) حدود اربعہ (۴) طبعی حالات جس میں پہاڑ میدان
ور دریا وغیرہ شامل ہیں (۵) آب و ہوا (۶) پیداوار (۷) پیشے اور صنعت و حرفت (۸) تجارت
۹) ذرائع آمد و رفت (۱۰) مشہور مقامات (۱۱) عام حالات جس میں حکومت۔ مذہب۔ زبانیں
علیم وغیرہ شامل ہیں۔ بس جیسا کہ پہلے ہم نے ذکر کیا ہے یہ تمام امور اس طرح بیان کئے
ائیں کہ مابعد واقعہ اپنے ماقبل واقعہ کا نتیجہ ہو۔ مثلاً۔ اگر کسی ملک میں بارش کی کمی ہو گی
نتیجتہً پیداوار بھی کم ہو گی (تاوقتیکہ دیگر مصنوعی ذرائع آبپاشی اختیار نہ کئے جائیں)
ور اس کمی بارش کا نتیجہ ضرور صنعت و حرفت اور تجارت وغیرہ پر پڑے گا۔ اب ہم انہیں
صول کی روشنی میں گھر کے جغرافیہ کا مطالعہ کریں گے۔

چونکہ جغرافیۂ سلطنت حیدرآباد فی الوقت جماعت سوم، چہارم اور پنجم میں پڑھایا
باتا ہے اس لئے ہم اس کے پڑھانے کے طریقے کو بجائے جماعت واری کے ایک
ی جگہ لکھنا مناسب سمجھتے ہیں مگر ساتھ ہی ساتھ اس امر کے متوقع ہیں کہ حضرات مدرسین
س طریقۂ تعلیم کو طلباء کی عمر اور جماعت کے لحاظ سے کمی و بیشی کے ساتھ استعمال

جغرافیہ کا طریقہ تعلیم

ملک کی تاریخ طلبا میں گھر کے جغرافیہ سے دلچسپی پیدا کرنے کے لئے اس بات کی ضرورت ہے کہ اُن کو اُن کے ملک کی نہایت مختصر تاریخ سے واقف کیا جائے اور یہ تاریخ قصہ کے پیرائے میں بتائی جائے۔ بہتر ہوگا کہ تاریخ بتانے سے پہلے ملک کے مخصوص بادشاہوں۔ سورماؤں۔ مدبروں اور عمارتوں کے نقشے اور تصاویر بتائی جائیں اور انہیں تصاویر کے متعلق اس طور پر بیان کیا جائے کہ ملک کی تاریخ کا ایک اجمالی مگر دلچسپ خاکہ طلبا کی نگاہوں کے سامنے پھر جائے۔

محل وقوع عام طور پر نیچے کی جماعتوں میں محل وقوع کو غیر اہم سمجھا جاتا ہے۔ اس لئے اس کی طرف بہت کم توجہ کی جاتی ہے مگر واقعہ یہ ہے کہ ملک کے اکثر جغرافی حالات کا مدار اس کے محل وقوع پر ہوتا ہے اور یہ چیز طلبا کو آگے کی جماعتوں میں تفصیل سے معلوم ہوسکتی ہے مگر ابتدائی جماعتوں میں اس کی موٹی موٹی باتوں کا بتانا ضروری ہے تاکہ اس کی اہمیت طلبا کے ذہن نشین ہو جائے۔ اس موقع پر بجائے طول البلد اور عرض البلد کے ہم نقشے کے ذریعہ سے یہ بتا سکتے ہیں کہ ہمارا ملک دکن کے وسط میں واقع ہونے سے ہم دکن کے ہر ملک میں بسہولت آجا سکتے ہیں۔ یہ سہولت سطح مرتفع دکن کے کسی اور ملک کو حاصل نہیں ہے۔ جماعت کے وسط میں تمام طلبا سے مساوی فاصلہ پر کھڑے ہوکر ہم اس سہولت کو اور واضح کر سکتے ہیں۔ بے محل نہ ہوگا اگر ہم اس موقع پر انگلستان کو دنیا کے نقشہ میں بتا کر یہ واضح کرنے کی کوشش کریں کہ منجملہ اور اسباب ترقی کے انگلستان کا تقریباً دنیا کے وسط میں ہونا بھی اس کی مشہور عالم ترقی کا ایک بہت بڑا سبب ہے۔

حدود اربع حدود اربع کو محض رٹا دینے سے مقصد حاصل نہیں ہوسکتا۔ اس کے بٹھانے میں بھی دلچسپی کی چاشنی کی ضرورت ہے۔ اور وہ اس طرح حاصل ہوسکتی ہے کہ طلبا کو اولاً اچھے اور خراب پڑوس کے اثرات بتائے جائیں۔ بعد ازاں یہ

سلسلہ میں قدرتی حدود مثل گوداوری اور کرشنا اور مصنوعی حدود کے درمیان کا فرق اور اُن کے فوائد بتائے جائیں۔ دوران سبق میں مدرس تختۂ سیاہ پر ملک کے حدود کا اندراج کرے اور طلباء اپنے اپنے خاکوں میں مُدرس کا اتباع کریں۔

طبعی حالات | ہمارے ملک کے طبعی حالات میں ہم صرف پہاڑ دریا اور میدان بتا سکتے ہیں پہاڑوں اور دریاؤں کی تعلیم کو حسب ذیل طریقہ سے موثر بنایا جاسکتا ہے۔

عموماً شہر کے اور خصوصاً اضلاع کے طلباء نے اپنی بستی یا گاؤں میں دیکھا ہوگا کہ جب کبھی باؤلی وغیرہ کھودی جاتی ہے تو نیچے سے پتھر کی بڑی بڑی سلیں برآمد ہوئی ہیں۔ اُن کی اس سابقہ معلومات کی مدد سے یہ بتایا جاسکتا ہے کہ انسان اپنی رہائش کے لئے غیر شہر میں زمین منتخب کرتا ہے۔ جب ہمارے ملک کی رہائشی اور سکونتی زمین کی یہ حالت ہو تو اُفتادہ اور غیر سکونتی زمین کس قدر پہاڑی ہوگی۔ اس خیال کو مقامی پہاڑوں کے سلسلہ یا پہاڑوں کے مشاہدہ سے اور واضح کیا جاسکتا ہے۔ بعد ازاں ملک کا طبعی نقشہ بتایا جائے جس میں پہاڑ نمایاں طور پر ظاہر کئے گئے ہوں۔ پھر مُدرس کو چاہیئے کہ تختۂ سیاہ پر ملک کا خاکہ اُتارے اور اس میں خاکی چاک سے پہاڑوں کے سلسلے کو درج کرے۔ اس وقت اس امر کا خاص خیال رکھے کہ سلسلہ پہاڑ جن جن اضلاع میں سے گذرے ان اضلاع کے نام اور اُن کے حدود تختۂ سیاہ پر ظاہر کئے جائیں تاکہ طلباء کو ایک ہی جگہ میں وہ تمام اضلاع معلوم ہو جائیں جن میں سے ایک سلسلۂ کوہ گذرتا ہے۔ طلباء سے ان اضلاع کے نام دریافت کرنے کے بجائے جن میں سے سلسلہ سیاوری پربت گذرتا ہے یہ مناسب ہے کہ ان سے یہ سلسلہ تختۂ سیاہ پر کھنچوایا جائے اور اضلاع کے نام درج کروائے جائیں۔ اس طریقہ تعلیم سے بے سمجھے رٹنے کے مذموم طریقہ کی اصلاح ہوگی۔ اور جب ایک وقت صحیح اور آسان طریقہ معلوم ہو جائے گا تو وہ ہمیشہ اسی طریقہ پر معمل رہ کر اپنے وقت اور صحت کو اور دوسرے کاموں کے لئے محفوظ رکھ سکیں گے۔

جس طریقہ کی ہم نے سطور بالا میں سفارش کی ہے وہی طریقہ دریاؤں کی تعلیم

کے وقت بھی استعمال کیا جاسکتا ہے۔ البتہ اس وقت دریاؤں کے فوائد اور موجودہ زمانہ میں ہم اُن سے جو کام لے رہے ہیں اُن کا تفصیلی ذکر نہایت ضروری ہے۔ طلباء کو یہ معلوم ہے کہ ہماری کھیتی باڑی اور ہمارے باغ پانی کی وجہ سے سرسبز و شاداب ہیں۔ اب ہمارے فرائض میں یہ داخل ہے کہ ہم ان کو یہ بتائیں کہ دریاؤں سے تالابوں میں کس طرح پانی محفوظ کر لیا جاتا ہے۔ موجودہ زمانہ کے کاموں میں سے عثمان ساگر اور حمایت ساگر کا ذکر کر کے طلباء کو یہ بتایا جاسکتا ہے کہ ان تالابوں کی وجہ سے جہاں شہر حیدرآباد ایک طرف موسیٰ ندی کی قیامت خیز طغیانیوں سے مامون ہو گیا ہے تو وہاں وہ آب نوشیدنی کی قلت کے خطرہ سے بھی محفوظ ہو گیا ہے۔ ان کے سوا نظام ساگر کے عظیم الشان تالاب کا ذکر کر کے اور اس کا نقشہ بتا کر یہ بتایا جا سکتا ہے کہ مستقبل قریب میں اس تالاب سے ملک کو بے حد زراعتی اور معاشی فوائد حاصل ہوں گے۔ اسی سلسلہ میں اِن نہروں کا بھی ذکر کیا جاسکتا ہے جن سے ملکی زراعت کو ترقی ہو رہی ہے۔ اس طریقہ تعلیم سے طلباء کو ایک طرف قدرت سے محبت ہو گی جو اُن کی اس عظیم ترین ضرورت کی سربراہی کرتی ہے تو دوسری طرف اپنے بادشاہ وقت سے بھی جس نے اپنی پدرانہ شفقت سے اپنی عزیز رعایا کو اس قدرتی نعمت سے بہرہ اندوز ہونے کے کافی مواقع بہم پہنچائے ہیں۔

کم عمر بچے بارش کے ختم پر پیر پر مٹی جما کر چڑیوں کے گھونسلے بناتے ہیں۔ اور بعض بچے چکنی مٹی کے بیل وغیرہ تیار کرتے ہیں۔ وہ یہ دیکھتے ہیں کہ گھونسلے تو جلد سوکھ جاتے ہیں مگر بیل جلد نہیں سوکھتے۔ ان کی ذاتی معلومات اور مشاہدہ کی بنا پر بذریعہ نقشہ یہ بتایا جاسکتا ہے کہ ہمارے ملک میں پہاڑوں کے درمیان زمین ہے جو دو اقسام پر مشتمل ہے۔ ایک تو وہ جس سے کم عمر طلباء چڑیوں کے گھونسلے تیار کرتے ہیں اور ایک وہ جس سے بیل بناتے ہیں۔ طلباء اس امر کا خود اندازہ کر لیں گے کہ کس قسم کی زمین کو زیادہ پانی کی ضرورت ہے۔ اور کس کو کم۔ اب مدرس کو چاہیئے کہ تختۂ سیاہ پر ملک کا خاکہ اُتارے اور اُس کو دو برابر حصوں پر تقسیم کرے۔ مرہٹواڑی کا حصّہ

سبز چاک سے ظاہر کیا جائے اور تلنگانے کا زرد چاک سے۔ اگر طلباء کو موٹا خاکی کاغذ اور رنگین چاک کے ٹکڑے دیے جائیں تو وہ بھی مُدرس کی تقلید کر سکتے ہیں۔ اس سے طلباء میں دلچسپی اور کام میں سہولت پیدا ہو گی۔ اس موقع پر عملی تجربہ کی بنا پر مرھٹواڑی اور تلنگانہ کی زمین کے فرق کو اچھی طرح طلباء کے ذہن نشین کر دیا جائے۔ اس فرق کے صحیح علم پر گھر کے جغرافیہ کا بہت بڑا حصہ نسبتاً کم وقت اور کم محنت سے حاصل ہو سکتا ہے

آب و ہوا جغرافی حالات (Geographical Conditions) میں طبعی حالات کو جو اہمیت حاصل ہے آب و ہوا کو اس سے زیادہ حاصل ہے۔ اس لئے کہ قدرتی ساخت کا مدار بالکلیہ آب و ہوا پر ہے۔ چونکہ ہمارا ملک سطح مرتفع ہے جس کی بلندی تقریباً ۱۰۰۰ فٹ سے ۲۰۰۰ فٹ تک ہے اور جو آب و ہوا کو معتدل بنانے کے لئے کافی ہے۔ اس لئے یہاں کی آب و ہوا بسہولت سمجھائی جا سکتی ہے۔ طلباء یہ جانتے ہیں کہ گرما کے موسم میں وھابوں یا کھلے بنگلوں پر سونے سے زیادہ گرمی نہیں ہوتی۔ ان کے اس علم سے فائدہ اُٹھا کر مدرس یہ بتا سکتا ہے کہ ہمارا پورا ملک بمنزلہ ایک بلند بنگلے کے ہے اس لئے یہاں گرمی اور سردی میں شدّت نہیں بلکہ اعتدال ہے۔ اسی ضمن میں تبخیر کا عمل کیا جا کر (جو ایک چائے کی پیالی اور ایک برف کے ٹکڑے سے ہو سکتا ہے) بارش کا تصور دلایا جائے اور کھلے میدان و گھنے جنگل کی بارش کا مقابلہ کر کے تلنگانہ اور مرھٹواڑی کی بارش کا تناسب طلباء کے ذہن نشین کیا جائے۔ اور بتایا جائے کہ تلنگانہ میں جنگلات کی کثرت کے باعث نسبتاً مرھٹواڑہ سے زیادہ بارش ہوتی ہے اور یہ انتظام قدرت ہے کیونکہ تلنگانہ کی زمین رتیلی ہونے کی وجہ سے یہاں کی زمین کو زیادہ پانی کی ضرورت ہے۔ برخلاف اس کے مرھٹواڑہ کی زمین سیاہ اور چکنی ہے اس لئے اس کو کم بارش کی ضرورت ہے۔ یہی وجہ ہے کہ تلنگانہ میں بڑے بڑے تالابوں کی بہتات ہے تاکہ ان میں بارش کا پانی محفوظ کیا جا سکے۔ طبعی حالات اور آب و ہوا پر خاص زور دے کر از سر نو تلنگانہ اور مرھٹواڑہ کے جملہ حالات کا مقروفی طریقہ سے مقابلہ کر کے بتایا جائے کہ تلنگانہ میں جتنے اضلاع ہیں وہ بلحاظ اپنے طبعی حالات۔ آب و ہوا۔ پیداوار

اور صنعت و حرفت کے ایک دوسرے کے مشابہ ہیں۔ اور یہی حالت اضلاع مرھٹواڑہ کی ہے۔ پس صرف تلنگانے یا مرھٹواڑہ کے جملہ جغرافی حالات کا جاننا مرادف ہے ان کے جملہ اضلاع کے جغرافی حالات کے جاننے کے۔ یہی طریقہ خطہ واری طریقہ کہلاتا ہے جس کی ماہرین جغرافیہ پر زور سفارش کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ تعلیم جغرافیہ اس طریقہ سے نہ صرف صحیح اصول سے حاصل ہوتی ہے بلکہ سہل الحصول ہو جاتی ہے اور یہ واقعہ ہے۔

پیداوار | پیداوار میں زرعی، معدنی، نباتی اور حیوانی ہر چہار شامل ہیں۔ ان کو بھی طلباء کے مشاہدہ اور تجربہ کی مدد سے پڑھایا جائے۔ چونکہ یہ چاروں چیزیں ملکی دولت کے منبع ہیں اور ان کی ترقی پر ملک کی ترقی کا بہت کچھ انحصار ہے لہذا دوران تعلیم میں طلباء میں اس قسم کا جوش پیدا کیا جائے کہ وہ بڑے ہو کر اُن کی افزونی میں بہرہ وافر لیکر خود کو اور ملک کو فائدہ پہنچائیں۔

طلباء عام طور پر کھانے پینے کی وہی چیزیں استعمال کرتے ہیں جو ہمارے ملک میں پیدا ہوتی ہیں۔ ان سے دریافت کیا جائے کہ وہ اجناس اور میوہ جات میں کیا کیا استعمال کرتے ہیں۔ وہ بہت سے اجناس مثل جوار، چاول، باجرہ اور گیہوں وغیرہ کہیں گے اب اُن سے کہا جاسکتا ہے کہ یہ ہمارے ہی ملک کی پیداوار ہے اس لئے ہم ان کو استعمال کرتے ہیں۔ اس کے بعد جب کبھی ان سے زرعی پیداوار پر سوال کیا جائے گا تو بجائے اس کے کہ وہ اپنے حافظہ پر بار ڈالیں یہ سوچ لیں گے کہ وہ کون کونسی اشیاء استعمال کرتے ہیں اور اس کے بعد ہی وہ ان اجناس کے نام بے کم و کاست گنوادیں گے اضلاع کے طلباء کو مختلف قسم کے اناج کے کھیت دیکھنے کا اتفاق ہوتا ہے اور یہ کہ کھیتوں کے متعلق ان کو کچھ علم بھی ہوتا ہے۔ ان کے اس علم کی روشنی میں زرعی پیداوار کی خاصی توضیح کی جاسکتی ہے۔ اسی سلسلہ میں تلنگانہ اور مرھٹواڑہ کی پیداوار کا فرق معہ وجوہ بتایا جائے۔ طلباء سے پیداوار کے دو نقشے تیار کروائے جائیں۔ ایک میں عام پیداوار ہو اور دوسرے میں خطہ واری۔ طلباء مختلف اجناس گوند سے نقشوں پر لگائیں اور ان نقشوں کو مثل اور نقشوں کے اپنے رہائشی کمرہ میں آویزاں کریں۔ ہماری سرکار نے

زراعت کو ترقی دینے اور اہل زراعت کی معاشی حالت کو درست کرنے کے لئے جو جو کام کئے ہیں مثل قیام محکمۂ زراعت و انجمن ہائے زرعی۔ ذرائع آبپاشی کا اجرا تقسیم تقاوی اور زراعتی تجربوں کا ذکر کرکے طلبار کے دلوں میں اس پیشہ کی محبت کا بیج بویا جائے تاکہ وہ اپنی آئندہ زندگی میں اس کثیر المنفعت پیشہ میں بطیب خاطر حصہ لے سکیں۔

یہ امر اظہر من الشمس ہے کہ انگلستان کی ترقی کا راز اس کے لوہے اور کوئلہ کے معادن میں مضمر ہے۔ ہمارے ملک میں بھی ان قدرتی خزانوں کی کچھ کمی نہیں۔ اگر کمی ہے تو صرف اس بات کی کہ باشندگان ملک ان قدرتی دفینوں کی ضرورت سے لاپرواہیں۔ یہ بات حضرات مدرسین کے فرائض میں داخل ہے کہ ملک کی معدنیات سے کماحقہٗ فائدہ اٹھانے کا شوق اپنے زیر تعلیم طلبار کے دلوں میں ابتدا ہی سے پیدا کردیں۔ جب یہ نونہال پروان چڑھیں گے تو یہ ابتدائی شوق ضرور رنگ لائے گا۔ معدنیات کی تعلیم بھی زرعی پیداوار کی تعلیم کے طریقہ پر دی جاسکتی ہے مثلاً لوہے اور تانبے کے برتن اور انجن کے کوئلے وغیرہ پر سوالات کرکے بتایا جاسکتا ہے کہ یہ دھاتیں بھی ہمارے ہی ملک کی پیداوار ہیں۔ مقوّلے پر ضلع داری دھاتوں کا نقشہ اتارنا اور اتروانا فائدہ اور دلچسپی سے خالی نہیں۔

صنعت وحرفت جغرافیہ دان حضرات کو یہ بخوبی معلوم ہے کہ انگلستان میں جو غلہ پیدا ہوتا ہے اگر وہاں کے باشندے اس کو استعمال کریں تو وہ بمشکل ایک ہفتہ کفایت کرے گا بس ظاہر ہے کہ انگلستان کی دولت کا راز اس کی زراعت میں نہیں بلکہ اس کی مصنوعات میں ہے۔

آج کل طلبار کریم نگر کی چاندی کی اور بیدری گنڈیاں استعمال کر رہے ہیں۔ عیدین اور تہوار کے زمانے میں جامہ وار۔ ٹسر اور ریشم کے کوٹ اور شیروانیاں پہنتے ہیں اضلاع کے طلبار ناندیڑ کے مسلے۔ مختلف مقامات کے کمبل اور سوتی کپڑا استعمال کرتے ہیں۔ ان کے ذاتی تجربہ کو کام میں لاکر مدرس یہاں کی صنعت کی شہرۂ آفاق شہرت سے طلبار کو واقف کرکے ان کو ملکی صنعت کے فروغ کی طرف مائل کرسکتا ہے۔ ضلع داری مشہور مصنوعات کا نقشہ مختلف مصنوعات کے ٹکڑے چسپاں کرکے تیار کروایا جائے تاکہ

مصنوعات کا صحیح تصور طلباء کے ذہن نشین ہو جائے۔ اور یہ نقشہ بھی مدرسہ اور ان کے رہائشی کمرہ میں آویزاں رہے۔ اس موقع پر محکمۂ صنعت و حرفت کی کارگذاریوں کا ذکر بھی ہو۔

تجارت | طلباء کی سابقہ معلومات کی مدد سے انہیں یہ بتایا جائے کہ انسان کے پاس جو چیز نہیں ہوتی وہ دوسروں کے پاس سے لیتا ہے اور جو چیز ضرورت سے زیادہ ہوتی ہے وہ معاوضہ کے ساتھ دوسروں کو دیتا ہے۔ اسی اصول کے تحت ہمارے پاس سے غلہ۔ کپاس اور کھال وغیرہ باہر جاتے ہیں اور باہر سے موٹر، سیکل۔ انجن پہننے کے کپڑے۔ آرائش کا سامان۔ اور نوشت و خواند کی چیزیں ملک میں آتی ہیں۔ مناسب ہوگا کہ مقامی حالات کے لحاظ سے طلباء کو اسٹیشن لے جا کر سامان کے درآمد و برآمد کا عینی مشاہدہ کروایا جائے۔ اب چونکہ ملک کے اکثر حصوں میں ریل جاری ہو چکی ہے اس لئے اس پر عمل کرنا بعید از قیاس نہیں معلوم ہو سکتا۔ اسی سلسلہ میں اندرونی اور بیرونی تجارت کا تصور دلانا بے محل نہ ہوگا۔

ذرائع آمد و رفت | طلباء ایک گاؤں سے لے کر دوسرے گاؤں کو یا ایک ضلع سے دوسرے ضلع کو جاتے ہیں۔ بہت کم طلباء ہوں گے جنہوں نے تھوڑا بہت سفر نہ کیا ہو۔ اکثر طلباء تو بنڈیوں اور کھاچروں میں سفر کر چکے ہیں۔ اس وقت مدرس بجائے تختہ سیاہ پر ریلوے لائین اتارنے کے کسی ایک اپنے یا اپنے عزیز کے سفر کا تجربہ بیان کرے۔ دوران بیان میں اس لائین کو بھی نقشہ پر اتارتا جائے جس کے ذریعہ سفر کیا گیا ہے۔ اور اس پر کے مشہور مقامات درج کرتے جائے۔ اسی طرح جملہ ریلوے لائینوں کا ذکر ہو اور ان کو تختہ سیاہ پر اتارا جائے۔ طلباء اپنی اپنی بیاضوں میں اُستاد کی تقلید کریں۔ موجودہ زمانہ میں اس خصوص میں جو حیرت انگیز ترقی ہوئی ہے اس کا ذکر نہایت ضروری ہے کیوں کہ اس سے ملک کی معاشی حالت میں ترقی ہو رہی ہے اور آئندہ خاصی ترقی کی توقع ہے۔

تربیتِ دماغ اور ورزشِ جسمانی

یہ بسیط مضمون "ہاو تو" جلد دوم، باب دہم، صفحہ ۱۲۰ کا ترجمہ ہے۔
فاضل مصنف نے، اس باب میں، دماغی و جسمانی قویٰ کی تربیت کے موضوع سے نہایت تفصیل و تنقید کے ساتھ بحث کی ہے۔ نیز اُن کے وسائل کو جس عالمانہ انداز میں بیان کیا ہے وہ اسی کا حصہ ہے۔ مصنف نے موضوعاتِ وسائل ورزشِ جسمانی نقاشی و موسیقی اور علمی و فنی تکمیل اور دستی مشاغل قرار دئے ہیں جو عہدِ حاضر کے مذاق اور میلانات کے اعتبار سے جاذبِ توجہ ہیں۔ مضمون زیرِ عنوان کا پیرایۂ بیان دلکش اور ماہرانہ اسلوب کا حامل ہونے کے لحاظ سے قابلِ مطالعہ ہے۔

(متین)

ہمارا دماغ ایک چراغ کی مانند ہے جو ہماری زندگی کو روشن کر دیتا ہے۔ اس اعتبار سے جو لوگ دماغی امراض میں مبتلا ہیں، وہ دیوانوں اور احمقوں کی مانند بڑے ہی بدنصیب اور قابلِ رحم ہوتے ہیں! اس میں شک نہیں کہ اس چراغِ جسم کو روغن کی ضرورت ہے، اگر ہم اس میں روغن نہ ڈالیں گے تو وہ ذرا سی دیر میں ٹمٹما کر بجھ جائے گا ..... تعلیم و تدریس ایک طرف سے ہمارے دماغی قویٰ کو کام میں لگاتے اور اُن کی پرورش کر کے درجۂ کمال پر پہنچاتے ہیں۔ لیکن دوسری طرف سے اُن قویٰ کو بھی جو بمنزلۂ روغنِ چراغ کے ہیں کام میں لایا جاتا ہے۔ اگر ہم اِس کی جگہ پُر کر کے اُن قویٰ کی تعمیر نہ کریں گے تو بہت جلد ہمارا جسم ناتواں اور علیل ہو کر ہمارے چراغِ عمر کو گل کر دے گا۔

اسی خیال کے مدِ نظر، اگر ہم اپنے دماغ کو تر و تازہ رکھنا چاہتے ہیں تو اُس کا روغن ختم اور اُس کی قوت گھٹنے نہ دیں۔ ہمیں اس کو قوت پہنچاتے رہنے، اُس کے روغن میں روز بروز اضافہ کرنے، اُس کی چرخیوں سے واقف ہونے اور اُن میں روغن لگانے کی سخت ضرورت ہے اور یہ اُسی صورت میں ممکن ہے جب کہ ہم ذیل کے وسائل اختیار کریں۔

۱۔ ورزش جسمانی | دماغی قویٰ کا نشو ونما بغیر قوائے جسمانی کی ترقی کے ممکن نہیں۔ اس وجہ سے کہ تعلیم وتعلّم ایک نوع کی دماغی ورزش ہیں اور یہ ورزش بغیر کامل ورزش جسمانی کے ناممکن کو بے فائدہ ہے۔ اس نقطہ نظر سے ہم حفظِ صحت، نگہداشت اور جسم کو تقویت دینے کے شرائط کی رعایت کے ذریعہ ہی قوائے دماغی کی حفاظت کر سکتے اور اس صرف شدہ روغن کی وساطت سے اُن کو قائم بھی رکھ سکتے ہیں۔ اعضاء یا جسمانی قویٰ بمنزلہ قوائے دماغی کے خدمت گزاروں کے ہیں۔ حکومت کرنا، حکم لگانا اور حکم دینا انہی سے متعلق ہے اور ان احکام کی اطاعت اور ان کی بجاآوری کا تعلق بھی قوائے جسمانی سے ہے۔ لحاظ اس خیال کے جس قدر ہمارے جسمانی قویٰ مضبوط، قابلِ کار، چست، تندرست اور توانا ہوں گے اُسی قدر ہمارے دماغ سے احکام و اوامر بہتر اور زود تر جاری ہو کر دماغ کی قوت وسنجیدگی میں اضافہ کریں گے اور یہ طبیعی خاصہ ہے کہ ایک ایسا دماغ فہمِ مطالب اور حفظ معلومات میں زیادہ قابل ہوتا ہے۔

اس صورت میں تربیتِ جسمانی یعنے ورزش (جیمناسٹک، اسپورٹس اور اقسام اقسام کے کھیل) اور صحت جسمانی کی حفاظت، قوائے دماغی کی نشو ونما اور تعلیم وتدریس کی تسہیل کے ساتھ تعلق ہی نہیں رکھتی بلکہ اس کا لازمہ ہے۔

ہم نے ایسے بہتیرے عقلمند اور ارباب علم وفضیلت اشخاص دیکھے ہیں جن کے وجود سے ہماری قوم کو ذرہ برابر بھی فائدہ نہیں پہنچا۔ حالانکہ ان کے لئے بہت آسان تھا کہ وہ اپنے علم و دانش سے فائدہ اُٹھاتے! وہ ہمیشہ گوشہ نشین، سُست، آرام طلب اور احدی بندے رہے ہیں۔ اُن کے دماغی قویٰ از حد کام کئے ہوئے، بہت سی باتیں اور معلومات اخذ وحفظ کئے ہوئے لیکن بے انتہا تھکے ہوئے ہوتے ہیں، گویا کہ وہ زندہ نہیں ہیں، بات کرنے کی بھی قوت نہیں رکھتے، اکثر اوقات بیمار، بے سکت، ڈرپوک، پریشان، نااہل، زبوں حال اور عاجز نظر آتے ہیں!..... وہ کیوں ایسے ہو گئے ہیں؟ اس سبب سے کہ انہوں نے اپنے قوائے دماغی کو غیر معمولی اہمیت دے کر علوم و فنون کے حاصل کرنے میں زحمت اُٹھائی، قوائے دماغی کو کام میں لگا کر ان کو حد سے زیادہ

صرف کیا اور حفظِ صحت کا مطلق خیال نہ رکھا۔ یہی وجہ ہے کہ اُن کا مزاج نادرست ہو کر قوتِ تحلیل ہو گئی۔ افیون کی خانمان سوز بلا، جو نسلِ ایران کی قومیت کے درخت کو لپیٹ کر اُس کو جڑ سے اُکھیڑ رہی ہے، اس دلخراش حالت کے پیدا کرنے کا بڑے سے بڑا سبب ہے ایران میں، میری نظر میں ورزشِ جسمانی کی ترویج افیون کا استعمال ترک کر دینے کے لئے بہترین علاج ہے۔

اس طرح کے لوگ جس قدر بھی عالم، فاضل اور کامل ہوتے ہیں اُن سے کس نوع کے فائدہ کی توقع ہو سکتی ہے۔ کونسی ذہنی قوت کا جس کا فعل و عمل سے قریبی تعلق ہے، اُن میں پتہ چلایا جا سکتا ہے۔ عمل و اقدام اُن سے بعید ہے، عزم، ارادہ، متانت اور شخصی استقلال کا بھی اُن کے ساتھ بہت کم تعلق ہے۔ یہ لوگ باعتبارِ زندگی مُردہ ہیں۔ ان میں نادان آدمیوں کی طرح بھی کام کی قابلیت اور زندہ دلی نہیں ہوتی جس سے اپنی قوم اور نفس کی خدمت کر سکیں۔

ورزشِ جسمانی اور حفظِ صحت کے فوائد اُن سے بہت زیادہ ہیں جن کو یہاں بیان کیا جا سکتا ہے۔ ممالک یورپ میں مدارس کے لئے حفظانِ صحت اور ورزشِ جسمانی سے متعلق خاص خاص کتابیں تالیف اور شائع کی گئی ہیں! بڑی بدقسمتی کی بات ہے کہ ہمارے ملک میں جو چند قدم خطا اور کجی کے ساتھ تعلیم کی راہ میں اُٹھائے گئے ہیں، اس مسئلہ سے لازمی طور پر اعتنا نہیں کی گئی اور نہ اب تک بھی کی جاتی ہے۔ حالانکہ یہ ایسا مسئلہ نہیں جس کے سمجھنے کے لئے اہلِ یورپ کی کتب کی محتاجی ہو۔ یہ ضرور ہے کہ جب تک ہم نے اُن سے نہیں سُنا۔ ان کے فائدوں سے واقف نہ ہو سکے۔ یہ دلیل بہت روشن اور واضح ہے، کیا آپ نے نہیں دیکھا ہے کہ جس وقت ہمارا دماغ زیادہ کام کر کے تھک جاتا ہے تو کسی شئے کے فہم و ادراک پر قادر نہیں ہوتا، لیکن، جونہی ہم نے چند گھنٹے تفریح میں گزار دئے یا کھیل میں مصروف رہ کر اپنے دماغ کو فرحت دینے میں مشغول ہو گئے تو فوری ہمارا ذہن صاف اور روشن ہو جاتا ہے اور اس سے ہمارا دماغ تر و تازگی حاصل کرتا اور سخت و پُر زحمت مطالب کا سمجھنا ہمارے لئے آسان ہو جاتا ہے؟ کیا یہ دخل جو

ایران کے اکثر شہروں میں ہیں باوجود اس کے کہ وہاں ابھی حفظان صحت کے شرائط مقرر نہیں ہیں پھر بھی کچھ کم خدمت کر رہے ہیں؟ ہمارے خیال میں ان کو متروک قرار دینا یا اُن سے مانع نہ ہونا چاہیئے بلکہ ان میں اصلاح کرنا اور ان کی نسبت شوق دلانا چاہیئے۔

پھر آپ خود دیکھیں گے، اگر مدرسہ یا بیرون مدرسہ فن تربیت کے قواعد کے مطابق حفظ صحت اور ورزش جسمانی کے شرائط کی رعایت اور اُن کی جانب توجہ کی جائے گی تو ہمارے فرزندوں اور نونہالوں کا کس قدر فائدہ ہوگا!

یہ بات بدیہی ہے کہ یہ شخصی افادہ نتیجہ میں بہت کچھ نوعی و اجتماعی فوائد رکھتا ہے وہ قوم جس کے افراد — خاصکر اس کے اہل علم اور نوجوان — مخصوص جسمانی قوت اور کامل صحت کے مالک ہوتے ہیں، وہ قوم جو مقدرات کو سنوارنے میں بھی قوت و متانت کی مالک ہوتی ہے، وہ قوم جو کسی وقت مغلوبیت و محکومیت کی زیر بار نہیں ہوتی؛ وہ قوم جو جبر قہر کے مقابل اپنی آزادی و استقلال کو ہاتھ سے نہیں کھو بیٹھتی؛ اس کا ہر ہر فرد اس کی غاظت کے لئے ایک بہادر اور ایک زبردست قہرمان ہوتا ہے وہ باعزت و شرف موت کو تنگی، قید اور ذلت پر ترجیح دیتا ہے۔

ایسے ہی افراد، اپنی قوم کے لئے ایک ماہر اور فرض شناس لشکر تیار کر دیتے ہیں جن کی قوت قلب، جرات و شجاعت، زحمتوں اور مصیبتوں کا حقیر سمجھنا، عزم و ارادہ اور ثابت قدمی و استقامت اس قوم کی ظاہری خصلتیں ہوتی ہیں۔

ایسی ہی قوم ہرگز نہیں مرتی، ہرگز دیگر اقوام و ملل میں تحلیل و مضمحل ہو کر فنا نہیں ہوتی اس کی کمر ہمت ہرگز نہیں ٹوٹنے پاتی اور ہرگز اس کی پشت زمین پر نہیں آ رہتی۔ ایسی ہی قوم دیگر اقوام کے مقابل کشادہ پیشانی، بخندہ دلی، درخشاں رخساری اور نگاہی سحر آمیزی کے ساتھ استادہ ہو کر اپنے آپ کو ان کا ہمسر و ہمدوش بنا دیتی ہے!

جرمانی قوم ایک ایسی ہی قوم کا نمونہ ہے اور یہ اس کا تفوق، جسمانی ورزشوں کا باعث ہے جنہیں (۱) اولاً اس نے تمام مدارس میں لازمی قرار دیا ہے اور (۲) ثانیاً قومی انجمنوں اور ورزشی اکھاڑوں کی طرف سے ہر جگہ عام طور پر ان کی تعلیم ہوتی ہے۔ محاربہ عظیم کے

بعد سے خاص خاص اخباروں، کتابوں، تاریخی و فنی فلموں، کھیلوں کے جاری رکھنے کا شوق دلاتے ہیں۔

ہمارے خیال میں ہر شخص جو ذرہ برابر بھی علم سے واقفیت رکھتا ہوگا وہ ان مطالب کے پڑھنے کے بعد ممکن ہی نہیں کہ حفظان صحت اور ورزش جسمانی کے فوائد سے انکار کرے۔ ہمارے ملک کے مدارس اس باب میں نہایت سخت اور اہم فرض رکھتے ہیں، کیونکہ انہوں نے ایک طرف سے ایران کی جدید نسل کی تربیت کا ذمہ لیا ہے اب ملک کو (جہالت کے پنجے سے) نجات دلانے کے لئے بزرگ، بلند ہمت اور جبری افراد کو تیار ہو جانے کی ضرورت ہے اور دوسری طرف سے کوئی وجہ نہیں کہ ہمارے گھر قواعد تعلیم و تربیت سے ناواقف ہیں اور بچوں کو مدرسہ میں داخل ہونے سے پہلے اس فضا میں، جو حفظ صحت اور فن تربیت کی مخالف ہے، بڑا ہونے دیں یہی وجہ ہے کہ بچے مدرسہ داخل ہونے کے وقت حقیقتہً کامل تندرستی سے محروم اور اکثر علیل و بیمار، لاغر و ناتوان ہوتے ہیں، ہمارے مدارس کو اس مسئلہ پر زیادہ وقت صرف کرنے اور ورزش جسمانی کے ذریعہ، خاص توجہ نگرانی کے ساتھ بچوں کی اصلاح حال کا خیال رکھنے نیز ان کے جسمانی ترقی کی جانب خاص طور پر توجہ کرنے کی ضرورت ہے ..... اس وجہ سے کہ ہمارے مدارس کا فرض دیگر اقوام کے مدارس کی بہ نسبت دوچند ہے اور ہر ایک ان مدرسوں میں سے جن کو اس فرض کے ادا کی توفیق ہوئی ہے اپنی قوم اور ایران کی آیندہ قسمت سے متعلق خدمت بھی دوگنی اور اس سے بھی زیادہ ہو گی۔

لیکن اس فرض کی انجام دہی کا طریقہ، بدقسمتی سے ہم یہاں مدارس کے حفظان صحت کے قواعد اور ورزش جسمانی کے اصول کو تفصیل کے ساتھ بیان نہیں کر سکتے، ان دونوں مسائل (میں سے ہر ایک) کے لئے اس فن سے متعلق ایک مبسوط کتاب درکار ہے۔ جو ماہرین فن ہی کی جانب سے لکھی جانی چاہیئے ہم اس کے یہاں دو تین ہی نکات بیان کریں گے۔

اولاً۔ تشکیلاتِ مدرسہ، مجلسِ انتظامی اور معلمین کو اس امر کی ضرورت ہے کہ وہ تندرستی اور حفظِ صحت کا سرتاپا نمونہ ہوں۔ جس مدرسہ کی عمارت تنگ و تاریک اور اس کے کمرے اصولِ حفظِ صحت کے مطابق نہ ہوں اور وہ چمن، ستھرا پانی اور پاک و صاف آب و ہوا سے محروم ہو اور اس کے ہر ہر گوشہ میں تعفن اور بدبو پھیل رہی ہو، ممکن ہی نہیں کہ اس میں تندرست، طاقت ور اور ذی فہم بچوں کی تربیت ہو سکے۔

ایسے صدر مدرسین، منتظمین اور معلمین ہمیشہ بیمار اور لاغر رہتے ہیں جو صفائی اور پاکیزگی کو اہمیت نہیں دیتے اور اپنے آپ کو کثیف حالت میں رکھتے ہیں۔ ان کا لباس ناصاف ہوتا ہے، ان کے سر اور چہرہ سے پاکیزگی سلیقہ مندی اور صفائی ظاہر نہیں ہوتی۔ ان سے بچوں کو حفظِ صحت کے شرائط بجالانے پر مجبور کرنا نہیں ہو سکتا۔ . . . ان کو کلمۂ صحت و صفائی کے ورد سے شرم کرنا اور بچوں کے سامنے خجلت زدہ ہونا چاہیے ان سے جس قدر جلد ممکن ہو اپنے آپ کو صفائی و پاکیزگی کا نمونہ ثابت کر دکھانا چاہیئے یا اس مقدس ذمہ داری کے بارگراں کو اپنے کاندھوں سے اتار دینا چاہیئے! . . . . . .

ثانیاً۔ بچوں کو عملی نمونوں اور محسوس مثالوں کے ذریعہ صفائی و صحتِ جسمانی کے فوائد سے واقف کرانا چاہیئے، پند و نصیحت، یا تہدید و جبر کے ذریعہ نہیں۔ ان کو صحت و صفائی کے شرائط پر عمل کرنے کا ہر وقت خواہ گھر ہو یا گھر کے باہر عادی بنانا چاہیئے؛ ہر موقع و فرصت میں، نمونوں اور مثالوں کے ذریعہ ان شرائط کا ذکر کر کے ان کے رقابت، غرور اور خودداری کے جذبات اکسانے چاہئیں۔

ثالثاً۔ ورزشِ جسمانی کو تمام مدارس میں رائج کرنا چاہیئے۔ ایران کی وزارتِ تعلیم کا فریضہ ہے کہ وہ تمام مدارس کے نظامِ تعلیم میں اس کو جبری اور لازمی قرار دے۔

البتہ یہ ورزش ایسے اشخاص کے ذریعہ سکھنی چاہیئے جنہوں نے اس فن میں کمال حاصل کیا ہے۔ چونکہ یہ ورزش حفظِ صحت کے قواعد سے متعلق ہے اور اس میں بچوں کے جسم اور مزاج کا بھی لحاظ رکھنا پڑتا ہے؛ اس لئے ضرورت اس امر کی ہے کہ [illegible] خاص خاص معلمین کو جو اس فن میں کافی مہارت رکھتے ہیں اس کی تعلیم سپرد کی جا

ہمارے ملک کو معلمین کی درسگاہوں کی جس قدر ضرورت ہے اُسی قدر ہمیں ورزش جسمانی کی ایک خاص تعلیم گاہ کی بھی سخت ضرورت ہے۔ جس مدرسہ میں ورزش جسمانی کا انتظام نہ ہو اُس مدرسہ کی تعلیم سے اُمید خیر نہ رکھنی چاہیئے۔ جب تک کہ ورزش جسمانی کی تعلیم خاص خاص وسائط و آلات کے ذریعہ کسی معلم خصوصی کے تفویض نہ کی جائے گی اس ورزش سے کوئی فائدہ بھی نہ ہوگا۔

ورزش جسمانی کے علاوہ، تھوڑی سی ورزش اسباق، اعمال، کھیل اور دستی مشاغل کے دورانِ تعلیم میں لازمی طور پر ہونی چاہیئے تاکہ ہمیشہ قوائے دماغی اور قوائے جسمانی کے درمیان تناسب و توازن قائم رہ کر دماغی قویٰ سے خستگی دفع ہو۔

۲۔ نقاشی و موسیقی | نقاشی کی مشق سے یہ مقصد نہیں کہ ہم طلبہ کو نقاش بننے کے لئے تیار کریں، ان کو نقاشی کی تعلیم دیں اور اس فنِ لطیف کے قواعد سکھلائیں، بلکہ نقاشی کی مشق سے ہمارا مقصد خطوط کھینچنے، سادہ اور آسان چیزوں کے اجزا کی نقل اُتارنے کی تعلیم ہے۔ اس لئے کہ بچے کے لئے ذہنی اور دستی مشغولیت بھی فراہم ہو اور اُس کے ہاتھ اور اُنگلیاں بھی تقویت حاصل کریں۔ اگرچہ تعلیم خط "خوشخطی اور اطار کی عمدگی سکھلانے میں فائدہ دیتی ہے، لیکن نقاشی کی مشق کے فوائد نہ صرف خوشخطی میں بلکہ قوائے دماغی اور دلی جذبات کی تربیت میں ممد ہونے کے اعتبار سے بھی بڑھے ہوئے ہیں۔

جس طرح "تقلید اصوات" نوع انسانی کی قوت ناطقہ اور اُس کے متکلم ہونے کی بنیاد ہے، اُسی طرح "تقلید صُوَرِ اشیاء" بھی خط و کتابت کی بنیاد رہی ہے۔ ابتدائے آفرینش میں انسان نے تکلم اور کتابت کو اسی طریق پر یعنے تقلید اصوات اور تقلید صُوَرِ اشیاء کے ذریعہ سیکھا اور تھوڑی بہت زبان اور کتابت اظہارِ مطالب کے لئے تیار کی ہے۔

اس لحاظ سے تقلید اصوات کی قدامت اختراعِ تکلم سے اور تقلید صورِ اشیاء کی اختراعِ خط سے ثابت ہے۔ یہ حالت وحشی اقوام کے درمیان اب تک بھی دیکھی گئی ہے جس طرح ہم نے گزشتہ فصلوں میں ذکر کیا ہے، بچے بھی اس حالت کے بہترین نمونے

ہوتے ہیں۔ اس طبعی قانون کے مطابق، بچے فطرۃً تصویر بنانے اور ہر ایک چیز کی شکل اُتارنے کو بہت دوست رکھتے ہیں چنانچہ ہم نے بارہا دیکھا ہے جب ایک ربڑ اور پنسل ان کے ہاتھ لگ جاتی ہے تو وہ فوراً کاغذ پر لکیریں کھینچنا شروع کر دیتے ہیں!

وہ اِس جذبۂ تقلید سے جو اُن کی طبیعت میں ودیعت کیا گیا ہے محض ناواقف ہوتے ہیں۔ . . . . . اس سے پہلے ہم نے بیان کیا ہے کہ حروفِ الف بار کی آواز اور اسی طرح اِن (حروف) کی شکلیں بچّوں کے لئے بالکل نئی اور عجیب چیزیں ہوتی ہیں چونکہ وہ بظاہر ایک آواز اور ایک چیز میں کسی قسم کی مشابہت نہیں دیکھتے ہیں اور نہ سُنتے ہیں یہی وجہ ہے کہ الف بار سیکھنا اُن کے لئے بہت دشوار ہو جاتا ہے۔ اسی لحاظ سے بات شروع کرنے سے پہلے بچّہ جیسے جیسے ایک عرصہ تک آوازوں کی تقلید کرتا جاتا ہے ویسے ویسے اُس کی زبان تھوڑی بہت کھل جاتی ہے اور اُس کے کان بھی مدد دیتے ہیں اس کے بعد وہ ایک ایک لفظ کی نقل شروع کر دیتا ہے۔ اسی نقطۂ نظر سے خط اور املا شروع کرنے سے پہلے ایک عرصہ لکیریں اور شکلیں اُتارتے اور اپنی اُنگلیوں سے کام لیتے رہنے کی ضرورت ہے۔ چونکہ الف بار میں لکھنا اور پڑھنا ایک ساتھ ہونا چاہیئے اور ان کو ایک دوسرے سے الگ نہیں کیا جا سکتا۔ اس لئے تعلیم خط اور مشقِ نقاشی بھی اس معنے کے اعتبار سے جس کو ہم نے اوپر بیان کیا ہے الف بار کے ساتھ ہی شروع کر دینی چاہیئے۔

چونکہ تعلیم خط اور مشقِ نقاشی کے ذریعہ فوائد مطلوبہ حاصل ہوتے ہیں اس لئے ذیل کی شرائط کی پابندی ضروری ہے:۔

اوّل ــــ ان دو مشقوں میں سے کسی ایک کو لازمی و جبری قرار نہ دیا جائے۔ اور خاصکر نقاشی کی مشق میں قواعد و اصول کی پابندی نہ کی جائے اور جو شکلیں دی جائیں وہ درس مقررہ سے نہ ہوں۔

دوم ــــ تعلیم خط میں، سرمشق (سلپ کاپیوں) سے مراد ایسے الفاظ نہ ہوں جنہیں بچّوں نے نہ پڑھا ہو یا اُن کے معنے نہ جانتے ہوں۔ ایسے الفاظ کی نقل کرنا جن کے معنوں سے بچّے ناواقف ہوتے ہیں اُن کے دماغ کے لئے بڑا سنگین بار ہے۔

سوم ۔ تعلیم نقاشی بہت سادہ لکیروں سے (مثل ایسی لکیروں کے جو دائیں بائیں، اوپر سے نیچے کو اور ایک گوشے سے دوسرے گوشہ میں کھینچی جاتی ہیں) شروع کرنی چاہیئے۔ معلّم کی ساری کوشش اس بات کے لئے صرف ہو کہ بچے شوق و دلچسپی کے ساتھ کھیل کے طور پر اس کام میں مشغول رہیں یعنے اُن کو مشق کرنے میں پوری آزادی دینی چاہیئے صرف وُہ نمونے لکھے، شوق دلائے، آفرین کہے اچھی مشقوں پر نمبر دے اور دورانِ مشق ان کی رہنمائی کرے۔

یہ مشقیں الف بار کے سیکھنے میں بڑی مدد دیتی ہیں اور مُفید ہوتی ہیں اس کے بعد آپ دیکھیں گے کہ بچّوں کا خط تھوڑی سی مدت میں بہت ہی اچھا ہو جائیگا اور وہ صحیح لکھنے اور اچھی طرح نقل کرنے میں خاص قابلیت حاصل کریں گے۔ ضمناً بھی اُن کے لئے یہ کام ایک قسم کا کھیل اور فرح بخش مشغولیت کا باعث ہوگا۔

اِن فائدوں کے علاوہ، نقاشی کی مشق ایک لحاظ سے بہت بڑا فائدہ رکھتی ہے جس سے مراد بچّوں میں قوت تمیز، محاکمہ، غور و فکر اور اچھے بُرے کی تمیز (ذوق صحیح) کی پرورش ہے۔ اس لئے بچے اس امر کی اچھی طرح تقلید کریں گے اور ایک دوسرے کے درمیان ممتاز و مغرور ہو کر غور و خوض کریں گے۔ یہاں تک کہ اُن چیزوں کی لمبائی، چوڑائی، بڑائی چھوٹائی، لکیریں اور گوشے جن کی وہ نقل کرتے ہیں اُن کا نقشہ اچھی طرح ذہن میں جما لیں گے اور اپنے قوائے دماغی کو اس راہ میں کام پر لگا دیں گے۔ اس ضمن میں قوئی بھی بار بار مشق کرنے سے کام کرنے کے عادی ہو جائیں گے اور تکرارِ عمل کے وسیلہ سے تقویت حاصل کر کے ترقی پائیں گے!.....

یہ ایک کھلی حقیقت ہے کہ ایک بچہ قوائے دماغی جس قدر قوی رکھتا ہوگا اور جس قدر اس کی قوتِ تمیز، فکر، محاکمہ مکمل ہوگی اسی قدر وہ درّاک، ذکی اور زیادہ کام کرنے والا ہوگا۔ اس کا قوت حافظہ بھی قوی ہوگا اور بذریعہ اس کے دیگر اسباق کا یاد رکھنا اُس کے لئے بہت آسان ہو جائے گا۔

موسیقی کی مشق سے بھی فن موسیقی کے قواعد اور آلات موسیقی کے بجانے کی

تعلیم دینا مقصود نہیں بلکہ اس سے مقصود بچّوں کو ہم آواز ہو کر اسباق (یا بچوں کے بعض وطنی و قومی ترانے اور دعائیں) پڑھنے میں مشغول رکھنا ہے چنانچہ اس کام کو اُستاد مکتبوں میں بھی انجام دیتے ہیں۔

یہ نکتہ یعنے بچّوں کا اجماعی طور پر ہم آواز ہو کر پڑھنا بہت زیادہ فائدے رکھتا ہے اور یہ نفسیات کا ایک اہم مسئلہ ہے کیونکہ:-

اول — یہ کلموں، اشعار اور نغموں کا سیکھنا اور ازبر کرنا آسان کر دیتا ہے اس وجہ سے کہ یہ بچّوں کے کان میں بشدت داخل ہوتے اور بار بار دہرائے جاتے ہیں اس طرح سے ان کو ہر دفعہ دس بار پڑھا پڑتا ہے

دوم — موسیقی کے ہر ایک نغمے کی مانند ایک روحانی اثر رکھتا ہے جذبات کو اُبھارتا اور قوائے دماغی کو قوت بخشتا ہے۔

سوم — کانوں کو اقسام کی آوازوں اور اُن کے زیر و بم سے آشنا کرتا ہے یعنے آواز کا فرق معلوم کرنے اور موسیقی کی لَے سے آگاہ کرنے میں بڑی مدد دیتا ہے اور موسیقی شناس ذوق کی پرورش کرتا ہے۔

چہارم — دماغ کو کھیل اور تفریح سے لگاؤ پیدا کرتا ہے۔ یہاں تک کہ دماغ کی خستگی کو دور کر دیتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ بچے ہمیشہ ہم آواز ہو کر اجماعی طور پر پڑھنے کی جانب زیادہ طبیعی میلان رکھتے ہیں۔

اسی بنا پر، بچوں کو کبھی کبھی اس نوع کی موسیقی کے ذریعہ مشغول رکھنا بہت بڑا فائدہ رکھتا ہے اور باندازۂ ورزش جسمانی بچّوں کی دماغی اور ذہنی صحت میں مدد دیتا ہے

۳- علمی و فنی کھیل اور دستی مشاغل | ایک مدرسہ، جو صحیح معیار پر قائم اور فن تعلیم و تربیت کے شرائط کے مطابق ہے وہ اس بات پر مجبور ہے کہ بعض علمی و فنی کھیل اور تھوڑے بہت دستی مشاغل کی مشق طلبہ سے کرائے۔ اکثر میرے ہموطن اس مسئلہ سے تعجب کریں گے اور تعلیم و تربیت کے ساتھ کھیل اور دستی مشاغل کی مناسبت کو جائز نہ سمجھیں گے!.....

اگر ہم فن تعلیم و تربیت کے قواعد و شرائط کما حقہ بیان کرنا چاہیں تو کئی جلدیں لکھنے کی ضرورت ہوگی، لیکن جس طرح ہم نے اس کتاب کے مقدمہ میں لکھا ہے اُس سے ہمارا مقصد یہاں تعلیم و تربیت کی اہم بنیادوں کی تشریح و توضیح کرنا ہے نیز اُن بنیادوں کی تعیین کرنے میں، ہم نے ایران کے زمانۂ حال کے مدارس اور اُن کے موجودہ نقائص و ضروریات کو پیش نظر رکھا ہے اور اس وجہ سے بھی ہم اس مسئلہ کو ان اہم بنیادوں میں سے تصور کرتے ہیں۔

جو لوگ تعلیم و تربیت کے فن سے واقف ہیں یا جنہوں نے اہل یورپ کے مدارس کو نظر غائر سے دیکھا ہے وہ اس سے کچھ تعجب نہ کریں گے۔

ہم نے کسی گزشتہ فصل میں ذکر کیا ہے: جس وقت طالب علم کسی مدرسہ میں داخل ہوتا ہے تو ہم اُس کی آزادی سے بہت کچھ حصہ سلب کر لیتے ہیں اور سنگین بار اس کے کاندھوں پر رکھ دیتے ہیں۔ اُس کے وہ تمام کھیل، تفریحیں، کود پھاند، دوڑ دھوپ اور خوش فعلیاں جن کو وہ روزانہ گھر، دروازہ، گلی، کوچوں اور بازار میں کرتا تھا اس سے چھین لی جاتی ہیں۔ حالانکہ وہ تمام باتیں اُس کے لڑکپن کا لازمہ ہیں اور اس کا وجود ان کا خوگر ہو گیا ہے۔ اسی سبب سے جب مدرسہ میں وہ ان عادات کے چھوڑ دینے پر مجبور ہوتا ہے، اس کا وجود ہر روز کی طرح جنبش و حرکت نہیں کرتا اور اپنی روزانہ کی غذا سے محروم رہتا ہے تو مجبوراً اس کو بیماری و ناتوانی سے سامنا ہوتا ہے، نتیجہ یہ کہ وہ بے تاب و ناتواں ہو جاتا ہے۔ روز بروز اُس کی قوت گھٹتی۔ اُس کا مزاج خراب ہوتا اور اُس کا جسم نحیف و لاغر ہوتا جاتا ہے۔ اکثر وہ بچے جو آئے دن ہمارے مدارس میں داخل ہو رہے ہیں انہیں تھوڑے ہی عرصہ میں اس افسوس ناک حالت سے دوچار ہونا پڑتا ہے۔ اُس وقت ہم بجائے فائدے کے مدرسہ سے نقصان اُٹھاتے ہیں کیونکہ بچے کے قویٰ کمزور ہو جاتے ہیں، اس کی استعداد اور قابلیت ملیامیٹ اور اُس کے حواس اور ذہن کند ہو جاتے ہیں۔

اہل یورپ نے بیشمار تجربوں کے ذریعہ ان حالات کی جانچ پرتال کی، ان کے

اسباب وعلل پر غور کیا اور اُن کا علاج بھی اسی میں دیکھا ہے مدرسہ کو اس محرومی کی تلافی کھیلوں کے ذریعہ کرنی چاہیئے۔ اسی خیال کے نظر کرتے روزانہ چند گھنٹے طلبہ کو اقسام کے کھیلوں میں مشغول رکھنے کی ضرورت ہے تاکہ ان کے جسمانی قویٰ کمزور نہ ہوں اور اُن کا جسم لاغر ہو کر اُن کی عقل، ہوش اور ذکاوت بھی مبتلائے ضعف نہ ہونے پائیں۔

صرف ان کھیلوں کے انتخاب میں غور کرنے کی ضرورت ہے اور اس سبب سے ہم نے اس فصل کی ایک ذیلی سُرخی کے تحت علمی وفنی کھیل کا ذکر کیا ہے۔ اس سے ہماری غایت یہ نہیں ہے کہ یہ کھیل طلبہ کو علوم وفنون کی تعلیم دیں گے بلکہ ہمارا مقصد یہ ہے کہ وہ زمانۂ حال کے قواعد علم وفن کے مطابق ہوتے ہیں۔ اگرچہ زمانۂ قدیم کے بہت سے کھیل اب بھی موجود ہیں اس میں شک نہیں اُن کے اختراع کرنے کے وقت کسی خاص نتیجہ کو پیش نظر رکھا گیا ہے اور اسی بنا پر کہا جا سکتا ہے کہ وہ تمام کھیل جو اس وقت ہمارے ملک میں مروج ہیں علمی وفنی واقع ہوئے ہیں لیکن تقریباً وہ تمام کے تمام حفظ صحت وفن تعلیم وتربیت کے اصول کے مطابق نہیں ہیں۔ قواعد علم میں تغیر ہو گیا ہے اور ہر زمانہ کی مقتضیات میں تغیر ہوتا رہتا ہے۔

کھیل کی قسمیں بکثرت ہیں لیکن ان میں سے اکثروں کو جو مدارس میں اور بالخصوص ہمارے مدارس میں (جہاں اُن کے لئے کچھ بھی انتظام نہیں ہے) نہیں ہوتے ہیں، رواج دینے کی ضرورت ہے مثلاً: یورپ کے اکثر مدارس میں پیراکی، دریا میں کشتی چلانا، فٹبال کھیلنا اور سیکل کی سواری وغیرہ کا عمل درآمد ہے اور ان کے مدارس ان کاموں کی معاونت کرتے ہیں اسی وجہ سے جیسا کہ ہم نے پہلے بھی کہا ہے مدرسہ دنیا جہاں کی زندگی کا ایک چھوٹا سا نمونہ ہوتا ہے۔

ورزش جسمانی (جیمناسٹک) کا فن وہ بہترین علمی وفنی کھیل ہیں جن کی تعلیم فی زمانہ تمام ممالک یورپ کے مدارس میں جبری ہے۔

اسی بنا پر ہم کہتے ہیں کہ تقریباً اکثر کھیل جو آج کل ایران کے بچوں کے درمیان مروج ہیں مدرسہ میں ان کے لئے اجازت دی جا سکتی ہے صرف طلبہ کے مزاج اور

ان کے قوائے جسمانی کا لحاظ رکھنا چاہیئے۔ البتہ اُن اعمال سے جو اُصول حفظ صحت اور عام رسم و رواج کے خلاف یا کسی بچّہ کی طبیعت کے ناموافق ہیں اجتناب لازم ہے۔ ایران کے بچّوں کے اکثر کھیل اعضاء جسمانی کی قوت پر منحصر ہیں اور بلاشبہ اس قسم کے کھیلوں سے غرض بھی یہی ہوتی ہے؛ لیکن یورپ کے بعض مدارس میں بعض ذہنی کھیل[1] بھی ہوتے ہیں جو بچّوں کے قوائے دماغی مثلاً: قوت حافظہ، دقت، تحاکمہ، تمیز، مقایسہ وغیرہ کو قوت بخشتے ہیں۔

جیسے ایک میز پر، دس بیس یا اس سے بھی زیادہ مختلف اور چھوٹی چیزیں، بتّی، ربر، کنجی، مہر، قاب (کیس) سوئی، ڈوری کی قسم سے یا جو ہاتھ آئے اکٹھا کر کے شاگردوں کو اجازت دیں کہ سب کے سب ان کو پانچ منٹ تک دیکھیں پھر ان کو چھپا کر طلبہ کے ہاتھ میں ایک ایک کاغذ دیکر کہیں کہ انہوں نے جو کچھ میز پر دیکھا تھا اُن کے نام اس کاغذ پر لکھدیں اور جو زیادہ یاد رکھتا ہو وہ بہ نسبت دوسروں کے زیادہ چیزوں کے نام لکھے گا اس سے معلوم ہو جائے گا کہ اس کی قوت فکر اور حافظہ زیادہ قوی ہے۔ اس کو مناسب انعام دیں مشق یا ورزش ذہنی بچّوں کے دماغی قویٰ کو ترقی دیتی ہے۔ اسی طرح کہیں کہ ایسا لفظ بناؤ جس کا حرف اول یا اس کا حرف آخر فلان ہوتا ہے یا پنساری یا بزّاز کی دُکان کی چیزوں میں سے یا کسی دوسری دُکان کی کوئی ایسی چیز بتاؤ جس کا پہلا حرف فلان حرف ہو ..... میووں کی قسم سے فلان میوہ جو اس کو بہت مرغوب ہے جس کا پہلا حرف یا آخری حرف فلان ہے ..... اس کو بتاؤ! .....

اس قبیل کی بکثرت مشقیں ہیں جن کا ہمارے درمیان بہت رواج ہے کچھ نقصان نہیں رکھتا اگر کسی وقت طلبہ کو ان کے ذریعہ مشغول رکھیں اور بوساطت اس کے ان کے حافظہ اور حواس کی تربیت کریں! لیکن اس کام میں افراط کا دخل نہ ہو ورنہ درس کی شکل نہ رہے گی۔

---

[1] اس سے مراد وہ کھیل ہیں جن کے ذریعہ ذہنی تحریک ہوتی ہے۔

لیکن دستی مشاغل، ان سے مراد سادہ اور چھوٹی چیزیں پنکھا، ڈبہ، ٹوکری، اوٹ ٹوکرا، قلم، چمچہ، کتاب کی جلد وغیرہ کاغذ اور مقوی یا تیلیوں اور مٹی سے تیار کرنا ہیں . . .
اس طرح کی مشغولیتیں ایسی چیزیں ہیں جنھیں بچے زیادہ دوست رکھتے ہیں اور اکثر اوقات گھر میں بھی تیار کرتے ہیں . . . . . خیال نہ کرنا چاہیئے کہ مدرسہ کے لئے اس قسم کے کھیل اور چیزیں مناسبت نہیں رکھتے. اسی وجہ سے جیسا کہ ہم نے کہا ہے مدرسہ میں نہ چاہیئے کہ اس قسم کا فرق گھر کے ساتھ رکھا جائے۔ اس قسم کے مشاغل بچہ کی ترقی اور نشو و نما کے وسائل ہیں. اس کو ان چیزوں سے روکنا مثل پانی نہ دے کر پھولوں کو آفتاب کے سامنے رکھ دینے کے ہے!

یورپ کے مدارس میں ــ خاصکر بچوں کی کلاس میں ــ بڑے کمرے جن میں آلات، اوزار اور لوازم اس قسم کے کھیلوں اور کاموں کے لئے رکھے جاتے ہیں تیار کئے گئے ہیں اور ہر روز ایک دو گھنٹے طلبہ کامل شوق اور دلچسپی کے ساتھ خاص خاص معلمین کے زیر نگرانی وہاں مشغول رہ کر وقت گزارتے اور چیزیں تیار کرتے ہیں. معلمین کو بتا کر ان چیزوں کو اپنے گھر لے جاتے ہیں یا اسی حال میں نمایش کے لئے رکھ چھوڑتے ہیں!
اس قسم کے کھیلوں اور کاموں میں دو قسم امور کا لحاظ رکھنا چاہیئے:۔
اول ــ ان کو بطور صناعی سکھلانے اور ان کی تکمیل کرنے کے لئے طلبہ کو مجبور نہ کرنا چاہیئے. طلبہ کو اپنی ساری کوشش اور دماغی قوی کو اس کام میں صرف کرنے کی ضرورت نہیں مبادا وہ درجۂ اعتدال سے گزر کر دوسرے اسباق نہ چھوڑ بیٹھیں اور ان کے سیکھنے سے دلچسپی نہ لیں۔
دوم ــ یہ چیزیں مختلف اور نئی ہوں، ایک ہی چیز کی مدت دراز تک مشق اور تکرار نہ کرنی چاہیئے. کیونکہ یہ خستگی پیدا کر کے ذہن کو کند اور تاریک بنا دیتی ہے! ہمیشہ اور ہر روز مشاغل کی نوعیت کو بدلتے رہنا چاہیئے تاکہ اس کے ذریعہ مشغولیت تازہ میں لذت تازہ حاصل کریں. . . . . .
ان کھیلوں اور ان دستی مشاغل کے فائدے اُس سے زیادہ ہیں جن کا ہم

تصور کرتے ہیں۔ ایران کے بچوں کے اسباب فلاح میں ایک سبب، الف با، اور دیگر اسباق کے پڑھانے میں جن غلط اصول اور مخالف فن طریقہ کے ذریعہ تعلیم دی جاتی ہے، یہی ہے کہ وہ بیرون مدرسہ بہت سارے اسی قسم کے کھیل اور مشغولیتیں رکھتے ہیں اور یہ کام دماغی خستگی اور مدارس کے اصول تدریس کے نقائص کی ایک حد تک تلافی کر کے اُن کے ارتفاع کا موجب ہوتے ہیں۔ اسی خیال کے مدنظر، اگر یہی کام اور مشغولیتیں اندرونِ مدرسہ اسی آزادی و شوق کے ساتھ جس طرح کہ وہ باہر رکھتے تھے رکھیں گے تو اس سے ان کا بہت زیادہ فائدہ ہوگا۔ نیز اس انتظام کی صورت میں بچوں کے درمیان جذبہ رقابت، ترغیب و تشویق کا وسیلہ ہو جائے گا۔ غور و خوض، واقفیت اور تمیز سیکھیں گے استفادہ، انتظام اور تیزی کے ساتھ کام کرنے کے عادی ہو جائیں گے . . . . . چھوٹی چھوٹی چیزوں سے بڑے سے بڑے کام کا اندازہ کریں گے۔ اور اس طرح سے ان کی معلومات بڑھ جائے گی۔ صناعی کے ابتدائی کاموں سے تھوڑی بہت واقفیت حاصل کرلیں گے۔ ان کے ہاتھ اور آنکھوں میں قوت آئے گی۔ وہ سب سے زیادہ اپنی محنتوں اور کاموں کے فوری نتیجہ کو دیکھیں گے اور اس نتیجہ کا حاصل کرنا ایک نوع کی لذت و مسرت اُن کے دل میں پیدا کر دے گا۔ اور آرزو و شوق پڑھنے کا اُن کو مستعد و آمادہ بنا دے گا۔

ابو المحاسن مرزا محسن خان متین
مدرس فارسی مدرسہ وسطانیہ دار الشفاء

مدارس تحتانیہ میں تعلیم حساب

از جناب ڈی سی بھوگلے صاحب مددگار عثمانیہ ٹریننگ کالج بلڈ

مدارس تحتانیہ میں دو مضمون حساب اور زبان دانی بلحاظ اہمیت خصوصیت رکھتے ہیں اور نظام الاوقات میں اسی لحاظ سے ان دو مضامین کے لئے زیادہ وقت رکھا جاتا ہے۔

حسابی تعلیم دو اغراض سے دی جاتی ہے

(۱) دنیاوی کاروبار و بازاری لین دین میں حساب کی تعلیم سے مدد ملے۔

(۲) بچوں کی قوائے ذہنیہ اور قوائے تخیلہ وغیرہ کی تربیت ہو سکے۔

ان اغراض کو مدنظر رکھتے ہوئے حساب کی تعلیم (۱) بہ حیثیت فن اور (۲) بہ حیثیت علم دینی چاہیئے۔

(۱) تعلیم حساب بہ حیثیت فن۔

چونکہ حسابی تعلیم کی ضرورت روزمرہ کے کاروبار و بازاری لین دین میں ہوا کرتی ہے لہذا دنیاوی کامیابی کو مدنظر رکھتے ہوئے حسابی اصول سے ناواقف رہنا کوئی بھی پسند نہیں کرے گا۔ حسابی تعلیم کی ضرورت صرف بہی کھاتہ رکھنے یا اس کی جانچ یا تصحیح کرنے یا فرد حساب تیار کرنے ہی میں نہیں ہوا کرتی ہے۔ بلکہ اس کی ضرورت تمام پیشوں مثلاً نجاری۔ خیاطی۔ معماری۔ خانہ داری وغیرہ میں جو دنیا سے تعلق رکھتے ہیں ہر وقت پڑتی ہے۔ اگرچہ حساب کی تعلیم محض دنیاوی کامیابی یا روٹی کمانے کی غرض سے دیجاتی ہے۔ پھر بھی بچوں میں سوالات عجلت اور صحت کے ساتھ حل کرنے کی استعداد پیدا کرنا ضروری ہے اور اس مقصد کو پورا کرنے کے لئے حساب کے اصول اس قدر واضح طور پر سمجھانے چاہئیں کہ طلبہ مستقبل قریب میں اپنی حسابی واقفیت کا استعمال نئی نئی مشکلات کو رفع کرنے میں کر سکیں۔ الغرض بچوں کو حسابی تعلیم اس طرح دی جائے کہ وہ اپنے عمل کو خود سمجھکر دوسروں کو واضح طور پر سمجھا سکیں اور لین دین کے حساب تیز اور درستی کے ساتھ حل کر سکیں۔

(۲) حساب بہ حیثیت علم۔

حسابی تعلیم سے دنیوی فوائد کے ساتھ ساتھ بچوں کی عقل کی تربیت بھی ہو سکتی ہے۔ اور اُن کے قوت استدلال میں بھی ترقی ہوتی ہے۔ سوال کا جواب صحیح ہے یا غلط۔ اگر غلط ہے تو کہاں غلطی ہوئی۔ یہ اپنی قوت استدلال کو کام میں لاکر بتا سکتے ہیں۔ حسابی تعلیم سے بچوں میں کسی مبحث پر خیال جمائے رکھنے کی عادت پیدا ہو سکتی ہے۔ اور انکی قوت متخیلہ کی تربیت بھی ہوتی ہے۔ کیونکہ حساب میں بے انتہا مثالیں حل کرنی ہوتی ہیں جن میں قوت متخیلہ کو کام میں لانا پڑتا ہے۔

حساب کا تعلق روزمرہ کے کاروبار سے بہت کچھ رہتا ہے۔ آدمی کی زندگی اُس کا ماحول اُس کے پیشہ کی ضروریات اُس کی عملی میدان میں ترقی وغیرہ غرض کہ ہر چیز سے حساب کا تعلق ہوا کرتا ہے۔ مدرسین بعض دقت حسابی تعلیم دینے میں انسانی دلچسپیوں کو نظرانداز کرتے ہیں اور اس مضمون کو خشک اور دقیق بناتے ہیں جس کی وجہ سے بچوں میں حسابی تعلیم سے خوف پیدا ہو گیا ہے۔ اور وہ اس خیال سے کہ حساب ایک مشکل مضمون ہے گھبراتے ہیں۔ مدرسین ہمیشہ یہ خیال مدنظر رکھیں کہ بچے اکثر انہیں باتوں کو پسند کرتے اور انہیں میں دلچسپی لیتے ہیں جن کا تعلق ان کے مشاہدہ سے ہو۔ اس لئے مدرسین اپنے مضمون کو اس قدر دلچسپ بنائیں کہ بچے خود بخود اس مضمون کی تعلیم کی جانب راغب ہوں۔ حسابی تعلیم میں دلچسپی پیدا کرکے مدرسین طلبہ کو ذاتی کوشش کرنے کا موقعہ بہم پہونچائیں بچے کام کرنا پسند کرتے ہیں اور خالی بیٹھنا اُن کو نہیں بھاتا۔ لہذا اُن سے عملی کام لیا جائے۔ اُن کو ذاتی تجربہ اور کوشش سے کوئی قاعدہ اخذ کرنے کا موقع دیا جائے۔

اگر حسابی تعلیم ٹھیک طریقہ پر دی جائے تو طلبہ کو یہ مضمون خشک اور بے مزہ ہرگز نہ معلوم ہوگا۔ حسابی تعلیم میں ناکامیابی کے اسباب اکثر غلط طریقہ تعلیم اور بچوں کی طبیعت سے ناواقفیت ہی ہو سکتے ہیں۔ بچے ہمیشہ نقل و حرکت کو پسند کرتے ہیں اور زندگی سے تعلق رکھنے والے کاموں میں اُن کو بہت دلچسپی رہتی ہے۔ جس شخص نے بچوں کو بہترین مدارس میں کام کرتے ہوئے دیکھا ہے اُس کا یہ خیال کبھی نہ ہوگا کہ حساب کے اچھے نتائج برآمد کرنے میں

بچے مزاحم ہوتے ہوں یا اُن کی طرف سے کسی قسم کی کمی کا اظہار ہوا ہو۔ پھر کیا وجہ ہے کہ اکثر طلبہ حساب میں اوسط درجہ تک بھی نہیں پہونچتے ؟ اِس کے وجوہات مختصراً ذیل میں ظاہر کئے جاتے ہیں۔

(۱) ابتدائی حالت میں غیر واجبی عجلت (۲) ناموزوں تحریص کا استعمال (۳) موزون آلات تعلیمی کی کمی (۴) ناقص طریقۂ تعلیم۔

(۱) ابتدائی جماعتوں میں جس قدر وقت اسباق کے سمجھانے میں اور مشق کرانے میں دینا چاہیئے نہیں دیا جاتا۔ ایک بات پُوری طور پر بچوں کی سمجھ میں آنے کے قبل ہی دوسری بات سمجھانے کی کوشش مُدرسین کرتے ہیں اس عجلت کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ بچے گھبرا جاتے ہیں اور علم حساب کو بہت مشکل سمجھنے لگتے ہیں۔ بچہ جب گنتی سیکھتا ہے اور گنتی کرنے لگتا ہے تو عجلت سے کبھی کام نہ لیا جائے۔ یہ ممکن ہے کہ جب بچہ ایک چیز (گولی یا بیج یا دانے) بار بار گنتا ہے تو مدرس کو پریشانی محسوس ہوتی ہے۔ لیکن وہ اس بار بار کے گننے سے یہ سمجھ لے کہ بچہ اپنے کام کی جانچ کے خیال سے متعدد بار گننا ضروری سمجھتا ہے۔ ایسی صورت میں اُس پر غصہ کرنا ٹھیک نہ ہوگا عجلت سے کبھی پختگی حاصل نہیں ہوسکتی۔

(۲) بچوں میں دلچسپی پیدا کرنے کے خیال سے یا اُن کو کام کرنے کی ترغیب دینے کی غرض سے کوئی تدبیر سوچتے وقت مدرس اس بات کا لحاظ رکھے کہ ذہین بچوں کے مقابلہ میں کند ذھن بچوں کے قویٰ کو نہ کچلا جائے خواہ وہ ہم عمر ہی کیوں نہ ہوں۔

کند ذھن بچوں کے قویٰ کو دبانے کا نتیجہ یہ ہوگا کہ اُن میں پست ہمتی پیدا ہوگی اور اُس مضمون میں کوشش کرنا وہ ترک کردیں گے۔ چند طالب علم بہت ہی آہستگی سے ترقی کرتے ہیں۔ ایسی صورت میں بالکل صبر سے کام لیا جائے۔ اُن پر غصہ کرنے سے یا اُن کو متنبہ کرنے سے وہ ہمت ہار بیٹھیں گے۔ اور اُن میں خود اعتمادی باقی نہیں رہے گی۔ اُن کو متوجہ کرنا اور اُن سے سوالات حل کرانا مشکل ہوگا

(۳) ابتدا میں مجرد اعداد کا تصور دلانے کے لئے اور نیا قاعدہ بتانے کے لئے ٹھوس اشیاء کا استعمال سخت ضروری ہے۔ محض لفظی معلومات بچوں کے ذہن میں ٹھیک

طور پر نہیں اُتر سکتے ہیں۔ اشیاء کی مدد اور اُن کے ذاتی تجربہ سے نئی بات بچّوں کی سمجھ میں جلد آجاتی ہے۔ شروع میں گنتی سکھانے کے لئے مختلف اشیاء کا استعمال کیا جائے صرف یہ کہنا کہ ایک کا ہندسہ ایسے (۱) لکھا جاتا ہے اور دو کا ایسے (۲) لکھتے ہیں زبانی کہنا یا اُن کو تختہ سیاہ پر بتانا کسی طرح کافی نہیں۔ اس سے بچّوں کی دماغی تربیت تو ہو ہی نہیں سکتی اور مجرد اعداد کا تصور بھی چھوٹے بچّوں کو ہو نہیں سکتا۔ لہٰذا اعداد کا تصور دلانے کے لئے۔ پہاڑے بتانے کے لئے نیا قاعدہ سمجھانے کے لئے یا کسی نئی شکل کو رفع کرنے کے لئے بہت سے سامان کی ضرورت ہوتی ہے۔ مدرس سامان نہ ملنے کی وجہ سے سبق کو خراب نہ کرے۔ اپنا تیار کیا ہوا سامان بازاری قیمتی سامان سے زیادہ موثر ہوتا ہے۔ اعداد کے تصور کے لئے مٹی کی گولیاں۔ ریٹھے۔ بیج۔ اناج کے دانے وغیرہ سے کام لیا جا سکتا ہے۔

(۴) بعض وقت ناموزون طریقہ اختیار کرنے سے اکثر طلبہ کی دلچسپی کم ہو جاتی ہے وقت واحد میں بہت سا پڑھانے یا کسی قاعدہ کا تصور دلائے بغیر اُس کو حفظ کرانے سے کوئی بات ذہن نشین نہیں ہو سکتی۔ اس سے بچے پریشان ہوتے اور آگے چل کر کاہل بنتے ہیں اس کے علاوہ اصول یا قاعدہ کو ٹھیک طور پر سمجھے بغیر رٹنے کی طرف مائل ہوتے ہیں جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ اُن کی دماغی تربیت بگڑ جاتی ہے۔ سوالات کی ناموزوں ترتیب بھی حسابی تعلیم میں ناکامی کا سبب ہو سکتی ہے۔ مشقی سوالات کی ترتیب نہایت احتیاط کے ساتھ کرنی چاہیئے۔ حسابی تعلیم کی ناکامی کے وجوہات بتانے کے بعد مدارس تحتانیہ میں حسابی تعلیم عملی پیمانے پر کس طرح دی جا سکتی ہے اس کا ذکر ذیل میں کیا جاتا ہے۔

مدارس تحتانیہ میں حساب پڑھانے کا خاص مقصد تو یہ ہوتا ہے کہ طلبہ روزمرہ لین دین کے متعلق کام سرانجام دینے کے قابل ہو جائیں۔ روزمرہ کے کاموں میں ہمیں سکّے۔ وزن۔ طول۔ وقت وغیرہ کے پیمانوں سے کام پڑتا ہے اس لئے اُن کا جاننا ضروری ہے ہر موقعہ پر جمع۔ تفریق۔ ضرب۔ تقسیم کے عمل کرنے پڑتے ہیں اس لئے چاروں ابتدائی قاعدے جاننا ضروری ہیں کاشت کاروں کو زراعت پیشہ لوگوں کو پیداوار کا اندازہ لگانے اور زمین کی خرید و فروخت میں زمین کی سطح کا اندازہ لگانے کی ضرورت ہوتی ہے اس لئے

پیمائش کا جاننا ضروری ہے۔ روپیہ کی لین دین میں سود کے حساب لگانے ہوتے ہیں اس لئے سود کے قاعدے سے واقفیت ہونی چاہیئے۔ زبانی سوالات حل کرنے میں پہاڑوں کے ذریعہ جواب جلد نکل سکتا ہے لہذا پہاڑوں کا جاننا نہایت ضروری ہے۔ مندرجہ بالا اُمور کی واقفیت سے معمولی طور پر ہر ایک شخص کا کام چل سکتا ہے۔

لہذا تحتانیہ مدارس میں چاروں ابتدائی قاعدے ضربی اور کسری پہاڑے سکے اوزان۔ پیمایش۔ وقت وغیرہ کے پیمانے۔ مرکب قاعدے۔ کسر کے قاعدے (آسان سوالات) سود۔ نفع نقصان وغیرہ کی تعلیم صحیح اصول پر دی جائے تو بعد ختم نصاب جماعت چہارم بچے روزمرہ کے معمولی سوالات حل کر سکیں گے۔ ہر ایک قاعدہ بچوں کی کوشش سے اخذ کرایا جائے اور اُن سے عملی کام کرایا جائے تو اُن کی ذہنی قوائے کی تربیت بھی ہوگی۔ طلبہ کو سب سے زیادہ مشکل ابتدائی چار قاعدوں کے سیکھنے میں پیش آتی ہے۔ اگر ان قاعدوں کا تصور پختہ طور پر کرا دیا جائے اور اُن کی بخوبی مشق بھی ہو تو اور قاعدوں کا حاصل کرنا سیکھنا آسان ہوگا۔ مفرد قاعدوں کی نسبت مرکب قاعدوں کا سیکھنا آسان ہے۔

عملی تعلیم سے مراد یہ ہے کہ جب نیا قاعدہ یا اصول بچوں کو سمجھانا ہو تو اُس میں بچوں کی ذاتی کوشش کا خیال رہے جہاں تک ہو سکے ان کو ذاتی تجربہ اور رسی سے علم حاصل کرنے کی ترغیب دی جائے محض لفظی معلومات کے بہم پہنچانے سے تعلیم کا مقصد ہرگز پورا نہیں ہو سکتا ابتدا بچوں کی تعلیم میں زیادہ تر اُن اشیا کے استعمال کی ضرورت ہے جن سے وہ مانوس ہوں جن کو وہ دیکھ بھال سکیں۔ ہاتھ میں لے کر اچھی طرح محسوس کر سکیں اور مشاہدہ کر سکیں۔ مدرسہ آنے کے پیشتر ہی سے بچے اعداد کے نام زبان سے ظاہر کرتے ہیں لیکن اُس عدد کا خیال اُن کو بالکل نہیں ہوتا دوسروں کو اعداد کہتے ہوئے سُن کر محض تقلید میں ایک دو چار آٹھ بارہ وہ بھی کہہ دیتے ہیں لہذا گنتی سکھاتے وقت مختلف اشیا کا استعمال جن سے وہ واقف ہوں کیا جائے اُن سے مختلف چیزوں کی گنتی کرائی جائے اور اعداد کا تصور اور صحیح نام بتایا جائے بعض بچے ایک ایک چیز اٹھا کر ایک دو تین چار کہتے

اور آخری گنی ہوئی چیز ہی کو وہ چار سمجھتے ہیں حالانکہ وہ مجموعہ چار چیزوں کا ہے یہ اُن کا خیال نہیں ہوتا۔ لہٰذا صحیح گنتی انہیں کے تجربہ سے کروائی جائے اُن کی غلط فہمی عملی طریقہ سے رفع کی جائے۔ کوئی عدد چیزوں یا افراد کے مجموعہ کو ظاہر کرتا ہے یہ بات بچوں کے ذہن نشین کرائی جائے۔ اور عملی طور پر جانچ بھی کرلی جائے مثلاً گیند کو چار مرتبہ اچھالو اسی دیوار سے اُس دیوار تک تین مرتبہ دوڑو۔ پانچ مرتبہ کودو۔ اس طرح اُن کا کھیل بھی ہوتا ہے اور تعلیم بھی ہوتی ہے۔ اعداد کا تصور پختہ طور پر ہوتے ہی اشیاء محسوسہ کا استعمال ترک کر دیا جائے کیونکہ آلات تحصیل علم کا ذریعہ ہیں مقصد نہیں ہیں۔

ابتدائی جار قاعدے اور پہاڑے سمجھانے میں اشیاء محسوسہ کا استعمال بغرض تفہیم ضروری ہے جب کوئی بات بچوں کی سمجھ میں نہ آئے تو اس کو سمجھانے کے لئے ٹھوس اشیا توضیحات وغیرہ سے کام لیا جائے۔ مگر کسی قاعدہ کا تصور ہونے کے بعد ہر سوال کے لئے چیزوں کا استعمال مناسب نہ ہوگا۔ نیا قاعدہ یا اُصول بچوں کی سمجھ میں آنے کے بعد وہ اپنی قوت متخیلہ اور استدلال کو کام میں لاکر سوالات حل کیا کریں۔ ہر سوال سمجھانے کے لئے مقرون اشیا کا استعمال کرنا گویا بچوں کا وقت ضائع کرنا ہے اور اُن کی قوائے تربیت کو روکنا ہے۔

تھوڑے عرصہ میں بہت سا کام کرنے کے خیال سے اکثر مدرسین حسابی قاعدے بچوں کو خود ہی بتاتے ہیں اور اس قاعدہ پر چند سوالات دے کر جلد ہی دوسرا قاعدہ بتانا شروع کر دیتے ہیں ایسی تعلیم سے کچھ فائدہ نہیں ہوتا خاص خاص چھوٹے چھوٹے زبانی سوالات متعدد دے کر اُن کے طریقہ عمل سے کوئی ایک قاعدہ یا اُصول بچوں ہی کے کوشش سے اپنی نگرانی میں نکلوایا جائے۔ مدرس اُن کی صرف رہنمائی کرے تعلیم طلبہ کے تصورات اور تجربات کا نتیجہ ہونا چاہیئے۔ لہٰذا مدرس بچوں میں یہ عادت پیدا کرے کہ وہ حتی الامکان مشکلات کو خود حل کریں اور ان میں خود اعتمادی پیدا ہو۔

حسابی تعلیم میں اس بات کا خیال رہے کہ جو سوالات بچوں کو حل کرنے کے لئے دئے جائیں۔ اُن میں سے اکثر ایسے ہوں جو روزمرہ بازاری لین دین سے یا دنیاوی

واقعات سے تعلق رکھتے ہوں تاکہ بچوں کو یہ معلوم ہو کہ علم حساب کا دنیا سے کچھ نہ کچھ تعلق ہے اور محض امتحان میں کامیابی حاصل کرنے کا ذریعہ نہیں ہے طلبہ ایسے سوالات میں جن سے وہ مانوس ہیں بہت دلچسپی لیتے ہیں مثلاً (۱) والد نے بڑے بیٹے کو ۲ لڈو اور چھوٹے کو ۶ لڈو دیے تو بتاؤ کہ چھوٹے بیٹے کو کتنے لڈو زیادہ ملے یا بڑے بیٹے کو کتنے کم ملے (۲) تقسیم انعامات کے روز ایک جماعت کے پہلے نمبر کے طالب علم کو ۳ کتابیں دوسرے کو ۲ اور تیسرے کو ایک کتاب انعام میں ملی تو بتاؤ کہ اس جماعت میں کل کتنی کتابیں تقسیم ہوئیں۔ وغیرہ ایسے سوالات جن کا دنیا میں عام طور پر کچھ کام نہیں پڑتا حل کرنے کے لیے ہرگز نہ دیے جائیں مثلاً ۷۸ تا ۱۵۶ پیسے کے روپیے بنا دیا ۶۷۸۶۲ اچھا تک کے سیر بناؤ۔ اس قسم کے خشک سوالات میں بچے کبھی دلچسپی نہیں لیں گے۔ کیونکہ اس طرح کی تحویل کا کام کسی معمولی شخص کو نہیں پڑتا۔ ایسے سوالات سے طلبہ کے ذہن پر بیجا بار پڑتا ہے اور وقت بھی ضائع ہوتا ہے۔ لہذا جہاں تک ہو سکے سوالات ایسے دیے جائیں جن کا تعلق عملی دنیا سے ہو۔ مثلاً ٹانگہ کا کرایہ یا ریل کا کرایہ کسی ایک مقام سے دوسرے مقام تک دیے ہوئے شرح سے معلوم کرنا ریلوے کا نظام الاوقات (ٹائم ٹیبل) دیکھ کر یہ دریافت کرنا کہ ایک مقام سے دوسرے مقام کو پہونچنے کے لئے کتنا وقت صرف ہوگا زمین کا محصول۔ اناج شکر، دودھ وغیرہ کا نرخ معلوم کر کے مطلوبہ مقدار کی قیمت دریافت کرنا محض کتابی سوالات دینے کی بجائے اس قسم کے سوالات اگر دیے جائیں تو بچوں کے حق میں مفید ثابت ہوں گے اور قاعدہ اور عمل دونوں پر حاوی ہوں گے۔

اوپر یہ بتایا جا چکا ہے کہ مدرس کا خود تیار کیا ہوا سیدھا سادہ سامان بہ نسبت بازاری اور قیمتی سامان کے زیادہ موثر ہوتا ہے البتہ تحتانیہ مدرس کی غربت کا لحاظ کرتے ہوئے وہ سررشتہ تعلیمات کی امداد کا محتاج رہے گا تاہم مندرجہ ذیل سامان آسانی اور کفایت شعاری سے تیار کیا جا سکتا ہے۔

گنتی سکھانے کے لئے مٹی کی گولیاں۔ ریٹھے۔ چنے یا اناج کے دانے مختلف رنگوں میں رنگے ہوئے سیتا پھل کے بیج وغیرہ سے کام لیا جا سکتا ہے۔

جمع تعریق سکھانے کے لئے صندوقچہ کی بجائے زمین یا تختہ پر اکائی۔ دہائی سیکڑہ وغیرہ کے خانے کھینچکر کام لیا جاسکتا ہے یا مقوے کا صندوقچہ بھی تیار کیا جاسکتا ہے۔ سکے مثلاً پائی۔ پیسہ آنا۔ روپیہ چلر میسر ہو سکتے ہیں بعض جگہ سکوں کے تصور کے لئے نقلی سکے استعمال میں لاتے ہیں۔

گز۔ فٹ۔ وغیرہ کا تصور دلانے کے لئے کپڑہ یا فیتہ کا گز یا فٹ تیار ہو سکتا ہے اوزان کا تصور دلانے کے لئے پتھر کے بٹ مٹی اور کاغذ کی تیار کی ہوئی ترازو کام دے سکتی ہے مدرسہ میں نقلی دکان کھول کر بچوں سے تجارتی حسابات حل کرائے جاسکتے ہیں۔

غرضکہ مدرس غور اور فکر سے ضروری سامان ذاتی کوشش سے اور بچوں کی مدد سے بنا سکتا ہے۔

پیمانوں کا تصور دیتے وقت صرف زبانی تفہیم کافی نہیں ہو سکتی۔ مثلاً ۵ تولہ کا ایک چھٹانک۔ ۴ چھٹانک کا ایک پاؤ ۴ پاؤ کا ایک سیر یہ صرف تختہ سیاہ پر لکھ کر یا زبانی بتا کر بچوں سے حفظ کرانا مفید نہیں ہوتا اس طرح کی تعلیم سے بچوں کو ٹھیک تصور اوزان کا نہیں ہوگا۔ جب بچوں کو یہ نہ معلوم ہو کہ تولہ کس قدر ہوتا ہے وہ چھٹانک۔ پاؤ سیر۔ سیر کیا چیز ہے۔ کیا جانیں گے۔ لہذا جن اوزان کے متعلق تصور دینا ہو وہ اُن کو بتائے جائیں اُن کے ہاتھ میں دئے جائیں تاکہ بچے اُن کو اچھی طرح دیکھیں بھالیں اور ہر وزن کا احساس کرکے تجربہ سے یہ معلوم کر سکیں کہ بہ نسبت تولہ کے چھٹانک وزن دار ہوتا ہے اور پاؤ سیر چھٹانک سے بھی زیادہ وزن دار ہوتا ہے عملی طور پر چند چیزیں تلوا کر چھٹانک اور پاؤ سیر کی نسبت بتا دی جائے اس طرح پیمانہ بچے خود بخود تیار کر سکیں گے کہ ۵ تولہ = ایک چھٹانک ۴ چھٹانک ایک پاؤ کے ۴ پاؤ = ایک سیر وغیرہ۔ ذاتی کوشش سے عملی طور پر تیار کیا ہوا پیمانہ بچے ہمیشہ کے لئے یاد رکھ سکیں گے۔ نقلی معلومات کے بھول جانے کا اندیشہ ہے چھوٹے بچوں کے ذہن میں کوئی بات بلا عملی کام کے زیادہ دیر تک نہیں ٹھیر سکتی۔

اس طرح وقت کا پیمانہ بتانا ہو تو جیبی گھڑی جس میں سکنڈ بتانے والی سوئی ہو بچوں کے سامنے رکھی جائے۔ اُس گھڑی کی طرف دیکھنے کا موقعہ ہر ایک کو دیا جائے۔ بعد

میں سکنڈ کی سوئی کی گردش دکھا کر اُس کے ذریعہ منٹ کا تصور دلا دیا جائے۔ تین مختلف سوئیوں کا کام بتایا جائے اور مشاہدہ کے ذریعہ اُن سے پیمانہ بنوایا جائے۔

اسی طرح گز۔ فٹ۔ انچ وغیرہ کا تصور بھی عملی طور پر دلا دیا جائے جب انچ۔ فٹ۔ اور گز کا کافی تصور نہ ہو فرلانگ۔ میل وغیرہ کا تصور اُن کو نہیں ہو سکتا۔ فرلانگ اور میل وغیرہ کا تصور دلانے کے لئے ٹیپ کی ضرورت بھی نہیں اور وہ ناممکن بھی ہے۔ یہ باتیں بچے قوت متخیلہ کو کام میں لا کر معلوم کر سکتے ہیں۔

الغرض کوئی پیمانہ بتانا ہو تو متعلقہ چیزیں پیش کی جائیں اُن کا مشاہدہ کرایا جائے تجربہ کرایا جائے تاکہ پیمانہ کا تصور پختہ ہو جائے۔ پیمانوں کی مشق کے لئے عملی کام بھی بچوں سے لیا جائے۔ مثلاً میز کا طول۔ عرض۔ ناپنا۔ فرش کی لمبائی چوڑائی دریافت کرنا۔ بچوں کا قد ناپنا۔ اس طرح عملی کام کرانے سے پیمانہ کا استعمال کس طرح اور کس موقعہ پر کیا جاتا ہے۔ اس کا علم ہوگا محض کتابی سوالات حل کرانے سے بچوں کے عملی معلومات میں اضافہ نہیں ہو سکتا۔

کسر کا تصور دلاتے وقت بھی $\frac{1}{2}$، $\frac{1}{4}$، $\frac{3}{4}$، $\frac{1}{3}$، $\frac{2}{3}$ وغیرہ کی تفہیم کاغذ کو تہ کرنے سے یا کٹوانے سے دی جا سکتی ہے مثلاً ایک گول کاغذ لیا جائے (جس کی شکل روٹی کی جیسی ہو) اُس کے دو مساوی حصے کاغذ کو تہ کر کے یا کٹوا کر کئے جائیں اور بچوں سے سوال کیا جائے کہ اُن دو حصوں میں کا ایک حصہ کیا ظاہر کرتا ہے روٹی کی شکل سے مشابہت ہونے کی وجہ سے ممکن ہے کہ بچے جواب دیں گے کہ وہ حصہ آدھا کہلاتا ہے اس کو بتایا جائے کہ کسر میں $\frac{1}{2}$ سے ظاہر کرتے ہیں اسی طرح اگر ایک چیز کے ۴ مساوی حصے کئے جائیں اور اُن میں سے ایک حصہ لیا جائے تو وہ حصہ پاؤ کہلاتا ہے اور کسر میں $\frac{1}{4}$ ظاہر کیا جاتا ہے روپیہ کی دو اٹھنّیاں ہوتی ہیں۔ ایک اٹھنی آدھا روپیہ کہلاتی ہے ایک روپیہ میں ۴ چونیاں ہوتی ہیں ایک چونی پاؤ روپیہ کہلاتی وغیرہ کسرات ظاہر کرنے والا تختہ بچوں سے بنوایا جائے اور مختلف کسرات کا مقابلہ تختہ مذکور سے کرایا جائے۔ کسرات کا تصور دلانے میں مختلف رنگیں پٹیاں بھی استعمال میں لائی جائیں تو مناسب ہوگا۔

رقبہ کے سوالات حل کراتے وقت بچّوں سے ایسی چیزوں کا رقبہ دریافت کیا جائے جو اُن کے پاس موجود ہوں مثلاً سلیٹ، کتاب کی سطح کا غذ وغیرہ لمبائی اور چوڑائی وہ خود ناپ کر معلوم کریں۔ اور رقبہ نکال سکیں اس طرح عملی کام کرنے میں اُن کو دلچسپی ضرور ہوگی۔ اس کے بعد جب ایسی چیزوں کا رقبہ نکالنا ہو جو موجود نہ ہوں تو اُن کی شکل کسی پیمانہ پر بنا کر رقبہ دریافت کیا جائے الغرض عملی کام اور روزمرہ کاروبار کے سوالات کے ذریعہ بچوں کو حسابی تعلیم دینے سے بچّوں کی سمجھ میں یہ بات آئے گی کہ حساب دُنیا سے تعلق رکھنے والا مضمون ہے اور اُس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ حسابی تعلیم کی نسبت وہ کبھی نفرت ظاہر نہیں کریں گے بلکہ اُس کی تحصیل میں دلچسپی کے ساتھ آمادگی ظاہر کرنے لگیں گے بشرطیکہ تعلیم باقاعدہ ہو اور اُستاد مستعدی اور دلچسپی سے کام کرے۔

عجلت اور صحت کے ساتھ سوالات حل کرنے کے لئے روزانہ چند منٹ زبانی مشق کے لئے محفوظ رکھے جائیں۔ بعض مدرسین حساب پڑھاتے وقت زبانی حساب اور تحریری حساب دونوں کو الگ الگ تصور کرتے ہیں حالانکہ یہ حساب کی الگ الگ شاخیں نہیں ہیں جو بچہ زبانی سوالات حل کرنے میں ناقص پایا جاتا ہے وہ تحریری سوالات میں بھی کمزور ہوتا ہے۔ حسابی مہارت کی بنیاد زبانی حساب سے واقفیت ہونے پر ہی ہوتی ہے۔

حسابی تعلیم میں زبانی حساب کی اہمیت تین اغراض سے ہوتی ہے (۱) اعادہ کے لئے (۲) نیا قاعدہ یا اُصول سمجھانے کے لئے (۳) روزمرہ سوالات عجلت اور صحت کے ساتھ حل کرنے کی مشق کے لئے لہٰذا زبانی حساب کو کبھی نظر انداز نہ کیا جائے سابقہ واقفیت کی جانچ کے لئے زبانی سوالات بہت کارآمد ہوتے ہیں ان سوالات کے ذریعہ اس کا علم ہوتا ہے کہ بچہ کی معلومات کیا ہیں نیا قاعدہ یا اُصول سمجھانے کے لئے خاص خاص مثالیں ایک ہی طرز کی دی جاکر اُن کے طریقہ عمل سے ایک عام بات اخذ کی جاتی ہے۔ اس کو استقرائی طریقہ (Inductive Method) کہتے ہیں جس سے نیا قاعدہ یا اُصول بچّوں کی کوشش سے اور مدرس کی رہنمائی سے اخذ کرایا جاتا ہے۔ نئے قاعدہ کا تصور ہونے کے بعد اُس قاعدہ کا استعمال مختلف سوالات کے ذریعہ کیا جاتا ہے۔ روزمرہ بازاری

لیں دیں کے حساب اکثر زبانی کرتے ہوتے ہیں۔ تجارت پیشہ لوگ کاغذ پنسل لیکر حساب نہیں کرتے۔ فوراً زبانی حساب کرکے آپ کو کل قیمت بتا دیتے ہیں۔ اگر ہم ہر وقت مثلاً ترکاری خریدتے وقت دودھ کا حساب لگاتے وقت کسی مزدور کی مزدوری دیتے وقت کاغذ پنسل کا استعمال کرتے رہیں تو ہماری تعلیم بے سود ٹھیرے گی اور معمولی حساب کے لئے زیادہ وقت صرف کرنا تعلیم کا نقص ظاہر کرے گا۔ لہٰذا مدارس میں زبانی حساب کی تعلیم نہایت ضروری ہے۔ زبانی حساب کراتے وقت تمام جماعت کو متوجہ رکھنا چاہیئے پرانے زمانہ کے مدارس میں زبانی تجارتی حساب پر زیادہ زور دیا جاتا تھا۔ اس کی اہمیت مدنظر رکھ کر اُس کو رائج رکھنا نہایت ضروری ہے اگر زبانی حساب تیزی اور صحت کے ساتھ حل کرنے کی عادت ڈالی جائے تو تحریری کام بھی عجلت اور صحت کے ساتھ ہوسکتا ہے پرانے طریقوں کو بالکل ہی ترک کر دینا مناسب نہیں پرانے طریقے جو اچھے ہوں اُن کے قائم رکھنے میں کچھ بھی نقصان نہیں اگر اُن کو جدید اصول سے ربط دی جائے تو بچے زیادہ مستفید ہوسکتے ہیں قدیم زمانہ میں قاعدہ یا اصول مدرسین خود ہی زبانی بتاتے تھے اور اُن قاعدوں کا استعمال بچوں سے سوالات کے حل کرانے میں کیا جاتا تھا حالانکہ بچے اُن قاعدوں یا ضابطوں (Formulae) کو ٹھیک طور پر نہیں سمجھتے تھے۔ زمانہ حال میں تربیت یافتہ مدرسین کا فرض ہے کہ وہ پہلے استقرائی طور پر خاص مثالوں کو پیش کرکے بچوں کی کوشش اور کچھ اپنی امداد سے انہیں سے قاعدہ اخذ کرائیں اور اُس قاعدہ کا استعمال سوالات کے حل کرانے میں کرایا جائے تاکہ اصول قاعدہ یا ضابطہ سمجھانے کے بعد زبانی سوالات بچے آسانی سے اور صحیح طور پر حل کرسکیں۔ لہٰذا اگر تو جدید اصول پر سمجھائے جائیں اور زبانی مشق پرانے طریقہ پر رائج رکھی جائے تو حساب میں بچے کمزور نہ رہیں گے استقرائی طریقہ (Inductive Method) پر قاعدہ سمجھانے کے بعد زبانی سوالات عجلت اور صحت کے ساتھ حل کرانے کے گر سمجھانا نامناسب نہیں ہوگا۔ مثلاً ایک درجن پنسلوں ۱۲ چیزوں کی قیمت آنوں میں دی ہوئی ہو تو ایک چیز کی قیمت اتنی ہی پائیاں ہوں گی۔ کیونکہ درجن اور ایک میں جو نسبت ہے وہی ایک آنہ اور ایک پائی میں ہے۔ یہی قاعدہ

تولہ کی قیمت سے ماشہ کی قیمت دریافت کرتے ہیں یا سال اور ماہ کی صورت میں عاید ہوسکتا ہے۔ اسی طرح ایک سیر کی قیمت روپیوں میں دی ہوئی ہو تو ایک چھٹانک کی قیمت اتنے ہی آنے ہوگی کیونکہ ایک سیر اور ایک چھٹانک میں جو نسبت ہے وہی نسبت ایک روپیہ اور ایک آنہ میں ہے۔ اس قسم کے مختصر گرُ زبانی حساب کے حل میں بہت کارآمد ہوتے ہیں بشرطیکہ پہلے وہ اصول جس پر یہ گرُ مبنی ہوں بچوں کو اچھی طرح سمجھائے جائیں اور اُن کے ذہن نشین کرائے جائیں

اگر اس طرح عملی طور پر حسابی تعلیم دی جائے تو یہ خیال کیا جاسکتا ہے کہ بچوں کے سرپرستوں سے حسابی تعلیم کی نسبت بہت کم شکایات وصول ہوں گی اور طلبہ بھی بہت کچھ اس مضمون سے مستفید ہوسکیں گے دینوی کاروبار کے حسابات حل کرنے میں دقت محسوس نہ ہوگی اور ساتھ ہی ساتھ اُن کی ذہنی قوٰی کی بھی تربیت ہوگی۔

تعلیم تاریخ

اگر ہم کسی تعلیم تاریخ کی کتاب کو اٹھا کر دیکھیں تو شروع ہی میں ہم کو تاریخ پڑھانے کے کم از کم تین مقاصد نظر آئیں گے۔

(۱) تاریخ کی تعلیم سے اخلاقی تربیت ہوتی ہے۔

(۲) تاریخ کی تعلیم سے قوائے ذہنی میں پختگی و استواری پیدا ہوتی ہے۔

(۳) تاریخ کی تعلیم اس لئے بھی ضروری ہے کہ بچوں کو ماضی کے حالات معلوم کر کے حالات حاضرہ کے سمجھنے میں سہولت ہو۔ اور بزرگوں کے قدم بہ قدم چلنے کی ہدایت ہو۔

لیکن اگر ہم کسی ہندوستانی مدرسہ کے معلم سے دریافت کریں کہ تاریخ مدارس میں کس غرض سے پڑھائی جاتی ہے تو وہ بلاشبہ یہی جواب دے گا کہ ہم بچوں کو تاریخ اس لئے پڑھاتے ہیں کہ وہ مقررہ کتاب میں جو واقعات و کوائف درج ہیں ان کو ازبر کر لیں اور امتحان میں کامیاب ہو جائیں۔

اور واقعہ بھی یہی ہے۔ ہمارے مدارس میں تاریخ کے لئے ہفتہ میں ۳ گھنٹے محض اس واسطے نظام الاوقات کا لازمی جزو ہیں کہ تاریخ کا مضمون شریک نصاب ہے۔

مغربی تعلیم کی ترویج کے پہلے ہندوستان میں دو قسم کی درسگاہیں تھیں ایک ہندو دھرم شالے اور دوسرے مسلمانوں کے مکتب۔ دونوں میں زیادہ تر مذہبی تعلیم ہوتی تھی۔ اور دونوں میں تاریخ کو جن معنوں میں تاریخ کو ہم سمجھتے ہیں کچھ اہمیت نہ تھی۔ لیکن جب راجہ رام موہن رائے نے مغربی تعلیم کیلئے ہاتھ پیر مارنا شروع کیا اور پادریوں نے اس کی ہم نوائی کی اور لارڈ میکالے نے نہایت شد و مد سے ملکی طریقہ تعلیم کے خلاف جہاد کیا تو آخر کار مغربی وضع کے مدارس کھلے ان مدارس میں ملکی خصوصیات کی مطلق رعایت نہیں کی گئی بلکہ انگلستان کے مدارس کا نصاب جوں کا توں لاکر بنگال کے انگریزی مدرسوں میں رائج کر دیا گیا تاریخ جو خود

انگلستان میں بڑی جد وجہد وکشاکش سے مدرسوں کے نصاب میں گھسی تھی یہاں آپ سے آپ داخل نصاب ہوگئی۔ نہ نصاب رکھنے والوں نے کبھی یہ سوچا کہ آخر تاریخ کی تعلیم کا مُدعا کیا ہونا چاہیے اور نہ کبھی مُدرسین کو موقعہ ملا کہ وہ تاریخ کو سوائے امتحان میں کامیاب کرانے کے کسی اور مقاصد کے لئے پڑھائیں۔ اسی طرح صدیاں گذر گئیں، مغرب میں تاریخ کے متعلق زاویۂ نگاہ میں تبدیلیاں ہوئیں نئے اغراض ومقاصد کے تحت نئی کتابیں لکھی گئیں، تاریخ بادشاہوں اور سیاسی چالوں کی داستان، لڑائیوں اور فرمانوں کی فہرست سے ترقی کرکے ارتقاء تمدن کا مرقعہ بن گئی لیکن ہمارے یہاں اس کی وہی حالت اور اس کی تعلیم کی وہی ایک غرض رہی جو تقریباً سو سال پیشتر تھی یعنی کامیابی امتحان۔

نتیجہ یہ ہے کہ اخلاقی تربیت تو درکنار، برسوں کی شبانہ روز محنت و دماغ سوزی کے بعد بھی نہ بچوں میں قومی ولولہ پیدا ہوتا ہے اور نہ حُبِّ قوم کا جذبہ نشو ونما پاتا ہے۔ تاریخ ان کے لئے خشک و بے مزہ مضمون ہے۔ بھارت ماتا کے سپوتوں کے کارنامے ان کے دلوں میں گرمی نہیں پیدا کرتے، آریہ ورت کے سورماؤں کا خونچکاں تذکرہ اُن کی غیرت ملی کو نہیں اُبھارتا نہ وطن سے محبت نہ ابنائے وطن سے سروکار ہوتا ہے۔ نہ تاریخی سوانح اور اقوام کے عروج وتنزل کے اسباب وعلل پر غور کرنے کی عادت اور نہ اُن سے عبرت لینے کی اہلیت آتی ہے۔

اگر ہمارے بچّوں کو دنیا میں تاریخ کی تعلیم سے کوئی فائدہ پہونچا ہے تو وہ صرف یہ ہے کہ رٹ لینے کی خاصی عادت پڑ جاتی ہے اور بس۔

اب ہم کو دیکھنا یہ ہے کہ ہم کس طرح سے تاریخ کی تعلیم کو مفید اور سود مند بنائیں یہاں دو سوال پیدا ہوتے ہیں۔

(۱) ہم تاریخ میں کیا پڑھائیں (۲) اور کس طریقہ سے پڑھائیں۔

پہلے سوال کے متعلق زیادہ کہنے کی ضرورت نہیں ہے۔ تمام ہندوستانی مدارس میں سرکاری طور پر نصاب مقرر ہے اور اسی مقررہ نصاب کی تکمیل معلم تاریخ کا فریضہ ہے۔ ہمارے یہاں تاریخ کی تعلیم جماعت چہارم سے شروع ہوتی ہے۔ یہ ظاہر ہے کہ سب سے پہلے بچّوں کو اپنے ملک کی تاریخ پڑھنا چاہیئے تاکہ اپنے وطن کی موجودہ وگذشتہ حالت معلوم ہو، اپنے بزرگوں کے

کارناموں سے واقفیت ہو اور رفتہ رفتہ قوم نے تمدنی و معاشرتی ترقی کے جو مراحل طے کئے ہیں وہ بھی معلوم ہوں۔ اس لئے چہارم میں تاریخ دکن پڑھائی جاتی ہے اور طبقہ وسطانیہ کی تین جماعتوں میں تاریخ ہند مقرر ہے۔ فوقانی جماعتوں میں پھر ہندوستان کی تاریخ کا تفصیلی مطالعہ اور تاریخ انگلستان شریک نصاب ہے۔

گو مقررہ نصاب سے سرمو ہٹنے کی گنجائش نہیں لیکن ہم دو تین باتوں کی طرف توجہ دلائے بغیر نہیں رہ سکتے۔ اولاً یہ کہ جب بچے چہارم میں ترقی پاکر آتے ہیں تو تاریخی معلومات سے معرّی ہوتے ہیں۔ اس لئے یہ بیحد ضروری معلوم ہوتا ہے کہ ان کو نیچے کی جماعتوں میں دکن کے بزرگوں، بہادروں اور مدبّروں کے مختصر حالات ذہن نشین کرادے جائیں۔ یہ حالات قصہ کے پیرایہ میں بتائے جائیں اور ہر ایک کی کسی نمایاں خصوصیت پر زور دیا جائے۔ اس سے نہ صرف اپنے بزرگوں کے سچے کارناموں سے خوں میں جوش آئے گا اور ان کارناموں کی ریس کرنے کی کوشش سے اخلاقی تربیت ہوگی بلکہ ملک کی تفصیلی داستان سمجھنے کے لئے ایک مضبوط بنیاد ہوگی جس پر مستحکم عمارت کھڑی کی جاسکتی ہے۔

دوسری توجہ طلب بات یہ ہے کہ وطن کی تاریخ کا آغاز و انجام چہارم میں ہوجاتا ہے اور بقیہ پانچ سال تک وہ ہندوستان کی عام تاریخ کے مطالعہ میں مصروف رہتے ہیں۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ہمارے بچوں کے دلوں میں وطن کی جو محبت و عظمت قائم ہونا چاہیئے وہ نہیں ہوتی یہ کوتاہی اس طرح دور ہوسکتی ہے کہ موجودہ کتابوں کی جگہ جو شمالی ہند کے نقطۂ نظر سے لکھی گئی ہیں دوسری کتابیں تیار کرالی جائیں جو ہندوستان کے عام اہم واقعات کے ساتھ ساتھ دکن کی حالات پر خاص طور پر زور دیں آخر میں ایک تجویز پیش کرنے کی جرأت کی جاتی ہے میٹرک میں تاریخ ہند کے ساتھ ساتھ انگلستان کی تاریخ پڑھائی جاتی ہے شائد کسی کو انکار نہ ہوگا کہ انگلستان کی تاریخ نہ صرف اس لئے ضروری ہے کہ ہم کو حاکم قوم کے حالات سے آگاہی ہوتی ہے بلکہ اس وجہ سے بھی کہ انگلستان کی طرز حکومت دنیا بھر کے لئے شمع ہدایت ہے اور موجودہ سیاسی حالات کو خاطر نشین کرنے کے لئے ناگزیر ہے کہ ان کی ابتدا اور درمیانی مدارج کا بھی مطالعہ کیا جائے۔ ساتھ ہی اکثر حضرات کو اتفاق ہوگا کہ دور جدید کے پہلے بہت سے امور ایسے ہیں جن سے ہندوستانی

طالب علم کو کوئی دلچسپی نہیں ہو سکتی۔ اور ان واقعات و حالات کو یاد کرنے پر زور دینا وقت و محنت برباد کرنا ہے۔ اگر کوئی کتاب تاریخ انگلستان ہندوستانی نقطۂ نظر سے لکھی جائے تو بہت سا وقت اور محنت بچائی جا سکتی ہے۔ اور یہ وقت و محنت (جس کی مقدار تین سالہ مدت تعلیم ہونے کی صورت میں بڑھ جائے گی) جاپان کے دور جدید کے مطالعہ میں صرف کی جائے تو فائدہ سے خالی نہیں گذشتہ چالیس سال میں جاپان نے جو حیرت انگیز ترقی کی ہے اور جس طرح وہ ایک گوشہ نشین، جاہل و کاہل قوم سے بڑھتے بڑھتے دنیا کی بڑی طاقتور سلطنتوں کے ہم پلہ اور صنعتی و حرفتی میدان میں جرمنی و امریکہ کے برابر ہو گیا ہے اور تہذیب و تمدن کے معیار میں کسی سے کمتر نہیں ہے وہ ایسے کارنامے ہیں جو ہندوستانی طلباء کے لئے۔ خصوصاً اس لئے کہ جاپان بھی ہندوستان کی طرح براعظم ایشیا کا ایک ملک ہے۔ حوصلہ زا و ولولہ انگیز ثابت ہوں گے۔

گو نصاب تاریخ مقرر ہے اور درسی کتابیں ہمارے بس کی نہیں لیکن موجودہ حالات میں اور موجودہ کتابوں کے ساتھ بھی مدرس صرف اپنے طریقہ تعلیم سے بہت کچھ کر سکتا ہے اب دیکھنا یہ ہے کہ ہم کس طریقہ پر تاریخ کی تعلیم دیں جس سے کتابوں کی کوتاہی اور نصاب کی خامیوں کی تلافی ہو سکے اور تعلیم تاریخ سے جو فائدہ پہونچنا چاہیئے وہ پہونچے اور اس کی تعلیم کی جو غرض و غایت ہے وہ پوری ہو۔

طریقہ تعلیم کے متعلق کچھ لکھنے کے پہلے یہ دیکھنا ضروری ہے کہ جو کچھ ان بچوں کو پڑھنا ہے اس کی تقسیم و ترتیب کیونکر ہو۔ ہمارے مدارس میں بالعموم تاریخ کی تعلیم عہد داری ہوتی ہے۔ طبقہ وسطانیہ سال اول عہد ہنود سال دوم عہد مسلماناں اور آخری سال عہد انگریزی پڑھایا جاتا ہے اور طبقہ فوقانیہ کی دو جماعتوں میں بھی یہی طریقہ رائج ہے جو کتابیں فی الوقت مدارس میں مروج ہیں یا جو تواریخ ہند دستیاب ہو سکتی ہیں ان کی موجودگی میں دوسرا کوئی طریقہ ممکن بھی نہیں۔ اس لئے ہمیں چار و ناچار اسی طریقہ پر چلنا ہوتا ہے۔ ایک دوسرا طریقہ و ترتیب جس پر اکثر اساتذہ بہت زور دے رہے ہیں۔ وہ ہم مرکزی کہلاتا ہے۔ جس کا مطلب یہ ہے کہ تاریخ کا ایک ایسا سلسلہ پڑھایا جائے جس میں پہلی کتاب میں خاص خاص واقعات اختصار سے بیان کئے جائیں۔ دوسری میں ذرا

وضاحت سے اسی طرح بڑھتے بڑھتے آخری کتاب میں پوری تفصیل ہو۔ اس طریقہ پر بہت سے اعتراض عائد ہوتے ہیں لیکن چونکہ اس اسلوب پر اب تک تاریخ ہند کی کوئی کتاب نہیں لکھی گئی اسلئے اسکے متعلق کچھ اور کہنے کی ضرورت نہیں معلوم ہوتی۔

تاریخ پڑھانے کا ہمارے مدارس میں صرف ایک طریقہ اور ایک اصول ہے اور اسی پر ہم اپنی پوری قوت سے جمے ہوئے ہیں۔ مدرس سارا گھنٹہ سناتا رہتا ہے اور بچے سنتے رہتے ہیں۔ اس طریقہ کے ہم کچھ ایسے عادی ہو گئے ہیں کہ نہ تو ٹریننگ کالج کی تعلیم اور نہ مہتمم صاحبان کا مشورہ و تنبیہ ہمیں باز رکھ سکتی ہے۔ اور اگر ہم ایڑی چوٹی کا زور لگا کر ذرا زبان کو قابو میں رکھ بھی لیں تو ہمارے شاگرد رشید منہ پھلاتے اور ناک بھوں چڑھاتے ہیں۔ اس لئے عادتاً و خاطراً تعلیم تاریخ داستان گوئی کی صورت میں دیجاتی ہے اگر کسی نے بڑا تیر مارا تو ایک نقشہ لٹکا لیا اور قسم کھانے کو دو ایک مقامات کا جائے وقوع دکھا دیا۔ کاش استادان فن تاریخ و جغرافیہ کے گہرے ارتباط کے متعلق کارلائل کی نصیحت پر کان دھرتے کہ بغیر نقشہ کے کبھی تاریخ کا مطالعہ نہ کرو اور جس ملک کے حالات پڑھ رہے ہو اس کو نقشہ میں اچھی طرح دیکھ لو،

اگرچہ زبانی تعلیم شروع سے آخر تک نہایت ضروری ہے لیکن یہ ظاہر ہے کہ کسی بات کو خاطر نشین کرنے کا ذریعہ صرف کان نہیں ہے۔ جن باتوں کو کان سنتا، آنکھ دیکھتی اور ہاتھ چھوتے ہیں انکا نقش ذہن پر نہایت گہرا اور پائدار ہوتا ہے اور وہ بات دماغ میں محفوظ اور یاد رہتی ہے۔ اس لئے یہ کافی نہیں ہے کہ مدرس سبق کے سبق سناتا چلا جائے اور لڑکے سنتے رہیں بلکہ تاریخی واقعات کی جیتی جاگتی تصویر کھینچے اور ماضی کو زیادہ صاف دکھانے کے لئے آنکھ اور ہاتھ کی بیحد ضرورت ہے۔

اس غرض کے لئے تصویریں بہت مفید ہیں۔ بادشاہوں، مشہور لوگوں، عوام قلعوں، قدیم لڑائیوں، محفلوں، دربار وغیرہ کی تصاویر خاص طور پر نتیجہ خیز ہوتی ہیں اور ان کے معائنہ سے نہ صرف طلباء میں تاریخ سے دلچسپی و دلبستگی پیدا ہوتی ہے بلکہ رسم و رواج، لباس، اسلحہ وغیرہ کے متعلق مبہم تصورات واضح و صحیح ہو جاتے ہیں قدیم زمانہ کی اشیاء مثلاً تلوار، تیر و کمان، زرہ بکتر بادشاہوں کے تاج اور کپڑے۔ سکہ اور دوسری چیزیں جو فراہم ہو سکتی ہیں دکھائی جائیں یا بچوں کو عجائب خانہ لے جا کر ان کا ملاحظہ کرایا جائے بعض مدارس خصوصاً حیدرآباد کے مدارس کو

خوش قسمتی سے آثار قدیمہ دیکھنے کے زیادہ مواقع حاصل ہیں۔ مدرس تاریخ قلعہ گولکنڈہ یا مقبرہ میں بچوں کو لے جاکر قطب شاہی عہد کو جس طرح واضح اور دلچسپ بنا سکتا ہے وہ ہفتوں کے درس سے ممکن نہیں۔ اسی طرح پرانے دفتوں کی مساجد، منادر، حصار، تعلقے، پل، وغیرہ سب اچھا اثر ڈالتے ہیں۔

تاریخ کی تعلیم میں ہاتھ کا کام کان و آنکھ سے کم مفید نہیں۔ چھوٹے بچوں سے نقشے کھنچوانا خاکہ اُتروانا، سیدھی سادی تصاویر وغیرہ بنوانا مفید ہوتا ہے۔ تاریخی اشخاص و واقعات کی تمثیل میں بھی بچوں کو خاص دلچسپی ہوتی ہے۔

بڑے لڑکوں کو البتہ ہاتھ سے کام کرنے کے زیادہ موقع ہیں ان سے نہ صرف نقشے مرقعے اور تصاویر اُتروائی جاسکتی ہیں بلکہ وہ مٹی اور لکڑی کے پُتلے بھی تیار کر سکتے ہیں ان کے لئے نوٹ بک رکھنا مفید ہے۔ جس میں نہ صرف اُستاد کی سُنائی ہوئی داستان کا خلاصہ لکھتے ہیں بلکہ اپنی کتاب کا بھی جس میں نقشے تصاویر، خاکے، تعلقے، مرقعے سبھی کے لئے جگہ ہوتی ہے۔ نیز بڑے طلبار کو درسی کتاب کے علاوہ دوسری بڑی تاریخوں کے مطالعہ کی ترغیب دینا چاہیئے ان کتابوں کے اقتباسات اور اُن کے حوالوں کو نوٹ بک میں درج کرنا چاہیئے۔

تاریخ کا سبق مذکورۂ بالا ذرائع سے واضح و دلچسپ ہو جاتا ہے لیکن جو تاثیر جماعت میں مآخذ کے استعمال سے پیدا ہوتی ہے وہ کسی اور طریقہ سے ناممکن ہے۔ ان کتابوں میں واقعات ذرا تفصیل سے ہوتے ہیں اور تفصیل بعض موقعوں پر سبق میں جان ڈال دیتی ہے اور جو اشخاص زبانی تدریس میں محض ہڈیوں کا پنجر معلوم ہوتے ہیں وہ ان کتابوں کے حوالہ سے چلتے پھرتے نظر آنے لگتے ہیں۔

یہ افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ ایسی کتابیں اُردو میں بہت کم ہیں اور جو ہیں وہ بھی مدرسہ کے کتب خانوں کے لئے ہدست نہیں ہوسکتیں یہاں پر ہم اس خیال کا اظہار کئے بغیر نہیں رہ سکتے کہ سررشتہ تعلیم اور دوسرے تعلیمی اداروں اور انجمنوں کا فرض ہے کہ وہ فارسی اور سنسکرت اور عربی سے مآخذ کی کتابوں کا ترجمہ کرا کر ان کے سستے اڈیشن شائع کریں تاکہ مدارس کے بچے اور مدرسین اُن سے مستفید ہوسکیں۔ موجودہ حالت میں خود مدرسین کو مآخذ کا مطالعہ کرکے ضروری

اقتباسات حاصل کرنا ہوتا ہے لیکن یہ ذرا ٹیڑھی کھیر ہے کیونکہ ان تین زبانوں کی واقفیت عام نہیں ہے۔ بعض زمانوں کے متعلق حال میں چند عمدہ تفصیلی کتابیں لکھی گئیں ہیں جو اُتنی ہی مفید ہوسکتی ہیں جتنی کہ وہ کتابیں جو کسی واقعہ کے ظہور کے وقت لکھی گئی تھیں۔

مثلاً مولانا حسن نظامی کے افسانۂ عذر یا مولانا راشد الخیری کی نوبت پنج روزہ یا دلی کے کھنڈروں کی ایک صدا اور اسی قبیل کی دوسری کتابیں نہایت مفید ہونگی۔

اسی طرح تاریخی نظمیں اور تاریخی ناول سے فائدہ پہونچتا ہے لیکن بدقسمتی سے ہندوستان کے متعلق تاریخی ناول خصوصاً اُردو میں تو مفقود ہیں اور نظمیں مہابھارت اور رامائن کے علاوہ نایاب ہیں۔ مزید برآں چونکہ ان کی زبان اُردو نہیں اس لئے وہ زیادہ کام کی نہیں۔

ایک اور کام جس سے طلبا کا مطالعہ وسیع اور قوائی دماغی کی تربیت ہوتی ہے وہ یہ ہے کہ مآخذ میں سے کوئی اقتباس مثلاً اورنگ زیب کا خط جو اس نے اپنے بڑے بیٹے کے نام لکھا تھا۔ بچوں کو لکھوا دیا جائے اور اس پر چند سوالات دئے جائیں۔ پھر جن مآخذ سے اس عہد پر روشنی پڑتی ہے اُن کا حوالہ دیا جائے۔ اس طرح جو جوابات مرتب ہوں گے وہ بچوں کی خود اپنی محنت و کاوش کا نتیجہ ہوں گے۔ چونکہ ایسے کام میں بچوں کو بہت سا پڑھنا اور مفید مطلب باتیں چن لینا متضاد بیانات میں فیصلہ کرنا اور اس کے وجوہ قائم کرنا ہوتا ہے اس لئے اچھی خاصی ذہنی ریاضت ہوتی ہے اور قوت فیصلہ اور انتخاب میں ترقی ہوتی ہے۔

طریقۂ تعلیم، آلات، آثار قدیمہ، وغیرہ کی کامیابی کا دارومدار زیادہ تر مدرس کے اُوپر ہے ہمارے مدارس میں ہر سند یافتہ مدرس تاریخ پڑھانے کے لئے موزوں سمجھا جاتا ہے اور بڑی حد تک تعلیم تاریخ کے غیر موثر ہونے کی وجہ معلم تاریخ کی نااہلیت ہوتی ہے۔ جرمنی اور فرانس میں تو تاریخ پڑھانے والوں کو خاص طور پر تیار کیا جاتا ہے۔ ہمارے مدارس کا بھی فرض ہے کہ وہ تاریخ کی تعلیم صرف ایسے مدرسین کے تفویض کریں جو اس کام کے لئے موزوں ہوں۔ معلم تاریخ کے لئے تین خوبیاں ضروری ہیں۔

(۱) تاریخ کا وسیع مطالعہ کرچکا ہو تاکہ درسی کتاب کے اجمال کی حسب ضرورت تفصیل و توضیح کرسکے۔ جو مدرس صرف درسی کتاب پر قانع ہوتا ہے وہ کبھی اپنے سبق میں دلکشی و تاثیر نہیں پیدا

کرسکتا۔

(۲) بچوں کی ذہنی قابلیت کا صحیح اندازہ رکھتا ہو کیونکہ جب تک مدرس بچوں کی استعداد کا لحاظ نہ کرے گا اس وقت تک اس کی تعلیم ذہن نشین نہیں ہوسکتی۔

(۳) زبان پر حاوی ہو اور آواز میں درد و سحر آفرینی ہو طرز بیان اور آواز کی پستی و بلندی واقعات کی تصویر کھینچنے میں بہت کام دیتی ہیں۔

اس مضمون کو ختم کرنے سے پہلے کمرۂ تاریخ کا تھوڑا سا ذکر ضروری معلوم ہوتا ہے ہماری درسگاہوں میں کمرۂ تاریخ کا کوئی خاص انتظام نہیں حالانکہ ایک علیحدہ کمرہ سے نہ صرف بچے اپنے چاروں طرف ایک تاریخی فضا محسوس کرتے ہیں بلکہ انکے ہاتھ کی بنائی ہوئی چیزوں کے لئے بھی جگہ نکل آتی ہے نقشوں اور خاکوں کے علاوہ کمرۂ تاریخ میں دو چیزوں کو خاص اہمیت حاصل ہے۔ تاریخی کتب خانہ اور خط دوراں۔

کمرۂ تاریخ کے کتب خانہ کے متعلق جس قدر بھی زور دیا جائے کم ہے۔ یہ احساس البتہ حوصلہ شکن ہے کہ اردو زبان میں موزوں کتابوں کا قحط ہے۔ ہمارے نزدیک تاریخ کا مطالعہ اس وقت تک منفعت بخش نہ ہوگا جب تک کہ کمرۂ تاریخ میں۔ قدیم و جدید تاریخوں اسماء الرجال، تاریخی نظموں، تزک سفرناموں وغیرہ کا کافی ذخیرہ نہ فراہم ہوگا۔

'خط دوراں' میں کوئی خاص دقت نہیں۔ جب کمرۂ تاریخ علیحدہ ہو جائے تو لال روشنائی سے فرش سے تقریباً تین گز اوپر ۱۴ انچ چوڑا خط افقی کھینچا جائے۔ ایک مقام پر سال مسیحی کا خط عمودی ہو اور اس کے سیدھے و بائیں جانب تھوڑے تھوڑے فاصلہ پر (جس کا تعین کمرہ کی وسعت پر منحصر ہوگا) اور عمودی خطوط کھینچے جائیں اور دو خطوں کے درمیان کا فاصلہ زمانی ایک صدی کا ہو سیدھے جانب کے سال بد مسیح اور بائیں جانب کے سال قبل مسیح قرار دئے جائیں یہ خطوط بھی لال رنگ کے ہوں جا بجا چھوٹے سیاہ خطوط کھینچے جائیں جن کے نیچے کے سرے پر اہم واقعات کا سنہ درج ہو اور اوپر کے سرے پر اس خاص واقعہ کا نام لکھا جائے۔ مثلاً حملۂ سکندر، فتح گولکنڈہ، جنگ پانی پت وغیرہ وغیرہ اب ہر صدی کے متعلق جتنی تصویریں، سکے، مجسمے، وغیرہ دستیاب ہوسکیں آویزاں کئے جائیں۔ بچوں کی بنائی ہوئی چیزیں بھی کام آسکتی ہیں۔ اور اس سلسلہ میں ماڈلنگ نقشہ کشی مصوری

دستی مشاغل، وغیرہ سے ارتباط پیدا ہوسکتا ہے۔

اگر مذکورۂ بالا طریقوں پر عمل کیا جائے تو ہمیں یقین ہے کہ تاریخ خیالی واقعات اور بے جان ڈھانچوں کا مرقعہ نہ معلوم ہوگی بلکہ سلف کے لوگ ہماری طرح انسان، ہماری طرح چلتے پھرتے، کھاتے پیتے ہنستے بولتے نظر آئیں گے اور اُن کے کارناموں سے ہم متاثر ہوں گے ہمارے بچوں کی ذہنی اور اخلاقی تربیت ہوگی اور ان کے دلوں میں ملک و قوم کی محبت پیدا ہوگی جس کی ہندوستانی بچوں میں افسوسناک کمی ہے۔

سید فخر الحسن

تنقید و تبصرہ

مبصّر انجمن معراج الادب لکھنؤ کا ماہوار مصور رسالہ ہے جو حکیم آشفتہ صاحب کی ادارت میں شائع ہوتا ہے۔ اس کا مقصد اس کے نام سے ظاہر ہے اور اس کے صفحات زیادہ تر ادبی نقد و نظر کے لئے وقف ہیں۔ عام ناظرین کے لئے زیادہ دلچسپ نہیں ہے لیکن جس ادبی خدمت کا بیڑہ اس نے اُٹھایا ہے اس میں بڑی حد تک کامیابی ہوئی ہے۔ زبان کے لئے بس اتنا کہنا کافی ہے کہ لکھنؤ کی ٹکسالی زبان ہے۔ لکھائی چھپائی نفیس اور سرورق دیدہ زیب ہے۔ چندہ سالانہ (للعہ) ملنے کا پتہ دفتر مبصر وکٹوریہ اسٹریٹ لکھنؤ

انتخاب سودا مولفہ ابو محمد صاحب ثاقب کانپوری۔

یہ مرزا محمد رفیع سودا کی صرف غزلوں اور رباعیوں کا انتخاب ہے کلام سودا کی روح کھینچتے وقت لائق مولف نے خاص خیال رکھا ہے کہ منتخب اشعار میں سودا کی خصوصیات یعنی نادر تشبیہات استعارات لطیف و شوخی بیان موجود ہوں لیکن مذاق جدید کے طبع نازک پر بار نہ ہوں۔ اسی نقطہ نظر سے اکثر چٹپٹے عاشقانہ اشعار جنکو سنکر خواجہ باسط کہہ اُٹھے تھے کہ سودا کا کلام واہ ہے، نظر انداز کر دئے گئے ہیں۔ بحیثیت مجموعی انتخاب اچھا ہے اور اس قسم کی کوششوں سے توقع ہے کہ نہ صرف شعرائے متقدمین کے دماغی جواہر ریزوں کو ملک کے انگریزی تعلیم یافتہ طبقہ سے روشناس کرانے کا باعث ہونگی بلکہ ان سے اردو کے اساس تعمیری پر کافی روشنی پڑے گی اور جو بیگانگی اجنبیت اور غیر مانوسی متذکرہ بالا طبقہ کو اپنی مادری زبان سے عام طور پر ہے وہ بڑی حد تک رفع ہو جائے گی

لکھائی چھپائی اچھی ہے قیمت نامعلوم۔

تاریخ مغربی یورپ حصہ اول | مترجمہ مولوی محمد یحییٰ صاحب تنہابی اے۔ ایل ایل بی وکیل۔۔۔

یہ کتاب ترجمہ ہے ڈاکٹر رابن سن کی تاریخ کا جس کا منشا تاریخ یورپ کے واقعات کو اس طرح بیان کرنا ہے کہ موجودہ یورپ کے تمدن کے ہر شعبہ کو بآسانی سمجھ لیا جائے" یہی خصوصیت ہے جس نے اس کتاب کو دوسری تاریخوں سے ممتاز کر دیا ہے۔ اور مترجم صاحب نے خوب کیا کہ ترجمہ کے لئے اسے منتخب کیا۔

ترجمہ بحیثیت مجموعی اچھا ہے لیکن ہم کو افسوس ہے کہ باوجود مصنف کی سفارش کے کہ "آپ اپنی کتاب اس بیان سے شائع فرمائیں کہ یہ آزاد ترجمہ ہے" لائق مترجم نے کتاب کا لفظی ترجمہ کر ڈالا ہر مترجم ڈاکٹر نذیر احمد نہیں ہوتا کہ لفظ کی جگہ لفظ اس طرح رکھ دے کہ ٹس سے مس نہ ہو اور عبارت میں لطف و سلاست پیدا ہو جائے اور محاورہ ہاتھ سے نہ جانے پائے۔ اس لئے اس لفظی ترجمہ کا نتیجہ وہی ہوا جو ہونا چاہیئے یعنی انگریزی بیجیدار جملوں کی جگہ بارُو ملتف جملے جما دئے گئے ہیں۔ اور انگریزی الفاظ کا غیر مانوس مترادف چپکا دیا گیا ہے جملوں کو انگریزی دان حضرات تو شاید اس لئے سمجھ لیں کہ وہ انگریزی ترکیبوں سے مانوس ہوتے ہیں لیکن غیر انگریزی دانوں کے لئے ان کا سمجھنا اتنا ہی دشوار ہے جتنا کہ جوئے شیر کا لانا۔ الفاظ کے ترجمے سراسر مضحکہ انگیز ہیں۔ ان الفاظ سے بھلا بتائے کہ کسی کے سمجھ میں کیا آئے گا جفاکش حکمت عملی، فوری تو ابعین، نصف مفروضہ سوسائٹی، خیالی طور پر، کھیل کی لڑائیاں ایک دوسری قابل اعتراض بات یہ ہے کہ فرانسیسی ناموں کے تلفظ غلط دئے گئے ہیں۔ فرانسیسی زبان میں ڈیاٹ کہاں سے آیا جو ٹرڈیے ڈورس ڈی مونٹ فورٹ وغیرہ صحیح ہے آخری x دی عموماً ساکن ہوتے ہیں لیکن اُن کا تلفظ روا رکھا گیا ہے مثلاً ایکس لاشاپل آر لیانس ٹورس وغیرہ ہیں توقع کہ دوسرے ایڈیشن میں مترجم صاحب ان غلطیوں کو دور کرنے کی کوشش فرمائیں گے۔ لکھائی چھپائی عمدہ ہے۔ قیمت نامعلوم۔

دونوں کتابیں مکتبہ جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی سے مل سکتی ہیں۔

شذرات

تعلیم بذریعۂ لاسلکی آج کل یورپ کے اکثر ماہرین فن لاسلکی کے ذریعہ تعلیم دینے کے مسئلہ پر غور کر رہے ہیں اس کا طریق کار یہ ہوگا کہ طلبہ اپنے اسباق بذریعہ لاسلکی سنیں گے، کتابیں پڑھیں گے اور پھر باہمی گفتگو اور تبادلۂ خیال کے ذریعہ اپنے دائرۂ معلومات کو وسیع کریں گے۔ حال ہی کا ذکر ہے کہ ڈربی شائر کے ایک موضع میں اس طریق کا تجربہ کیا گیا جو بہت کامیاب رہا۔

شاہ فواد کی علمی و ادبی مصروفیتیں شاہ فواد عربی زبان کے فطری خصائص قائم رکھنے کے لئے ایک عربی انجمن ادبیہ کے قیام کا ارادہ رکھتے ہیں اور اس زبان کو سہل الحصول بنانے کے لئے جلی حروف اور رموز اوقاف بھی ایجاد کرنا چاہتے ہیں اور اس کے حصول کے لئے بہترین تجویز پیش کرنے والے کو بذات خاص پانچسو پاؤنڈ انعام دینے والے ہیں۔

نیوزی لینڈ میں اسکول یونیفارم نیوزی لینڈ کے مدارس کے لڑکے اور لڑکیاں سب کے سب یونیفارم پہنکر اسکول جاتے ہیں۔ یونیفارم دراز قامت، مضبوط اور تنومند طلبا کے سڈول جسموں پر بیحد بھلا معلوم ہوتا ہے۔ لڑکے گہرے نیلے فلالین کی کارڈائرائیں پہنتے ہیں جس کی استینیں کہنیوں کے اوپر سمیٹ لی جاتی ہیں۔ چڈھیاں (نکر) بھی نیلے رنگ کی ہوتی ہیں۔ جاڑے اور گرمی دونوں موسم میں ایک ہی یونیفارم استعمال ہوتا ہے۔ لڑکیاں بھی سفید بلاوز کے اوپر گہرے نیلے سرج کا سایہ، سیاہ پائتابہ اور سیاہ جوتہ اور نیلے سرج کی ٹوپیاں پہنتی ہیں۔ مختلف مدارس کے طلبا میں امتیاز کرنے کے لئے لڑکے اور لڑکیاں اپنے اپنے مدرسہ کا بیاج (نشان) اپنی ٹوپیوں میں لگاتی ہیں۔ ؎

بچائے رکھتا ہے بچوں کو چشم زخم بدبیں سے لباس نیلگوں گویا کہ ہے ایک حرز جان نیلا

کانفرنس تعلیمی ضلع کریم نگر انجمن اساتذہ کریم نگر نے سالانہ گیمس و اسپورٹس نمائش و اجلاس کانفرنس تعلیمی بصدارت جناب نواب ملک یار جنگ بہادر تعلقدار ضلع ۱۲ تا ۱۵ اسفندار ۱۳۹۸ف ضلع کے مستقر پر منعقد کئے۔ مدارج تعلیم کے اعتبار سے ٹورنمنٹ کو تین طبقوں میں تقسیم کیا گیا تھا۔

(۱) تحتانی (۲) وسطانی (۳) فوقانی۔

ان تمام سرگرمیوں کے لئے میدان مدرسہ فوقانیہ۔ میدان کو لوالی و میدان کتب خانہ دور عجائب خانہ مقرر ہوئے تھے۔

میدان مدرسہ فوقانیہ کے مشرقی حصہ پر خیموں کا ایک خوبصورت اور شاندار پنڈال بنایا گیا تھا جو تعلیمی مجالس کے لئے مختص تھا۔ جس میں خواتین کی نشستوں کا پردے کے لحاظ سے انتظام کیا گیا تھا۔ تماشائیوں کے لیے میدان فوقانیہ کے اطراف متعدد خیمے اور راؤنڈیاں نصب ہوئی تھیں۔ جن میں سے ایک خیمہ صدر مدرس صاحب مدرسہ فوقانیہ کریم نگر نے اپنے مدرسہ کے لئے نصب کیا تھا۔ اور باقی منجانب ٹورنمنٹ بورڈ نصب ہوئے تھے۔ پنڈال اور جملہ میدانوں کے اطراف نہایت سلیقہ سے بانس سے حد بندی کی گئی تھی۔ تاکہ تماشائیوں کے ہجوم سے مقابلوں کی رونق متاثر نہ ہونے پائے۔ یہ سب جھنڈیوں اور برقوں سے آراستہ ہونے کی وجہ سے نہایت دلکش منظر پیش کر رہے تھے میدان مدرسہ فوقانیہ کے چاروں کونوں پر انجمن اساتذہ کے چار جھنڈے زعفرانی زمین اور سبز حاشیہ میں انجمن کی سرگرم کوششوں کا بلندی سے اعلان کر رہے تھے عمارت عجائب خانہ کریم نگر میں نمائش کا باسلیقہ انتظام تھا۔ اس عمارت کے بیرونی حصہ کو خوش رنگ کاغذ کے پھولوں اور بیل بوٹوں سے اس طرح سجایا گیا تھا۔ کہ گویا عمارت انوار کا سرچشمہ معلوم ہو رہی تھی۔ دروازے کے دونوں جانب سُرخ کپڑے پر سنہری حروف میں یہ شعر مرقوم تھا

زندہ کردی اے مسیحا علم و فن را در دکن　　زندہ باش اے حضرت عثمان علیخاں زندہ باش

جلسہ تقسیم اسناد مدرسہ وسطانیہ گوشہ محل مدرسہ وسطانیہ گوشہ محل کا جلسۂ تقسیم اسناد بصدارت جناب مولوی سید علی اکبر صاحب ایم اے کنٹب صدر مہتمم تعلیمات بلدہ۔ بتاریخ ۲۹ خورداد ۱۳۳۹ف منعقد ہوا انتظامات نہایت اعلیٰ پیمانہ پر ہوئے تھے اور صحن مدرسہ میں ایک خیمہ نصب کیا گیا تھا جس نے مہمانوں کو اپنے آغوش میں لے لیا تھا۔ صدر مدرس صاحب نے رپورٹ مدرسہ پڑھ کر سنائی جس میں گوناگوں تعلیمی و ورزشی ترقیوں کے ذکر کے ساتھ یہ بھی بتایا کہ مدرسہ مذکور میں تعلیم سنجاری کا بھی آغاز ہو گیا ہے اور اب بچے فرنچ وغیرہ کی مرمت خود کر لیتے ہیں۔ مولوی سید معین الدین صاحب ایم اے صدر مدرس مدرسہ آصفیہ نے مدرسہ اور اولیا طلبا کے تعلقات پر نہایت پر معز اور موثر تقریر فرمائی۔ صدر جلسہ کی اختتامی تقریر کے بعد بیشمار انعامات تقسیم ہوئے۔ بعد ازاں متحرک انسانوں کا ایک بحر ذخار تنگنائے سے گذرتا ہوا بیرونی صحن میں تھما جہاں پرچم کشافہ لہرا رہا تھا۔ مدرسہ کے اسکوٹ پھریرے کے گرد نیم دائرہ بنا کر کھڑے تھے۔ قومی ترانہ کے بعد جناب

مولوی سید محمد ہادی صاحب ایم اے ناظم کشافہ نے نشان کشافی اپنے ہاتھ سے عطا فرمائے آخر میں معزز مہمانوں کو ایٹ ہوم دیا گیا۔

جلسہ تقسیم اسناد مدرسہ وسطانیہ چنچل گوڑہ

۲۸ خورداد ۱۳۳۹ف کو مدرسہ وسطانیہ چنچل گوڑہ بلدہ میں جلسۂ تقسیم اسناد و انعامات سنایا گیا جس کی صدارت جناب مہتاب خان صاحب میر محلہ نے فرمائی۔ اساتذہ کی حسب موقعہ تقریروں اور طلباء کے تقریری نمونوں کے بعد جناب مولوی سید علی محمد صاحب اجلال نے ایک نظم بعنوان علم کیا ہے؟" پڑھی جس نے حاضرین کو پھڑکا دیا بعد نماز مغرب مولوی غلام دستگیر صاحب بی اے اول مددگار مدرسہ کی تمہیدی تقریر کے بعد ایک چھوٹا سا اخلاقی ڈرامہ بھی دکھایا گیا۔ محلہ چنچل گوڑہ اور حوالی کے حضرات نے اپنی شرکت سے جلسہ کی رونق بڑھادی تھی اس جلسہ اور ڈرامہ کی کامیابی مولوی غلام دستگیر صاحب، مولوی عبدالقدیر صاحب، اور مولوی اظہار الحسن صاحب کی مساعی جمیلہ کی منت کش ہے۔

دار الاشاعت مکتبہ ابراہیمیہ کا ماہوار علمی و ادبی مجلہ

مکتبہ جو نہایت دلچسپ مضامین، محققانہ مقالات، دلکش منظومات، پسندیدہ افسانوں اور اعلیٰ تصاویر سے آراستہ، نہایت آب و تاب کے ساتھ مولوی عبدالقادر سروری ایم اے ایل ایل بی، مولوی سید محمد ایم اے اور مولوی عمر یافعی کی ادارت میں شائع ہوتا ہے۔ دکن اور شمالی ہند میں مقبولیت خاص رکھتا ہے۔ سالانہ چندہ (علمہ) شاہی (عاں ۸ ر)

منتظم مجلہ مکتبہ، مکتبہ ابراہیمیہ اسٹیشن روڈ حیدرآباد دکن

انجمن امداد باھمی

مکتبۂ ابراہیمیہ اسٹیشن روڈ

حیدرآباد دکن

امداد باہمی (Cooperation) کے اُصول پر دکن میں

اُردو مطبوعات کا پہلا وسیع اور قابل اعتماد

کُتب خانہ

ہر حصہ (مار) حالی جو بیس ماہ میں فی قسط صدر کے حساب سے ادا شدنی ہیں منافع بعد ادائی زکوٰۃ دس فیصدی تقسیم ہو رہا ہے

تھوڑے حصے باقی رہ گئے ہیں

خریدار جلدی کریں

مکتبہ کے شعبے

۱۔ **فروخت کتب** ۔ اُردو زبان کی تمام کتابیں مسکی ہیں کمیشن پر فروخت کی جاتی ہیں۔

۲۔ **مطبع** ۔ بہترین ماہر فن لیتھوگرافر کی نگرانی میں کام کر رہا ہے۔ ہر قسم کی طباعت بہترین۔

۳۔ **دار الاشاعت** ۔ مؤلفین کی جنس سے زیادہ کتابیں شائع کی گئی ہیں۔

ممالک محروسہ سرکار عالی میں اسپورٹس اور گیمس کے سامان کی سب سے بڑی اور مشہور دکان

پونگا برادرس

جس میں ہر قسم کا سامان اسپورٹس مثلاً۔ ہاکی، کرکٹ، فٹ بال ٹینس، بیڈمنٹن، پولو، گولف اور انڈور گیمس کے علاوہ سامان ورزش جسمانی مثلاً۔ ہاریزنٹل بار، پیریلل بار، والٹنگ بارس، ڈمبلز، انڈین کلبز ڈیوسپیرز وغیرہ رعایتی نرخ پر دستیاب ہوسکتا ہے۔

بوائز اسکوٹس اور گرلز گائیڈ سے متعلق مکمل سامان کثیر تعداد میں ہمارے پاس ہر وقت موجود رہتا ہے خریدیں اور آزمائیں۔

تقسیم انعامات کے لئے ہر قسم کے دیسی و ولایتی سلور اور ای۔ پی کپس، شیلڈ، اور میڈلز کی واجبی نرخوں پر سربراہی کی جاتی ہے۔

کم دام اور اعلیٰ قسم، ہماری ترقی کا راز ہے (مکمل فہرست بالتصویر طلب کیجئے)

شایقین بلیرڈ کی خدمت میں ضروری اطلاع۔ نہایت مسرت سے اعلان کیا جاتا ہے کہ ہم مسرز جان ڈبلیو، رابرٹ لمیٹڈ، میکرز آف ٹیبل کے سول ایجنٹ ہیں۔ اگر آپ کو نیا ٹیبل خریدنا یا پرانے کو درست کرانا ہو یا دیگر سامان متعلقہ بلیرڈ کی ضرورت ہو تو ہم سے خط و کتابت کریں آزمایش شرط ہے۔

پونگا برادرس، اکسفورڈ اسٹریٹ سکندرآباد

شاخ عابد بلڈنگ، حیدرآباد دکن۔

اعلان

جامعہ ملیہ کا شعبہ تصنیف و تالیف بجدید انتظام کے بعد "اردو اکادمی" کہلاتا ہے۔ "اکادمی" کا مقصد یہ ہے کہ اردو زبان میں مختلف علوم و فنون پر مستند کتابیں لکھوا کر شائع کرے۔ اب تک یورپ کی مختلف زبانوں سے بہترین کتابوں کے چند تراجم اور متعدد اور بجنل تصانیف شائع ہو چکی ہیں آیندہ کے لئے اہتمام کیا گیا ہے کہ کم سے کم چھ نئی کتابیں ہر سال لکھی جائیں۔ "اکادمی" نے اپنے قدردانوں کی آسانی اور اپنے فائدے کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ طے کیا ہے کہ جو حضرات ۲۴ روپیہ سال اکادمی کو عطا فرمائیں وہ اس کے رکن قرار دئے جائیں اور ان کی خدمت میں رسالہ "جامعہ" اور "اکادمی" کی سال بھر کی جملہ مطبوعات نذر کے طور پر پیش کی جائیں۔

زرچندہ کی وصولی کا یہ طریقہ ہے کہ ہر سہ ماہی کے شروع میں ۶ روپیہ کا وی پی بھیجا جائے گا اور اُس کے وصول ہونے پر ہر رکن کے نام رسالہ "جامعہ" ماہوار بھیجا جائے گا اور اُس کے وصول ہونے پر ہر رکن کے نام رسالہ "جامعہ" ماہوار بھیجا جائے گا اور "اکادمی" کی جو کتاب تیار ہو گی وہ فوراً روانہ کی جائے گی، اگر کسی سہ ماہی میں وی پی وصول نہ کیا گیا اور واپسی کے بعد پندرہ دن کے اندر دوچند منی آرڈر سے نہ پہنچا تو مجبوراً رسالہ جامعہ اور کتابوں کی روانگی بند کر دی جائے گی۔

اس کا خیال رکھا جائے گا کہ رسالہ جامعہ اور سال بھر کی مطبوعات کی مجموعی قیمت ۲۴ سے کم نہ ہو اُس کے علاوہ پندرہ روزہ رسالہ "پیام تعلیم" جس کی سالانہ قیمت ایک روپیہ آٹھ آنے ہے تحفتہً ہر رکن کی خدمت میں حاضر ہو گا۔ جو صاحب ان شرائط پر "اکادمی" کا ممبر بننا منظور فرمائیں وہ اپنا نام معہ پورے پتہ کے مندرجہ ذیل پتہ پر روانہ فرمائیں۔

ڈاکٹر سید عابد حسین ایم اے۔ پی، ایچ ڈی

ناظم اردو اکادمی۔ جامعہ ملیہ قرول باغ۔ دہلی

المعلن

احمد الیاس مجیدی

in his masterly summing-up at the meeting of the Women's Association mentioned above, the scheme will be positively useful for the education of those girls who have left school at an early age to enter the wedlock.

We should like, in passing, to offer a few suggestions, if we may, in respect of the period of training for teachers and the syllabus proposed to be followed. The period of training proposed for prospective teachers is, in our opinion, too short, and we would suggest its being extended to at least 2 or 3 months. As regards the course of studies, we should like to invite the attention of the Women's Association to the following points :—

(*a*) Domestic science, hygiene and household management should be emphasised in the curriculum.

(*b*) In preparing the syllabus of studies in the various subjects, due regard should be paid to the actual and practical requirement of the pupils.

(*c*) While the curriculum may include the study of English, the medium of instruction for non-language subjects should, as far as possible, be the vernacular of the pupils. This is essential on cultural as well as utilitarian grounds.

freely expressed in regard alike to the underlying principles and the practicability of her scheme, could not have failed to carry conviction home to the entire audience not only of her mastery of the subject and skill in marshalling her facts, but of her great enthusiasm and sincerity and of her deep and abiding interest in work for ameliorating the condition of the Zenana.

We take this opportunity of congratulating the Women's Association for Educational Advancement on the promptitude and enthusiasm they have displayed in taking up a scheme well calculated to advance the interests of the Zenana, if only as a beginning and precursor of the much needed and long over-due crusade against female illiteracy in the Dominions. We are zealous champions of all forms of activities and new tendencies in educational reform, and have great pleasure in commending the proposed scheme to all concerned, as we are confident that by directing its attention first on the middle and upper classes of the Zenana, it will pave the way for the unrestricted enlightenment of all our women-folk, irrespective of class. We say this advisedly, for we believe in the growing tendency all the world over for "equal opportunities" for all, and in the increasing trend towards the acceptance of democratic ideals even in India. We hope, therefore, that the benefits of the proposed scheme will, in course of time, reach down to the lowest classes, and we trust that the Association will devise means to embrace in the proposed scheme the poorer classes as well, so that it may not, at the very outset, be branded as 'highbrow' or 'bourgeois'.

As regards the clientele that the scheme under consideration is designed to serve, we hope we are right in inferring that it will include unmarried girls only in exceptional cases. We are sure that the Association agrees with us that a system of ready-made Home education can never supplant or be a substitute for School education. We do think, however, that, as pointed out by Sir Akbar Hydari

ously the scheme does not go far enough. There is a pressing need for introducing a scheme of medical inspection of schools which will embrace the whole school population in the State and which will provide not only for the examination of the spleen but also of the nose, throat, ear, heart, eyesight, teeth and the lungs. We trust that steps in this direction will soon be taken.

A Scheme of Home Education for Women.

We have published elsewhere the texts of the leaflets issued by the Women's Association for Educational Advancement, outlining a scheme of private teaching for adult women and such girls as find it impossible or inconvenient, on account of social customs, environments or other considerations, to go to school.

In this connection, we may, relevantly, request our readers to refresh their memories by referring to Mrs. Tasker's very able and interesting article on "The P. N. E. U. and Charlotte Mason's Philosophy of Education," published in our last issue, which has an important bearing on the scheme under review. We had further practical evidence of Mrs. Tasker's interest in educational matters, in general, and her great sympathy and solicitude for the Zenena, in particular, when we were present by invitation at a meeting which was held recently in the Nizam College under the auspices of the Women's Association for Educational Advancement, at which Mrs. Tasker read an excellent paper dealing with the principles and the practical aspects of the proposed scheme, and invited criticisms and suggestions from the audience The lucid, ready and reassuring answers which Mrs. Tasker gave to the veritable volley of questions to which she was subjected by the audience, and the confident and constructive palliatives she offered to disarm all fears and doubts that were

The establishment of contact between school work and the life and environment of the pupils is not so much a question of what subjects are taught at school as of the manner in which they are taught. Ultimately, therefore, the problem all comes back to the teacher. Is he prepared for the hard thinking and work involved in the task of relating his subjects to life ? The right kind of training may help, but more depends on the spirit in which he takes his work.

Medical Inspection of Schools in Hyderabad.

We have had occasion to refer in some of our previous issues to the various measures adopted by the Hyderabad Residency for improving the facilities for education in the Administered Areas. The Residency authorities have given a further proof of their progressive educational policy by introducing a scheme of medical inspection of schools, the main features of which are as follows :—

(1) Every pupil is to be examined at the time of admission and thereafter once a year by a qualified medical practitioner approved by by the Residency. (2) The medical officer is to be paid a fee not exceeding 12 annas for every first inspection of a pupil and 6 annas for each of the subsequent annual inspections. (3) Aided schools are to receive a grant amounting to one-third of the expenditure incurred by them subject to an upper limit of 4 annas for the first inspection of each pupil and of two annas for each of the subsequent annual inspections. (4) The award of grants to aided secondary schools is contingent on the levy of special fees from the pupils so as to cover at least one-third of the cost of medical inspection. (5) No fees are to be levied from the pupils in primary schools.

In the meantime, the question of making provision for the medical inspection of schools in the Dominions has been engaging the attention of H. E. H the Nizam's Government. A beginning has already been made by arranging for the examination of the spleens of the pupils of the schools in Hyderabad by the Malaria Expert, whose appointment was sanctioned a few months ago. We have no doubt that this measure, coupled with the improvement in sanitation which is being rapidly effected, will help to stamp out malaria in course of time in the city of Hyderabad. But obvi-

The same applies to mathematics, which is often taught as an abstract thing without any bearing on the pupil's daily life. Sums should not be *ad nauseam* in foreign coinages, which are unreal to the pupil, but in local coinages and weights, etc.; also, examples set in arithmetic in rural areas should be based on the rural environment of the pupil and those given in town schools should be related to urban environment.

History especially should be taught in relation to local institutions. Indeed there is something to be said for the idea of one headmaster who maintains that history should be taught "backwards", starting from the present. Civics certainly can be treated in this way, and history so often to the pupil a mere string of unreal events in the past could at any rate be linked to local institutions and antiquities.

